(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، خَرَجَ يُرِيْدُ الشَّامَ، فَلَمَّا دَنَا، بَلَغَهُ اَنَّ بِهَا الطَّاعُوْنَ، فَحَدَّثَهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ: اِنَّ هٰذَا الْوَجَعَ عَذَابٌ عُذِّبَ بِهٖ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ، فَاِذَا كَانَ بِاَرْضٍ لَسْتُمْ بِهَا، فَلَا تَهْبِطُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا كَانَ بِاَرْضٍ وَّاَنْتُمْ بِهَا، فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ، فَرَجَعَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِالنَّاسِ ذٰلِكَ الْعَامَ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اِخْبَارُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ الْاَنْبِيَاءِ وَالْاُمَمِ السَّالِفَةِ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَضْرُبٍ: ضَرْبٌ قَصَدَ بِهِ الْمَدْحَ لِاَشْيَاءَ مَعْلُوْمَةٍ اَرَادَ مِنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ اسْتِعْمَالَ تِلْكَ الْاَشْيَاءِ، وَالضَّرْبُ الثَّانِيْ قَصَدَ بِهِ الذَّمَّ، اَرَادَ بِهِ انْزِجَارُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ عَنِ ارْتِكَابِ مِثْلِهَا، وَالضَّرْبُ الثَّالِثُ قَصَدَ بِهِ الْوَصْفَ، اَرَادَ بِهِ اعْتِبَارَ هٰذِهِ الْاُمَّةِ بِتِلْكَ الْاَوْصَافِ

❀❀ عبداللہ بن عامر بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ شام جانے کے لیے روانہ ہوئے جب وہ شام کے قریب پہنچے تو انہیں اطلاع ملی کہ وہاں طاعون کی وباء پھیل چکی ہے' تو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ حدیث بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

2912- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد "1/193" من طريق يزيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "1/193" من طريق حجاج، عن ابن أبي ذئب، به. وأخرجه مالك في "الموطأ" "2/896"-"897" في الجامع: باب ما جاء في الطاعون، ومن طريقه البخاري "5730" في الطب: باب ما يذكر في الطاعون، و "6973" في الحيل: باب ما يكره من الاحتيال في الفرار من الطاعون، ومسلم "2219" في السلام: باب الطاعون والطيرة والكهانة ونحوها، وأحمد "1/194"، والبيهقي "3/376" عن الزهري، عن عبد الله بن عامر بن ربيعة أن عمر بن الخطاب ... ، وقال مسلم بإثر هذه الرواية: وعن ابن شهاب، عن سالم بن عبد الله، أن عمر إنما انصرف بالناس عن حديث عبد الرحمٰن بن عوف. وهي في "الموطأ" "2/897" عن ابن شهاب به، وانظر "الفتح" "10/186". وأخرجه أحمد "1/194" من طريق حميد بن عبد الرحمٰن بن عوف، وأبو يعلى "848" من طريق أبي سلمة بن عبد الرحمٰن بن عوف، كلاهما عن عبد الرحمٰن. وانظر الحديث رقم 2. "2953" في "الإحسان": "أن تجار"، والمثبت من "التقاسيم" "3/320".

''بے شک یہ تکلیف ایک عذاب ہے' جس کے ذریعے تم سے پہلے لوگوں کو عذاب دیا گیا جب یہ کسی ایسی سرزمین پر واقع ہو جہاں تم موجود نہیں ہو' تو تم وہاں نہ جاؤ اور جب یہ ایسی سرزمین پر واقع ہو جہاں تم موجود ہو' تو تم وہاں سے فرار اختیار کرتے ہوئے نہ نکلو۔''

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس سال لوگوں کو لے کر واپس آ گئے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انبیاء کرام اور سابقہ اُمتوں کے بارے میں اطلاع دینا تین نوعیت کا ہے۔ پہلی قسم یہ ہے: آپ نے کچھ متعین چیزوں کی تعریف کی ہو اور اس کا مقصد یہ ہو کہ یہ اُمت ان چیزوں پر عمل کرے۔ دوسری قسم یہ ہے: آپ نے کچھ چیزوں کی مذمت بیان کی ہو اور آپ کی مراد یہ ہو کہ یہ اُمت اس نوعیت کے کاموں کے ارتکاب سے بچ جائے اور تیسری قسم یہ ہے: آپ نے کوئی صفت بیان کی ہو اور آپ کا ارادہ یہ ہو کہ یہ اُمت اس صفت سے عبرت حاصل کرے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ تَوَاتُرَ الْبَلَايَا عَلَى الْمُسْلِمِ قَدْ لَا تُبْقِي عَلَيْهِ سَيِّئَةً يُنَاقَشُ عَلَيْهَا فِي الْعُقْبَى

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مسلمان پر مسلسل آزمائشیں آتی رہتی ہیں یہاں تک کہ وہ اس کا کوئی ایسا گناہ نہیں باقی رہنے دیتی ہیں جس کی وجہ سے اس سے آخرت میں حساب لیا جائے

2913 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِي جَسَدِهِ، وَمَالِهِ، وَنَفْسِهِ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيئَةٍ

✿✿ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مومن مرد اور مومن عورت کے جسم' مال اور جان کے حوالے سے آزمائش درپیش رہتی ہے' یہاں تک کہ جب وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے' تو اس کا کوئی گناہ نہیں ہوتا۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ اَلْفَاظَ الْوَعْدِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا لِمَنْ بِهِ الْمِحَنُ وَالْبَلَايَا اِنَّمَا هِيَ لِمَنْ حَمِدَ اللّٰهَ فِيهَا دُونَ مَنْ سَخِطَ حُكْمَهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ وعدے کے الفاظ ہیں جن کو ہم نے ذکر کیا ہے اور یہ اس شخص کیلئے ہیں جو پریشانیوں اور آزمائشوں میں مبتلا ہوتا ہے اور یہ اس شخص کیلئے ہیں

2913- إسناده حسن. وأخرجه أحمد "2/450"، والحاكم "1/346"، والبغوى "1436" من طريق يزيد، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبى. وأخرجه أحمد "2/287" من طريق محمد بن بشر، والبيهقى "3/374" من طريق سعيد بن عامر، كلاهما عن محمد بن عمرو، به. وقال الترمذى "2399": حديث حسن صحيح. وأخرجه مالك "1/236" فى الجنائز: باب الحسبة فى المصيبة، بلاغًا عَنْ اَبِى الْحُبَابِ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ، عَنِ ابى هريرة. وانظر الحديث رقم "2924".

جو ایسی صورتحال میں اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہے یہ اس کیلئے نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے سے ناراض ہوتا ہے

2914 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ، يُكْثِرُ اَنْ يُحَدِّثَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ،

(متن حدیث): اَنَّ ابْنَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، حَضَرَتْهَا الْوَفَاةُ، فَاَخَذَهَا فَجَعَلَهَا بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ احْتَضَنَهَا وَهِيَ تَنْزِعُ حَتّٰى خَرَجَ نَفْسُهَا وَهُوَ يَبْكِي، فَوَضَعَهَا فَصَاحَتْ اُمُّ اَيْمَنَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَبْكِي فَقَالَتْ: اَلَا اَرٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَبْكِي؟ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَبْكِ فَاِنَّمَا هِيَ رَحْمَةٌ، الْمُؤْمِنُ بِكُلِّ خَيْرٍ تَخْرُجُ نَفْسُهُ مِنْ بَيْنِ جَنْبَيْهِ وَهُوَ يَحْمَدُ اللّٰهَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے وہ بکثرت یہ حدیث بیان کیا کرتے تھے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک صاحبزادی کا آخری وقت قریب آیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں لیا اور اپنے دونوں ہاتھوں میں رکھ لیا پھر آپ نے انہیں اپنے ساتھ چمٹا لیا اس وقت ان پر نزع کا عالم طاری تھا' یہاں تک کہ ان کا انتقال ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت رو رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صاحبزادی کو رکھا' تو سیدہ اُمّ ایمن رضی اللہ عنہا نے بلند آواز میں چیخ ماری۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نہ روؤ۔ انہوں نے عرض کی: کیا میں اللہ کے رسول کو روتے ہوئے نہیں دیکھ رہی ہوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرا رونا رحمت ہے مومن کی ہر صورت بہتر ہوتی ہے اس کے دونوں پہلوؤں سے جان نکلتی ہے' تو وہ اس وقت اللہ کی حمد بیان کر رہا ہوتا ہے۔

ذِكْرُ تَمْثِيْلِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، الْمُؤْمِنَ بِالزَّرْعِ فِيْ كَثْرَةِ مَيَلَانِهِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مومن کو کھیت سے تشبیہ دینا کہ وہ ادھر ادھر ڈولتا رہتا ہے

2915 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَالزَّرْعِ لَا تَزَالُ الرِّيْحُ تُفِيْئُهُ، وَلَا يَزَالُ الْمُؤْمِنُ يُصِيْبُهُ الْبَلَاءُ، وَمَثَلُ الْمُنَافِقِ

2914– رجاله ثقات رجال الصحيح إلا أن أبا عوانة سمع من عطاء بن السائب في الصحة والاختلاط، لكن رواه عنه سفيان عند أحمد، وسماعه منه قديم قبل اختلاطه، فالحديث صحيح. أبو كامل: هو فضيل بن حسين بن طلحة الجحدري .وأخرجه أحمد "1/268" من طريق أبي إسحاق، و "1/273" من طريق سفيان و "1/297" من طريق إسرائيل، والنسائي "4/12" في الجنائز: باب في البكاء على الميت، من طريق أبي الأحوص، والبزار "808"

2915– إسناده صحيح على شرط الشيخين.وأخرجه أحمد "2/283"–"284"، ومسلم "2809" في صفات المنافقين وأحكامهم: باب مثل المؤمن كالزرع ومثل الكافر كشجر الأرز، والترمذي "2866" في الأمثال: باب ما جاء في مثل المؤمن القارء للقرآن وغير القارء، والبغوي "1437" من طريق عبد الرزاق، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد "2/234"، ومسلم "2809" من طريق عبد الأعلى، عن معمر، به.وأخرجه أحمد "2/523"، والبخاري "5644" في المرضى: باب ما جاء في كفارة المرضى، و "7466" في التوحيد: باب في المشيئة والإرادة، من طريق فليح، عن هلال بن علي، عن عطاء بن يسار، عن أبي هريرة بنحوه.

كَالشَّجَرَةِ الْاَرْزِ لَا تَهْتَزُّ حَتّٰى تُسْتَحْصَدَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مومن کی مثال کھیت کی طرح ہے' جسے مسلسل ہوا ادھر اُدھر جھکاتی رہتی ہے اسی طرح مومن کو بھی ہمیشہ آزمائش لاحق رہتی ہے اور منافق کی مثال اخروٹ کے درخت کی طرح ہے' جو لہراتا نہیں ہے' یہاں تک کہ (ایک ہی مرتبہ) اسے جڑ سے اکھاڑ لیا جاتا ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمُسْلِمِ اَنْ تَعْتَرِيَهُ الْعِلَلُ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ مسلمان کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ بعض حالتوں میں اسے علتیں (بیماری یا پریشانی) لاحق رہیں

2916 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ اَعْرَابِيٌّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَخَذَتْكَ اُمُّ مِلْدَمٍ؟ قَالَ: وَمَا اُمُّ مِلْدَمٍ؟ قَالَ: حَرٌّ يَكُوْنُ بَيْنَ الْجِلْدِ وَاللَّحْمِ قَالَ: وَمَا وَجَدْتُ هٰذَا قَطُّ.

قَالَ: فَهَلْ وَجَدْتَ هٰذَا الصُّدَاعَ؟ قَالَ: وَمَا الصُّدَاعُ؟ قَالَ: عِرْقٌ يَضْرِبُ عَلَى الْاِنْسَانِ فِي رَاْسِهِ قَالَ: وَمَا وَجَدْتُ هٰذَا قَطُّ.

فَلَمَّا وَلّٰى قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا.*

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّنْظُرَ اِلٰى رَجُلٍ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَلْيَنْظُرْ اِلٰى هٰذَا لَفْظَةُ اِخْبَارٍ عَنْ شَيْءٍ مُرَادُهَا الزَّجْرُ عَنِ الرُّكُوْنِ اِلٰى ذٰلِكَ الشَّيْءِ، وَقِلَّةِ الصَّبْرِ عَلٰى ضِدِّهِ، وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا جَعَلَ الْعِلَلَ فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا وَالْغُمُومِ وَالْاَحْزَانِ سَبَبَ تَكْفِيرِ الْخَطَايَا عَنِ الْمُسْلِمِينَ، فَاَرَادَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِعْلَامَ اُمَّتِهِ اَنَّ الْمَرْءَ لَا يَكَادُ يَتَعَرَّى عَنْ مُقَارَفَةِ مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ فِي اَيَّامِهِ وَلَيَالِيهِ وَاِيجَابِ النَّارِ لَهُ بِذٰلِكَ اِنْ لَمْ يُتَفَضَّلَ عَلَيْهِ بِالْعَفْوِ، فَكَاَنَّ كُلَّ اِنْسَانٍ مُرْتَهَنٌ بِمَا كَسَبَتْ يَدَاهُ، وَالْعِلَلُ تُكَفِّرُ بَعْضَهَا عَنْهُ

2916– إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو –وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي– فقد روى له البخاري مقرونا ومسلم متابعة، وهو صدوق، وباقي رجاله ثقات على شرط الصحيحين غير هناد بن السرى فإنه من رجال مسلم.وأخرجه أحمد "2/332" من طريق محمد بن بشر، والبزار "778" من طريق عمرو بن خليفة، والحاكم "1/347" من طريق سعيد بن عامر، والبخاري في "الأدب المفرد" "495" من طريق أبي بكر، أربعتهم عن محمد بن عمرو، بهٰذا الإسناد . وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ ووافقه الذهبي.وأخرجه أحمد "2/266" من طريق خلف بن الوليد، عن أبي معشر نجيح بن عبد الرحمٰن السندي وهو ضعيف عن سعيد المقبري، عن أبي هريرة.وذكره الهيثمي في "مجمع الزوائد" "2/294" وقال: رواه أحمد والبزار، وقال أحمد في رواية ... وإسناده حسن.

فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَا اَنَّ مَنْ عُوفِیَ فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا یَکُوْنُ مِنْ اَهْلِ النَّارِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں اُمّ ملدم نے جکڑ لیا ہے اس نے دریافت کیا: اُمّ ملدم کیا ہوتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک تپش ہے' جو جلد اور گوشت کے درمیان ہوتی ہے اس نے کہا: مجھے' تو یہ صورت حال کبھی لاحق نہیں ہوئی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تمہیں صداع کی شکایت ہے اس نے دریافت کیا: صداع کیا ہوتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک رگ ہے' جو آدمی کے سر میں آدمی پر ضرب لگاتی ہے اس نے کہا: مجھے یہ صورت حال کبھی درپیش نہیں آئی جب وہ شخص چلا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کسی جہنمی کو دیکھنا چاہے وہ اس شخص کو دیکھ لے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: ''جو شخص اہل جہنم سے تعلق رکھنے والے کسی شخص کی طرف دیکھنا چاہتا ہو وہ اس شخص کو دیکھ لے''۔ اس میں لفظی طور پر ایک چیز کے بارے میں اطلاع دی گئی ہے لیکن اس سے مراد یہ ہے: اس چیز کی طرف مائل ہونے سے منع کیا جائے اور اس کی متضاد چیز پر صبر کی کمی (سے منع کیا جائے) اس کی وجہ یہ ہے: اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں غم اور پریشانیاں رکھی ہیں تاکہ یہ مسلمانوں کے گناہوں کا کفارہ بن جائیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اُمت کو یہ اطلاع دینا چاہتے ہیں کہ آدمی دن اور رات میں بعض اوقات ان چیزوں سے اجتناب نہیں کرتا جن چیزوں سے اللہ تعالیٰ نے منع کیا ہے اور اس وجہ سے اس کے لئے جہنم واجب ہو جاتی ہے وہ اس کے بعد معافی نہیں مانگتا تو ہر شخص اپنے عمل کے بدلے میں رہن ہوتا ہے اور یہ علتیں اس دنیا میں اس کے بعض گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہیں۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے: جس شخص کو اس دنیا میں عافیت نصیب ہو جائے وہ جہنمی ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اَنْبَاءِ الصَّالِحِينَ، قَصْدُهُ تَسْهِيلُ الشَّدَائِدِ عَلَى النَّفْسِ

نیک لوگوں کے واقعات کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جس کا مقصد یہ ہے کہ نفس کے لئے شدت کا سامنا کرنا آسان ہو

2917 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، اَخْبَرَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، اَخْبَرَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ شَقِيقٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِشَیْءٍ قَسَمَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا عَدَلَ فِیْ هٰذَا؟ قَالَ: فَقُلْتُ: وَاللّٰهِ لَاُخْبِرَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاَخْبَرْتُهُ، فَقَالَ: يَرْحَمُ اللّٰهُ مُوْسٰى، قَدْ كَانَ يُصِيْبُهُ اَشَدُّ مِنْ هٰذَا، ثُمَّ يَصْبِرُ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی چیز تقسیم کی' تو ایک شخص نے کسی چیز کے بارے میں یہ کہا کہ اس میں انصاف سے کام نہیں لیا گیا۔ راوی کہتے ہیں: میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں اللہ کے رسول کو اس بارے میں ضرور بتاؤں گا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ حضرت موسیٰ علیہ السلام پر رحم کرے انہیں اس

سے زیادہ تکلیف پہنچائی گئی' لیکن پھر بھی انہوں نے صبر سے کام لیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلَى اَنَّ الصَّالِحِينَ قَدْ شُدِّدَ عَلَيْهِمِ الْاَوْجَاعُ تَكْفِيرًا لِخَطَايَاهُمْ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نیک لوگوں پر تکالیف شدت سے آتی ہیں تا کہ ان کے گناہوں کا کفارہ بن جائیں

2918 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ عَائِشَةُ: مَا رَاَيْتُ الْوَجَعَ عَلٰى اَحَدٍ اَشَدَّ مِنْهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ ابووائل بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے میں نے کسی کو (بیماری کے دوران) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ تکلیف کا شکار نہیں دیکھا۔

2917– إسناده قوی، عبد الرحمٰن بن عمرو البجلی روی عن جمع، وذكره المؤلف فی "الثقات "8/380"، وسئل عنه أبو زرعة فقال: شيخ، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. شقيق: هو ابن سلمة الأسدی أبو وائل الكوفی. وأخرجه أحمد "1/411" و"441"، والبخاری "3405" فی الأنبياء: ما بعد باب حديث الخضر، و "6336" فی الدعوات: باب قول الله تبارك وتعالى: (وَصَلِّ عَلَيْهِمْ) التوبة: من الآية 103 من طريق شعبة، "6100" فی الأدب: باب الصبر فی الأذى، ومسلم "1062" "141" فی الزكاة: باب إعطاء المؤلفة قلوبهم فی الإسلام وتصبر من قوی إيمانه، من طريق حفص بن غياث، وأحمد "1/235" من طريق أبی معاوية، والبخاری "4335" فی المغازی: باب غزوة الطائف، و "6059" فی الأدب: باب من أخبر صاحبه بما يقال فيه، والبغوی "3671" من طريق سفيان: أربعتهم عن الأعمش، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاری "3150" فی فرض الخمس: باب ما كان النبی صلى الله عليه وسلم يعطی المؤلف قلوبهم وغيرهم من الخمس ونحوه، و "4336"، ومسلم "1062" "140" من طريق منصور عن شقيق عن ابن مسعود قال: "لما كان يوم حنين آثر النبی صلى الله عليه وسلم أناسًا فی القسمة فأعطى الأقرع بن حابس مئة من الإبل، وأعطى عيينة مثل ذلك، وأعطى أناسًا من أشراف العرب، فآثرهم يومئذ فی القسمة، قال رجل ... ."وأخرجه أحمد "1/395"–"396" من طريق زيد بن أبی زائدة وتحرفت فيه إلى زائد عن ابن مسعود بنحوه. وفيه: "دعنا منك فقد أوذی موسى أكثر من ذلك ثم صبر."

2918– إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو عامر: هو عبد الملك بن عمرو العقدی، وسليمان: هو الأعمش، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة وأخرجه أبو داوٗد الطيالسی "1536"، ومن طريقه الترمذی "2397" فی الزهد: باب ما جاء فی الصبر على البلاء، عن شعبة، بهذا الإسناد. وقال الترمذی: هذا حسن صحيح. وأخرجه أحمد "6/172"، والبخاری "5646" فی الرضى: باب شدة المرض، ومسلم "2570" فی البر والصلة: باب ثواب المؤمن فيما يصيبه من مرض أو حزن أو نحو ذلك، من طرق عن شعبة، عن الأعمش، عن أبی وائل، عن مسروق عن عائشة. وأخرجه أحمد "6/181"، والبخاری "5646"، وابن ماجه "1622" فی الجنائز: باب ما جاء فی ذكر مرض رسول الله صلى الله عليه وسلم، من طريق سفيان، ومسلم "2670" من طريق جرير، كلاهما عن الأعمش، به

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّالِحِينَ قَدْ تُشَدَّدُ عَلَيْهِمِ الْبَلَايَا لَمْ يُفْعَلْ ذٰلِكَ بِغَيْرِهِمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نیک لوگوں پر مصیبتیں شدت سے آتی ہیں جتنی دوسروں پر نہیں آتی ہیں

2919 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ السَّلَامِ، بِبَيْرُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَلَفٍ الدَّارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْمَرُ بْنُ يَعْمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُوْ قِلَابَةَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ نَسِيبٍ، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ اَخْبَرَتْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، طَرَقَهُ وَجَعٌ فَجَعَلَ يَشْتَكِي وَيَتَقَلَّبُ عَلٰى فِرَاشِهِ، فَقَالَتْ لَهُ عَائِشَةُ: لَوْ صَنَعَ هٰذَا بَعْضُنَا لَوَجَدْتَ عَلَيْهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الصَّالِحِينَ قَدْ يُشَدَّدُ عَلَيْهِمْ، وَاِنَّهُ لَا يُصِيبُ مُؤْمِنًا نَكْبَةٌ مِنْ شَوْكَةٍ فَمَا فَوْقَهَا اِلَّا حُطَّتْ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةٌ، وَرُفِعَ لَهُ بِهَا دَرَجَةٌ .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ وَّاهِمٌ فِي قَوْلِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَسِيبٍ، اِنَّمَا هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ نَسِيبُ بْنُ سِيرِينَ، فَسَقَطَ عَلَيْهِ الْحَارِثُ فَقَالَ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَسِيبٍ*

✿✿ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف لاحق ہوئی آپ صلی اللہ علیہ وسلم بے چین ہوتے تھے اور اپنے بستر پر پہلو بدلتے تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی اگر یہ ہم میں سے کسی نے کیا ہوتا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس پر ناراضگی کا اظہار کرتے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نیک لوگوں پر شدت لاحق ہوتی ہے مومن شخص کو جو کانٹا بھی لگتا ہے یا اس کے علاوہ جو تکلیف ہوتی ہے' تو اس کی وجہ سے اس کے گناہ کو مٹا دیا جاتا ہے اور اس کی وجہ سے اس کے درجے کو بلند کیا جاتا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) عیسیٰ بن ابوکثیر نے راوی کا نام عبداللہ بن نسیب نقل کرتے ہوئے غلطی کی ہے۔ اصل نام عبداللہ بن حارث ہے اور یہ ابن سیرین کے بھانجے ہیں تو لفظ حارث وہ نقل نہیں کر سکے اور انہوں نے لفظ عبداللہ بن نسیب ذکر کر دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُسْلِمَ كُلَّمَا ثَخُنَ دِينُهُ كَثُرَ بَلَاؤُهُ، وَمَنْ رَقَّ دِينُهُ خُفِّفَ ذٰلِكَ عَنْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جس بھی مسلمان کا دین جتنا مضبوط ہوگا اس کی آزمائش اتنی ہی زیادہ ہوگی اور جس شخص کا دین کمزور ہوگا اس کی آزمائش ہلکی ہوگی

2919- محمد بن خلف الداري روى عن جمع، وروى عنه جمع، وهو من رجال أبي داوٗد، ومعمر بن يعمر روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" "9/192" وقال: يغرب، ومن فوقهما من رجال الشيخين. أبو قلابة: هو عبد اللّٰه بن زيد الجرمي. وأخرجه أحمد "6/159"-"160 عن هشام بن سعيد، أخبرنا معاوية بن سلام قال: سمعت يحيى بن أبي كثير قال: أخبرني أبو قلابة أن عبد الرحمٰن بن شيبة أخبره أن عائشة أخبرته أن رسول اللّٰه ... وهٰذا سند صحيح. وصححه الحاكم "4/319" ووافقه الذهبي، وقال الهيثمي في "المجمع" "2/192": رواه أحمد ورجاله ثقات. وأخرجه أحمد "6/215"، والحاكم "1/345"-"346" من طريقين عن يحيى بن أبي كثير، به. وقال الحاكم: هٰذا حديث صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي.

2920 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الطَّالَقَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ سَعْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَيُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلَاءً؟ قَالَ: الْاَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ، يُبْتَلَى النَّاسُ عَلٰى قَدْرِ دِيْنِهِمْ، فَمَنْ ثَخُنَ دِيْنُهُ، اشْتَدَّ بَلَاؤُهُ، وَمَنْ ضَعُفَ دِيْنُهُ ضَعُفَ بَلَاؤُهُ، وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيُصِيْبُهُ الْبَلَاءُ حَتّٰى يَمْشِيَ فِي النَّاسِ مَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ

❀❀ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا: سب سے زیادہ آزمائش کس کو لاحق ہوتی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کو پھر درجہ بدرجہ (نیک لوگوں کو) لوگوں کو ان کے دین کے حساب سے آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے، جس کا دین مضبوط ہوتا ہے اس کی آزمائش شدید ہوتی ہے، جس کا دین کمزور ہوتا ہے اس کی آزمائش بھی کمزور ہوتی ہے آدمی آزمائش میں مبتلا رہتا ہے، یہاں تک کہ وہ لوگوں کے درمیان چلتا ہے، تو اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا (یعنی آزمائش کی وجہ سے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْبَلَايَا تَكُوْنُ بِالْاَنْبِيَاءِ اَكْثَرُ، ثُمَّ الْاَمْثَلِ فَالْاَمْثَلِ فِي الدِّيْنِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آزمائشیں سب سے زیادہ انبیاء کو پیش آتی ہیں پھر اس کے بعد درجہ بدرجہ دینی لوگوں کو پیش آتی ہیں

2921 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ ابْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ اَشَدُّ النَّاسِ بَلَاءً؟ قَالَ: الْاَنْبِيَاءُ، ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ، يُبْتَلَى الْعَبْدُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهِ، فَمَا يَبْرَحُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَمْشِيَ عَلَى الْاَرْضِ وَمَا عَلَيْهِ خَطِيْئَةٌ

❀❀ مصعب بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! سب سے زیادہ شدید آزمائش کسے لاحق ہوتی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انبیاء کو پھر درجہ بدرجہ (نیک لوگوں کو) بندے کو اس کے دین کے حساب سے آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے اور وہ آزمائش مسلسل بندے کے ساتھ رہتی ہے، یہاں تک کہ وہ زمین پر ایسی حالت میں چلتا ہے کہ اس پر کوئی گناہ نہیں ہوتا۔

2920- رجال ثقات إلا أنه منقطع المسيب -وهو ابن رافع- لم يسمع من سعد. وأخرجه الحاكم 1/40 "41" من طريق محمد بن غالب، حدثنا عمرو بن عون، حدثنا خالد بن عبد الله، عن العلاء بن المسيب، عن مصعب بن سعد، عن أبيه. وقال: هذا حديث على شرط الشيخين. انظر الحديث رقم "2900" و"2901" و."2921"

2921- إسناده حسن من أجل عاصم بن بهدلة. وهو مكرر الحديث رقم "2900"، وانظر "2901" و."2920"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْبَلَايَا تَكُوْنُ اَسْرَعَ اِلٰى مُحِبِّي الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، مِنَ الشَّيْءِ الْمُدَلّٰى اِلٰى مُنْتَهَاهُ، اَوِ الْجَارِي اِلٰى نِهَايَتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آزمائشیں اس شخص کی طرف زیادہ تیزی سے جاتی ہیں

جو نبی اکرم ﷺ سے محبت کرتا ہے وہ اس سے زیادہ تیزی سے جاتی ہیں جتنی تیزی سے (کنوئیں میں لٹکایا جانے والا ڈول) اپنی منزل کی طرف جاتا ہے یا سیلاب اپنی منزل کی طرف جاتا ہے

2922 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا الْقَوَارِيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مَعْشَرٍ الْبَرَاءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَدَّادُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِي الْوَازِعِ جَابِرِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْمُغَفَّلِ، يَقُوْلُ: (متن حدیث): اَتٰى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ لَاُحِبُّكَ، فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْبَلَايَا اَسْرَعُ اِلٰى مَنْ يُّحِبُّنِيْ مِنَ السَّيْلِ اِلٰى مُنْتَهَاهُ

✿✿ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اللہ کی قسم! میں آپ ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: جو شخص مجھ سے محبت کرتا ہے آزمائشیں اس کی طرف اس سے زیادہ تیزی سے آتی ہیں جتنی تیزی سے سیلابی پانی اپنی منزل کی طرف بڑھتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ يُجَازِي الْمُسْلِمَ عَلٰى سَيِّئَاتِهٖ فِي الدُّنْيَا بِالْمَصَائِبِ فِيْ بَدَنِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بعض اوقات اللہ تعالیٰ کسی مسلمان کو دنیا میں جسمانی آزمائش میں مبتلا کر کے اس کے گناہوں کا بدلہ دے دیتا ہے

2923 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا

2922– إسناده ضعيف . أبو معشر البراء –واسمه يوسف بن يزيد البصري–: مختلف فيه، ضعفه ابن معين، وقال أبو داوُد: ليس بذاك، وقال ابوحاتم: يكتب حديثه، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال علي بن الجنيد عن مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ: حَدَّثَنَا اَبُوْمعشر البراء و كان ثقة .وشداد بن سعيد: وثقه أحمد وابن معين وأبو خيثمة والنسائي، وقال البخاري: ضعفه عبد الصمد بن عبد الوارث، وقال العقيلي: له غير حديث لا يتابع عليه، وقال الدارقطني: بصري يعتبر به، وقال أبو أحمد الحاكم: ليس بالقوي عندهم. وأبو الوازع: اختلف قول ابن معين فيه، فقد نقل الدوري عنه: ليس بشيء ، ونقل إسحاق بن منصور عنه: ثقة، وقال النسائي: منكر الحديث، وقال ابن عدي: أرجو أنه لا بأس به، ووثقه المؤلف والذهبي في "الكاشف" وقال الحافظ في "التقريب" صدوق يهم. وأخرجه الترمذي "2350" في الزهد: باب ما جاء في فضل الفقر، من طريق روح بن أسلم وعلي بن نصر بن علي، عن شداد أبي طلحة الراسبي، بهذا الإسناد .

ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِیْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بَكْرَ بْنَ سَوَادَةَ، حَدَّثَهُ، اَنَّ يَزِيدَ بْنَ اَبِي يَزِيدَ، حَدَّثَهُ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ) (النساء: 123) فَقَالَ: اِنَّا لَنُجْزٰى بِكُلِّ مَا عَمِلْنَا، هَلَكْنَا اِذًا، فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: نَعَمْ يُجْزٰى بِهٖ فِي الدُّنْيَا مِنْ مُّصِيبَةٍ فِي جَسَدِهٖ مِمَّا يُؤْذِيهِ

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نے یہ آیت تلاوت کی۔

''جو شخص برائی کرے گا اسے اس کا بدلہ مل جائے گا۔''

اس شخص نے کہا: ہم جو بھی عمل کریں گے ہمیں ان سب کا بدلہ ملے گا؟ اس صورت میں تو ہم ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں! آدمی کو دنیا میں آزمائش کی شکل میں اس کا بدلہ مل جائے گا وہ آزمائش جو اس کے جسم کو لاحق ہوتی ہے اور اسے تکلیف پہنچاتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْبَلَايَا بِالْمَرْءِ قَدْ تَحُطُّ خَطَايَاهُ بِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کو لاحق ہونے والی آزمائشیں اس کے گناہوں کو ختم کر دیتی ہیں

2924 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ اِسْمَاعِيلَ، بِبُسْتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ بْنِ مُسَاوِرٍ الْمَرْوَزِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْمُؤْمِنِ وَالْمُؤْمِنَةِ فِي جَسَدِهٖ، وَفِي مَالِهٖ وَوَلَدِهٖ حَتّٰى يَلْقَى اللّٰهَ وَمَا عَلَيْهِ مِنْ خَطِيئَةٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مومن مرد اور مومن عورت کے جسم کے حوالے سے اور مال اور اولاد کے حوالے سے انہیں مسلسل آزمائشیں پیش آتی رہتی ہیں یہاں تک کہ جب وہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوتا ہے تو اس کا کوئی گناہ نہیں ہوتا۔''

2923- رجاله ثقات رجال الصحيح غير يزيد بن أبي يزيد، فقد روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" "7/631"، وله ترجمة في "الجرح والتعديل" "9/298"، و"تعجيل المنفعة" ص"454"، وذكره البخاري في "تاريخه" "8/371". ابن وهب: هو عبد الله بن وهب بن مسلم، وعمرو بن الحارث: هو ابن يعقوب الأنصاري المصري. وأخرجه أحمد "6/65"-"66" من طريق هارون بن معروف، عن ابن وهب، بهذا الإسناد، وقال الهيثمي في "المجمع"، "7/12": رواه أحمد وأبو يعلى ورجالهما رجال الصحيح. وانظر الحديث رقم "2910".

2924-وأخرجه الترمذي "2399" في الزهد: باب ما جاء في الصبر على البلاء، من طريق محمد بن عبد الأعلى، عن يزيد بن زريع، بهذا الإسناد. وقال: هذا حديث حسن صحيح. وانظر الحديث رقم "2913".

ذِكْرُ تَكْفِيرِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا ذُنُوبَ الْمُسْلِمِ فِي الدُّنْيَا بِالْاَسْقَامِ وَالْاَوْجَاعِ

اللہ تعالیٰ کا بیماریوں اور تکلیفوں کی وجہ سے مسلمان کے گناہ دنیا میں ختم کردینے کا تذکرہ

2925 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: (متن حدیث):مَا مِنْ سَقَمٍ وَّلَا وَجَعٍ يُصِيبُ الْمُؤْمِنَ اِلَّا كَانَ كَفَّارَةً لِذَنْبِهٖ حَتَّى الشَّوْكَةُ يُشَاكُهَا وَالنَّكْبَةُ يُنْكَبُهَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو بھی بیماری یا تکلیف مومن کو لاحق ہوتی ہے تو یہ اس کے گناہ کا کفارہ بن جاتی ہے یہاں تک جو کانٹا اسے لگتا ہے یا جو نوکیلی چیز اسے لگتی ہے (تو یہ کفارہ بن جاتے ہیں)۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا قَدْ يُجَازِى الْمُسْلِمَ عَلٰى سَيِّئَاتِهٖ فِي الدُّنْيَا بِالْاَمْرَاضِ وَالْاَحْزَانِ، لِتَكُوْنَ كَفَّارَةً لَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ بیماریوں اور تکلیفوں کی صورت میں کسی مسلمان کو دنیا میں ہی اس کے گناہوں کا بدلہ دے دیتا ہے تاکہ (یہ بیماریاں اور تکلیفیں) اس کیلئے کفارہ بن جائیں

2926 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنِ اسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِى اَبُوْ بَكْرِ بْنِ اَبِى زُهَيْرٍ، عَنْ اَبِى بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، (متن حدیث):اَنَّهٗ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ الصَّلَاحُ بَعْدَ هٰذِهِ الْاٰيَةِ (مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ)(النساء : 123)

2925– إسناده صحيح . ابن أبي السرى متابع ومن فوقه من رجال الشيخين .وأخرجه أحمد "6/167"، والبغوى "1422" من طريق عبد الرزاق، بهٰذا الإسناد .وأخرجه أحمد "6/88"، والبخار "5640" في المرضى، باب ما جاء في كفارة المرض، والبيهقي "3/373" من طريق أبي اليمان الحكم بن نافع، عن شعيب، وأحمد "6/120"، ومسلم "2572" "49" في البر والصلة: باب ثواب المؤمن فيما يصيبه من مرض أو حزن أو نحو ذلك، والبيهقي "3/373" من طريق عبد الله بن وهب، عن يونس، وأحمد "6/113"–"114" من طريق أبي أويس، ثلاثتهم عن الزهرى، به.وأخرجه أحمد "6/279"، ومسلم "2572" "48" من طريق هشام بن عروة، ومالك "2/941" في العين: باب ما جاء في أجر المريض، ومن طريقه مسلم "2572" "50" عن يزيد بن خصيفة، كلاهما عن عروة، به .وأخرجه أحمد "6/42" و"43" و"171" و"255" و"278"، ومسلم "2572" "46" و"47"، والبيهقي "3/373" و"374"، والترمذى "965" في الجنائز: باب ما جاء في ثواب المريض، من طريق إبراهيم، عن الأسود، عن عائشة .وأخرجه مسلم "4572" "51" من طريق عمرة، عن عائشة .وأخرجه أحمد "6/39" و"261" من طريق عبد الرحمٰن بن القاسم، عن أبيه، عن عائشة.وأخرجه أحمد "6/257" من طريق ابن أبي مليكة، عن القاسم بن محمد، عن عائشة. وأخرجه أيضًا "6/203" عن يحيى، عن ابن جريج، عن ابن أبي مليكة عن عائشة. وابن أبي ملكية سمع من عائشة.وأخرجه أحمد "6/48" و"185" من طريق عبد الواحد بن حمزة بن عبد الله بن الزبير، عن عباد بن عبد الله بن الزبير، عن عائشة.وأخرجه أحمد "6/248"

فَقَالَ: رَحِمَكَ اللّٰهُ يَا اَبَا بَكْرٍ، اَلَسْتَ تَمْرَضُ؟ اَلَسْتَ تَنْصَبُ؟ اَلَسْتَ يُصِيبُكَ اللَّاوَاءُ؟ فَذَاكَ مَا تُجْزَوْنَ بِهِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ زُهَيْرٍ هٰذَا اَبُوْهُ مِنَ الصَّحَابَةِ

❀❀ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس آیت کے بعد بہتری کیسے ہو سکتی ہے؟ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''جو شخص برائی کرے گا اسے اس کا بدلہ دے دیا جائے گا۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوبکر! اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے' کیا تم بیمار نہیں ہوتے ہو؟ کیا تمہیں تکلیف لاحق نہیں ہوتی ہے؟ کیا تمہیں پریشانیاں لاحق نہیں ہوتی ہیں؟ یہ وہ چیز ہے' جس کا تمہیں بدلہ دیا جائے گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوبکر بن ابوزہیر نامی راوی کے والد صحابی ہیں۔

ذِكْرُ حَطِّ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْخَطَايَا عَنِ الْمُسْلِمِ بِالْاَمْرَاضِ كَالْوَرَقِ عَنِ الْاَشْجَارِ اِذَا حُطَّتْ

اللہ تعالیٰ کا بیماریوں کی وجہ سے مسلمان کے گناہوں کو یوں ختم کر دینا جس طرح درخت سے پتے جھڑتے ہیں

2927 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِيْ كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَا يَمْرَضُ مُؤْمِنٌ وَلَا مُؤْمِنَةٌ، وَلَا مُسْلِمٌ وَلَا مُسْلِمَةٌ اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ بِذٰلِكَ خَطَايَاهُ كَمَا تَنْحَطُّ الْوَرَقَةُ عَنِ الشَّجَرَةِ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو بھی مومن مرد یا عورت بیمار ہوتے ہیں یا (راوی کا شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) مسلمان مرد یا عورت بیمار ہوتے ہیں' تو اللہ تعالیٰ اس وجہ سے ان کے گناہوں کو مٹا دیتا ہے یوں' جس طرح درخت اپنے پتے گراتا ہے۔''

2926- إسناده ضعيف لانقطاعه، فإن أبا بكر بن أبي زهير من صغار التابعين، ثم هو مستور لا يعرف بجرح ولا تعديل. لكن الحديث صحيح بطرقه وشواهده، وقد تقدم برقم "2910" وهو في "مسند أبي يعلى" "100" وأخرجه المروزي في "مسند أبي بكر" "111"، وابن السني في "عمل اليوم والليلة" "394" من طريق أبي يعلى، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبري "10528".

2927- محمد بن وهب بن أبي كريمة: صدوق، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح، وأبو الزبير -وإن رواه بالعنعنة- تابعه أبو سفيان عليه، فالحديث صحيح. وأخرجه أحمد "3/346" من طريق ابن لهيعة، والبزار "768" من طريق ابن جريج، كلاهما عن أبي الزبير، بهذا الإسناد. وقال البزار: لا نحفظ له طريقًا عن جابر أحسن من هذا. وأخرجه أحمد "3/386" و"400"، والبخاري في "الأدب المفرد" "508"، والخطيب في "تاريخه" "5/39"-"40"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَاضَ وَالْاَسْقَامَ تُكَفِّرُ خَطَايَا الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ وَاِنْ قَلَّتْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بیماریاں اور تکلیفیں مسلمان شخص کے گناہوں کو ختم کر دیتی ہیں اگرچہ وہ (بیماری یا تکلیف) تھوڑی ہو

2928 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحَاقَ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِيْ زَيْنَبُ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ هٰذِهِ الْاَمْرَاضَ الَّتِيْ تُصِيْبُنَا مَاذَا لَنَا مِنْهَا؟ فَقَالَ: كَفَّارَاتٌ فَقَالَ: اَيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاِنْ قَلَّتْ: قَالَ: وَاِنْ شَوْكَةً فَمَا فَوْقَهَا قَالَ: فَدَعَا عَلٰى نَفْسِهِ اَنْ لَّا يُفَارِقَهُ الْوَعْكُ حَتّٰى يَمُوْتَ، وَاَنْ لَّا يَشْغَلَهُ عَنْ حَجٍّ وَّلَا عَنْ عُمْرَةٍ وَّلَا جِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ، وَلَا صَلَاةٍ مَكْتُوْبَةٍ فِيْ جَمَاعَةٍ، قَالَ: فَمَا مَسَّ اِنْسَانٌ جَسَدَهُ اِلَّا وَجَدَ حَرَّهَا حَتّٰى مَاتَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: زَيْنَبُ هٰذِهِ هِيَ بِنْتُ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ، وَالَّذِيْ دَعَا عَلٰى نَفْسِهِ هُوَ اُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مسلمان نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کا کیا خیال ہے یہ بیماریاں جو ہمیں لاحق ہوتی ہیں ہمیں اس کا کیا فائدہ ہوگا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کفارہ بن جاتی ہیں اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر یہ تھوڑی ہو؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ کانٹا لگے یا اس سے بھی کم ہو۔ راوی کہتے ہیں: اس شخص نے اپنے لیے یہ دعا کی کہ اسے مرتے دم تک بخار رہے لیکن وہ بخار اس کے لیے حج یا عمرے یا اللہ کی راہ میں جہاد یا باجماعت نماز میں رکاوٹ نہ بنے۔ راوی بیان کرتے ہیں: جو بھی شخص اس کے جسم کو ہاتھ لگاتا تھا اسے اس کی تپش محسوس ہوتی تھی یہاں تک کہ اس شخص کا انتقال ہوگیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) زینب نامی راوی خاتون زینب بنت کعب بن مالک ہیں اور جن صاحب نے اپنے بارے میں دعا کی تھی وہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ ہیں۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ لِلْمَرِيْضِ وَالْمُسَافِرِ مَا كَانَا يَعْمَلَانِ فِيْ صِحَّتِهِمَا وَحَضَرِهِمَا مِنَ الطَّاعَاتِ

اللہ تعالیٰ کا بیمار اور مسافر شخص کیلئے ان تمام نیکیوں کو نوٹ کرنے کا تذکرہ جو وہ

2928- إسناده صحيح. زينب بنت كعب بن عجرة ذكرها لمؤلف في "الثقات" وروت عن زوجها أبي سعيد الخدري، وأختها الفريعة بنت مالك، وروى عنها ابنا أخويها سعد بن إسحاق وسليمان بن محمد ابنا كعب بن عجرة، وذكرها ابن الأثير وابن فتحون في الصحابة، وباقي السند رجاله ثقات. وهو في "مسند أبي يعلى ." "995"وأخرجه أحمد "3/23" عن يحيى بن سعيد، بهذا الإسناد. وفيه التصريح بأن أبيًا هو القائل.

اپنی تندرستی یا مقیم رہنے کی حالت میں سرانجام دیتا تھا

2929 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ عَاصِمٍ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي الْحَوَارِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْعَوَّامِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنِ اِبْرَاهِيمَ السَّكْسَكِيِّ، وَعَنْ مِسْعَرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اِبْرَاهِيمَ السَّكْسَكِيَّ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوسٰى، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا سَافَرَ ابْنُ آدَمَ اَوْ مَرِضَ، كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلَ مَا كَانَ يَعْمَلُ وَهُوَ مُقِيمٌ صَحِيحٌ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب انسان سفر کرتا ہے یا بیمار ہوتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے وہی اجر نوٹ کر لیتا ہے' جو وہ مقیم ہونے یا تندرستی کے عالم میں عمل کیا کرتا تھا''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يُثِيبُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا لِمَنْ ذَهَبَتْ كَرِيمَتَاهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ جس شخص کی بینائی رخصت ہو جائے اللہ تعالیٰ اسے کیا ثواب عطا کرتا ہے؟

2930 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ مَاهَانَ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: اَبُوْ بِشْرٍ:

2929- إسناده حسن. إبراهيم السكسكي – وهو ابن عبد الرحمٰن بن إسماعيل –: مختلف فيه، ضعفه أحمد، وقال النسائي: يكتب حديثه وليس بالقوي، وقال ابن عدي: لم أجد له حديثًا منكر المتن، وهو إلى الصدق أقرب منه إلى غيره، واحتج به البخاري، وباقي رجاله ثقات . أحمد بن أبي الحواري: هو أحمد بن عبد الله بن ميمون، ومسعر: هو ابن كدام.وأخرجه أحمد "4/410" و"418"، والبخاري "2996" في الجهاد: باب يكتب للمسافر مثل ما كان يعمل في الإقامة، والبيهقي "3/374" من طريق يزيد بن هارون، وأحمد "4/418" من طريق محمد بن يزيد، وأبو داوٗد "3091" في الجنائز: باب إذا كان الرجل يعمل عملًا صالحًا فشغله عنه مرض أو سفر، والحاكم "1/341" من طريق هشيم، ثلاثتهم عن العوام بن حوشب، بهٰذا الإسناد . وسقط من "المستدرك": العوام بن حوشب.وفي الباب: عن أنس عند أحمد "3/148" و"258"

2930– إسناد صحيح. يعقوب بن ماهان: روى له النسائي، وهو صدوق، ومن فوقه على شرط الشيخين. أبو بشر: هو جعفر بن إياس اليشكري الواسطي. وهو في "مسند أبي يعلى " ."2365"وأخرجه الطبراني "12/13465" من طريق علي بن سعيد الرازي، حدثنا يعقوب بن ماهان، بهذا الإسناد . وذكره الهيثمي في "المجمع" "2/308" وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في "الكبير" و"الأوسط" ورجال أبي يعلى ثقات.وفي الباب: عن العرباض بن سارية كما سيأتي برقم ."2931" وعن أبي هريرة وسيأتي برقم ."2932"وعن أنس عند البخاري "5653"، والترمذي "2400"، وأحمد "3/283"، والبيهقي ."3/375"وعن أبي أمامة عند أحمد "5/257" وقال الهيثمي: رواه أحمد والطبراني في "الكبير"، وفيه إسماعيل بن عياش وفيه كلام .وعن عائشة بنت قدامة عند أحمد "6/365" وقال الهيثمي: رواه أحمد والطبراني في "الكبير" وفيه عبد الرحمٰن بن عثمان الحاطبي، ضعفه أبو حاتم، وذكره ابن حبان في "الثقات."وعن أبي سعيد الخدري عند الطبراني في "الأوسط" وقا الهيثمي: وفيه مسلمة بن الصلت، وهو متروك وقد وثقه ابن حبان، وقد روى عنه أحمد بن حنبل.

اَخْبَرَنِی، عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:
(متن حدیث): یَقُوْلُ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالٰی: اِذَا اَخَذْتُ كَرِیْمَتَیْ عَبْدِیْ، فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ، لَمْ اَرْضَ لَهٗ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:
''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جب میں اپنے بندے کی دو محبوب چیزوں (یعنی بینائی) کو قبض کر لیتا ہوں اور وہ صبر سے کام لیتا ہے اور ثواب کی امید رکھتا ہے' تو میں اس کے لیے جنت سے کم ثواب پر راضی نہیں ہوتا۔''

ذِكْرُ رَجَاءِ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ لِمَنْ حَمِدَ اللّٰهَ عَلٰی سَلَبِ كَرِیْمَتَیْهِ، اِذَا كَانَ بِهِمَا ضَنِیْنًا

ایسے شخص کے لیے جنت میں داخل ہونے کی امید کا تذکرہ جو بینائی رخصت ہونے پر اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتا ہے اگرچہ وہ اس بینائی کا شدید خواہش مند ہو

2931 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، بِالْفُسْطَاطِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَالِمٍ، عَنِ الزُّبَیْدِیِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا لُقْمَانُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ سُوَیْدِ بْنِ جَبَلَةَ، عَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِیَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ - یَعْنِیْ عَنْ رَبِّهٖ - قَالَ:
(متن حدیث): اِذَا سَلَبْتُ مِنْ عَبْدِیْ كَرِیْمَتَیْهِ وَهُوَ بِهِمَا ضَنِیْنٌ، لَمْ اَرْضَ لَهٗ ثَوَابًا دُوْنَ الْجَنَّةِ اِذَا حَمِدَنِیْ عَلَیْهِمَا

حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پروردگار کا یہ فرمان نقل کیا ہے:
''جب میں اپنے بندے کی دو پسندیدہ چیزوں (یعنی دونوں آنکھوں کی بینائی) کو سلب کر لیتا ہوں اور وہ ان دونوں کا خواہش مند ہوتا ہے' تو جب وہ اس پر میری حمد بیان کرتا ہے' تو میں اس کے لیے جنت سے کم ثواب پر راضی نہیں ہوتا۔''

ذِكْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْفَضْلَ اِنَّمَا یَكُوْنُ لِمَنْ صَبَرَ عَلَیْهِمَا مُحْتَسِبًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ فضیلت ایسے شخص کے لیے ہوتی ہے جو (بینائی کی رخصتی پر) صبر سے کام لے یا ثواب کی امید رکھے

2932 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِیْمَ بْنِ فَرُّوْخٍ الْبَغْدَادِیُّ، بِالرَّافِقَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ السَّكَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَهْضَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ سُهَیْلِ بْنِ

2931- إسناده حسن. عمرو بن الحارث: هو ابن الضحاك الزبيدي الحمصي، والزبيدي: هو محمد بن الوليد عن عامر الحمصي. وأخرجه البزار "771" من طريق عبد القدوس بن الحجاج، عن أبي بكر بن أبي مريم، عن حبيب بن عبيد، عن العرباض، وقال: لا نعلمه عن العرباض بأحسن من هذا الإسناد. وذكره الهيثمي في "المجمع" 20/208"-"209، وقال: رواه البزار، والطبراني في "الكبير"، وفيه أبو بكر بن أبي مريم، وهو ضعيف.

اَبِیْ صَالِحٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
(متن حدیث): لَا یَذْهَبُ اللّٰهُ بِحَبِیْبَتَیْ عَبْدٍ فَیَصْبِرُ وَیَحْتَسِبُ اِلَّا اَدْخَلَهُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:
''جب بھی اللہ تعالیٰ کسی بندے کی دو محبوب چیزوں (یعنی بینائی) کو رخصت کر دیتا ہے اور وہ بندہ صبر سے کام لیتا ہے اور ثواب کی امید رکھتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل کرے گا''۔

ذِكْرُ نَفْيِ عَذَابِ الْقَبْرِ عَمَّنْ مَاتَ مِنَ الْاِطْلَاقِ

ایسے شخص سے قبر کے عذاب کی نفی کا تذکرہ جو پیٹ کی بیماری کی وجہ سے فوت ہوتا ہے

2933 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ، وَالْحَوْضِیُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ جَامِعِ بْنِ شَدَّادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ یَسَارٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ صُرَدٍ، وَخَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ، اَنَّهُمَا بَلَغَهُمَا

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا مَاتَ بِبَطْنٍ، فَقَالَ اَحَدُهُمَا: اَلَمْ یَبْلُغْكُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قَتَلَهُ بَطْنُهُ لَمْ یُعَذَّبْ فِیْ قَبْرِهٖ.
قَالَ الْاٰخَرُ: صَدَقْتَ، وَقَالَ الْحَوْضِیُّ: بَلٰی

سلیمان صرد اور خالد بن عرفطہ بیان کرتے ہیں: انہیں یہ بات پتہ چلی ہے کہ ایک شخص کا پیٹ کی بیماری کی وجہ سے انتقال ہو گیا' تو ان دونوں میں سے ایک شخص نے کہا: آپ لوگوں تک یہ بات نہیں پہنچی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔
''جو شخص پیٹ کی بیماری کی وجہ سے انتقال کر جائے اسے قبر میں عذاب نہیں ہوتا''۔
تو دوسرے صاحب نے کہا: آپ نے سچ کہا ہے' تو حوضی نامی راوی نے کہا: جی ہاں۔

2932– إسناده صحيح وسهيل توبع عليه. وأخرجه أحمد "2/265"، والترمذي "2401" في الزهد: باب ما جاء في ذهاب البصر، من طريق سفيان، والدارمي "2/323" من طريق جرير، كلاهما عن الأعمش، بهذا الإسناد. وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح. وله طريق آخر عند الطبراني في "الأوسط" أورده الهيثمي في "المجمع" "2/309"–"310" وقال: فيه عبيد الله بن زهر، وهو ضعيف.

2933– إسناده صحيح. أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك أبو الوليد الطيالسي، والحوضي: هو حفص بن عمر عمر بن الحارث أبو عمر الحوضي. وأخرجه الطيالسي "1288"، وأحمد "4/262"، و"5/292"، والنسائي "4/98" في الجنائز: باب من قتله بطنه، والطبراني "4/4101" من طريق شعبة، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "4/4102" و"4103" من طريقين عن جامع بن شداد، به. وأخرجه الطبراني "4/4104" و"4105" و"4106" و"4107" و"4108" من طرق عن عبد الله بن يسار، به. وأخرجه الترمذي "1064" في الجنائز: باب ما جاء في الشهداء من هم، وأحمد "4/262"، والطبراني "4/4109" من طريق أبي سنان الشيباني، عن أبي إسحاق السبيعي، عن سليمان بن صرد وخالد. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب في هذا الباب، وقد روي من غير هذا الوجه

ذِكْرُ إِعْطَاءِ اللّٰهِ الْمُتَوَفّٰى فِيْ غُرْبَتِهٖ مِثْلَ مَا بَيْنَ مَوْلِدِهٖ إِلٰى مُنْقَطَعِ أَثَرِهٖ مِنَ الْجَنَّةِ

اللہ تعالیٰ کا غریب الوطنی کے عالم میں فوت ہونے والے شخص کو جنت میں اتنی جگہ دینے کا تذکرہ جو اس کی جائے پیدائش سے لے کر اس کے انتقال کی جگہ جتنی ہو

2934 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِيْ حُيَيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ أَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

تُوُفِّيَ رَجُلٌ بِالْمَدِيْنَةِ، فَصَلّٰى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا لَيْتَهٗ مَاتَ فِيْ غَيْرِ مَوْلِدِهٖ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ النَّاسِ: لِمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: إِنَّ الرَّجُلَ إِذَا مَاتَ فِيْ غَيْرِ مَوْلِدِهٖ قِيْسَ لَهٗ مِنْ مَوْلِدِهٖ إِلٰى مُنْقَطَعِ أَثَرِهٖ فِي الْجَنَّةِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مدینہ منورہ میں ایک شخص کا انتقال ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ پڑھائی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کاش اس کا انتقال اپنی جائے پیدائش کی بجائے کسی اور جگہ پر ہوا ہوتا۔ حاضرین میں سے ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کیوں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کا انتقال اپنی جائے پیدائش کی بجائے کسی اور جگہ پر ہوتا ہے تو اس کے لیے اس کی جائے پیدائش سے لے کر (انتقال کی جگہ تک) زمین کی پیمائش کر دی جاتی ہے اور اسے جنت میں اتنی جگہ دی جاتی ہے۔

ذِكْرُ تَطْهِيْرِ اللّٰهِ الْمُسْلِمَ مِنْ ذُنُوْبِهٖ بِالْحُمّٰى إِذَا اعْتَرَتْهُ فِيْ دَارِ الدُّنْيَا

اللہ تعالیٰ کا مسلمان کے گناہوں کو بخار کی وجہ سے ختم کر دینے کا تذکرہ جب وہ بخار دنیا میں آدمی کو لاحق ہوتا ہے

2935 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ

2934– إسناده حسن. حيي بن عبد الله المعافري: وثقه المؤلف، وقال ابن عدي: أرجو أنه لا بأس به إذا روى عنه ثقة، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق يهم. وباقي رجاله على شرط مسلم. أبو عبد الرحمٰن الحُبُلي: هو عبد الله بن يزيد المعافري. وأخرجه ابن ماجه "1614" في الجنائز: باب ما جاء فيمن مات غريبًا، من طريق حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي "4/7"–"8" في الجنائز: باب الموت بغير مولده، من طريق يونس بن عبد الأعلى، عن ابن وهب، به وقد تصحف فيه

2935– إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو سفيان: هو طلحة بن نافع الواسطي، وجرير: هو ابن عبد الحميد بن قرط. وأخرجه الحاكم "1/346" من طريق يحيى بن المغيرة، عن جرير، بهذا الإسناد وصححه على شرط مسلم، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد "3/316" من طريق أبي معاوية، عن الأعمش، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" "2/305"–"306" وقال: رواه أحمد وأبو يعلى، ورجال أحمد رجال الصحيح.

الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَتِ الْحُمَّى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاسْتَاْذَنَتْ عَلَيْهِ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتِ؟ فَقَالَتْ: اَنَا اُمُّ مِلْدَمٍ قَالَ: انْهَدِي اِلٰى قُبَاءَ، فَاْتِيهِمْ قَالَ: فَاَتَتْهُمْ، فَحُمُّوا - اَوْ لَقُوا مِنْهَا شِدَّةً - فَقَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تَرٰى مَا لَقِينَا مِنَ الْحُمَّى، قَالَ: اِنْ شِئْتُمْ دَعَوْتُ اللّٰهَ، فَكَشَفَهَا عَنْكُمْ، وَاِنْ شِئْتُمْ كَانَتْ طَهُورًا قَالُوْا: بَلْ تَكُوْنُ طَهُورًا

✿✿ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بخار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت طلب کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کون ہو؟ اس نے جواب دیا: میں اُمّ ملدم ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم قباء کی طرف جاؤ اور وہاں چلے جاؤ۔ راوی کہتے ہیں: وہ وہاں چلا گیا ان لوگوں کو بخار رہنے لگ پڑا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) ان لوگوں کو اس کی وجہ سے شدت کا سامنا کرنا پڑا انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ملاحظہ کی ہے کہ ہمیں کتنا بخار رہنے لگا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم لوگ چاہو تو میں اللہ تعالیٰ سے دعا کر دیتا ہوں وہ اسے تم سے دور کر دے گا اور اگر تم چاہو تو یہ تمہارے لیے طہارت کے حصول کا ذریعہ بن جائے گا' تو ان لوگوں نے عرض کی: اسے طہارت کے حصول کا ذریعہ رہنے دیں۔

ذِكْرُ خُرُوْجِ الْمُؤْمِنِ مِنْ خَطَايَاهُ بِالْحُمَّى وَالْاَوْجَاعِ كَالْحَدِيْدَةِ اِذَا اُخْرِجَتْ مِنَ الْكِيرِ

بیماری اور تکالیف کی وجہ سے مومن کا گناہوں سے یوں باہر آجانے کا تذکرہ جس طرح وہ لوہا ہوتا ہے جسے بھٹی سے نکالا گیا ہو

2936 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِيْ فُدَيْكٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا اشْتَكَى الْمُؤْمِنُ اَخْلَصَهُ ذٰلِكَ كَمَا يُخْلِصُ الْكِيرُ خَبَثَ الْحَدِيدِ

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں:

''جو کوئی مومن بیمار ہوتا ہے (تو وہ بیماری) اسے یوں نکھار دیتی ہے' جس طرح بھٹی لوہے کے زنگ کو نکھار دیتی ہے۔''

2936– إسناده صحيح على شرط الشيخين غير عبد الرحمٰن بن إبراهيم فإنه من رجال البخاري . ابن أبي فديك: هو محمد بن إسماعيل بن أبي فديك، وابن أبي ذئب، \هو محمد بن عبد الرحمٰن بن المغيرة. وأخرجه الرامهرمزي في "أمثال الحديث" ص130–"131" من طريق عبدان، عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم دحيم، بهذا الإسناد. وأخرجه القضاعي في "مسند الشهاب" "1406" و"1407" من طريق عبد الله بن نافع وأبي عذبة، عن ابن أبي ذئب، به. وأخرجه الخطيب في "تلخيص المتشابه في الرسم" "1/44" من طريق مالك بن أنس عن الزهري، به. وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" "497" من طريق عيسى بن المغيرة، عن ابن أبي ذئب، عن جبير بن أبي صالح، عن الزهري، به.

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَخْصُوصِينَ يُضَاعَفُ عَلَيْهِمُ اَلَمُ الْحُمّٰى لِيَسْتَوفُوا عَلَيْهَا الثَّوَابَ فِي الْعُقْبَى

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مخصوص افراد (یعنی انبیاء کرام) کو بخار کی تکلیف دوگنی ہوتی ہے تاکہ انہیں آخرت میں اس حساب سے پورا (یعنی دوگنا) اجروثواب عطا کیا جائے

2937 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسِسْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ لَتُوعَكُ وَعْكًا شَدِيدًا، فَقَالَ: اَجَلْ اِنِّيْ اُوعَكُ مَا يُوعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ قُلْتُ: اِنَّ لَكَ اَجْرَيْنِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَجَلْ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، مَا عَلَى الْاَرْضِ مُسْلِمٌ يُصِيْبُهُ اَذًى مِنْ مَرَضٍ فَمَا سِوَاهُ، اِلَّا حَطَّ اللّٰهُ عَنْهُ خَطَايَاهُ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا

✿✿ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ کو چھوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ کو تو انتہائی تیز بخار ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں مجھے اس طرح بخار ہوتا ہے جس طرح تم میں سے دو آدمیوں کو ہوتا ہے۔ میں نے عرض کی: اس کی وجہ سے آپ کو دو اجر ملتے ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے روئے زمین پر موجود جس بھی مسلمان کو بیماری یا اس کے علاوہ کوئی اور تکلیف لاحق ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے گناہوں کو یوں ختم کر دیتا ہے جس طرح درخت اپنے پتے گراتا ہے۔

ذِكْرُ كَرَاهِيَةِ سَبِّ اَلَمِ الْحُمَّى لِذَهَابِ خَطَايَاهُ بِهَا

بخار کی تکلیف کو برا کہنے کے مکروہ ہونے کا تذکرہ کیونکہ اس کی وجہ سے گناہ ختم ہو جاتے ہیں

2938 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

2937– إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو معاوية: هو محمد بن خازم التيمي، وإبراهيم التيمي: هو إبراهيم بن يزيد بن شريك. وأخرجه أحمد "1/381"، ومسلم "2571" في البر والصلة: باب ثواب المؤمن فيما يصيبه من مرض أو حزن أو نحو ذلك، والبيهقي "3/372" من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "1/441" و"455"، والبخاري "5647" في المرضى: باب شدة المرض، و "5648" باب أشد الناس بلاء الأنبياء، و "5660" باب وضع اليد على المريض، و "5661" باب ما يقال للمريض وما يجيب، و "5667" باب ما رخص للمريض أن يقول إني وجع، ومسلم "2571" والدارمي "2/316"، والبيهقي "3/372"،

الْحَجَّاجُ الصَّوَّافُ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ،

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ عَلٰى اُمِّ السَّائِبِ - اَوْ اُمِّ الْمُسَيَّبِ - وَهِيَ تُرَفْرِفُ فَقَالَ: مَا لَكِ يَا اُمَّ السَّائِبِ - اَوْ يَا اُمَّ الْمُسَيَّبِ - تَرَفْرِفِيْنَ؟ قَالَتِ: الْحُمّٰى لَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيْهَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَسُبِّي الْحُمّٰى فَاِنَّهَا تُذْهِبُ خَطَايَا ابْنِ آدَمَ كَمَا يُذْهِبُ الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اُمّ سائب (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اُمّ میتب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی وہ کپکپا رہی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اے اُمّ سائب (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) اے اُمّ میتب تمہیں کیا ہوا ہے تم کیوں کپکپا رہی ہو؟ اس نے عرض کی: بخار ہے اللہ تعالیٰ اس میں برکت نہ رکھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم بخار کو برا نہ کہو کیوں کہ یہ انسان کے گناہوں کو یوں ختم کر دیتا ہے' جس طرح بھٹی لوہے کے میل کو ختم کر دیتی ہے۔

ذِكْرُ الِاسْتِتَارِ مِنَ النَّارِ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا لِلْمُسْلِمِ، اِذَا ابْتُلِيَ بِالْبَنَاتِ فَاَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ

مسلمان کے جہنم سے بچنے کا تذکرہ، ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں' جب وہ (مسلمان) بیٹیوں (کی پرورش) کی آزمائش میں مبتلا کیا جائے اور وہ ان بیٹیوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے

2939 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ عَائِشَةَ، اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا دَخَلَتْ عَلَيْهَا امْرَاَةٌ مَعَهَا ابْنَتَانِ لَهَا تَسْتَطْعِمُ قَالَتْ: فَلَمْ تَجِدْ عِنْدِي اِلَّا تَمْرَةً وَّاحِدَةً، فَاَعْطَيْتُهَا اِيَّاهَا، فَاَخَذَتْهَا فَشَقَّتْهَا بَيْنَ ابْنَتَيْهَا وَلَمْ تَاْكُلْ مِنْهَا شَيْئًا قَالَتْ: ثُمَّ قَامَتْ فَخَرَجَتْ، وَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرْتُهُ خَبَرَهَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ

2938– إسناده صحيح علي شرط الشيخين . والقواريرى: هو عبيد الله بن عمر بن ميسرة، والحجاج الصواف: هو حجاج بن أبي عثمان، وأبو الزبير: هو محمد بن مسلم بن تدرس . وهو في "مسند أبي يعلى " . "2083"وأخرجه مسلم "2575" في البر والصلة: باب ثواب المؤمن فيما يصيبه من مرض أو حزن، من طريق القواريرى، بهذا الإسناد.وأخرجه أبو يعلى . "2173"

2939– إسناده صحيح على شرك مسلم. يونس: هو ابن زيد الأيلي.وأخرجه أحمد "6/33" و "166" من طريق عبد الرزاق وعبد الأعلى والترمذى "1913" في البر والصلة: باب ما جاء في النفقة على البنات والأخوات، من طريق عبد المجيد بن عبد العزيز، ثلاثتهم عن معمر، عن الزهرى، بهذا الإسناد . قال عبد الرزاق: وكان يذكره عن عبد الله بن أبي بكر، وكذا كان في كتابه، يعني الزهرى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ عروة، أن عائشة.وأخرجه البخارى "1418" في الزكاة: باب اتقوا النار ولو بشق تمرة، ومسلم "2629" في البر والصلة: باب فضل الإحسان إلى البنات، والترمذى "1915" في البر والصلة: باب ما جاء في النفقة على البنات والأخوات، من طريق مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حزم، عن عروة، به.وأخرجه أحمد "6/87"، والبخارى "5995" في الأدب: باب رحمة الولد وتقبيله ومعانقته، ومسلم "2629"، والبيهقي "7/478"، والبغوى "1618" من طريق شعيب، عن الزهرى، به.وأخرجه أحمد "6/243" من طريق محمد بن أبي حفصة، عن الزهرى، به.

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ ابْتُلِيَ بِشَيْءٍ مِنْ هٰذِهِ الْبَنَاتِ، فَأَحْسَنَ صُحْبَتَهُنَّ كُنَّ لَهُ سِتْرًا مِنَ النَّارِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک خاتون ان کے ہاں آئی جس کے ساتھ اس کی دو بیٹیاں بھی تھیں اس عورت نے کھانے کے لیے کچھ مانگا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میرے پاس اسے صرف ایک کھجور ملی وہ میں نے اسے دے دی اس نے اس کھجور کو لیا اور اسے دوحصوں میں تقسیم کر کے اپنی بیٹیوں کو دے دیا اس نے خود کچھ نہیں کھایا پھر وہ اٹھی اور چلی گئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے میں نے آپ کو اس عورت کے بارے میں بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کو ان بیٹیوں کے حوالے سے آزمائش میں مبتلا کیا جائے اور وہ شخص ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے تو یہ بیٹیاں اس کے لیے جہنم سے بچاؤ کا ذریعہ بن جاتی ہیں۔

ذِكْرُ إِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ قَدَّمَ ثَلَاثَةً مِنْ صُلْبِهِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ

ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہونے کا تذکرہ جس کے تین بچے بالغ ہونے سے پہلے فوت ہو جاتے ہیں

2940 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحُسَيْنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، قَالَ: قَالَ صَعْصَعَةُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَمُّ الْأَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ:

(متن حدیث): أَتَيْتُ أَبَا ذَرٍّ، بِالرَّبَذَةِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا ذَرٍّ، مَا مَالُكَ؟ فَقَالَ: مَالِي عَمَلِي، قُلْتُ: حَدِّثْنَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ لَهُمَا ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ، إِلَّا أَدْخَلَهُمَا اللّٰهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ

صعصعہ بن معاویہ بیان کرتے ہیں: میں ربذہ کے مقام پر حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے کہا: اے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ آپ کا مال کیا ہے انہوں نے جواب دیا: میرا مال میرا عمل ہے میں نے کہا: آپ ہمیں کوئی ایسی حدیث سنائیے جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو تو انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

"جس بھی مسلمان کے تین بچے بالغ ہونے سے پہلے فوت ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ ان دونوں (یعنی بچے کے ماں باپ) کو ان بچوں پر اپنی رحمت کے فضل کی وجہ سے جنت میں داخل کرے گا۔"

2940- إسناده صحيح . الحسن وهو ابن أبي الحسن يسار البصري -: قد صرح بالسماع في "مسند أ، مد" "5/159" و "164"وأخرجه أحمد "5/151" و "153" و "159" و 164"ن والنسائي 4/24"-"25 في الجنائز: باب من يتوفى له ثلاثة. والبخاري في "الأدب المفرد" "150"، والطبراني في "الصغير" "875"، والبيهقي "9/171" من طرق عن الحسن، بهذا الإسناد . وله شاهد من حديث أنس، وسيأتي برقم ."2943"وآخر من حديث أبي هريرة، وسيأتي برقم ."2942"وثالث من حديث أبي سعيد الخدري، وسيأتي برقم ."2944"ورابع من حديث أبي النضر السلمي عند مالك فقي "الموطأ" ."1/235"وخامس من حديث عتبة بن عبد السلمي عند ابن ماجه ."1604"وسادس من حديث ابن مسعود عن الترمذي "1061"، وابن ماجه ."1606"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجَنَّةَ اِنَّمَا تَجِبُ لِمَنْ وَصَفْنَا اِذَا احْتَسَبَ فِيْ تِلْكَ الْمُصِيْبَةِ دُوْنَ الْمُتَسَخِّطِ فِيمَا قَضَى اللّٰهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے

جس کا ہم نے ذکر کیا ہے جبکہ وہ اس مصیبت پر ثواب کی امید رکھے یہ اس کے لیے نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر ناراضگی کا اظہار کرے

2941 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ نِسْوَةً مِنَ الْاَنْصَارِ قُلْنَ لَهُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّا لَا نَسْتَطِيعُ اَنْ نَأْتِيَكَ مَعَ الرِّجَالِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَوْعِدُكُنَّ بَيْتُ فُلَانَةَ فَجَاءَ فَتَحَدَّثَ مَعَهُنَّ، ثُمَّ قَالَ: لَا يَمُوْتُ لِاِحْدَاكُنَّ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَتَحْتَسِبُهُ اِلَّا دَخَلَتِ الْجَنَّةَ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ مِنْهُنَّ: وَاثْنَتَيْنِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاثْنَتَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ انصاری خواتین نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی ہم مردوں کے ہمراہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں ہو سکتی ہیں (آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں واعظ و نصیحت کیا کیجئے) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں خاتون کے گھر میں تم سے ملاقات ہوگی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وہاں تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم خواتین کے ساتھ بات چیت کرتے رہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے کسی کے بھی تین بچے فوت ہو جائیں اور وہ اس پر ثواب کی امید رکھے تو وہ جنت میں داخل ہوگی ان میں سے ایک خاتون نے عرض کی: جس کے دو ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے دو (بچے فوت) ہوں؟ (اسے بھی یہ اجر و ثواب حاصل ہوگا)

ذِكْرُ تَحْرِيمِ النَّارِ فِي الْقِيَامَةِ عَلٰى مَنْ مَاتَ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ

قیامت کے دن ایسے شخص کیلئے جہنم کے حرام ہونے کا تذکرہ جس کے تین بچے فوت ہو چکے ہوں

2942 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَمُوْتُ لِاَحَدٍ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ فَتَمَسَّهُ النَّارُ اِلَّا تَحِلَّةَ الْقَسَمِ

2941- إسناده صحيح على شرط مسلم. أحمد بن عبدة: هو ابن موسى الضبي، والدراوردي: هو عبد العزيز بن محمد .وأخرجه أحمد "2/378"، ومسلم "2632" "151" في البر والصلة: باب فضل من يموت له ولد فيحتسبه، والبيهقي "4/67" من طريق قتيبة بن سعيد، عن عبد العزيز الدراوردي، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي "4/67" من طريق عبد الله بن عمر، عن سهيل، به وانظر الحديث الآتي.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس بھی مسلمان کے تین بچے فوت ہوجائیں، تو آگ اسے قسم پوری کرنے کے لیے چھوئے گی۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ اِنَّمَا يُحَرِّمُ النَّارَ عَلٰى مَنْ مَاتَ لَهٗ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ، فَاحْتَسَبَ فِيْ ذٰلِكَ وَرَضِيَ دُوْنَ مَنْ يَّسْخَطُ حُكْمَ اللّٰهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس شخص پر جہنم کو حرام قرار دے دیا ہے

جس کے تین بچے فوت ہوجائیں اور وہ اس پر ثواب کی امید رکھے اور وہ اس سے راضی رہے یہ اس کے لیے نہیں ہے جو اللہ تعالیٰ کے فیصلے پر ناراضگی کا اظہار کرے

2943 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ اَنَّ عِمْرَانَ بْنَ نَافِعٍ، حَدَّثَهٗ، عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): مَنِ احْتَسَبَ ثَلَاثَةً مِنْ صُلْبِهٖ دَخَلَ الْجَنَّةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اپنی اولاد میں سے تین بچوں (کے انتقال پر) ثواب کی امید رکھے وہ جنت میں داخل ہوگا۔''

2942- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البغوى "1542" والبيهقى "7/78" من طريق أحمد بن أبى بكر أبى مصعب الزهرى، بهٰذا الإسناد. وهو فى "الموطأ" "1/235" فى الجنائز: باب الحسبة فى المصيبة، وأخرجه من طريقه البخارى "6656" فى الأيمان والنذور: باب قول الله تعالى: (وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ) الأنعام: من الآية "109"، ومسلم "2632" "150" فى البر والصلة: باب فضل من يموت له ولد فيحتسبه، والترمذى "1060" فى الجنائز: باب ما جاء فى ثواب من قدم ولدًا، والبيهقى "4/67" و "7/78" و "10/64"، والنسائى "4/25" فى الجنائز: باب من يتوفى له ثلاثة. وأخرجه أ؛ مد "2/239"، والبخارى "1251" فى الجنائز: باب فضل من مات له ولد فاحتسب، ومسلم "2632" "150"، وابن ماجه "1603" فى الجنائز: باب ما جاء فى ثواب من أصيب بولده، والبغوى "1543" من طريق سفيان بن عيينة، عن الزهرى، به. وأخرجه مسلم "2632" "150"، والبيهقى "4/67" من طريق معمر عن الزهرى، به. وأخرجه البيهقى "4/68" من طريق محمد بن سيرين، عن أبى هريرة.

2943- إسناده صحيح. عمران بن نافع: ذكره المؤلف فى "الثقات" وروى له النسائى ووثقه. وباقى السند رجاله ثقات رجال الصحيح. وأخرجه المزى فى "تهذيب بالكمال" ورقة "1060" من طريق حرملة بن يحيى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه النسائى "4/23"-"24" فى الجنائز: باب ثواب من احتسب ثلاثة من صلبه، والبخارى فى "التاريخ الكبير" تعليقًا "6/421" من طريق ابن وهب، به. وأخرجه البخارى "1248" فى الجنائز: باب فضل من مات له ولد فاحتسب، و "1381" باب ما قيل فى أولاد المسلمين، والنسائى "4/24" باب من يتوفى له ثلاثة، وابن ماجه "1605" فى الجنائز: باب ما جاء فى ثواب من أصيب بولده، والبيهقى "4/67"، والبغوى "1545" من طريق عبد العزيز بن صهيب، عن أنس بنحوه. وأخرجه أحمد "3/152" من طريق ثابت عن أنس.

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِمَنْ مَاتَ لَهُ ابْنَتَانِ فَاحْتَسَبَ فِي ذٰلِكَ

اس شخص کے لیے جنت واجب ہو جانے کا تذکرہ جس کی دو بیٹیاں فوت ہو جائیں اور وہ اس پر ثواب کی امید رکھے

2944 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَصْبَهَانِيِّ، عَنْ ذَكْوَانَ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ النِّسَاءُ: غَلَبَنَا عَلَيْكَ الرِّجَالُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَاجْعَلْ لَنَا يَوْمًا، فَوَعَدَهُنَّ يَوْمًا، فَجِئْنَ، فَوَعَظَهُنَّ، فَقَالَ لَهُنَّ فِيمَا قَالَ: مَا مِنْكُنَّ امْرَاَةٌ تُقَدِّمُ ثَلَاثَةً مِنْ وَلَدِهَا اِلَّا كَانُوْا لَهَا حِجَابًا مِنَ النَّارِ قَالَتِ امْرَاَةٌ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَاثْنَيْنِ؟ وَقَدْ مَاتَ لَهَا اثْنَانِ، فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاثْنَانِ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: خواتین نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مرد ہم سے آگے نکل گئے ہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے بھی کوئی دن مقرر کیجئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے ساتھ ایک دن کا وعدہ کرلیا وہ خواتین حاضر ہوئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں وعظ ونصیحت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جو بات ارشاد فرمائی اس میں یہ بات بھی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس بھی عورت کے تین بچے فوت ہو جائیں' تو وہ اس عورت کے لیے جہنم سے رکاوٹ بن جائیں گے ایک خاتون نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر دو ہوں (راوی کہتے ہیں) اس عورت کے دو بچے فوت ہو چکے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا: اگر دو ہوں (تو بھی یہی اجر وثواب حاصل ہوگا)

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْجَنَّةَ اِنَّمَا تَجِبُ لِمَنْ مَاتَ لَهُ ابْنَتَانِ وَقَدْ اَحْسَنَ صُحْبَتَهُمَا فِي حَيَاتِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ایسے شخص کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے جس کی دو بیٹیاں فوت ہو جائیں جن کے ساتھ وہ اپنی زندگی میں اچھا سلوک کرتا رہا ہو

2945 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ

2944– إسناده صحيح على شرط الشيخين. شبابة: هو ابن سَوَّار، وعبد الرحمٰن: هو ابن عبد الله الأصبهاني. وأخرجه أحمد "3/34"، والبخارى "102" فى العلم: باب هل يجعل للنساء يوم على حده فى العلم، ومسلم "2634" فى البر والصّلة: باب فضل من يموت له ولد فيحتسبه، من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/72"، والبخارى "101" فى العلم، و "1249" فى الجنائز: باب فضل من مات له ولد فاحتسب، ومسلم "2634"، والبغوى فى "شرح السنة" "1546" من طرق عن شعبة، به. وأخرجه البخارى "7310" فى الاعتصام: باب تعليم النبى صلى الله عليه وسلم أمته من الرجال والنساء، ومسلم "2633"، والبيهقى "4/67" من طرق عن أبى عوانة عن عبد الرحمٰن بن الأصبهانى، به. وأخرجه البخارى "102"، ومسلم "2634" من طريق شعبة، عن عبد الرحمٰن بن الأصبهانى، قال: سمعت أبا حازم، عن أبى هريرة. وعلقه البخارى "1250" من طريق شريك، عن ابن الأصبهانى، عن أبى صالح، عن أبى سعيد وأبى هريرة.

شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):مَا مِنْ مُّسْلِمٍ لَهُ ابْنَتَانِ، فَيُحْسِنُ اِلَيْهِمَا مَا صَحِبَتَاهُ، اَوْ صَحِبَهُمَا اِلَّا اَدْخَلَتَاهُ الْجَنَّةَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس مسلمان کی دو بیٹیاں ہوں اور وہ ان کے ساتھ اچھا سلوک کرے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) تو وہ دونوں بیٹیاں اسے جنت میں داخل کر دیں گی۔''

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ لِلْمُسْلِمِ اِذَا مَاتَ لَهُ ابْنَانِ فَاحْتَسَبَهُمَا

ایسے مسلمان کے لیے جنت کے واجب ہونے کا تذکرہ جس کے دو بیٹے فوت ہو جائیں اور وہ اس پر ثواب کی امید رکھے

2946 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعُقَيْلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث):مَنْ مَاتَ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنَ الْوَلَدِ دَخَلَ الْجَنَّةَ قَالَ: قُلْنَا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَابْنَانِ؟، قَالَ: وَابْنَانِ. قَالَ مَحْمُوْدٌ: قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اِنِّي لَاَرَاكُمْ لَوْ قُلْتُمْ وَاحِدًا، لَقَالَ وَاحِدًا قَالَ: وَاللّٰهِ اَظُنُّ ذٰلِكَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جس شخص کے تین بچے فوت ہو جائیں وہ جنت میں داخل ہوگا۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر دو بچے ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر دو ہوں (تو بھی یہی اجر و ثواب حاصل ہوگا)۔

محمود نامی راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: میرا خیال ہے آپ لوگوں کو یہ بھی پوچھنا چاہیے تھا اگر ایک ہو تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بھی فرما دیتے' اگر ایک ہو (تو بھی یہ اجر و ثواب حاصل ہوگا) تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی قسم! میرا بھی یہی خیال ہے۔

ذِكْرُ رَجَاءِ نَوَالِ الْجِنَانِ لِمَنْ قَدَّمَ ابْنًا وَاحِدًا مُحْتَسِبًا فِيهِ

ایسے شخص کے جنت تک پہنچنے کی امید کا تذکرہ جس کا ایک بیٹا فوت ہو جائے

2945- إسناده ضعيف، وهو حديث حسن بشواهده شرحبيل بن سعد ضعفه غير واحد من الأئمة، لكن يعتبر بحديثه كما قال الدارقطني. وجرير. هو ابن عبد الحميد، وفطر: هو ابن خليفة المخزومي .وهو مسند أبي يعلى برقم "2571".وأخرجه ابن أبي شيبة "8/551"، وأحمد 1/235"-"236، والبخاري في "الأدب المفرد" "77"، وابن ماجه "3670" في الأدب: باب بر الوالد والإحسان إلى البنات، والحاكم "4/178" من طرق عن فطر.

اور وہ اس پر ثواب کی امید رکھے

2947 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ حَبِيبٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَجُلٌ يَخْتَلِفُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ بُنَيٍّ لَهُ فَفَقَدَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوْا: مَاتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْهِ: اَمَا يَسُرُّكَ اَلَّا تَاْتِيَ بَابًا مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ اِلَّا وَجَدْتَهُ يَنْتَظِرُكَ

❀❀ معاویہ بن قرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص اپنے بیٹے کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے اسے غیر موجود پا کر اس کے بارے میں دریافت کیا: تو لوگوں نے بتایا: اس (بچے) کا انتقال ہو چکا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے اس کے والد سے فرمایا: کیا تمہیں یہ بات پسند نہیں ہے کہ تم جنت کے جس بھی دروازے پر آؤ گے' تو اسے اپنا انتظار کرتے ہوئے پاؤ گے۔

ذِكْرُ بِنَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بَيْتَ الْحَمْدِ فِي الْجَنَّةِ، لِمَنِ اسْتَرْجَعَ وَحَمِدَ اللّٰهَ عِنْدَ فَقْدِ وَلَدِهِ

اللہ تعالیٰ کا ایسے شخص کے لیے جنت میں "بیت الحمد" بنانے کا تذکرہ جو اپنے بچے کے انتقال کے وقت انا للہ انا الیہ راجعون پڑھتا ہے اور اللہ کی حمد بیان کرتا ہے

2948 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ نَصْرٍ التَّمَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ سِنَانٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَفَنْتُ ابْنِيْ وَمَعِي اَبُوْ طَلْحَةَ الْخَوْلَانِيُّ عَلَى شَفِيرِ الْقَبْرِ، فَلَمَّا اَرَدْتُ الْخُرُوْجَ اَخَذَ بِيَدِي فَاَخْرَجَنِي، وَقَالَ: اَلَا اُبَشِّرُكَ؟ حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَرْزَبٍ، عَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا مَاتَ وَلَدُ الْعَبْدِ الْمُؤْمِنِ قَالَ اللّٰهُ

2947– إسناده صحيح. نوح بن حبيب روى له أبو داؤد والنسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد "3/436" و"5/34"–"35 من طريق وكيع بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "1075"، وأحمد "5/35"، والنسائي "4/22"–"23 في الجنائز: باب الأمر بالاحتساب والصبر عند نزول المصيبة. والطبراني في "الكبير" "19/54"، والحاكم "1/284"، من طريق شعبة، به، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه النسائي "4/118" في الجنائز:

2948– إسناده ضعيف، أبو سنان– واسمه عيسى بن سنان القسملي– ضعفه أحمد وابن معين وأبو زرعة وأبو حاتم والنسائي. وأبو طلحة الخولاني لم يوثقه غير المؤلف، وقال الحافظ في "التقريب": مقبول يعني: حيث يُتابع، وإلا فهو لين الحديث. وباقي رجاله ثقات. أبو نصر التمار: هو عبد الملك بن عبد العزيز القشيري. وأخرجه الطيالسي "508"، وأحمد "4/415"، الترمذي "1021" في الجنائز: باب فضل المصيبة إذا احتسب، ونعيم بن حماد في زوائد على "الزهد" "108"

لِلْمَلَائِكَةِ: قَبَضْتُمْ وَلَدَ عَبْدِی؟ قَالُوْا: نَعَمْ.

قَالَ: قَبَضْتُمْ ثَمَرَةَ فُؤَادِهٖ؟ قَالُوْا: نَعَمْ.

قَالَ: فَمَا قَالَ؟ قَالُوْا: اسْتَرْجَعَ وَحَمِدَكَ.

قَالَ: ابْنُوْا لَهٗ بَيْتًا فِی الْجَنَّةِ، وَسَمُّوْهُ بَيْتَ الْحَمْدِ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُوْ طَلْحَةَ الْخَوْلَانِیُّ هٰذَا اسْمُهٗ نُعَيْمُ بْنُ زِيَادٍ مِنْ سَادَاتِ اَهْلِ الشَّامِ، رَوٰی عَنْهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، وَاَهْلُ بَلَدِهٖ، وَاَبُوْ سِنَانٍ هٰذَا هُوَ الشَّيْبَانِیُّ قَدِمَ الْبَصْرَةَ، فَكَتَبَ عَنْهُ الْبَصْرِيُّوْنَ، اسْمُهٗ سَعِيْدُ بْنُ سِنَانٍ وَّاَبُوْ سِنَانٍ الْكُوْفِیُّ ضِرَارُ بْنُ مُرَّةَ

ابوسنان نامی راوی کہتے ہیں: میں نے اپنے بیٹے کو دفن کیا میرے ساتھ ابوطلحہ خولانی قبر کے کنارے پر موجود تھے جب میں قبر سے باہر آنے لگا' تو انہوں نے میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے باہر نکالا اور بولے کیا میں تمہیں خوشخبری نہ سناؤں؟ مجھ تک یہ حدیث پہنچی ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کیا ہے۔

''جب کسی مومن بندے کے بیٹے کا انتقال ہو جائے' تو اللہ تعالیٰ فرشتوں سے یہ فرماتا ہے: تم نے میرے بندے کے بچے کی جان قبض کر لی ہے فرشتے عرض کرتے ہیں جی ہاں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کیا تم نے اس کے دل کے پھل (یعنی جگر کے ٹکڑے) کو قبضے میں لے لیا ہے؟ فرشتے کہتے ہیں: جی ہاں اللہ تعالیٰ دریافت کرتا ہے پھر اس بندے نے کیا کہا فرشتے کہتے ہیں: اس نے انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھا اور تیری حمد بیان کی' تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: تم اس شخص کے لیے جنت میں گھر بنا دو اور اس کا نام ''بیت الحمد'' رکھو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوطلحہ خولانی نامی راوی کا نام نعیم بن زیاد ہے اور یہ اہل شام کے سرداروں میں سے ہیں۔ ان سے معاویہ بن صالح اور ان کے شہر کے دیگر افراد نے روایات نقل کی ہیں۔ ابوسنان نامی راوی شیبانی ہیں۔ یہ بصرہ تشریف لائے تھے۔ اہل بصرہ نے ان کے حوالے سے احادیث نوٹ کی تھیں۔ ان کا نام سعید بن سنان ہے جبکہ ابوسنان کوفی نامی راوی کا نام ضرار بن مرہ ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِسْتِرْجَاعِ لِمَنْ اَصَابَتْهُ مُصِيْبَةٌ وَسُؤَالِهِ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا اَنْ يُبَدِّلَهٗ خَيْرًا مِنْهَا

جس شخص کو کوئی مصیبت لاحق ہوا سے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھنے کا حکم ہونے کا تذکرہ اور اس کو یہ حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اسے اس کا نعم البدل عطا کرے

2949 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰی، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِیُّ، وَاَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ، قَالَ: يَزِيْدُ: اَخْبَرَنَا، وَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ: قَالَ

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):مَنْ اَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ فَلْيَقُلْ: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُونَ، اللّٰهُمَّ عِنْدَكَ اَحْتَسِبُ مُصِيبَتِي، فَاْجُرْنِي فِيهَا، وَاَبْدِلْنِي بِهَا خَيْرًا مِنْهَا فَلَمَّا مَاتَ اَبُو سَلَمَةَ قُلْتُهَا، فَجَعَلْتُ كُلَّمَا بَلَغْتُ: اَبْدِلْنِي خَيْرًا مِنْهَا، قُلْتُ فِي نَفْسِي: وَمَنْ خَيْرٌ مِنْ اَبِي سَلَمَةَ؟ فَلَمَّا انْقَضَتْ عِدَّتُهَا، بَعَثَ اِلَيْهَا اَبُو بَكْرٍ يَخْطُبُهَا، فَلَمْ تَزَوَّجْهُ، ثُمَّ بَعَثَ اِلَيْهَا عُمَرُ يَخْطُبُهَا، فَلَمْ تَزَوَّجْهُ، فَبَعَثَ اِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَخْطُبُهَا عَلَيْهِ قَالَتْ: اَخْبِرْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنِّي امْرَاَةٌ غَيْرَى، وَاَنِّي امْرَاَةٌ مُصْبِيَةٌ، وَلَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اَوْلِيَائِي شَاهِدًا، فَاَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ: ارْجِعْ اِلَيْهَا، فَقُلْ لَهَا: اَمَّا قَوْلُكِ: اِنِّي امْرَاَةٌ غَيْرَى، فَاَسْاَلُ اللّٰهَ اَنْ يُذْهِبَ غَيْرَتَكِ، وَاَمَّا قَوْلُكِ: اِنِّي امْرَاَةٌ مُصْبِيَةٌ، فَتُكْفَيْنَ صِبْيَانَكِ، وَاَمَّا قَوْلُكِ: اِنَّهُ لَيْسَ اَحَدٌ مِنْ اَوْلِيَائِكِ شَاهِدًا، فَلَيْسَ مِنْ اَوْلِيَائِكِ شَاهِدٌ وَلَا غَائِبٌ يَكْرَهُ ذٰلِكَ، فَقَالَتْ لِابْنِهَا: يَا عُمَرُ، قُمْ فَزَوِّجْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَزَوَّجَهُ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَاْتِيهَا لِيَدْخُلَ بِهَا، فَاِذَا رَآتْهُ اَخَذَتِ ابْنَتَهَا زَيْنَبَ، فَجَعَلَتْهَا فِي حِجْرِهَا، فَيَنْقَلِبُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَعَلِمَ بِذٰلِكَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ، وَكَانَ اَخَاهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَجَاءَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: يْنَ هٰذِهِ الْمَقْبُوحَةُ الَّتِي قَدْ آذَيْتِ بِهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخَذَهَا فَذَهَبَ بِهَا، فَجَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَدَخَلَ عَلَيْهَا فَجَعَلَ يَضْرِبُ بِبَصَرِهِ فِي جَوَانِبِ الْبَيْتِ، وَقَالَ: مَا فَعَلَتْ زَيْنَبُ؟ قَالَتْ: جَاءَ عَمَّارٌ فَاَخَذَهَا فَذَهَبَ بِهَا، فَبَنَى بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: اِنِّي لَا اَنْقُصُكِ مِمَّا اَعْطَيْتُ فُلَانَةَ رَحَائَيْنِ، وَجَرَّتَيْنِ، وَمِرْفَقَةً حَشْوُهَا لِيفٌ، وَقَالَ: اِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي.

2949- ابن عمر بن أبي سلمة: قيل: اسمه محمد، لم يوثقه غير المؤلف "5/363"، وفي "التقريب": مقبول. وهو في "مسند أبي يعلى" "2/320"، وأخرجه البيهقي "7/131" من طريقه بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "6/317" والنسائي في "عمل اليوم والليلة" مختصرًا "1071"، والبيهقي "7/131" من طريق يزيد بن هارون، به. وأخرجه أحمد "6/313"، وابن سعد في "الطبقات" "8/89"-"90" من طريق عفان بن مسلم، عن حماد بن سلمة، به. وأخرجه أبو داوٗد "3119" في الجنائز: باب الاسترجاع، والنسائي في "عمل اليوم والليلة" "1072"، والطبراني "23/506" و"507" من طرق عن حماد بن سلمة، به مختصرًا وأخرجه الحاكم "2/178"-"179" من طريق يزيد بن هارون، عن حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ عمر بن أبي سلمة، عن أم سلمة، وقال: هٰذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد "4/27" من طريق روح، عن حماد بن سلمة، عن ثابت البناني، عني ابن عمر، عن أبيه، عن أم سلمة، عن أبي سلمة. وأخرجه الترمذي "3511" في الدعوات، والطبراني "23/497"، والنسائي في "عمل اليوم والليل" "1070"، وابن عبد البر في "التمهيد" "3/186"-"188" من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثابت، عن عمر بن أبي سلمة، عن أمه أم سلمة، عن أبي سلمة. وقال الترمذي: هٰذا حسن غريب من هٰذا الوجه. وأخرجه ابن ماجه "1598" في الجنائز: باب ما جاء في الصبر على المصيبة، وابن عبد البر في "التمهيد" "3/185"، وابن سعد في "الطبقات" "8/87"-"89" من طريق يزيد بن هارون، عن عبد الملك بن قدامة الجمحي، عن أبيه، عن أم سلمة، عن أبي سلمة. عبد الملك ضعيف، وأبوه مقبول. وأخرجه أحمد "4/27028" من طريق يزيد بن عبد الله بن أسامة بن الهاد، عن عمرو - ابن أبي عمرو - عن المطلب، عن أم سلمة، عن أبي سلمة، وهٰذا سند رجاله ثقات. وأخرجه أحمد "6/320"-"321" و"321".

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: لَفْظُ الْإِسْنَادِ لِإِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَجَّاجِ، وَالْمَتْنُ لِيَزِيدَ بْنِ هَارُوْنَ

❀❀ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جسے کوئی مصیبت لاحق ہو وہ یہ دعا پڑھ لے۔

''بے شک ہم اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں بے شک ہم نے اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اے اللہ! میں اپنی مصیبت کے ثواب کی امید تیری بارگاہ میں رکھتی ہوں' تو مجھے اس کا اجر عطا کرنا اور اس (فوت شدہ چیز) کی جگہ مجھے بہتر بدل عطا کر دینا۔''

سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا میں نے یہ دعا پڑھ لی اور میں نے یہی کہا کہ تو مجھے اس سے بہتر عطا کرنا پھر میں نے سوچا حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ سے بہتر اور کون ہو سکتا ہے؟ جب سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی عدت گزر گئی' تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے انہیں نکاح کا پیغام بھیجا' لیکن انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ساتھ شادی نہیں کی پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں نکاح کا پیغام بھیجا انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھی شادی نہیں کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو اپنے پیغام کے ہمراہ ان کی طرف بھیجا' تو انہوں نے عرض کی: آپ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بتا دیں میں ایک غصے والی عورت ہوں اور میں مصیبت کا شکار عورت ہوں (یعنی بیوہ ہو چکی ہوں) میرے اولیاء میں سے کوئی یہاں موجود نہیں ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم اس کے پاس واپس جاؤ اور اس سے کہو جہاں تک تمہارے یہ کہنے کا تعلق ہے کہ میں ایک غصے والی عورت ہوں' تو میں اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کروں گا کہ وہ تمہارا غصہ ختم کر دے' جہاں تک تمہارے یہ کہنے کا تعلق ہے کہ تم مصیبت کا شکار عورت ہو (یعنی بیوہ ہو چکی ہو)' تو تمہارے بچے تمہارے لیے کفایت کر جائیں گے اور جہاں تک تمہارے یہ کہنے کا تعلق ہے کہ تمہارے اولیاء میں سے کوئی یہاں موجود نہیں ہے' تو تمہارے موجود یا غیر موجود اولیاء میں سے کوئی بھی اس کو ناپسند نہیں کرے گا' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اپنے بیٹے سے کہا: اے عمر! تم اٹھو اور اللہ کے رسول کے ساتھ (میری) شادی کر دو' تو انہوں نے ان کی شادی کروا دی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے' تاکہ ان کے ہاں رات بسر کریں جب سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا' تو انہوں نے اپنی بیٹی زینب کو پکڑا اور اسے اپنی گود میں بٹھا لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لے گئے اس بات کی اطلاع حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کو ملی جو ان کے رضاعی بھائی تھے' تو وہ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور بولے: وہ لڑکی کہاں ہے' جس کی وجہ سے تم نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو تکلیف پہنچائی ہے؟ پھر انہوں نے اس بچی کو لیا اور اپنے ساتھ لے گئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھر کے کناروں میں نظر ڈالی اور دریافت کیا: تم نے زینب کے ساتھ کیا کیا ہے' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: حضرت عمار رضی اللہ عنہ آئے تھے انہوں نے اس بچی کو پکڑا اور اپنے ساتھ لے گئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں رات بسر کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے فلاں (زوجہ کو) جو کچھ دیا ہے اس میں تمہارے لیے کوئی کمی نہیں کروں گا دو چکیاں ہیں دو تھیلے ہیں اور ایک گدا جس میں پتے بھرے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میں سات دن تمہارے پاس رہوں گا' تو دوسری ازواج کے پاس بھی سات دن رہوں گا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) سند کے الفاظ ابراہیم بن حجاج کے نقل کردہ ہیں اور متن کے الفاظ یزید بن ہارون کے نقل کردہ ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ مِنْ تَقْدِيمِ الْفَرَطِ لِنَفْسِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنی ذات کے لیے کسی پیش رو کو آگے بھیج دے

2950 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ ابْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا تَعُدُّونَ الرَّقُوبَ فِيكُمْ؟ قَالَ: قُلْنَا: الَّذِى لَا يُولَدُ لَهُ، قَالَ: لَيْسَ ذٰلِكَ بِالرَّقُوبِ، وَلٰكِنِ الَّذِى لَا يُقَدِّمُ مِنْ وَلَدِهِ شَيْئًا قَالَ: فَمَا تَعُدُّونَ الصُّرَعَةَ فِيكُمْ؟ قُلْنَا: الَّذِى لَا يَصْرَعُهُ الرِّجَالُ قَالَ: لَيْسَ ذَاكَ، وَلٰكِنِ الَّذِى يَمْلِكُ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"تم اپنے درمیان رقوب کیسے سمجھتے ہو راوی کہتے ہیں: ہم نے عرض کی: وہ شخص جس کی کوئی اولاد نہ ہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ رقوب نہیں ہے بلکہ رقوب وہ ہے جس کے کسی بچے کا انتقال نہ ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اپنے درمیان پہلوان کسے سمجھتے ہو۔ ہم نے عرض کی: جسے کوئی شخص پچھاڑ نہ سکے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ نہیں ہے بلکہ (پہلوان وہ ہے) جو غضب کے عالم میں اپنے اوپر قابو رکھے"۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْوَبَاءَ هُوَ مَوْتُ الصَّالِحِينَ قَبْلَنَا، وَرَحْمَةُ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى خَلْقِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ وباء ہم سے پہلے کے نیک لوگوں کی موت کا سبب بنتی تھی اور یہ اللہ تعالیٰ کی اپنی مخلوق پر رحمت ہے

2951 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْعَبْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ

2950- إسناده صحيح على شرط مسلم. جرير: هو ابن عبد الحميد: وإبراهيم التيمي: هو ابن يزيد. وأخرجه مسلم "2608" في البر والصلة: باب فضل من يملك نفسه عند الغضب، والبيهقي "4/68" من طريق جرير، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "1/382"، ومسلم "2608"، وأبو داؤد "4779" في الأدب: باب من كظم غيظًا، والبيهقي "4/68"، من طريق أبي معاوية، ومسلم "2608" من طريق إسحاق بن إبراهيم وعيسى بن يونس، ثلاثتهم عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد "5/367" من طريق محمد بن جعفر، عن شعبة، عن عروة بن عبد الله الجعفي، عن ابن حصبة أو أبي حصبة، عن رجل شهد رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطب.... ورجاله ثقات غير ابن حصبة، فهو مجهول.

يَزِيدَ بْنِ (خُمَيْرٍ، عَنْ) * شُرَحْبِيلَ بْنِ شُفْعَةَ *، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ،

(متن حدیث): اَنَّ الطَّاعُونَ وَقَعَ بِالشَّامِ، فَقَالَ: اِنَّهُ رِجْزٌ، فَتَفَرَّقُوا عَنْهُ، فَقَالَ شُرَحْبِيلُ بْنُ حَسَنَةَ، اِنِّي صَحِبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَمْرٌو اَضَلُّ مِنْ حِمَارِ اَهْلِهِ - اَوْ جَمَلِ اَهْلِهِ - وَقَالَ: اِنَّهَا رَحْمَةُ رَبِّكُمْ، وَدَعْوَةُ نَبِيِّكُمْ، وَمَوْتُ الصَّالِحِينَ قَبْلَكُمْ، فَاجْتَمِعُوا لَهُ وَلَا تَفَرَّقُوا عَنْهُ.

فَسَمِعَ ذٰلِكَ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ فَقَالَ: صَدَقَ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے: ایک مرتبہ شام میں طاعون کی وباء پھیل گئی' تو حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے کہا: یہ گندگی ہے' تو لوگ اس جگہ سے منتقل ہونے لگے' تو حضرت شرحبیل بن حسنہ رضی اللہ عنہ نے کہا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا ہوں اور عمرو اپنے گھر کے گدھے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اپنے گھر کے اونٹ سے زیادہ گمراہ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: یہ تمہارے پروردگار کی رحمت' تمہارے نبی کی دعا اور تم سے پہلے نیک لوگوں کی موت کا ذریعہ ہے' تو تم لوگ اس کے لیے اکٹھے رہو اور اُسے چھوڑ کر منتشر نہ ہو۔

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے یہ بات سنی' تو انہوں نے فرمایا: انہوں نے سچ کہا ہے۔

2951- إسناده حسن، رجاله ثقات رجال الصحيح غير شرحبيل بن شفعة، فقد روى له ابن ماجه، وذكره المؤلف في "الثقات"، وروى عن جمع، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق. وقد توبع عليه . يزيد بن خمير: هو ابن يزيد الرحبي الهمداني . وأخرجه أحمد "4/196"، والطبراني في "الكبير" "7/7210" من طرق عن شعبة بهٰذا الإسناد .وأخرجه أحمد "4/195"-"196"، والطبراني "7/7209" من طريقين عن شهر بن حوشب، عن عبد الرحمٰن بن غنم، عن عمرو بن العاص. وسنده حسن في الشواهد. وأخرجه أحمد "4/196" من طريق أبي سعيد مولى بني هاشم، عن ثابت، عن عاصم، عن أبي منيب، عن عمرو بن العاص. وهٰذا سند قوي.وذكره الهيثمي في "المجمع" "2/312"، وقال بعد أن ذكره روايات أحمد: رواها كلّها أحمد، وروى الطبراني في "الكبير" بعضه، وأسانيد أحمد حسان صحاح.

2952- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" "2/896" في الجامع: باب ما جاء في الطاعون، ومن طريق مالك أخرجه البخاري "3473" في الأنبياء : ما بعد باب حديث الغار، ومسلم "2218" "92" في السلام: باب الطاعون والطيرة والكهانة ونحوها، والبغوي "1443"، وأحمد ."5/202"وأخرجه مسلم "2218" "94" من طريق سفيان، عن محمد بن المنكدر، به.وأخرجه مالك "2/896"، ومن طريقه البخاري وأحمد ومسلم والبغوي، عن سالم أبي النضر، عن عامر، به .وأخرجه البخاري "6974" في الحيل: باب ما يكره ما الاحتيال في الفرار من الطاعون، ومسلم "2218" "96"، وأحمد "5/207"-"208"، والبيهقي "7/217" من طريق الزهري،عن عامر، به.وأخرجه أحمد "5/206" و "209"، "210"، والبخاري "5728" في الطب: باب ما يذكر في الطاعون، ومسلم "2218" "97"، والبيهقي "3/376"، من طريق عن شعبة، عن حبيب بن أبي ثابت، عن إبراهيم بن سعد، عن أسامة .وأخرجه أحمد "5/213"، ومسلم "2218" "97"، والبيهقي "3/276" من طريق سُفْيَانُ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِيْ ثَابِتٍ، عَنْ إبراهيم بن سعد، عن سعد بن مالك وخزيمة بن ثابت وأسامة بن يزد، عن النبي صلى الله عليه وسلم .وأخرجه مسلم "2218" "97"، والطبراني في "الكبير" "1/0166" من طريقين عن حبيب بن أبي ثابت، عن أسامة. وانظر الحديث رقم ."2954"

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْقُدُومِ عَلَى الْبَلَدِ الَّذِي وَقَعَ فِيهِ الطَّاعُونُ وَالْخُرُوجِ مِنْهُ مِنْ اَجْلِهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اس شہر میں جائے جہاں طاعون واقع ہو چکا ہو یا طاعون کی وجہ سے اس شہر سے باہر چلا جائے (جہاں وہ پہلے موجود تھا)۔

2952 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ،

(متنِ حدیث): عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَسْاَلُ اُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ: هَلْ سَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الطَّاعُونِ؟ فَقَالَ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الطَّاعُونُ رِجْزٌ اُرْسِلَ عَلٰى بَنِي اِسْرَائِيلَ اَوْ عَلٰى مَنْ قَبْلَكُمْ -، فَاِذَا سَمِعْتُمْ بِهِ بِاَرْضٍ فَلَا تَقْدُمُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ، وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ

✿✿ عامر بن سعد اپنے والد (حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ انہوں نے اپنے والد کو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ سے یہ دریافت کرتے ہوئے سنا کہ کیا آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی طاعون کے بارے میں کوئی بات سنی ہے' تو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: طاعون ایک خرابی ہے' جو بنی اسرائیل کی طرف (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) تم سے پہلے لوگوں کی طرف بھیجی گئی تھی' تو جب تم کسی سرزمین کے بارے میں سنو کہ وہاں یہ ہے' تو تم وہاں نہ جاؤ اور جب یہ کسی ایسی سرزمین پر واقع ہو جائے جہاں تم موجود ہو' تو تم وہاں سے فرار اختیار کرتے ہوئے نکلو نہیں۔

2953 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ خَرَجَ اِلَى الشَّامِ، حَتّٰى اِذَا كَانَ بِسَرْغَ، لَقِيَهُ اُمَرَاءُ الْاَجْنَادِ اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ وَاَصْحَابُهُ، فَاَخْبَرُوهُ اَنَّ الْوَبَاءَ قَدْ وَقَعَ بِالشَّامِ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: فَقَالَ عُمَرُ: ادْعُ لِيَ الْمُهَاجِرِينَ الْاَوَّلِينَ، فَدَعَوْتُهُمْ، فَاسْتَشَارَهُمْ وَاَخْبَرَهُمْ اَنَّ الْوَبَاءَ قَدْ وَقَعَ بِالشَّامِ فَاخْتَلَفُوا، فَقَالَ بَعْضُهُمْ:

2953– إسناده صحيح على شرطهما . وهو في "الموطأ" 2/894–"896 في الجامع: باب ما جاء في الطاعون، ومن طريق مالك أخرجه: البخاري "5729" في الطب: باب ما يذكر في الطاعون، ومسلم "2219" ."98" في السلام: باب الطاعون والطيرة والكهانة ونحوها، وأحمد "1/194"، وأبو داؤد "3103" في الجنائز: باب الخروج من الطاعون. وأخرجه أحمد "1/194"، ومسلم "2219" "99" من طريق معمر، ومسلم "2219" "99"، والبيهقي 7/217 "7"–218" من طريق ابن وهب، عن يونس، كلاهما عن الزهري، به . وأخرجه أحمد "1/192" من طريق الزهري، عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة بن مسعود، عن ابن عباس . وانظر الحديث رقم . "2912"

خَرَجْتَ لِاَمْرٍ فَلَا نَرَى اَنْ تَرْجِعَ عَنْهُ، وَقَالَ بَعْضُهُمْ: مَعَكَ بَقِيَّةُ النَّاسِ وَاَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا نَرَى اَنْ تُقْدِمَهُمْ عَلٰى هٰذَا الْوَبَاءِ، فَقَالَ: ارْتَفِعُوا عَنِّي، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ لِيَ الْاَنْصَارَ فَدَعَوْتُهُمْ، فَاسْتَشَارَهُمْ فَسَلَكُوا سَبِيلَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاخْتَلَفُوا كَاخْتِلَافِهِمْ، فَقَالَ: ارْتَفِعُوا عَنِّي، ثُمَّ قَالَ: ادْعُ لِي مَنْ كَانَ هَاهُنَا مِنْ مَشْيَخَةِ قُرَيْشٍ مِنْ مُّهَاجِرَةِ الْفَتْحِ، فَدَعَوْتُهُمْ، فَلَمْ يَخْتَلِفْ عَلَيْهِ رَجُلَانِ، وَقَالُوْا: نَرَى اَنْ تَرْجِعَ بِالنَّاسِ وَلَا تُقْدِمَهُمْ عَلٰى هٰذَا الْوَبَاءِ، فَنَادَى عُمَرُ فِي النَّاسِ اِنِّيْ مُصْبِحٌ عَلٰى ظَهْرٍ، فَاَصْبِحُوا عَلَيْهِ، فَقَالَ اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ: اَفِرَارًا مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ؟ فَقَالَ عُمَرُ: لَوْ غَيْرُكَ قَالَهَا يَا اَبَا عُبَيْدَةَ وَكَانَ عُمَرُ يَكْرَهُ خِلَافَهُ نَفِرُ مِنْ قَدَرِ اللّٰهِ اِلٰى قَدَرِ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ اِبِلٌ فَهَبَطَتْ وَادِيًا لَهُ عُدْوَتَانِ اِحْدَاهُمَا خِصِبَةٌ، وَالْاُخْرَى جَدْبَةٌ، اَلَيْسَ اِنْ رَعَيْتَ الْخِصْبَةَ رَعَيْتَهَا بِقَدَرِ اللّٰهِ، وَاِنْ رَعَيْتَ الْجَدْبَةَ رَعَيْتَهَا بِقَدَرِ اللّٰهِ، قَالَ: نَعَمْ.

قَالَ: فَجَاءَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ، وَكَانَ مُتَغَيِّبًا فِيْ بَعْضِ حَاجَتِهٖ، فَقَالَ: اِنَّ عِنْدِي مِنْ هٰذَا عِلْمًا، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: اِذَا سَمِعْتُمْ بِهٖ بِاَرْضٍ فَلَا تَقْدُمُوا عَلَيْهِ، وَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ وَّاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَخْرُجُوا فِرَارًا مِنْهُ قَالَ: فَحَمِدَ اللّٰهَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ ثُمَّ انْصَرَفَ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ شام جانے کے لیے روانہ ہوئے جب وہ ''سرغ'' کے مقام پر پہنچے' تو وہاں ان کی ملاقات لشکر کے امیر حضرت ابوعبیدہ بن الجرح رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں سے ہوئی انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو بتایا کہ شام میں وباء پھیل چکی ہے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے پاس مہاجرین اولین کو بلا کر لاؤ میں ان لوگوں کو بلا کر لایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے مشورہ کیا اور انہیں یہ بتایا کہ شام میں وباء پھیل چکی ہے' تو ان لوگوں میں اس بارے میں اختلاف ہو گیا ان میں سے بعض حضرات کا یہ کہنا تھا کہ آپ جس کام کے لیے نکلے ہیں' ہم یہ مناسب نہیں سمجھتے کہ آپ اسے چھوڑ کر واپس چلے جائیں جب کہ بعض کا یہ کہنا تھا کہ آپ کے ساتھ گنے چنے لوگ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب موجود ہیں اس لیے ہم یہ مناسب نہیں سمجھتے کہ آپ کو وبائی علاقے میں جانا چاہیے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ لوگ میرے پاس سے اٹھ جائیں پھر انہوں نے فرمایا: میرے پاس انصار کو بلا کر لاؤ میں انہیں بلا کر لایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے مشورہ کیا' تو وہ بھی مہاجرین کے راستے پر چلے اور ان کے درمیان بھی مہاجرین کی طرح اختلاف ہو گیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ لوگ میرے پاس سے اٹھ جائیں پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تم میرے پاس قریش کے ان بوڑھوں کو بلا کر لاؤ جو فتح مکہ کے موقع پر ہجرت کر کے آئے تھے میں نے ان لوگوں کو بلایا' تو اس بارے میں ان کے دو آدمیوں کے درمیان بھی کوئی اختلاف نہیں ہوا انہوں نے یہی کہا کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کو لوگوں کو لے کر واپس جانا چاہیے اور اس وبائی علاقے میں نہیں جانا چاہیے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں میں یہ اعلان کر دیا کہ ہم کل روانہ ہو جائیں گے آپ لوگ تیاری کر لیں' تو حضرت ابوعبیدہ بن الجرح رضی اللہ عنہ نے کہا: کیا آپ اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے فرار اختیار کرنا چاہتے ہیں؟ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اگر آپ کے علاوہ کسی اور نے یہ بات کہی ہوتی (تو اتنا افسوس نہ ہوتا) اے ابوعبیدہ! حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ان کا یہ اختلاف کرنا پسند نہیں آیا (انہوں نے فرمایا) ہم

اللہ کی تقدیر سے بھاگتے ہوئے اللہ کی تقدیر کی طرف جا رہے ہیں آپ کا کیا خیال ہے اگر آپ کے پاس اونٹ ہو اور آپ اسے کسی ایسی وادی میں لے کر اتریں جس کے ایک طرف سرسبز و شاداب جگہ اور دوسری طرف خشک سالی ہو تو کیا ایسا نہیں ہے کہ اگر آپ اسے سرسبز جگہ پر چراتے ہیں تو یہ بھی اللہ کی تقدیر کے مطابق ہے اور اگر آپ اسے خشک جگہ پر چرنے کے لیے چھوڑتے ہیں تو آپ اسے اللہ تعالیٰ کی تقدیر کے مطابق چراتے ہیں تو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے کہا: جی ہاں۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ آئے وہ اس وقت کسی کام کے سلسلے میں موجود نہیں تھے انہوں نے بتایا: اس بارے میں میرے پاس علم موجود ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

"جب تم اس کے بارے میں سنو کہ یہ کسی سرزمین پر ہے تو تم وہاں نہ جاؤ اور جب یہ کسی ایسی سرزمین پر واقع ہو جائے جہاں تم موجود ہو تو تم وہاں سے فرار اختیار کرتے ہوئے نکلو نہیں۔"

راوی کہتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس پر اللہ کی حمد بیان کی اور وہاں سے واپس آ گئے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الطَّاعُونَ اِنَّمَا هُوَ بَقِيَّةٌ مِنَ الْعَذَابِ الَّذِی اُرْسِلَ عَلٰی بَنِیْ اِسْرَائِیْلَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ طاعون اس عذاب کا باقی رہ جانے والا حصہ ہے جسے بنی اسرائیل کی طرف بھیجا گیا تھا

2954 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ذَكَرَ الطَّاعُوْنَ فَقَالَ: بَقِيَّةُ رِجْزٍ، وَعَذَابٌ اُرْسِلَ عَلٰى طَائِفَةٍ مِنْ بَنِیْ اِسْرَائِيْلَ فَاِذَا وَقَعَ بِاَرْضٍ، وَاَنْتُمْ بِهَا فَلَا تَهْرَبُوْا مِنْهُ، وَاِذَا كَانَ بِاَرْضٍ فَلَا تَهْبِطُوا عَلَيْهِ

❀❀ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طاعون کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا: یہ ایک عذاب کا بقیہ حصہ ہے۔ یہ وہ عذاب ہے جو بنی اسرائیل کے گروہ کی طرف بھیجا گیا تھا جب یہ کسی سرزمین پر واقع ہو اور تم لوگ وہاں موجود ہو تو تم لوگ وہاں سے بھاگو نہیں اور جب کسی دوسری سرزمین پر واقع ہو تو تم وہاں جاؤ نہیں۔

2954- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو الربيع الزهراني: هو سليمان بن داوٗد العتكي البصري، وعمرو بن دينار: هو المكي، أبو محمد الأثرم .وأخرجه مسلم "2218" "95" في السلام: باب الطاعون والطيرة والكهانة ونحوها، من طريق أبي الربيع الزهراني، بهٰذا الإسناد .وأخرجه مسلم "2218" "95"، والترمذي "1065" في الجنائز: باب ما جاء في كراهية الفرار من الطاعون، من طريق قتيبة بن سعيد، عن حماد بن زيد، به .وأخرجه أحمد 5/200"-"201 من طريق سفيان، ومسلم "2218" "95" من طريق ابن جريج، كلاهما عن عمرو بن دينار، به.وانظر الحديث رقم ."2952"

بَابُ الْمَرِيْضِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهٖ

بیمار اور اس سے متعلق (دیگر موضوعات) سے متعلق روایات

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِعِيَادَةِ الْمَرْضٰى اِذِ اسْتِعْمَالُهٗ يُذَكِّرُ الْاٰخِرَةَ

بیماروں کی عیادت کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ کیونکہ اس پر عمل کرنا آخرت کی یاد دلاتا ہے

2955 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْ عِيسٰى الْاُسْوَارِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): عُوْدُوَا الْمَرْضٰى، وَاتَّبِعُوا الْجَنَائِزَ تُذَكِّرُكُمُ الْاٰخِرَةَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بیماروں کی عیادت کرو جنازوں کے ساتھ جاؤ یہ تمہیں آخرت کی یاد دلائیں گے۔''

ذِكْرُ خَوْضِ عَائِدِ الْمَرِيْضِ الرَّحْمَةَ فِيْ طَرِيْقِهٖ وَاغْتِمَارِهٖ فِيْهَا عِنْدَ قُعُوْدِهٖ عِنْدَهٗ

اس بات کا تذکرہ کہ بیمار کی عیادت کرنے والا شخص وہاں جاتے ہوئے رحمت میں غوطہ زن ہوتا ہے اور جب تک وہ بیمار کے پاس بیٹھا رہتا ہے اس وقت تک رحمت میں ڈوبا رہتا ہے

2956 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ عَادَ مَرِيضًا لَمْ يَزَلْ يَخُوضُ الرَّحْمَةَ حَتّٰى يَجْلِسَ، فَاِذَا جَلَسَ، غُمِرَ فِيْهَا

2955- إسناده قوی رجال ثقات رجال الشيخين غير أبي عيسى الأسواري، فقد روى له البخاري في "الأدب"، ومسلم في "الصحيح" متابعة، ووثقه المؤلف والطبراني. وأخرجه القضاعي في "مسند الشهاب" "727" من طريق الحسن بن سفيان، عن هدبة بن خالد، بهذا الإسناد وأخرجه عبد الله بن المبارك في "الزهد" "248"، ومن طريقه البغوي "1503" عن همام، به. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/235"، وأحمد "3/32" و"48" من طريق وكيع، وأبو يعلى "1119" و"1222" من طريق يزيد بن هارون، وأحمد "3/48"، والقضاعي "727" من طريق عفان، والبزار "822".

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص بیمار کی عیادت کرتا ہے' تو وہ جب تک وہاں بیٹھا رہے رحمت میں غوطہ زن رہتا ہے اور جب تک وہ بیٹھا رہے وہ اس میں ڈوبا رہتا ہے۔''

ذِكْرُ رَجَاءِ تُمَكُّنِ عُوَّادِ الْمَرْضَى مِنْ مُّخَاوِفِ الْجِنَّانِ بِفِعْلِهِمْ ذٰلِكَ

بیماروں کی عیادت کرنے والوں کے لیے ان کے اپنے اس عمل کی وجہ سے جنت کے باغات سے خوشہ چینی کرنے کی امید کا تذکرہ

2957 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، غُلَامُ طَالُوتَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ كَامِلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ، عَنْ اَبِيْ اَسْمَاءَ، عَنْ ثَوْبَانَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْمُسْلِمَ اِذَا عَادَ اَخَاهُ الْمُسْلِمَ لَمْ يَزَلْ فِيْ مَخْرَفَةِ الْجَنَّةِ حَتّٰى يَرْجِعَ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی مسلمان اپنے مسلمان بھائی کی عیادت کرتا ہے' تو وہ واپس آنے تک جنت کے باغ میں رہتا ہے۔''

2956- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه ابن أبي شيبة "3/234"، وأحمد "3/304"، والحاكم "1/350"، والبيهقي "3/380" من طريق هشيم بهٰذا الإسناد. وقال الحاكم: حديث صحيح الإسناد على شرط مسلم ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي .وأخرجه البزار "775" من طريق عبد اللّٰه بن حمران، عن عبد الحميد بن جعفر، به .وذكره الهيثمي في "المجمع" "2/397"، وقال: رواه أحمد والبزار،ورجال أحمد رجال الصّحيح.وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" "522" من طريق خالد بن الحارث .

3034 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ الْكَرِيمِ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَقِيلِ بْنِ مَعْقِلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، قَالَ:

(متن حدیث): هٰذَا مَا سَاَلْتُ عَنْهُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَذَكَرَ اَحَادِيثَ، فَقَالَ: اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ يَوْمًا، فَذَكَرَ رَجُلًا مِنْ اَصْحَابِهِ، قُبِضَ، فَكُفِّنَ فِي كَفَنٍ غَيْرِ طَائِلٍ، وَقُبِرَ لَيْلًا، فَزَجَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ يُقْبَرَ الرَّجُلُ بِلَيْلٍ، اَوْ يُصَلّٰى عَلَيْهِ اِلَّا اَنْ يُضْطَرَّ اِلٰى ذٰلِكَ، وَقَالَ: اِذَا وَلِيَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ، فَلْيُحْسِنْ كَفَنَهُ

❀❀ وہب بن منبہ بیان کرتے ہیں: یہ وہ چیز ہے جس کے بارے میں میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: تو انہوں نے کچھ احادیث بیان کیں انہوں نے یہ بتایا کہ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب میں سے ایک صاحب کا ذکر کیا جن کا انتقال ہو گیا تھا اور انہیں زیادہ بڑا کفن نہیں دیا گیا تھا اور رات کے وقت ہی دفنا دیا گیا تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا کہ کسی شخص کو رات کے وقت دفن کیا جائے یا کسی کی رات کے وقت نماز جنازہ ادا کی جائے' البتہ مجبوری کا معاملہ مختلف ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص اپنے بھائی (کے کفن دفن کے معاملات) کا نگران بنے' تو وہ اسے اچھا کفن دے۔

3034- إسناده قوى. وأخرجه الحاكم "1/369" من طريق إسماعيل بن عبد الكريم الصنعاني، بهذا الإسناد. ووقع فيه: عبد الكريم بن إسماعيل خطأ. وأخرجه أحمد "3/329" و"349" و"372"، والخطيب "9/52"-"53"، والبغوى "1478" من طرق عن أبى الزبير عن جابر مختصرًا، وانظر الحديث رقم "3103". وفي الباب عن أبى قتادة عند الترمذى "995" في الجنائز: باب "19"، وابن ماجه "1474" في الجنائز: باب ما جاء فيما يستحب من الكفن. وقال الترمذى: حديث حسن غريب. ومن حديث أنس بن مالك عند العقيلى فى "الضعفاء" "2/55"، والخطيب فى "تاريخه" "4/160" و"9/80".

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ، اَنَّ تَكْفِينَ الْمَيِّتِ فِيْ ثَوْبَيْنِ سُنَّةٌ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ میت کو دو کپڑوں میں کفن دینا سنت ہے

3035 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْمَاعِيلَ الْمُؤَدِّبُ، عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنِ الْفَضْلِ بْنِ الْعَبَّاسِ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُفِّنَ فِيْ ثَوْبَيْنِ سَحُولِيَّيْنِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دو "سحولی" کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ الْفَضْلِ بْنِ الْعَبَّاسِ لَمْ يُرِدْ بِهٖ نَفْيَ مَا وَرَاءَ هٰذَا الْعَدَدِ الْمَذْكُورِ فِيْ خِطَابِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما کے بیان سے یہ مراد نہیں ہے کہ اس مذکورہ عدد کے علاوہ کی نفی کی جائے

3036 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ *، اَخْبَرَنَا الْمَقْرِءُ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوبَ، حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنْ مُجَاهِدِ بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): كُنْتُ عِنْدَ اَبِيْ بَكْرٍ حِينَ حَضَرَتْهُ الْوَفَاةُ، فَتَمَثَّلْتُ بِهٰذَا الْبَيْتِ:

3035– إسناده ضعيف . يعقوب بن عطاء ضعفه أحمد، وابن معين، وأبو زرعة، والنسائي، وأبو حاتم، وقال ابن عدي: له أحاديث صالحة، وهو ممن يكتب حديثه، وعنده غرائب، وخاصة إذا روى عنه أبو أسماعيل المؤدب. وأخرجه الطبراني "18/696" من طريق علي بن المديني، عن إبراهيم بن سليمان أبي إسماعيل المؤدب، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أبو يعلى "308/2" من طريق سليمان الشاذكوني عن يحيى بن أبي الهيثم، عن عثمان بْنُ عَطَاءٍ ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عن الفضل بن عباس . وسليمان هٰذا ضعيف. وفي الباب: حديث عائشة عند الكريم "3/478" بلفظ: "كفن رسول الله صلى الله عليه وسلم في بردى حبرة ... ." وهٰذا الحديث يخالف الحديث الصحيح عن عائشة وهو الآتي.

3036– إسناده صحيح رجاله رجال الشيخين غير مجاهد بن وردان، فقد روى له أصحاب السنن وهو صدوق . المقرىء: هو عبد الله بن يزيد المكي . وأخرجه أحمد "6/40" و"45" و"118" و"132"، وعبد الرزاق "6176"، وابن سعد "3/197"، و"201"، والبخاري "1387" في الجنائز: باب موت يوم الاثنين، والبيهقي "3/399" من طرق عن هشام بن عروة، وعبد الرزاق "6178" من طريق الزهري، كلاهما عن عروة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه مختصرًا ابن سعد "3/198" من طريق سمية عن عائشة. وأخرجه مالك بلاغًا "1/224" في الجنائز: باب ما جاء في كفن الميت، ومن طريقه ابن سعد "3/204" عن يحيى بن سعيد أنه قال: بلغني أن أبا بكر الصديق قال لعائشة ... وانظر الحديث الآتي.

مَنْ لَّا يَزَالُ دَمْعُهُ مُقَنَّعًا يُوشِكُ اَنْ يَّكُوْنَ مَدْفُوقًا

فَقَالَ: يَا بُنَيَّةُ، لَا تَقُوْلِي هٰكَذَا، وَلٰكِنْ قُوْلِي: (وَجَائَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيدُ)

(ق: 19) ثُمَّ قَالَ: فِيْ كَمْ كُفِّنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: فِيْ ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ، فَقَالَ: كَفِّنُوْنِيْ فِيْ ثَوْبَيَّ هٰذَيْنِ، وَاشْتَرُوا اِلَيْهِمَا ثَوْبًا جَدِيدًا، فَاِنَّ الْحَيَّ اَحْوَجُ اِلَى الْجَدِيدِ مِنَ الْمَيِّتِ، وَاِنَّمَا هِيَ لِلْمِهْنَةِ اَوْ لِلْمُهْلَةِ

✿✿ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھی' جب ان کا آخری وقت قریب آیا' تو میں نے یہ شعر پڑھا:

''جس کے آنسو ہمیشہ رکے رہتے ہیں۔
عنقریب وہ اچھل کر نکل آئیں گے''۔

تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میری بیٹی! تم یہ نہ کہو بلکہ تم یہ پڑھو (جو قرآن کی آیت ہے)

''موت کی مدہوشی حق کے ساتھ آ گئی ہے یہ وہ چیز ہے' جس سے تم بچنا چاہتے تھے۔''

پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کتنے کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا؟ میں نے جواب دیا: تین کپڑوں میں' تو انہوں نے فرمایا: مجھے میرے ان دو کپڑوں میں کفن دے دینا اور ان دونوں کے ساتھ نیا کپڑا خرید لینا' کیونکہ زندہ شخص نئے کپڑے کا مرحوم کے مقابلے میں زیادہ محتاج ہوتا ہے یہ کام کاج کے کپڑے ہیں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) مہلت کے کپڑے ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ تَكْفِينَ الْمَيِّتِ فِي الْقَمِيصِ وَالْعِمَامَةِ سُنَّةٌ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ میت کو قمیص اور عمامہ میں کفن دینا سنت ہے

3037 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كُفِّنَ فِيْ ثَلَاثَةِ اَثْوَابٍ بِيضٍ سُحُولِيَّةٍ لَيْسَ فِيهَا قَمِيصٌ وَلَا عِمَامَةٌ

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تین سفید ''سحولی'' کپڑوں میں کفن دیا گیا تھا اس کفن میں قمیض یا عمامہ شامل نہیں تھا۔

3037- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وهو في "الموطأ" "1/223" في الجنائز: باب ما جاء في كفين الميت، ومن طريق مالك أخرجه الشافعي في "المسند" "574"، والبخاري "1273" في الجنائز: باب الكفن بلا عمامة، والنسائي "4/35" في الجنائز: باب كفن النبي صلى الله عليه وسلم، والبيهقي "3/399" والبغوي ."1476"وأخرجه الطيالسي "1453"، وأحمد "6/165"، و"192" و"204" و"214"، والبخاري "1264" في الجنائز: باب الثياب البيض للكفن، و"1271" و"1272"

فَصْلٌ فِيْ حَمْلِ الْجَنَازَةِ وَقَوْلِهَا

فصل: جنازے کو اٹھانا اور جنازے کا قول (یعنی میت کیا کہتی ہے؟)

3038 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ، فَاِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُوْنِي، وَاِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ: يَا وَيْلَهَا اَيْنَ يَذْهَبُوْنَ بِهَا، يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ اِلَّا الْاِنْسَانَ، وَلَوْ سَمِعَهَا الْاِنْسَانُ لَصَعِقَ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب جنازہ (چارپائی پر) رکھ دیا جائے اور لوگ اسے گردن (یعنی کندھوں پر) اٹھالیں' تو اگر وہ (مرحوم) نیک ہو' تو وہ یہ کہتا ہے: تم مجھے آگے لے جاؤ اور اگر وہ نیک نہ ہو' تو وہ یہ کہتا ہے: ہائے! افسوس یہ لوگ اسے کہاں لے جارہے ہیں؟ اس کی آواز کو انسان کے علاوہ ہر چیز سنتی ہے اور اگر انسان اسے سن لے' تو بے ہوش ہو کر گر جائے۔''

3039 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ زُغْبَةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْهِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا وُضِعَتِ الْجَنَازَةُ، وَاحْتَمَلَهَا الرِّجَالُ عَلٰى اَعْنَاقِهِمْ، فَاِنْ كَانَتْ صَالِحَةً قَالَتْ: قَدِّمُوْنِي، وَاِنْ كَانَتْ غَيْرَ صَالِحَةٍ قَالَتْ: يَا وَيْلَهَا اَيْنَ يَذْهَبُوْنَ بِهَا، يَسْمَعُ صَوْتَهَا كُلُّ شَيْءٍ اِلَّا الْاِنْسَانَ، وَلَوْ سَمِعَهَا الْاِنْسَانُ لَصَعِقَ

3038- إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو خيثمة: هو زهير بن حرب، ويونس بن محمد: هو ابن مسلم البغدادى أبو محمد المؤدب .وأخرجه أحمد "3/41" من طريق يونس، بهذا الإسناد.وأخرجه أحمد "3/41" و"58"، والبخارى "1314" فى الجنائز: باب حمل الرجال الجنازة دون النساء ، و "1316" باب قول الميت وهو على الجنازة قدمونى، و "1380" باب كلام الميت على الجنازة، والنسائى "4/41" فى الجنازة: باب السرعة بالجنازة، والبيهقى "4/21"، والبغوى "1482" من طرق عن الليث، به.وأخرجه عبد الرزاق "6250" من طريق الثورى، عن الأسود بن قيس، عن نبيح عن أبى سعيد الخدرى.

3039- إسناده صحيح على شرط مسلم رجاله ثقات رجال الشيخين غير عيسى بن حماد، فمن رجال مسلم.

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب جنازہ (چارپائی پر) رکھ دیا جاتا ہے اور لوگ اسے اپنے کندھوں پر اٹھا لیتے ہیں اگر وہ نیک ہو' تو یہ کہتا ہے تم مجھے آگے لے جاؤ اور اگر وہ نیک نہ ہو' تو یہ کہتا ہے: ہائے افسوس یہ لوگ اسے کہاں لے جا رہے ہیں' اس کی آواز کو انسان کے علاوہ ہر چیز سنتی ہے' اگر انسان اسے سن لے' تو بے ہوش ہو کر گر جائے۔"

3040 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنِ الْبَرَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَعِيَادَةِ الْمَرْضَى، وَتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ، وَاِبْرَارِ الْمُقْسِمِ، وَنُصْرَةِ الْمَظْلُومِ، وَاِفْشَاءِ السَّلَامِ، وَاِجَابَةِ الدَّاعِي.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: الْاَمْرُ بِاتِّبَاعِ الْجَنَائِزِ، وَعِيَادَةِ الْمَرْضَى، اَمْرٌ لِطَلَبِ الثَّوَابِ دُونَ اَنْ يَكُونَ حَتْمًا، وَالْاَمْرُ بِتَشْمِيتِ الْعَاطِسِ، وَاِبْرَارِ الْمُقْسِمِ، لَفْظٌ عَامٌّ مُرَادُهُمَا الْخُصُوصُ، وَذٰلِكَ اَنَّ الْعَاطِسَ لَا يَجِبُ اَنْ يُشَمَّتَ اِلَّا اِذَا حَمِدَ اللّٰهَ، وَاِبْرَارُ الْمُقْسِمِ فِي بَعْضِ الْاَحْوَالِ دُونَ الْكُلِّ، وَالْاَمْرُ بِنُصْرَةِ الْمَظْلُومِ، وَاِجَابَةِ الدَّاعِي اَمْرًا حَتْمٍ فِي الْوَقْتِ دُونَ الْوَقْتِ، وَالْاَمْرِ بِاِفْشَاءِ السَّلَامِ اَمْرٌ بِلَفْظِ الْعُمُومِ، وَالْمُرَادُ مِنْهُ اسْتِعْمَالُهُ مَعَ الْمُسْلِمِينَ دُونَ غَيْرِهِمْ

❁❁ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جنازے کے ساتھ جانے، بیمار کی عیادت کرنے، چھینکنے والے کو جواب دینے، قسم اٹھانے والی کی قسم پوری کروانے، مظلوم کی مدد کرنے، سلام کو پھیلانے اور دعوت قبول کرنے کا حکم دیا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) جنازے کے ساتھ جانے' بیمار کی عیادت کرنے کا حکم ثواب طلب کرنے کے لئے ہے۔ یہ لازمی حکم نہیں ہے جبکہ چھینکنے والے کو جواب دینے اور قسم پوری کروانے کا حکم اس کے الفاظ عام ہیں لیکن اس کی مراد مخصوص ہے۔ اور وہ یوں کہ چھینکنے والے کو جواب دینا اسی وقت لازم ہوتا ہے جب وہ اللہ کی حمد بیان کرے اور قسم پوری کروانا بعض صورتوں میں

3040- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير منصور بن أبي مزاحم، فهو من رجال مسلم. أبو الأحوص: هو سلام بن سليم الحنفي مولاهم. وأخرجه البخاري "5175" في النكاح: باب حق إجابة الوليمة والدعوة، وفي "الأدب المفرد" "924" وقد سقط "أبو" من "أبو الأحوص" فيه فيستدرك والنسائي "4/54" في الجنائز: باب الأمر باتباع الجنائز: من طريق أبي الأحوص، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "4/284" و"299"، وأبو داؤد الطيالسي "746"، والبخاري "1239" في الجنائز: باب الأمر باتباع الجنائز: "2445" في المظالم: باب نص المظلوم، و"5635" في الأشربة: باب آنية الفضة، و "5650" في المرضى: باب وجوب عيادة المريض، و "5838" في اللباس: باب ليس القسي، و "5849" في الميثرة الحمراء، و "5863" باب خواتيم الذهب، و"6222" في الأدب: باب تشميت العاطس، و "6235" في الاستئذان: باب إفشاء السلام، و "6654" في الأيمان والنذور: باب قول الله تعالى: (وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ) الأنعام: من الآية .109 ومسلم "2069" في اللباس والزينة: باب تحريم استعمال إناء الذهب والفضة على الرجال والنساء، والنساء "7/8" في الأيمان والنذور: باب إبرار المقسم، والترمذي "2809" في الأدب: باب ما جاء في كراهية لبس المعصفر للرجل والقسي، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" "1/482"، والبيهقي "6/94" من طرق عن أشعث، به.

لازم ہوتا ہے۔ ہرصورت میں لازم نہیں ہوتا جبکہ مظلوم کی مدد کرنا اور دعوت کو قبول کرنا یہ ایسا حکم ہے جو کسی وقت میں لازم ہوتا ہے اور کسی وقت میں لازم نہیں ہوتا ہے۔ جبکہ سلام کو پھیلانے کا حکم لفظی طور پر عام ہے لیکن اس سے مراد یہ ہے: مسلمانوں کے ساتھ ایسا کیا جائے۔ مسلمانوں کے علاوہ (غیر مسلموں کے ساتھ) ایسا نہ کیا جائے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اتِّبَاعِ النِّسَاءِ الْجَنَائِزَ، وَالْخُرُوجِ اِلَيْهَا لَهُنَّ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ خواتین جنازے کے ساتھ جائیں یا جنازے کے لیے (اپنے گھر سے) نکلیں

3041 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ عُثْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَطِيَّةَ، عَنْ جَدَّتِهِ اُمِّ عَطِيَّةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ، جَمَعَ نِسَاءَ الْاَنْصَارِ فِي بَيْتٍ، فَاَرْسَلَ اِلَيْنَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، فَقَامَ عَلَى الْبَابِ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا، فَرَدَدْنَا عَلَيْهِ السَّلَامَ، ثُمَّ قَالَ: اَنَا رَسُوْلُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْكُنَّ، قَالَتْ: فَقُلْنَا مَرْحَبًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ، وَبِرَسُوْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تُبَايِعْنَنِي عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَلَا تَزْنِيْنَ، وَلَا تَسْرِقْنَ، الْاٰيَةُ؟ قَالَتْ: فَقُلْنَا: نَعَمْ، قَالَتْ: فَمَدَّ يَدَهُ مِنْ خَارِجِ الْبَيْتِ، وَمَدَدْنَا اَيْدِيَنَا مِنْ دَاخِلِ الْبَيْتِ، ثُمَّ قَالَ: اللّٰهُمَّ اشْهَدْ، قَالَتْ: وَاَمَرَنَا بِالْعِيْدِ، وَاَنْ نُخْرِجَ فِيْهِ الْحُيَّضَ وَالْعُتَّقَ، وَلَا جُمُعَةَ عَلَيْنَا، وَنَهَانَا عَنِ اتِّبَاعِ الْجَنَازَةِ.

قَالَ اِسْمَاعِيْلُ: فَسَاَلْتُ جَدَّتِي عَنْ قَوْلِهِ: (وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ) (الممتحنة: 12) قَالَتْ: نَهَانَا عَنِ النِّيَاحَةِ

✿✿ سیّدہ اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو انصار کی کچھ خواتین ایک گھر میں جمع ہوئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو ہمارے پاس بھیجا وہ دروازے پر کھڑے ہوئے انہوں نے ہمیں سلام کیا ہم نے سلام کا جواب دیا پھر انہوں نے بتایا: میں اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغام رساں ہوں جو تمہاری طرف آیا ہوں۔ سیّدہ اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم نے کہا: اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام رساں کو خوش آمدید تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ خواتین یہ بیعت کریں کہ آپ کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور زنا نہیں کریں گی اور چوری نہیں کریں گی

3041- إسماعيل بن عبد الرحمٰن بن عطية: لم يذكر بجرح ولا تعديل، ولم يذكر له غير هٰذا الحديث. وأخرجه الطبراني "25/85" من طريق أبي خليفة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أبو داوٗد مختصرًا "1139" في الصلاة: باب خروج النساء في العيد، من طريق أبي الوليد الطيالسي، به. وأخرجه أحمد "5/85" و"6/408"-"409"، وأبو داوٗد "1139"، وأبو يعلى "226"، والطبراني "25/85"، والبيهقي "3/184" من طرق عن إسحاق بن عثمان، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" "6/38" وقال: رواه أحمد وأبو يعلى والطبراني ورجاله ثقات.

(انہوں نے یہ آیت پڑھی) سیّدہ اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم نے جواب دیا: جی ہاں۔ سیّدہ اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: انہوں نے گھر کے باہری حصے کی طرف سے ہاتھ بڑھایا اور ہم نے گھر کے اندرونی حصے سے اپنے ہاتھ بڑھائے پھر انہوں نے کہا: اے اللہ! تو گواہ ہو جا۔

سیّدہ اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں عید کے بارے میں یہ حکم دیا تھا کہ ہم اس موقع پر بالغ اور آزاد خواتین کو بھی باہر لے کر آئیں البتہ ہم خواتین پر جمعہ پڑھنا لازم نہیں ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جنازے کے ساتھ جانے سے منع کیا تھا۔

اسماعیل نامی راوی کہتے ہیں: میں نے اپنی دادی (سیّدہ اُمّ عطیہ رضی اللہ عنہا) سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا:

''اور وہ نیکی کے کام میں تمہاری نافرمانی نہیں کریں گی''۔

تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نوحہ کرنے سے منع کیا ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْاِسْرَاعِ فِي السَّيْرِ بِالْجَنَائِزِ لِعِلَّةٍ مَعْلُومَةٍ

متعین علت کی وجہ سے جنازے کو تیزی سے لے جانے کا حکم ہونے کا تذکرہ

3042 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، يَبْلُغُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَسْرِعُوا بِجَنَائِزِكُمْ، فَاِنْ تَكُ خَيْرًا تُقَدِّمُوْنَهَا اِلَيْهِ، وَاِنْ تَكُ شَرًّا تَضَعُوْنَهَا عَنْ رِقَابِكُمْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا پتہ چلا ہے۔

''اپنے جنازوں کو تیزی سے (قبرستان) لے جاؤ' کیونکہ اگر وہ نیک ہوں گے' تو تم انہیں بھلائی کی طرف لے کر جاؤ گے اور اگر وہ برے ہوں گے' تو تم اس برائی کو اپنی گردنوں سے اتار دو گے''۔

3042– إسناده صحيح على شرطهما. وسفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه أحمد "2/240"، والبخاري "1315" في الجنائز: باب السرعة بالجنازة، ومسلم "944" "50" في الجنائز: باب الإسراع بالجنازة: والترمذي "1015" في الجنائز: باب ما جاء في الإسراع بالجنازة، وابن ماجه "1477" في الجنائز: باب ما جاء في شهود الجنائز، والحميدي "1022"، والنسائي 4/41"–"42 في الجنائز: باب السرعة بالجنازة، وأبو داوٗد "3181" في الجنائز: باب الإسراع بالجنازة، وابن الجارود "527"، والطحاوي في شرح معاني الآثار" "1/478"، والبيهقي "4"/"21"، والبغوي "1481" من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "2/280"، ومسلم "944" "50"، والطحاوي في "شرح معاني الآثار" "1/478" من طرق عن الزهري، به. وأخرجه أحمد "2/240"، ومسلم "944" "51"، والطحاوي "1/478"، والنسائي "4/42" من طريق يونس بن يزيد، عن الزهري، عن أبي أمامة بن سهل، عن أبي هريرة. وأخرجه مالك "1/243" في الجنائز: باب جامع الجنائز: عن نافع عن أبي هريرة موقوفًا، ورفعه أحمد "2/488" من طريق أيوب عن نافع، به.

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلنَّاسِ اَنْ يَّرْمُلُوا الْجَنَائِزَ رَمَلًا

لوگوں کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ جنازے کے ہمراہ ذرا تیز رفتار سے چلیں

3043 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ جَنَازَةَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ، وَخَرَجَ زِيَادٌ يَمْشِي بَيْنَ يَدَيْ سَرِيْرِهِ، وَرِجَالٌ يُسْتَقْبَلُوْنَ السَّرِيْرَ، وَيُدَاسُونَ عَلٰى اَعْقَابِهِمْ يَقُوْلُوْنَ: رُوَيْدًا رُوَيْدًا بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ، حَتّٰى اِذَا كُنَّا فِيْ بَعْضِ الْمِرْبَدِ، لَحِقَنَا اَبُوْ بَكْرَةَ عَلٰى بَغْلَةٍ، فَلَمَّا رَاٰى اُولٰئِكَ وَمَا يَصْنَعُوْنَ، حَمَلَ عَلَيْهِمْ بَغْلَتَهُ، وَاَهْوٰى اِلَيْهِمْ بِسَوْطِهِ، وَقَالَ: خَلُّوْا فَوَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَقَدْ رَاَيْتُنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاِنَّا نَكَادُ اَنْ نَرْمُلَ بِهَا رَمَلًا قَالَ: فَجَاءَ الْقَوْمُ، وَاَسْرَعُوا الْمَشْيَ، وَاَسْرَعَ زِيَادٌ الْمَشْيَ

عیینہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ کے جنازے میں شریک ہوا (اس وقت کا گورنر) زیاد ان کی چارپائی کے آگے چل رہا تھا اور کچھ لوگوں نے اپنا رخ چارپائی کی طرف کیا ہوا تھا اور وہ الٹے قدموں چلتے ہوئے یہ کہہ رہے تھے ہٹو، ہٹو اللہ تعالیٰ تمہیں برکت نصیب کرے جب ہم راستے میں کسی جگہ پر پہنچے تو ہماری ملاقات حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ سے ہوئی جو اپنے خچر پر سوار تھے جب انہوں نے ان لوگوں کے اس طرزِ عمل کو دیکھا' تو انہوں نے اپنے خچر کا رخ ان لوگوں کی طرف کیا اور اپنے درے کے ذریعے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: راستہ چھوڑ دو اس ذات کی قسم! جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتے تھے' تو ہم تقریباً دوڑتے ہوئے (تیزی سے) چلتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو لوگ آئے اور انہوں نے تیزی سے چلنا شروع کیا اور زیاد نے بھی تیزی سے چلنا شروع کیا۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ السُّرْعَةَ بِالْجَنَائِزِ اِذَا قَصَدُوهَا لِلدَّفْنِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ جنازے کے ہمراہ تیزی سے جائے جبکہ ان کا مقصد دفن کرنا ہو

3044 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عُيَيْنَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ بَكْرَةَ، قَالَ:

3043– إسناده صحيح. عيينة بن عبد الرحمٰن: هو ابن جوشن الغطفاني. وأخرجه النسائي "4/43" في الجنائز: باب السرعة بالجنازة، من طريق إسماعيل، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي "4/42"-"43"، وأبو داؤد "3182" و"3183" في الجنائز: باب الإسراع بالجنازة، وأحمد "5/36" و"38"، والطيالسي "883"، والبيهقي "4/22"، والطحاوي "1/477" من طريق عيينة بن عبد الرحمٰن، به. إلا أن إحدى روايتي أبي داؤد "انه كان في جنازة عثمان بن أبي العاص ... " وعلى الشك في رواية الطحاوي. وانظر الحديث الآتي.

(متن حدیث): لَقَدْ رَأَيْتُنَا وَآنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَكَادُ اَنْ يُرْمَلَ بِالْجَنَائِزِ رَمَلًا

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:۔ مجھے اپنے بارے میں یہ بات یاد ہے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور جنازوں کے ساتھ اس طرح چلا جاتا تھا جیسے دوڑا جاتا ہے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ إِذَا شَهِدَ جَنَازَةً اَنْ يَّكُوْنَ مَشْيُهُ مَعَهَا قُدَّامَهَا

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ جب وہ جنازے میں شریک ہو تو وہ جنازے کے ہمراہ چلتے ہوئے اس کے آگے چلے

3045 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِمَا يَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ

سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جنازے کے آگے چلتے ہوئے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّمْشِيَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ اِذَا سِيْرَ بِهَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ جنازے کے آگے چلے جب اسے لے جایا جارہا ہو

3046 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، وَعُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ الْكُوْفِيُّ، قَالُوْا: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ كَانُوْا يَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ

3044– رجاله ثقات . وهو في "مصنف ابن أبي شيبة" ."3/281"وأخرجه النسائي "4/43" في الجنائز: باب السرعة بالجنازة، وأحمد "5/37"، والحاكم "1/355" من طريق هشيم، بهٰذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي..

3045– إسناده صحيح على شرطهما . وسفيان: هو ابن عيينة. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/277"، والطيالسي "1817"، وأبو داوٗد "3179" في الجنائز: باب المشي أمام الجنازة، والترمذي "1007" و"1008" في الجنائز: باب ما جاء في المشي أما الجنازة، والنسائي "4/56" في الجنائز: باب مكان الماشي من الجنازة، وابن ماجه "1482" في الجنائز: باب ما جاء في المشي أمام الجنازة، وأحمد "2/8"، والطحاوي "1/479"، والدارقطني "2/70"، والبيهقي "4/23" و"24"، والبغوي "1488" من طريق سفيان بن عيينة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الشافعي "591"، وأحمد "1/122"، والترمذي "1008"، والنسائي "4/56"، والبيهقي "4/24"، والطبراني "12/13134" و"13135" من طرق عن الزهري، به. وأخرجه الترمذي "1009"، وعبد الرزاق "6259"، والطحاوي "4/480"، ومالك "1/225" من طريق الزهري مرسلًا.

3046– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله. وانظر "3047" و"3048"

سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جنازے کے آگے چلا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ سُفْيَانَ لَمْ يَسْمَعْ هٰذَا الْخَبَرَ مِنَ الزُّهْرِيِّ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے

جو اس بات کا قائل ہے کہ سفیان نے یہ حدیث زہری سے نہیں سنی ہے

3047 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ سُفْيَانَ الْفَارِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُمَيْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، غَيْرَ مَرَّةٍ اَشْهَدُ لَكَ عَلَيْهِ قَالَ: اَخْبَرَنِيْ سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ يَمْشُوْنَ اَمَامَ الْجَنَازَةِ.

فَقِيلَ لِسُفْيَانَ: فِيْهِ وَعُثْمَانَ؟ قَالَ: لَا اَحْفَظُهُ، قِيلَ لَهُ: فَاِنَّ بَعْضَ النَّاسِ لَا يَقُوْلُهُ اِلَّا عَنْ سَالِمٍ، فَقَالَ: حَدَّثَنَاهُ الزُّهْرِيُّ غَيْرَ مَرَّةٍ اَشْهَدُ لَكَ عَلَيْهِ، وَقِيلَ لَهُ: فَاِنَّ ابْنَ جُرَيْجٍ، يَقُوْلُهُ كَمَا تَقُوْلُهُ، وَيَزِيدُ فِيْهِ عُثْمَانَ، فَقَالَ سُفْيَانُ: لَمْ اَسْمَعْهُ ذَكَرَ عُثْمَانَ

سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں:

میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو جنازے کے آگے چلتے ہوئے دیکھا ہے۔

سفیان نامی راوی سے کہا گیا: روایت میں یہ الفاظ ہیں اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو بھی دیکھا ہے' تو انہوں نے جواب دیا: مجھے یہ الفاظ یاد نہیں ہیں ان سے کہا گیا: بعض لوگ یہ کہتے ہیں: یہ روایت سالم سے منقول ہے' تو انہوں نے بتایا: زہری نے یہ روایت کئی مرتبہ ہمیں بیان کی ہے اور میں تمہارے سامنے گواہی دے کر یہ بات کہتا ہوں ان سے کہا گیا: ابن جریج اس روایت کو اسی طرح بیان کرتے ہیں: جس طرح آپ بیان کرتے ہیں: لیکن وہ اس میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ذکر بھی کرتے ہیں' تو سفیان نے کہا: میں نے انہیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے نہیں سنا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ اَخْطَاَ فِيْهِ سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے کہ اس

3047- إسناده صحيح الحميدي: هو عبد الله بن الزبير بن عيسى القرشي الأسدي . وهو في "مسند الحميدي " "607" وليس فيه الزيادة التي في آخر الحديث، ولكن جاء في "سنن البيهقي " "4/23"-"24" بعد الحديث قول يخالفانك في هٰذا، يعني أنهما يرسلان الحديث عن النبي صلى الله عليه وسلم فقال: استيقن، الزهري حدثنيه، سمعته من فيه يعيده ويبديه عن سالم عن أبيه، فقلت له: يا أبا محمد إن معمرًا وابن جريج يقولان فيه: وعثمان، قال: فصدقهما، فقال: لعله قد قاله هو ولم أكتبه لذلك إني كنت أميل إذ ذاك إلى الشيعة.

روایت کو نقل کرنے میں سفیان بن عیینہ نامی راوی نے غلطی کی ہے

3048 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ، بِحِمْصَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ كَانَ يَمْشِي بَيْنَ يَدَيِ الْجَنَازَةِ، قَالَ: وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْشِي بَيْنَ يَدَيْهَا، وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ .

قَالَ الزُّهْرِيُّ: وَكَذٰلِكَ السُّنَّةُ

سالم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جنازے کے آگے چلا کرتے تھے اور یہ بات بیان کرتے تھے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بھی جنازے کے آگے چلا کرتے تھے۔

زہری بیان کرتے ہیں: سنت بھی یہی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ هٰذَا الْفِعْلَ لَيْسَ بِفِعْلٍ لَا يَجُوْزُ غَيْرُهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ یہ فعل کوئی ایسا فعل نہیں ہے کہ اس کے علاوہ کرنا جائز نہ ہو

3049 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الثَّقَفِيُّ، عَنْ زِيَادِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ حَيَّةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلرَّاكِبُ فِي الْجَنَازَةِ خَلْفَ الْجَنَازَةِ، وَالْمَاشِي حَيْثُ شَاءَ مِنْهَا، وَالطِّفْلُ يُصَلّٰى عَلَيْهِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

”جنازے کے ساتھ سوار ہو کر چلنے والا جنازے کے پیچھے چلے گا اور پیدل چلنے والا جہاں چاہے گا چلے گا اور (نابالغ) بچے کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔“

3048- إسناده صحيح . وأخرجه أحمد "2/37" و"140"، والطحاوى "1/479" و"480"، والطبرانى "12/13133" و"13136" من طرق عن الزهرى، بهٰذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "3045" و"3046" و."3047"

3049- إسناده صحيح على شرط البخارى.وأخرجه الطبرانى "1045" من طريق وكيع، بهٰذا الإسناد . وأخرجه ابن أبى شيبة "3/280"، وأحمد "4/247"ن والترمذى "1031" فى الجنائز: باب ما جاء فى الصلاة على الأطفال، والنسائى "4/55" فى الجنائز: باب مكان الراكب من الجنازة، و "4/56" باب مكان الماشى من الجنازة، وابن ماجه "1481" فى الجنائز: باب ما جاء فى شهود الجنائز: والطحاوى "1/482"، والطبرانى "20/1046" و"1047"، والحاكم "1/355" و"363"، والبيهقى "4/8" من طريق سعيد بن عبيد الله، بهٰذا الإسناد. وقال الترمذى: حسن صحيح، وصححه الحاكم على شرط البخارى، ووافقه الذهبى. وأخرجه أحمد "4/248"-"249" و"249" و"252"، وأبو داوٗد "3180" فى الجنائز: باب المشى أمام الجنائز: والنسائى "4/55"،

فَصْلٌ فِي الْقِيَامِ لِلْجَنَازَةِ

فصل: جنازے کے لیے کھڑا ہونا

3050 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مِقْسَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذْ مَرَّتْ بِنَا جَنَازَةٌ، فَقَامَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا ذَهَبْنَا لِنَحْمِلَ، اِذَا هِيَ جَنَازَةُ يَهُوْدِيٍّ، قَالَ: اِنَّ لِلْمَوْتِ فَزَعًا، فَاِذَا رَاَيْتُمْ جَنَازَةً فَقُوْمُوا

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک جنازہ ہمارے پاس سے گزرا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے لیے کھڑے ہو گئے جب ہم اسے کندھا دینے کے لیے آگے بڑھے تو وہ ایک یہودی کا جنازہ تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: موت کی مخصوص گھبراہٹ ہوتی ہے جب تم جنازے کو دیکھا کرو تو کھڑے ہو جایا کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ اِنَّمَا اُمِرَ الْمَرْءُ بِهِ اِلٰى اَنْ تُخَلِّفَهُ الْجَنَازَةُ اَوْ تُوضَعَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ پہلے آدمی کو یہ حکم دیا گیا تھا کہ جب تک جنازہ آگے نہیں گزر جاتا یا اسے (قبر میں) رکھ نہیں دیا جاتا (اس وقت تک آدمی کھڑا رہے)

3051 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ،

3050– إسناده صحيح على شرط البخاري. عبد الرحمٰن بن إبراهيم روى له البخاري ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أبو داوٗد "3174" في الجنائز: باب القيام للجنازة، من طريق الوليد بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/354" من طريق الأوزاعي، به. وأخرجه أحمد "3/319"، والبخاري "1311" في الجنائز: باب من قام لجنازة يهودي، ومسلم "940" "78" في الجنائز: باب القيام للجنازة، والنسائي 4/45"–"46 في الجنائز: باب القيام لجنازة أهل الشرك، والبيهقي "4/26" من طريق هشام الدستوائي، والطحاوي "1/486"، وأحمد "3/335" من طريق أبان العطار، كلاهما عن يحيى بن أبي كثير، به. وأخرجه مسلم "960" "97" و"80"، والنسائي "4/47" باب الرخصة في ترك القيام، وأحمد "3/295" و"346"، والطحاوي "1/486"، والبيهقي 4/26"–"37 من طريق أبي الزبير، عن جابر. وفي الباب: عن أبي هريرة عند أحمد "2/287" و"343"، وابن ماجه "1543" في الجنائز: باب ما جاء في القيام للجنازة. وقال البوصيري في "الزوائد": إسناده صحيح. وعن أنس عند النسائي 48".–"4/47

قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ،

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا رَاَيْتُمُ الْجَنَازَةَ، فَقُومُوا حَتّٰى تُخَلِّفَكُمْ اَوْ تُوضَعَ

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تم جنازے کو دیکھو' تو کھڑے ہو جاؤ' یہاں تک کہ وہ آگے گزر جائے یا اسے (زمین پر) رکھ دیا جائے۔''

ذِكْرُ الْمُدَّةِ الَّتِي تُقَامُ لَهَا عِنْدَ رُؤْيَةِ الْجَنَازَةِ

اس مدت کا تذکرہ جتنی دیر کے لیے آدمی جنازے کو دیکھ کر کھڑا رہے گا

3052 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ الْعَدَوِيِّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث):اِذَا رَاَيْتُمُ الْجَنَازَةَ فَقُومُوا لَهَا حَتّٰى تُخَلِّفَكُمْ

حضرت عامر بن ربیعہ عدوی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب تم جنازے کو دیکھو' تو اس کے لیے کھڑے ہو جاؤ' یہاں تک کہ وہ آگے گزر جائے۔''

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا اَمَرَ بِهٰذَا الْاَمْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا تھا

3053 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ، قَالَ: حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ سَيْفٍ الْمَعَافِرِيُّ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ:

(متن حدیث):سَاَلَ رَجُلٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ تَمُرُّ

3051– إسناده صحيح . إبراهيم بن بشار الرمادي: حافظ له أوهام وقد توبع، ومن فوقه من رجال الشيخين . سفيان: هو ابن عيينة.وأخرجه أحمد "3/446"، والبخاري "1307" في الجنائز: باب القيام للجنازة، ومسلم "958" في الجنائز: باب القيام للجنازة، وأبو داؤد "3172" في الجنائز: باب القيام للجنازة، وابن ماجه "1542" في الجنائز: باب ما جاء في القيام للجنازة، والطحاوي "1/486"،والبيهقي "4/25" من طريق سفيان، بهذا الإسناد.وأخرجه عبد الرزاق "6305" وأحمد "3/445"، .

3052– إسناده صحيح . يزيد بن موهب: ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين .وأخرجه مسلم "958" "74"، والنسائي "4/44" في الجنائز: باب الأمر بالقيام للجنازة، والترمذي "1042" في الجنائز: باب ما جاء في القيام للجنازة، من طريق الليث، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري "1308" في الجنائز: باب متى يقعد إذا قام للجنازة، ومسلم "958" "74"، والنسائي "4/44"، والترمذي "1042"، وابن ماجه "1542" في الجنائز: باب ما جاء في القيام للجنازة، والطحاوي "1/486"، والبيهقي "4/26" من طرق عن الليث عن نافع عن ابن عمر، به.وأخرجه عبد الرزاق "6306" و"6307" و"6308"، وأحمد "3/445"، والطحاوي "1/486"، ومسلم "958" "75" من طرق عن نافع، به.

بِنَا جَنَازَةُ الْكَافِرِ اَفَنَقُومُ لَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ فَقُومُوا لَهَا، فَاِنَّكُمْ لَسْتُمْ تَقُومُونَ لَهَا، اِنَّمَا تَقُومُونَ اِعْظَامًا لِلَّذِي يَقْبِضُ الْاَرْوَاحَ ۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمارے پاس سے بعض اوقات کسی کافر کا جنازہ بھی گزرتا ہے' تو کیا ہم اس کے لیے بھی کھڑے ہو جائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں تم اس کے لیے کھڑے ہو جاؤ' کیونکہ تم اس میت کے لیے کھڑے نہیں ہو رہے ہو بلکہ تم اس کے احترام میں کھڑے ہو رہے ہو' جو روح کو قبض کرتا ہے۔

ذِكْرُ قُعُودِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْجَنَازَةِ بَعْدَ قِيَامِهٖ لَهَا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا جنازے کو دیکھ کر بیٹھے رہنے کا تذکرہ حالانکہ پہلے آپ اس کے لیے کھڑے ہوا کرتے تھے

3054 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ مَسْعُودِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ،

اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُومُ فِي الْجَنَازَةِ، ثُمَّ جَلَسَ ۔

حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پہلے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ معمول تھا) آپ صلی اللہ علیہ وسلم جنازے کو دیکھ کر کھڑے ہو جاتے تھے (بعد میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ معمول اختیار کیا) کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے رہتے تھے۔

3053– إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الصحيح غير ربيعة بن سيف، فقد روى له أصحاب السنن غير ابن ماجه، وهو صدوق. المقرىء: هو عبد الله بن يزيد المكي، وأبو عبد الرحمٰن الحبلي: هو عبد الله بن يزيد المعافري. وأخرجه أحمد "2/168"، والبزار "836"، والطحاوي "1/486"، والحاكم "1/357"، والبيهقي "4/27" من طريق عبد الله بن يزيد المقرىء، بهٰذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وذكره الهيثمي في "المجمع" "3/27" ونسبه لأحمد والبزار والطبراني في "الكبير" ورجال أحمد ثقات.

3054– إسناده صحيح على شرط مسلم. وهو في "الموطأ" "1/232" في الجنائز: باب الوقوف للجنائز: والجلوس على المقابر، وأخرجه من طريقه أبو داوٗد "3175" في الجنائز: باب القيام للجنازة، والبيهقي "4/27"، والبغوي "1487"، والطحاوي "1/488". وأخرجه مسلم "962" "83"، وأبو يعلى "273" من طرق عن يحيى، به. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/359"، والبغوي في "الجمعديات" "1724"، ومسلم "962" "84"، والنسائي "4/78"، وأبو يعلى "288"، والطحاوي "1/488"، والبيهقي "4/27"–"28" من طرق عن شعبة عن محمد بن المنكدر عن مسعود بن الحكم، به. وأخرجه عبد الرزاق "6312"، والبيهقي "4/28" من طريق قيس بن مسعود عن أبيه، به. وانظر الحديث رقم "3054" و"3056".

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3055 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ وَاقِدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ مَسْعُوْدِ بْنِ الْحَكَمِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْجَنَائِزِ حَتّٰى تُوضَعَ، ثُمَّ قَعَدَ

❁❁ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنازے کو دیکھ کر کھڑے ہو جاتے تھے' یہاں تک کہ جب اسے (زمین پر) رکھ دیا جاتا تھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالْجُلُوْسِ عِنْدَ رُؤْيَةِ الْجَنَائِزِ بَعْدَ الْاَمْرِ بِالْقِيَامِ لَهَا

جنازے کو دیکھ کر بیٹھے رہنے کا حکم ہونے کا تذکرہ' حالانکہ پہلے اس کے لیے کھڑے ہونے کا حکم تھا

3056 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانٍ الْقَطَّانُ، بِوَاسِطَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ بْنِ كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا وَاقِدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهِدْتُ جَنَازَةً فِيْ بَنِىْ سَلِمَةَ، فَقُمْتُ، فَقَالَ لِىْ نَافِعُ بْنُ جُبَيْرٍ، اجْلِسْ، فَاِنِّىْ سَاُخْبِرُكَ فِىْ هٰذَا بِثَبْتٍ، حَدَّثَنِىْ مَسْعُوْدُ بْنُ الْحَكَمِ، اَنَّهُ سَمِعَ عَلِيًّا، بِرَحْبَةِ الْكُوفَةِ يَقُوْلُ لِلنَّاسِ: كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا بِالْقِيَامِ فِى الْجَنَازَةِ، ثُمَّ جَلَسَ بَعْدَ ذٰلِكَ، وَاَمَرَ بِالْجُلُوْسِ

❁❁ واقد بن عمرو بیان کرتے ہیں: میں بنو سلمہ کے محلے میں ایک جنازے میں شریک ہوا میں کھڑا ہو گیا' تو نافع بن جبیر نے مجھ سے کہا: تم بیٹھ جاؤ' کیونکہ میں تمہیں اس بارے میں ایک مستند روایت سناتا ہوں' مسعود بن حکم نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے: انہوں نے کوفہ کے میدان میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو لوگوں سے یہ کہتے ہوئے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جنازے کے لیے قیام کرنے کا پہلے حکم دیا تھا اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم (جنازے کو دیکھ کر) بیٹھے رہتے تھے اور (آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بھی) بیٹھے رہنے کا حکم دیا۔

3055– إسناده صحيح رجاله رجال الصحيح غير يزيد بن موهب، وهو ثقة. وأخرجه مسلم "962" "82" في الجنائز: باب نسخ القيام للجنازة، والترمذي "1044" في الجنائز: باب الرخصة في ترك القيام لها، والنسائي "4/77"–"78" في الجنائز: باب الوقوف للجنائز، والبيهقي "4/27" من طريق الليث، بهٰذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "3054" و"3056".

3056– إسناده حسن. عبدة بن سليمان: هو الكلابي أبو محمد الكوفي، ومحمد بن عمرو: هو ابن علقمة بن وقاص الليثي حسن الحديث روى له البخاري مقرونًا ومسلم متابعة. وأخرجه أحمد "1/82"، وأبو يعلى "273"، والبيهقي "4/27"، والطحاوي "1/488" من طريق محمد بن عمرو، بهٰذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "3054"، و"3055"

فَصْلٌ فِي الصَّلَاةِ عَلَى الْجَنَازَةِ

فصل: نماز جنازہ کا بیان

3057 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا دُعِيَ اِلٰى جَنَازَةٍ سَاَلَ عَنْهَا، فَاِنْ اُثْنِيَ عَلَيْهَا خَيْرًا قَامَ فَصَلّٰى، وَاِنْ اُثْنِيَ عَلَيْهَا شَرًّا قَالَ لِاَهْلِهَا: شَاْنُكُمْ بِهَا، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهَا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: تَرْكُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْ وَصَفْنَا نَعْتَهُ، كَانَ ذٰلِكَ قَصْدَ التَّاْدِيبِ مِنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمَّتِهِ، كَيْلَا يَرْتَكِبُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ الْفِعْلِ، لَا اَنَّ الصَّلَاةَ غَيْرُ جَائِزَةٍ عَلٰى مَنْ اَتٰى مِثْلَ مَا اَتٰى مَنْ لَّمْ يُصَلِّ عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جب نبی اکرم ﷺ کو کسی جنازے (کی نماز پڑھنے کے لیے) بلایا جاتا' تو آپ ﷺ اس کے بارے میں دریافت کرتے تھے' اگر اس کی اچھی تعریف بیان کی جاتی' تو آپ ﷺ اس کی نماز جنازہ ادا کر لیتے تھے اور اگر اس کی برائی بیان کی جاتی' تو آپ ﷺ اس کے گھر والوں سے کہتے تھے: اسے تم خود سنبھال لو' آپ ﷺ اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کرتے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کی نماز جنازہ ادا نہیں کی تھی جس کی صفت ہم نے ذکر کی ہے۔ اس سے آپ کا مقصد یہ تھا کہ آپ اپنی اُمت کو اس حوالے سے ادب سکھائیں تاکہ وہ اس فعل کے ارتکاب سے بچیں۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے: ایسے شخص کی نماز جنازہ ادا کرنا جائز ہی نہیں ہوتا جس میں وہ خاصیت پائی جاتی ہو جس خامی کے حامل فرد کی نبی اکرم ﷺ نے نماز جنازہ ادا نہیں کی تھی۔

3058 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ سِنَانِ الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

3057- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد "5/299" عن يعقوب بن إبراهيم، و "300" عن أبي النضر، كلاهما عن إبراهيم، بهٰذا الإسناد، وصححه الحاكم "1/364" من طريقين عن إبراهيم بن سعد، به. ووافقه الذهبي. وذكره الهيثمي في "المجمع" "3/3"-"4 وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح.

3058- إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو- وهو ابنُ عَلقمه الليثيّ- فإن حديثه لا يرتقي إلى الصحة، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. وأخرجه أحمد "5/297" من طريق يزيد بن هارون، بهٰذا الإسناد. وانظر الحديث رقم "3059" و "3060".

هَارُوْنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: اَعَلَيْهِ دَيْنٌ؟ قَالُوْا: نَعَمْ دِيْنَارَيْنِ.

قَالَ: تَرَكَ لَهُمَا وَفَاءً؟ قَالُوْا: لَا.

قَالَ: فَصَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: هُمَا اِلَيَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❀❀ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں جنازہ لایا گیا' تاکہ اس کی نماز جنازہ ادا کی جائے' تو آپ ﷺ نے دریافت کیا: کیا اس کے ذمے قرض ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں دو دینار ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: کیا اس نے اس کی ادائیگی کے لیے کوئی چیز چھوڑی ہے؟ لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کی نماز جنازہ ادا کرلو۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ان دونوں کی ادائیگی میرے ذمے ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے اس کی نماز جنازہ ادا کی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ اَبِيْ قَتَادَةَ هُمَا اِلَيَّ اَرَادَ بِهٖ اَنَّهُمَا عَلَيَّ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کا یہ کہنا ''وہ دونوں میری طرف آئیں گے'' اس سے ان کی مراد یہ تھی کہ ان دونوں کی ادائیگی میرے ذمے ہوگی

3059 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ بْنِ رِبْعِيٍّ، قَالَ:

(متن حدیث): اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِجَنَازَةٍ لِيُصَلِّيَ عَلَيْهَا، وَقَالَ: عَلَيْهِ دَيْنٌ؟ قَالُوْا: عَلَيْهِ دِيْنَارَان، فَقَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ قَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: اِلَيَّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هُمَا عَلَيَّ، فَتَقَدَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى عَلَيْهِ

❀❀ حضرت ابوقتادہ بن ربعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک جنازہ لایا گیا' تاکہ آپ ﷺ اس کی نماز جنازہ ادا کریں آپ ﷺ نے دریافت کیا: کیا اس کے ذمے قرض ہے۔ لوگوں نے عرض کی: اس کے ذمے دو دینار قرض

3059- إسناده حسن، وهو مكرر ما قبله. وانظر ما بعده3060.- إسناده صحيح على شرطهما. أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك وأخرجه الدارمي "2/263" من طريق أبي الوليد، بهذا الإسناد .وأخرجه الدارمي "2/263"، والترمذي "1069" في الجنائز: باب ما جاء في الصلاة على المديون، والنسائي "4/65" في الجنائز: باب الصلاة على من عليه دين، وابن ماجه "2407" في الصدقات: باب الكفالة، من طرق عن شعبة، به . وقال الترمذي: حسن صحيح .وأخرجه أحمد "5/311" من طريق أبي عوانة، عن عثمان، به.وأخرجه عبد الرزاق "15258" من طريق أبي النضر، عن عبد الله بن أبي قتادة، به.

ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اپنے ساتھی کی نماز جنازہ ادا کرلو۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ان دونوں (دیناروں) کی ادائیگی میرے ذمے ہے' تو نبی اکرم ﷺ آگے بڑھے اور آپ ﷺ نے اس کی نماز جنازہ ادا کی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت ان دو روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3060 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا اُتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لِيُصَلِّيَ عَلَيْهِ، فَقَالَ: صَلُّوْا عَلٰى صَاحِبِكُمْ فَاِنَّ عَلَيْهِ دَيْنًا فَقَالَ اَبُوْ قَتَادَةَ: اَنَا اَكْفُلُ بِهٖ قَالَ: بِالْوَفَاءِ ؟ قَالَ: بِالْوَفَاءِ، فَصَلّٰى عَلَيْهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَكَانَ عَلَيْهِ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ - اَوْ سَبْعَةَ عَشَرَ دِرْهَمًا -

❁❁ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص (کی میت) کو نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں لایا گیا' تاکہ آپ ﷺ اس کی نماز جنازہ ادا کریں' تو آپ ﷺ نے فرمایا: تم لوگ اپنے ساتھی کی نماز جنازہ ادا کرلو' کیونکہ اس کے ذمے قرض ہے' تو حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اس کا ذمے دار بنتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا: پوری ادائیگی کا؟ انہوں نے عرض کی: پوری ادائیگی کا' تو نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کی نماز جنازہ ادا کی۔

راوی بیان کرتے ہیں: اس شخص کے ذمے اٹھارہ یا شاید سترہ درہم قرض تھے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِيْ مِنْ اَجْلِهَا كَانَ لَا يُصَلِّي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَنْ عَلَيْهِ دَيْنٌ اِذَا مَاتَ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم ﷺ اس شخص کی نماز جنازہ ادا نہیں کرتے تھے جو اس حالت میں فوت ہوتا تھا کہ اس کے ذمے قرض کی ادائیگی لازم ہوتی تھی

3061 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا

3061– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد "2/440" و"475"، والترمذي "1079" في الجنائز: باب ما جاء عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قال: نفس المؤمن معلقة بدينه حتى يُقضى عنه، وابن ماجه "2413" في الصدقات: باب التشديد في الدين، والدارمي "2/262" والطيالسي "2390"، والبيهقي "6/76"، والبغوي "2147".

عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): نَفْسُ الْمُؤْمِنِ مُعَلَّقَةٌ مَا كَانَ عَلَيْهِ دَيْنٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مومن کی جان اس وقت تک لٹکی رہتی ہے جب تک اس کے ذمے قرض رہتا ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ تَرْكَ صَلَاةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلٰى مَنْ مَاتَ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ كَانَ ذٰلِكَ فِي اَوَّلِ الْاِسْلَامِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کی نماز جنازہ

ادا نہیں کی تھی جو ایسی حالت میں فوت ہوا تھا کہ اس کے ذمے قرض ہوتا تھا یہ بات ابتدائے اسلام کے زمانے سے تعلق رکھتی ہے (بعد میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ ادا کرنے لگے تھے)

3062 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ سَلْمٍ الْاَصْبَهَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِصَامِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِذَا ذَكَرَ السَّاعَةَ احْمَرَّتْ وَجْنَتَاهُ، وَاشْتَدَّ غَضَبُهُ، وَعَلَا صَوْتُهُ كَاَنَّهُ مُنْذِرُ جَيْشٍ قَالَ: صُبِّحْتُمْ مُسِّيتُمْ قَالَ: وَكَانَ يَقُوْلُ: اَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ، وَمَنْ تَرَكَ مَالًا، فَلِاَهْلِهِ، وَمَنْ تَرَكَ دَيْنًا اَوْ ضَيَاعًا، فَعَلَيَّ وَاِلَيَّ، فَاَنَا اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب قیامت کا ذکر کرتے تھے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے رخسار سرخ ہو جایا کرتے تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا جوش زیادہ ہو جاتا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آواز بلند ہو جاتی تھی یوں جیسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کسی لشکر سے ڈراتے ہوئے یہ فرما رہے ہیں کہ وہ عنقریب تم پر حملہ کر دے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرمایا کرتے تھے:

''جب میت کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے' تو وہ لوگوں کے جوتے کی چاپ بھی سنتا ہے' یہاں تک کہ لوگ اسے چھوڑ کر چلے جاتے ہیں اگر وہ شخص مومن ہوتا ہے' تو نماز اس کے سرہانے آجاتی ہے اور روزہ اس کے دائیں طرف ہوتا ہے، زکوٰۃ اس کے بائیں طرف ہوتی ہے اور صدقہ وخیرات، صلہ رحمی، بھلائی، لوگوں کے ساتھ احسان وغیرہ کرنے جیسی نیکیاں اس کے پاؤں کے پاس آتی ہیں (فرشتے) اس کے سر کی طرف سے آنے کی کوشش کرتے ہیں' تو نماز کہتی ہے تم میری طرف سے داخل نہیں ہو سکتے پھر وہ اس کے بائیں طرف سے آتے ہیں' تو روزہ کہتا ہے تم میری طرف سے داخل نہیں ہو سکتے پھر وہ اس کے بائیں طرف سے آنے کی کوشش کرتے ہیں' تو زکوٰۃ کہتی ہے میری طرف سے داخل نہیں ہو سکتے پھر وہ اس کے پاؤں کی طرف سے آتے ہیں' تو صدقہ، صلہ رحمی، بھلائی اور لوگوں کے ساتھ احسان جیسی نیکیاں یہ کہتی ہیں: ہماری طرف سے داخل نہیں ہو سکتے پھر اس میت سے یہ کہا جاتا ہے: تم بیٹھ جاؤ وہ بیٹھ جاتا ہے اسے یوں محسوس ہوتا ہے جیسے سورج غروب ہونے کے قریب ہے اس سے دریافت کیا جاتا ہے: ان صاحب کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے' جو تمہارے درمیان موجود تھے تم ان کے بارے میں کیا کہتے ہو اور تم ان کے بارے میں کیا گواہی دیتے ہو وہ کہتا ہے تم لوگ مجھے موقع دو' تاکہ میں نماز ادا کرلوں' تو فرشتے کہتے ہیں: تم ایسا کرلو گے تم مجھے اس چیز کے بارے میں بتاؤ جس کے بارے میں ہم نے دریافت کیا ہے: یہ صاحب جو تمہارے درمیان موجود تھے ان کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے تم ان کے بارے میں کیا کہتے ہو اور تم ان کے بارے میں کیا گواہی دیتے ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: وہ شخص کہتا ہے یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حق لے کر آئے تھے' تو اس سے کہا جاتا ہے: تم اسی اعتقاد پر زندہ رہے اور اسی اعتقاد پر تم نے انتقال کیا اور اسی اعتقاد پر تمہیں زندہ کیا جائے گا اگر اللہ نے چاہا پھر اس شخص کے لیے جنت کا ایک دروازہ کھولا جاتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے: یہ تمہارا جنت کا ٹھکانہ ہے اور وہ چیز ہے' جو جنت میں اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے تیار کی ہے' تو اس شخص کے رشک اور سرور میں اضافہ ہو جاتا ہے پھر اس کے سامنے جہنم کا دروازہ کھولا جاتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے: اگر تم اس (رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی) نافرمانی کرتے' تو تمہارا ٹھکانہ یہ ہونا تھا اور اس میں اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں کو تمہارے لیے تیار رکھنا تھا' تو اس شخص کے رشک اور سرور میں اضافہ ہو جاتا ہے پھر اس کے لیے ستر بالشت تک قبر کو کشادہ کر دیا جاتا

ہے اور اس کے لیے قبر میں روشنی کر دی جاتی ہے اس کے جسم کو اسی حالت میں لوٹا دیا جاتا ہے جس سے اس کا آغاز ہوا تھا اور پھر اس کو پاکیزہ جسم میں رکھ دیا جاتا ہے جو ایک پرندے کی شکل میں ہوتا ہے جو جنت کے درخت سے لٹکا ہوا ہوتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے یہی مراد ہے۔

''اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو ثابت قول پر دنیاوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی ثابت قدم رکھتا ہے'' یہ آیت آخر تک ہے۔

نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں: جب کافر شخص کے سرہانے کی طرف سے آیا جاتا ہے (یعنی فرشتہ اس کے پاس آنے کی کوشش کرتا ہے) تو وہاں کوئی چیز نہیں ہوتی پھر دائیں طرف سے آیا جاتا ہے تو وہاں بھی کوئی چیز نہیں ہوتی پھر بائیں طرف سے آیا جاتا ہے تو وہاں بھی کوئی چیز نہیں ہوتی پھر پاؤں کی طرف سے آیا جاتا ہے تو وہاں بھی کچھ نہیں ہوتا تو اس سے کہا جاتا ہے: تم بیٹھ جاؤ تو وہ خوف زدہ اور مرعوب ہو کر بیٹھ جاتا ہے اس سے کہا جاتا ہے: ان صاحب کے بارے میں تمہاری کیا رائے ہے؟ جو تمہارے درمیان موجود تھے تم ان کے بارے میں کیا کہتے ہو اور تم اس کے بارے میں کس بات کی گواہی دیتے ہو تو وہ دریافت کرتا ہے کون سے صاحب؟ تو اس سے کہا جاتا ہے: وہ جو تمہارے درمیان تھے لیکن اسے ان کے نام کے بارے میں نہیں بتایا جاتا یہاں تک کہ اسے کہا جاتا ہے: ہم حضرت محمد ﷺ (کے بارے میں پوچھ رہے ہیں) تو وہ شخص کہتا ہے مجھے نہیں معلوم میں نے لوگوں کو ایک بات کہتے ہوئے سنا تھا تو میں نے بھی وہی بات کہہ دی جو لوگ کہتے تھے تو اس سے کہا جاتا ہے: تم اسی اعتقاد پر زندہ رہے اور اسی اعتقاد پر مرے اور اگر اللہ نے چاہا تو اسی اعتقاد پر زندہ ہو گے پھر اس کے لیے جہنم کا ایک دروازہ کھولا جاتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے: یہ جہنم میں تمہارا ٹھکانہ ہے اور وہ چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے جہنم میں تمہارے لیے تیار کیا ہے تو اس کی حسرت اور افسوس میں اضافہ ہو جاتا ہے پھر اس کے لیے جنت کا ایک دروازہ کھولا جاتا ہے اور یہ کہا جاتا ہے اگر تم اس (رسول ﷺ کی) بات مان لیتے تو یہ جنت تمہارا ٹھکانہ ہوتی تھی اور اس میں اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے جو کچھ تیار کیا ہے وہ تمہیں ملنا تھا تو اس کی حسرت اور افسوس میں اضافہ ہو جاتا ہے پھر اس کے لیے قبر کو تنگ کیا جاتا ہے یہاں تک کہ اس کی پسلیاں ایک دوسرے میں پیوست ہو جاتی ہیں یہ وہ گھٹن والی زندگی ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک اس کے لیے گھٹن والی زندگی ہے اور ہم قیامت کے دن اسے نابینا ہونے کے طور پر اٹھائیں گے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْمَرْءَ يُفْتَنُ فِي قَبْرِهِ مُسْلِمًا كَانَ اَوْ كَافِرًا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کو قبر میں آزمائش میں مبتلا کیا جاتا ہے خواہ وہ مسلمان ہو یا کافر ہو

3114 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ عَائِشَةَ حِيْنَ خَسَفَتِ الشَّمْسُ، فَإِذَا النَّاسُ قِيَامٌ يُصَلُّوْنَ، وَإِذَا هِيَ قَائِمَةٌ تُصَلِّي فَقُلْتُ: مَا لِلنَّاسِ؟ فَأَشَارَتْ بِيَدِهَا إِلَى السَّمَاءِ، وَقَالَتْ: سُبْحَانَ اللّٰهِ فَقُلْتُ: آيَةٌ؟ فَأَشَارَتْ: أَيْ نَعَمْ، قَالَتْ فَقُمْتُ حَتّٰى تَجَلَّانِي الْغَشْيُ، فَجَعَلْتُ أَصُبُّ الْمَاءَ فَوْقَ رَأْسِي، فَلَمَّا انْصَرَفَ حَمِدَ اللّٰهَ رَسُوْلُ اللّٰهِ، وَأَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا مِنْ شَيْءٍ كُنْتُ لَمْ أَرَهُ إِلَّا قَدْ رَأَيْتُهُ فِيْ مَقَامِي هٰذَا حَتَّى الْجَنَّةَ وَالنَّارَ، وَلَقَدْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّكُمْ تُفْتَنُوْنَ فِي الْقُبُوْرِ مِثْلَ أَوْ قَرِيبًا مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ - لَا أَدْرِي أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ - يُؤْتٰى أَحَدُكُمْ، فَيُقَالُ لَهُ: مَا عِلْمُكَ بِهٰذَا الرَّجُلِ، فَأَمَّا الْمُؤْمِنُ أَوِ الْمُوْقِنُ - فَلَا أَدْرِي أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ - فَيَقُوْلُ: مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ جَاءَنَا بِالْبَيِّنَاتِ وَالْهُدٰى، فَأَجَبْنَا وَآمَنَّا وَاتَّبَعْنَا، فَيُقَالُ لَهُ: نَمْ صَالِحًا قَدْ عَلِمْنَا إِنْ كُنْتَ لَمُؤْمِنًا، وَأَمَّا الْمُنَافِقُ أَوِ الْمُرْتَابُ - لَا أَدْرِي أَيَّ ذٰلِكَ قَالَتْ أَسْمَاءُ - فَيَقُوْلُ: لَا أَدْرِي سَمِعْتُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا فَقُلْتُهُ

❁❁ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب سورج گرہن ہوا' تو میں عائشہ کے پاس آئی وہاں لوگ کھڑے ہوئے نماز ادا کر رہے تھے عائشہ بھی کھڑی ہوئی نماز ادا کر رہی تھی میں نے کہا: لوگوں کو کیا ہوا ہے' تو اس نے اپنے ہاتھ کے ذریعے آسمان کی طرف اشارہ کیا اور سبحان اللہ کہا میں نے کہا: کیا کوئی نشانی نمودار ہوئی ہے' تو اس نے اشارے سے جواب دیا جی ہاں سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں بھی کھڑی ہوئی' یہاں تک کہ مجھ پر بے ہوشی طاری ہونے لگی' تو میں اپنے سر پر پانی انڈیلنے لگی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مکمل کر لی' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

''ہر وہ چیز جو میں نے پہلے نہیں دیکھی تھی وہ میں نے اس جگہ پر کھڑے ہوئے دیکھ لی ہے' یہاں تک کہ جنت اور جہنم کو بھی دیکھ لیا اور میری طرف یہ بات وحی کی گئی ہے کہ تم لوگوں کو قبروں میں آزمائش میں مبتلا کیا جائے گا جو دجال کی آزمائش کی مانند ہوگی (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) اس کے قریب ہوگی (راوی کہتے ہیں) مجھے نہیں معلوم سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا نے کیا لفظ بیان کیا تھا تم میں سے کسی ایک کے پاس (فرشتہ) آئے گا اور اس سے دریافت کیا جائے گا ان صاحب کے بارے میں تمہارا علم کیا ہے' تو اگر' تو وہ ایمان رکھنے والا شخص ہوگا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یقین رکھنے والا شخص ہوگا (راوی کہتے ہیں) مجھے نہیں معلوم تھا سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا نے کیا لفظ بیان کیا تھا' تو وہ یہ کہے گا یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں یہ ہمارے پاس واضح دلائل اور

3114- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو في "الموطأ" "1":188-"189"، ومن طريق مالك أخرجه البخاري "184" في الوضوء : باب من لم يتوضأ إلا من الغشي المثقل، و "1053" في الكسوف: باب صلاة النساء مع الرجال في الكسوف، و "7287" في الاعتصام: باب الإقتداء بسنن رسول الله صلى الله عليه وسلم، وأبو عوانة "2/370"، والبغوي "1137". وأخرجه أحمد "6/345"، والبخاري "86" في العلم: باب من أجاب الفتيا بإشارة الرأس، و "922" في الجمعة: باب من قال في الخطبة بعد الثناء : أما بعد، و "1061" مختصرًا في الكسوف: باب قول الإمام في خطبة الكسوف أما بعد، "1235" كذلك مختصرًا في السهو: باب الإشارة في الصلاة، ومسلم "905" في الكسوف، باب ما عرض على النبي صلى الله عليه وسلم في صلاة الكسوف من أمر الجنة والنار، وأبو عوانة 2/368 "-"369 و369"-"370، والبغوي "1138" من طرق عن هشام، به .وأخرجه البخاري "1373" في الجنائز: باب ما جاء في عذاب القبر، والبيهقي في "إثبات عذاب القبر" "102" من طريق يونس، عن الزهري، عن عروة، عن أسماء مختصرًا.

ہدایت لے کر آئے تھے ہم نے ان کی دعوت کو قبول کیا ہم ان پر ایمان لائے اور ہم نے ان کی پیروی کی' تو اس شخص سے یہ کہا جائے گا تم اچھی حالت میں سو جاؤ ہمیں پتہ تھا تم ایمان رکھتے ہو اور اگر وہ شخص منافق ہوگا یا شک کا شکار ہوگا (راوی کہتے ہیں) مجھے نہیں معلوم کہ سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا نے کیا لفظ استعمال کیا تھا' تو وہ یہ کہے گا مجھے نہیں معلوم میں نے لوگوں کو ایک بات کہتے ہوئے سنا تھا' تو میں نے بھی وہی بات کہہ دی۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ النَّاسَ يُسْاَلُوْنَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ وَعُقُوْلُهُمْ ثَابِتَةٌ مَعَهُمْ، لَا اَنَّهُمْ يُسْاَلُوْنَ وَعُقُوْلُهُمْ تَرْغَبُ عَنْهُمْ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ لوگوں سے قبروں میں سوال کیا جائے گا

اور اس وقت ان کی عقلیں ان کے ساتھ موجود ہوں گی ایسا نہیں ہے کہ ان لوگوں سے سوال کیا جائے گا اور ان کی عقل ان کے پاس موجود ہی نہیں ہوگی

3115 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسٰى الْمِصْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي حُيَيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَعَافِرِيُّ، اَنَّ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ، حَدَّثَهُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ذَكَرَ فَتَّانِي الْقَبْرِ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اَتُرَدُّ عَلَيْنَا عُقُوْلُنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: نَعَمْ، كَهَيْئَتِكُمُ الْيَوْمَ قَالَ: فَبِفِيهِ الْحَجَرُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کی آزمائش کا ذکر کیا' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہماری عقول ہمیں لوٹائی جائیں گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں جس طرح تم لوگ آج ہو' تو انہوں نے عرض کی: اس کے منہ پر پابندی ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْمُسْلِمَ فِيْ قَبْرِهٖ عِنْدَ السُّؤَالِ يُمَثَّلُ لَهُ النَّهَارُ عِنْدَ مُغَيْرِبَانِ الشَّمْسِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ مسلمان شخص کو قبر میں سوال کے وقت یوں محسوس ہوتا ہے جیسے دن کا وقت ہے اور سورج غروب ہونے کے قریب ہے

3116 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسٰى، بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ بْنِ

3115– إسناده حسن من أجل حيي المعافري، فإنه صدوق يهم، وباقي رجاله ثقات من رجال الصحيح. أبو عبد الرحمٰن الحبلي: هو عبد الله بن يزيد المعافري. وأخرجه ابن عدي في "الكامل" "2/855" من طريق عبد الله بن وهب بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "2/172" من طريق ابن لهيعة، عن حيي بن عبد الله، به. وذكره الهيثمي في "المجمع" "3/47" وقال: رواه أحمد والطبراني في "الكبير" ورجال أحمد رجال الصحيح.

مَرْزُوقٍ، بِفَمِ الصِّلْحِ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ حَفْصٍ الْاُبُلِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):اِذَا دَخَلَ الْمَيِّتُ الْقَبْرَ، مُثِّلَتْ لَهُ الشَّمْسُ عِنْدَ غُرُوبِهَا، فَيَقُوْلُ: دَعُوْنِيْ اُصَلِّيْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب میت قبر میں داخل ہوتی ہے' تو اسے یوں محسوس ہوتا ہے' جیسے سورج غروب ہونے کے قریب ہے تو وہ یہ کہتا ہے: مجھے نماز پڑھ لینے دو''۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ اسْمِ الْمَلَكَيْنِ اللَّذَيْنِ يَسْاَلَانِ النَّاسَ فِيْ قُبُوْرِهِمْ، ثَبَّتَنَا اللّٰهُ بِتَفَضُّلِهِ لِسُؤَالِهِمَا فِيْ ذٰلِكَ الْوَقْتِ

ان دوفرشتوں کے نام کے بارے میں اطلاع کا تذکرہ جولوگوں سے قبر میں سوال جواب کرتے ہیں اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم کے تحت اس وقت میں ان کے سوالات پر ہمیں ثابت قدم رکھے

3117 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ سَعِيْدٌ الْمَقْبُرِيُّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

اِذَا قُبِرَ اَحَدُكُمْ اَوِ الْاِنْسَانُ، اَتَاهُ مَلَكَانِ اَسْوَدَانِ اَزْرَقَانِ، يُقَالُ لِاَحَدِهِمَا: الْمُنْكَرُ وَالْاٰخَرُ: النَّكِيْرُ، فَيَقُوْلَانِ لَهُ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الرَّجُلِ مُحَمَّدٍ؟ فَهُوَ قَائِلٌ مَا كَانَ يَقُوْلُ، فَاِنْ كَانَ مُؤْمِنًا قَالَ: هُوَ عَبْدُ اللّٰهِ

3116– إسناده حسن. إسماعيل بن حفص: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، وقال النسائي: أرجو أن لا يكون به بأس، ومن فوقه من رجال الصحيح. وأخرجه ابن ماجه "4272" في الزهد: باب ذكر القبر والبلى، وابن أبي عاصم في "السنة" "867" عن إسماعيل بن حفص، بهٰذا الإسناد.

3117– إسناده قوي. بشر بن معاذ العقدي: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات" وقال ابوحاتم: صالح الحديث صدوق، ووثقه النسائي في أسماء شيوخه، وقال مسلمة بن قاسم: بصري ثقة صالح، وقد توبع عليه، ومن فوقه من رجال الصحيح. وأخرجه البيهقي في "إثبات عذاب القبر" "56" من طريق محمد بن أبي بكر، وابن أبي عاصم في "السنة" "864" عن المقدمي، والأجري في "الشريعة ص "365" من طريق عبيد اللّٰه بن عمر القواريري، ثلاثتهم عن يزيد بن زريع، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الترمذي "1071" في الجنائز: باب ما جاء في عذاب القبر، عن أبي سلمة يحيى بن خلف، حدثنا بشر بن المفضل، عن عبد الرحمٰن بن إسحاق، به. وقال: حديث حسن غريب. حديث البراء عن عازب أخرجه عبد الرزاق "6737"، وابن أبي شيبة 3/380"–"382، وأحمد "4/287" و"288" و"295" و"296" وفي "السنة" "1365"–"1371"، والطيالسي "753"، وأبو داؤد "4753" و"4754"، وابن جرير الطبري "13/215" و"217" و"218"، والأجري في "الشريعة" ص 367"–"370، والبيهقي في "إثبات عذاب القبر" "20" و"21" و"22" و"23" و"24" و"25" و"26" و"27" و"44"، وصححه الحاكم 1/37"–"40 وأقره الذهبي، وصححه ابن القيم في "تهذيب السنن" ."4/337"

وَرَسُوْلُهُ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ، فَيَقُوْلَانِ لَهُ: اِنْ كُنَّا لَنَعْلَمُ اِنَّكَ لَتَقُوْلُ ذٰلِكَ، ثُمَّ يُفْسَحُ لَهُ فِيْ قَبْرِهٖ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فِيْ سَبْعِيْنَ ذِرَاعًا، وَيُنَوَّرُ لَهُ فِيْهِ، فَيُقَالُ لَهُ: نَمْ فَيَنَامُ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ الَّذِيْ لَا يُوْقِظُهُ اِلَّا اَحَبُّ اَهْلِهٖ اِلَيْهِ حَتّٰى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجَعِهٖ ذٰلِكَ، وَاِنْ كَانَ مُنَافِقًا قَالَ: لَا اَدْرِيْ كُنْتُ اَسْمَعُ النَّاسَ يَقُوْلُوْنَ شَيْئًا، فَكُنْتُ اَقُوْلُهُ، فَيَقُوْلَانِ لَهُ: اِنْ كُنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْلُ ذٰلِكَ، ثُمَّ يُقَالُ لِلْاَرْضِ: الْتَئِمِيْ عَلَيْهِ، فَتَلْتَئِمُ عَلَيْهِ حَتّٰى تَخْتَلِفَ فِيْهَا اَضْلَاعُهُ، فَلَا يَزَالُ مُعَذَّبًا حَتّٰى يَبْعَثَهُ اللّٰهُ مِنْ مَضْجَعِهٖ ذٰلِكَ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِ: خَبَرُ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زَاذَانَ، عَنِ الْبَرَاءِ، سَمِعَهُ الْاَعْمَشُ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُمَارَةَ، عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ عَمْرٍو، وَزَاذَانُ لَمْ يَسْمَعْهُ مِنَ الْبَرَاءِ فَلِذٰلِكَ لَمْ اُخَرِّجْهُ

✿✿ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب تم میں سے کسی ایک کو (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) انسان کو قبر میں (دفنا دیا جاتا ہے) تو دو سیاہ اور زرد رنگ کے فرشتے آتے ہیں ان میں سے ایک کو منکر کہا جاتا ہے اور دوسرے کو نکیر کہا جاتا ہے وہ دونوں اس (مردے) کو یہ کہتے ہیں: تم ان صاحب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کیا کہتے ہو' تو وہ وہی کہتا ہے' جو (دنیا میں) کہا کرتا تھا اگر وہ مومن ہو' تو یہ کہتا ہے یہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں اور میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں' تو وہ دونوں فرشتے اس سے کہتے ہیں: ہمیں پتہ تھا تم یہی کہو گے' پھر وہ اس کے لیے اس کی قبر کو ستر ضرب ستر بالشت تک کشادہ کر دیتے ہیں اور اس کے لیے قبر کو روشن کر دیتے ہیں اور اس سے کہا جاتا ہے: تم سو جاؤ' تو وہ یوں سو جاتا ہے' جس طرح دلہن سوتی ہے' جسے صرف وہی بیدار کرتا ہے' جو اس کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب ہو یعنی اس کا شوہر' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ (قیامت کے دن) اس کے اس بستر سے اسے اٹھائے گا اور اگر وہ منافق ہو' تو وہ یہ کہتا ہے مجھے نہیں معلوم میں لوگوں کو کوئی بات کہتے ہوئے سنتا تھا' تو وہی بات کہہ دیتا تھا' تو فرشتے اسے کہتے ہیں: ہمیں پتہ تھا تم یہی کہو گے: پھر زمین سے کہا جاتا ہے: اسے دبوچ لو' تو وہ اسے یوں دبوچتی ہے کہ اس کی پسلیاں ایک دوسرے میں پیوست ہو جاتی ہیں اور اس شخص کو مسلسل عذاب ہوتا رہے گا' یہاں تک کہ اللہ اسے اس کی قبر سے اٹھائے گا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اعمش نے منہال بن عمرو کے حوالے سے زاذان کے حوالے سے حضرت براء رضی اللہ عنہ سے جو روایت نقل کی ہے اعمش نے وہ روایت حسن کے حوالے سے عمارہ کے حوالے سے منہال بن عمرو اور زاذان کے حوالے سے نقل کی ہے لیکن انہوں نے یہ روایت حضرت براء رضی اللہ عنہ سے نہیں سنی ہے۔ اسی لئے میں نے اس روایت کو نقل نہیں کیا۔

ذِكْرُ سَمَاعِ الْمَيِّتِ عِنْدَ سُؤَالِ مُنْكَرٍ اِيَّاهُ وَقْعَ اَرْجُلِ الْمُنْصَرِفِينَ عَنْهُ، نَسْأَلُ اللّٰهَ الثَّبَاتَ لِذٰلِكَ

(قبر میں) منکر نکیر کے سوال کے وقت میت کے ان لوگوں کی قدموں کی چاپ کے سننے کا تذکرہ جو اسے چھوڑ کر چلے جاتے ہیں، ہم اس وقت میں اللہ تعالیٰ سے ثابت قدمی کا سوال کرتے ہیں

3118 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُخَرِّمِيُّ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ السُّدِّيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْمَيِّتَ لَيَسْمَعُ خَفْقَ نِعَالِهِمْ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''بے شک میت لوگوں کے قدموں کی چاپ بھی سنتی ہے جب وہ لوگ واپس جاتے ہیں۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ اَنْكَرَ عَذَابَ الْقَبْرِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جس نے قبر کے عذاب کا انکار کیا ہے

3119 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ

3118- إسناده ضعيف . والد إسماعيل السدى- وهو عبد الرحمٰن بن أبي كريمة- لم يرو عنه غير ابنه، ولم يوثقه غير المؤلف، فهو مجهول الحال كما قال الحافظ فى "التقريب"، وباقى رجال ثقات، وله طرق يتقوى بها الحديث . وأخرجه البزار "873" من طريق محمد بن عبد الله المخرمي، بهذا الإسناد . وقال الهيثمي فى "المجمع." وأخرجه ابن أبي شيبة "3/378"، وأحمد فى "السنة" "1343" من طريق وكيع، به . وأخرجه أحمد فى "السنة" "1380" من طريق حماد بن سلمة عن محمد عمرو عن أبي سلمة، عن أبي هريرة . وتقدم مطولاً من طريق أبي سلمة عن أبي هريرة برقم ."3113" وفى الباب: حديث ابن عباس عند الطبرانى "11135"، وقال الهيثمى فى "المجمع" "3/54":

3119- إسناده حسن من أجل محمد بن عمرو- وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي- وباقي السند ثقات من رجال الصحيح . وأخرجه البيهقى فى "إثبات عذاب القبر" "57" من طريق أبي خليفة، بهذا الإسناد . وأخرجه الحاكم "1/381" من طريق سليما بن الأشعث، عن أبي الوليد الطيالسي، به . وأخرجه البيهقى فى "إثبات عذاب القبر" "58" من طريق آدم عن حماد بن سلمة، به . وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" "5/608" وزاد نسبته إلى ابن أبي شيبة، والبزار، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وابن مردويه . وفى الباب عن أبي سعيد الخدرى مرفوعًا عند الحاكم "2/381" وصححه على شرط مسلم، والبيهقى فى "إثبات عذاب القبر" "59"، وأخرجه ابن جرير "16/227"-"228 موقوفًا على أبي سعيد، وذكره السيوطى فى "الدر المنثور" "5/607" وزاد نسبته إلى عبد الرزاق، وسعيد بن منصور، ومسدد فى "مسنده"، وعبد بن حميد، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وابن مردويه . وعن ابن مسعود موقوفًا عند البيهقى فى "إثبات عذاب القبر" "62" وأحمد فى "السنة" ."1357" وذكره الهيثمى "7/67" وقال: رواه الطبرانى وفيه المسعودى وقد اختلط، وبقية رجاله ثقات . وزاد السيوطى نسبته "5/609" إلى هناد، وعبد بن حميد، وابن المنذر وابن أبي شيبة.

مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِیْ قَوْلِهٖ جَلَّ وَعَلَا: (فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا) (طه: 124)

قَالَ: عَذَابُ الْقَبْرِ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے ایک فرمان کے بارے میں فرمایا ہے (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

"تو اس کے لیے تنگ زندگی ہو جاتی ہے۔"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے مراد قبر کا عذاب ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَعْمَلُ الْمُسْلِمُ وَالْكَافِرُ بَعْدَ اِجَابَتِهِمَا مُنْكَرًا وَنَكِيْرًا عَمَّا يَسْاَلَانِهٖ عَنْهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ مسلمان اور کافر شخص منکر اور نکیر کے سوالات کا جواب دینے کے بعد کیا کرتے ہیں؟

3120 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيْدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا وُضِعَ فِیْ قَبْرِهٖ، وَتَوَلّٰى عَنْهُ اَصْحَابُهٗ حَتّٰى اِنَّهٗ لَيَسْمَعُ قَرْعَ نِعَالِهِمْ، اَتَاهُ مَلَكَانِ فَيُقْعِدَانِهٖ فَيَقُوْلَانِ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ؟ فِیْ مُحَمَّدٍ فَاَمَّا الْمُؤْمِنُ فَيَقُوْلُ: اَشْهَدُ اَنَّهٗ عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ، فَيُقَالُ لَهٗ: انْظُرْ اِلٰى مَقْعَدِكَ مِنَ النَّارِ قَدْ اَبْدَلَكَ اللّٰهُ مَقْعَدًا مِنَ الْجَنَّةِ - قَالَ قَتَادَةُ: وَذُكِرَ لَنَا اَنَّهٗ يُفْسَحُ لَهٗ فِیْ قَبْرِهٖ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا، وَيُمْلَاُ عَلَيْهِ خَضِرًا اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ، ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى حَدِيْثِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ - قَالَ: وَاَمَّا الْكَافِرُ وَالْمُنَافِقُ، فَيُقَالُ لَهٗ: مَا كُنْتَ تَقُوْلُ فِیْ هٰذَا الرَّجُلِ؟ فَيَقُوْلُ: لَا اَدْرِیْ، كُنْتُ اَقُوْلُ مَا يَقُوْلُ النَّاسُ،

3120- إسناده صحيح على شرط الشيخين . سعيد: هو ابن أبى عروبة .وأخرجه البيهقى فى "إثبات عذاب القبر " "15" من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد وأخرجه الآجرى فى "الشريعة" ص "365"، والبيهقى "15" من طريق الفريابى، عن عباس بن الوليد النرسى، به.وأخرجه البخارى "1338" فى الجنائز: باب الميت يسمع خفق النعال، ومسلم "2870" "71" مختصرًا فى الجنة: باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه وإثبات عذاب القبر والتعوذ منه، والنسائى 4/97"-"98 فى الجنائز: باب مسألة الكافر، والبيهقى فى "إثبات عذاب القبر " "15" من طرق عن يزيد بن زريع، به .وأخرجه أحمد "3/126" وفى "السنة "1388" من طريق روح بن عبادة، والبخارى "1338" باب الميت يسمع خفق النعال، و "1374" باب ما جاء فى عذاب القبر، ومن طريقه البغوى "1522" من طريق عبد الأعلى، وأحمد "3/233"، وفى "السنة" "1355" و"1356"، ومسلم "2870" "72"، وأبو داوٗد مختصرًا "3231" فى الجنائز: باب المشى فى النعل بين القبور، والبيهقى فى "السنن" "4/80"، وفى إثبات عذاب القبر" "13" و"14" من طريق عبد الوهاب بن عطاء ، ثلاثتهم عن سعيد، به.وأخرجه مسلم "2870" "70"، والنسائى "4/97"

فَيُقَالُ: لَا دَرَيْتَ، وَلَا تَلَيْتَ، ثُمَّ يُضْرَبُ بِمِطْرَاقٍ مِنْ حَدِيدٍ ضَرْبَةً بَيْنَ اُذُنَيْهِ، فَيَصِيحُ صَيْحَةً يَسْمَعُهَا مَنْ عَلَيْهَا غَيْرَ الثَّقَلَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب بندے کو قبر میں رکھ دیا جاتا ہے اور اس کے ساتھی اسے چھوڑ کر چلے جاتے ہیں' تو وہ ان کے جوتوں کی آہٹ بھی سنتا ہے اس کے پاس دو فرشتے آتے ہیں وہ اسے بٹھاتے ہیں اور یہ کہتے ہیں: ان صاحب کے بارے میں تم کیا کہتے ہو؟ یعنی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ پوچھتے ہیں اگر وہ مومن ہو' تو یہ کہتا ہے میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ یہ اللہ کے بندے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہیں' تو اس سے کہا جاتا ہے: اپنے جہنم کے ٹھکانے کو دیکھو اللہ تعالیٰ نے اس کی جگہ تمہیں جنت کا ٹھکانہ عطا کر دیا ہے۔''

قتادہ نامی راوی نے یہ بات ذکر کی ہے ہمارے سامنے یہ بات ذکر کی گئی کہ اس شخص کے لیے قبر کو ستر بالشت تک کشادہ کر دیا جاتا ہے اور اس کے لیے قیامت کے دن تک سبزہ بھر دیا جاتا ہے۔

اس کے بعد قتادہ واپس حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' کی حدیث کی طرف آئے' جس میں یہ الفاظ ہیں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا)

''جہاں تک کافر اور منافق کا تعلق ہے' تو اس سے یہ کہا جاتا ہے تم ان صاحب کے بارے میں کیا کہتے ہو' تو وہ جواب دیتا ہے مجھے نہیں معلوم میں وہی بات کہتا تھا جو لوگ کہتے تھے' تو اس سے کہا جاتا ہے: نہ تو تم نے علم حاصل کیا اور نہ ہی (قرآن کی) تلاوت کی پھر اس کے دونوں کانوں کے درمیان لوہے سے بنا ہوا گرز مارا جاتا ہے' جس کے نتیجے میں وہ چیخ مارتا ہے' جسے انسانوں اور جنات کے علاوہ زمین پر موجود ہر چیز سنتی ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ بَعْضِ الْعَذَابِ الَّذِي يُعَذَّبُ بِهِ الْكَافِرُ فِي قَبْرِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ جو اس عذاب کی صفت کے بارے میں ہے جو کافر شخص کو قبر میں دیا جائے گا

3121 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، قَالَ:

3121– إسناده ضعيف لضعف دراج أبي السمح في روايته عن أبي الهيثم.وهو في "مسند أبي يعلى" "1329" موقوفًا. وأخرجه أحمد "3/38"، والدارمي "2/331"، والآجري في "الشريعة" ص"359 من طرق عن عبد الله بن يزيد المقرىء، بهذا الإسناد .وذكره الهيثمي في "المجمع" "3/55" وقال: رواه أحمد وأبو يعلى موقوفًا وفيه دراج، وفيه كلام، وقد وثق . وأخرجه البيهقي في "إثبات عذاب القبر" "61" من طريق عبد الله بن سليمان عن دراج، به موقوفًا.وأخرجه الطبري في "جامع البيان" "16/227" من طريق محمد بن عبد الله بن عبد الحكم عن أبيه، وشعيب بن الليث عن الليث عن خالد بن زيد عن ابن أبي هلال، عن أبي حازم، عن أبي سعيد الخدري.

حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِى اَيُّوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ دَرَّاجًا اَبَا السَّمْحِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا الْهَيْثَمِ، يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):يُسَلَّطُ عَلَى الْكَافِرِ فِى قَبْرِهٖ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ تِنِّينًا تَنْهَشُهُ وَتَلْدَغُهُ، حَتّٰى تَقُومَ السَّاعَةُ، فَلَوْ اَنَّ تِنِّينًا مِنْهَا نَفَخَتْ فِى الْاَرْضِ مَا اَنْبَتَتْ خَضِرًا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کافر پراس کی قبر میں ننانوے اژدھے مسلط کیے جاتے ہیں جو اسے نوچتے ہیں اور اسے کاٹتے ہیں اور ایسا قیامت تک ہوتا رہے گا اگران میں سے کوئی ایک اژدہا زمین پر پھونک مار دے' تو زمین سبزہ پیدا نہ کرے۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَصْفِ التِّنِّينِ الَّذِى يُسَلَّطُ عَلَى الْكَافِرِ فِى قَبْرِهٖ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس سانپ کی صفت کے بارے میں ہے جسے کافر پراس کی قبر پر مسلط کیا جائے گا

3122 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِى عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ اَبَا السَّمْحِ، حَدَّثَهُ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

اِنَّ الْمُؤْمِنَ فِى قَبْرِهٖ لَفِى رَوْضَةٍ خَضْرَاءَ، وَيُرْحَبُ لَهُ قَبْرُهُ سَبْعُونَ ذِرَاعًا، وَيُنَوَّرُ لَهُ كَالْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ اَتَدْرُونَ فِيمَا اُنْزِلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ: (فَاِنَّ لَهُ مَعِيشَةً ضَنْكًا وَنَحْشُرُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَعْمٰى) (طه: 124) اَتَدْرُونَ مَا الْمَعِيشَةُ الضَّنْكَةُ؟ قَالُوا: اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَعْلَمُ قَالَ: عَذَابُ الْكَافِرِ فِى قَبْرِهٖ، وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهٖ، اِنَّهُ يُسَلَّطُ عَلَيْهِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُونَ تِنِّينًا، اَتَدْرُونَ مَا التِّنِّينُ؟ سَبْعُونَ حَيَّةً، لِكُلِّ حَيَّةٍ سَبْعُ رُءُوسٍ يَلْسَعُونَهُ، وَيَخْدِشُونَهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

3122– إسناده حسن، فإن أبا السمح –وهو دراج– أحاديثه مستقيمة إلا ما كان عن أبي الهيثم عن أبي سعيد، وهو هنا رواه عن ابن حجيرة، وهو عبد الرحمٰن بن حجيرة الخولاني، قاضي مصر، أخرج له مسلم وأصحاب السنن، ووثقه النسائي وغيره.وأخرجه الطبري في "تفسيره" "16/228"، والآجري ص"358"، والبيهقي في "إثبات عذاب القبر" "68" من طرق عن عبد الله بن وهب، بهٰذا الإسناد . إلا أن في البيهقي زيادة "يحيى بن منصور" بين عبد الله بن وهب وعمرو بن الحارث. وأخرجه البزار "2233" من طريق محمد بن يحيى الأزدي عن محمد بن عمرو عن هشام بن سعد، عن سعيد بن أبي هلال، عن ابن حجيرة تحرفت إلى: أبي حجيرة عن أبي هريرة مرفوعًا. وقال الهيثمي في "المجمع" "7/67": رواه البزار وفيه من لم أعرفه .وذكره السيوطي في "الدر المنثور " "5/607" و"608" وزاد نسبته إلى ابن أبي الدنيا في "ذكر الموت " والحكيم الترمذي، أبي يعلى، وابن المنذر، وابن أبي حاتم، وابن مردويه.

''مومن کی قبر ایک سرسبز باغ ہوتی ہے اس کے لیے قبر کو ستر گز تک کشادہ کر دیا جاتا ہے اور اس کے لیے قبر کو یوں روشن کر دیا جاتا ہے' جس طرح چودھویں رات کا چاند ہوتا ہے کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو یہ آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔

''بے شک اس کے لیے تنگ زندگی ہوگی اور ہم قیامت کے دن اسے نابینا حالت میں زندہ کریں گے۔''

کیا تم لوگ یہ بات جانتے ہو تنگ زندگی سے کیا مراد ہے؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ بہتر جانتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس سے مراد قبر میں کافر کو دیا جانے والا عذاب ہے۔ اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اس پر ننانوے اژدھے مسلط کیے جائیں گے کیا تم جانتے ہو' ان میں سے ایک اژدہا کیا ہوگا؟ وہ ستر سانپوں جتنا ہوگا جن میں سے ہر ایک سانپ کے سات سر ہوں گے جس کے ذریعے وہ اسے کاٹیں گے اور نوچیں گے اور ایسا قیامت تک ہوتا رہے گا۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِتَعْذِيبِ اللّٰهِ مَوْتَى الْكَفَرَةِ بِمَا نِيحَ عَلَيْهِمْ فِي الدُّنْيَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کافر مُردوں کو دنیا میں ان پر نوحہ کیے جانے کی وجہ سے عذاب دیتا ہے

3123 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،

(متن حدیث): اَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ، وَذُكِرَ لَهَا اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ، يَقُولُ: اِنَّ الْمَيِّتَ لَيُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ، قَالَتْ عَائِشَةُ: يَغْفِرُ اللّٰهُ لِاَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَمَا اِنَّهُ لَمْ يَكْذِبْ وَلٰكِنَّهُ نَسِيَ اَوْ اَخْطَاَ، اِنَّمَا مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى يَهُودِيَّةٍ يُبْكَى عَلَيْهَا، فَقَالَ: اِنَّهُمْ يَبْكُونَ عَلَيْهَا وَاِنَّهَا لَتُعَذَّبُ فِي قَبْرِهَا

عمرہ بنت عبدالرحمٰن بیان کرتی ہیں: انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو سنا ان کے سامنے یہ بات ذکر کی گئی کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ یہ کہتے ہیں: میت کو زندہ شخص کے رونے کی وجہ سے عذاب دیا جاتا ہے' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمٰن (یعنی حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کی مغفرت کرے انہوں نے جھوٹ نہیں کہا ہے' لیکن وہ بھول گئے ہیں یا ان سے غلطی

3123- إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبد الله بن أبي بكر: هو ابن محمد بن عمرو بن حزم الأنصاري المدني. وهو في "الموطأ" "1/234" ومن طريقه أخرجه أحمد "6/107"، والبخاري "1289" في الجنائز: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم يعذب الميت ببعض بكاء أهله عليه إذا كان النوح من سنته، ومسلم "932" "27" في الجنائز: باب الميت يعذب ببكاء أهله عليه، والترمذي "1006" في الجنائز: باب ما جاء في الرخصة في البكاء على الميت، والنسائي 4/17 –"18" في الجنائز: باب النياحة على الميت، والبيهقي في "السنن" "4/72"، وفي "إثبات عذاب القبر" . "88"وأخرجه البيهقي "4/72" من طريق سفيان بن عيينة، عن عبد الله بن أبي بكر، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجه "1595" في الجنائز: باب ما جاء في الميت يعذب بما نيح عليه، من طرق سفيان بن عيينة، عن عمرو ، عن ابن أبي ملكية، عن عائشة.

ہوئی ہے ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ایک یہودی عورت کے پاس سے گزر رہے تھے جس پر رویا جا رہا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: یہ لوگ اس عورت پر رو رہے ہیں اور اس عورت کو اس کی قبر میں عذاب ہو رہا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أُسْمِعَ أَصْوَاتَ الْكَفَرَةِ حَيْثُ عُذِّبَتْ فِي قُبُوْرِهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کو کافروں کی آوازیں سنوائی گئی تھیں جب انہیں ان کی قبروں میں عذاب دیا گیا تھا

3124 - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَوْنِ بْنِ أَبِي جُحَيْفَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ، عَنْ أَبِي أَيُّوبَ الْأَنْصَارِيِّ

(متنِ حدیث): أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعَ صَوْتًا حِينَ غَرَبَتِ الشَّمْسُ، فَقَالَ: هٰذِهِ أَصْوَاتُ الْيَهُودِ تُعَذَّبُ فِي قُبُوْرِهَا

❀❀ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے سورج غروب ہونے کے وقت ایک آواز سنی' تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ یہودیوں کی آواز ہے جنہیں ان کی قبروں میں عذاب دیا جا رہا ہے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ الْبَهَائِمَ تَسْمَعُ أَصْوَاتَ مَنْ عُذِّبَ فِي قَبْرِهِ مِنَ النَّاسِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ لوگوں میں سے جس شخص کو قبر میں عذاب دیا جاتا ہے تو جانور اس کی آواز کو سنتے ہیں

3125 - (سندِ حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أُمِّ مُبَشِّرٍ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَنَا فِي حَائِطٍ مِنْ حَوَائِطِ بَنِي النَّجَّارِ، فِيهِ قُبُوْرٌ مِنْهُمْ، وَهُوَ يَقُوْلُ: اسْتَعِيذُوا بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلِلْقَبْرِ عَذَابٌ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَإِنَّهُمْ لَيُعَذَّبُوْنَ فِي قُبُوْرِهِمْ تَسْمَعُهُ الْبَهَائِمُ

3124- إسناده صحيح على شرط الشيخين. أبو حجيفة: هو وهب بن عبد الله السوائي، صحابي معروف .وأخرجه الآجري في "الشريعة" ص"361 من طريق عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو بكر بن أبي شيبة 3/375"ن ومن طريقه مسلم "2869" في الجنة: باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه، من طريق وكيع، به .وأخرجه البخاري "1375" في الجنائز: باب التعوذ من عذاب القبر، ومسلم "2869"، والنسائي "4/102" في الجنائز: باب عذاب القبر من طرق عن شعبة، به.

❁❁ سیّدہ اُمّ مبشر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف لائے میں اس وقت بنونجار کے ایک باغ میں تھی جس میں ان کی کچھ قبریں تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ فرما رہے تھے قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگو میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا قبر میں عذاب ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں ان لوگوں کو قبر میں عذاب دیا جاتا ہے‘ جسے جانور بھی سنتے ہیں۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا لَا يَسْمَعُ النَّاسُ عَذَابَ الْقَبْرِ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے لوگ قبر کے عذاب کو نہیں سنتے ہیں

3126 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْمَقَابِرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي حُمَيْدٌ الطَّوِيلُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ حَائِطًا مِنْ حَوَائِطِ بَنِي النَّجَّارِ، فَسَمِعَ صَوْتًا مِنْ قَبْرٍ، قَالَ: مَتٰى دُفِنَ صَاحِبُ هٰذَا الْقَبْرِ؟ فَقَالُوْا: فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَسُرَّ بِذٰلِكَ، وَقَالَ: لَوْلَا اَنْ لَّا تَدَافَنُوْا، لَدَعَوْتُ اللّٰهَ اَنْ يُّسْمِعَكُمْ عَذَابَ الْقَبْرِ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم بنونجار کے ایک باغ میں داخل ہوئے وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک قبر میں سے آواز سنی‘ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اس مردے کو کب دفن کیا گیا تھا لوگوں نے بتایا: زمانہ جاہلیت میں‘ تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بات پر خوش ہو گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ اندیشہ نہ ہو کہ تم ایک دوسرے کو دفن کرنا چھوڑ دو گے‘ تو میں اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتا کہ وہ تمہیں قبر کے عذاب (کی آواز) سنائے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ عَذَابَ الْقَبْرِ قَدْ يَكُوْنُ مِنْ تَرْكِ الْاِسْتِبْرَاءِ مِنَ الْبَوْلِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ قبر کا عذاب بعض اوقات پیشاب سے نہ بچنے کی وجہ سے بھی ہوتا ہے

3127 - (سندحدیث): حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ،

3125– إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو معاوية: هو محمد بن خازم، وأبو سفيان: طلحة بن نافع. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/374"، وأحمد "6/362"، والآجري في "الشريعة" ص "363"، والطبراني "25/268"، والبيهقي في "إثبات عذاب القبر" "95" من طريق أبي معاوية، بهذا الإسناد. وذكره الهيثمي في "المجمع" "3/56" وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح. وأخرجه عبد الرزاق "6742" وأحمد في "السنة" "1360"، والبيهقي في "إثبات عذاب القبر" "204" من طريقين عن أبي الزبير عن جابر قال: دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم حائطًا لبني النجار فسمعهم يُعذبون في قبورهم، فخرج مذعورًا يقول: "أعوذ بالله من عذاب القبر" لفظ البيهقي. إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحيى بن أيوب، فمن رجال مسلم. وأخرجه الآجري ص "360"، والبغوي "1526" من طريقين عن إسماعيل بن جعفر، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/103" و"175" و"201" و"284"، وفي "السنة" "1345" و"1347" و"1351"، والنسائي "4/102"

حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ زَيْدِ بْنِ وَهْبٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَسَنَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيْ يَدِهٖ كَهَيْئَةِ الدَّرَقَةِ، فَوَضَعَهَا، ثُمَّ بَالَ اِلَيْهَا فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: انْظُرُوا اِلَيْهِ يَبُوْلُ كَمَا تَبُوْلُ الْمَرْاَةُ، قَالَ: فَسَمِعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: وَيْحَكَ مَا عَلِمْتَ مَا اَصَابَ صَاحِبَ بَنِيْ اِسْرَائِيْلَ كَانُوْا اِذَا اَصَابَهُمْ شَيْءٌ مِنَ الْبَوْلِ، قَرَضُوْا بِالْمَقَارِيْضِ فَنَهَاهُمْ، فَعُذِّبَ فِيْ قَبْرِهٖ

حضرت عبدالرحمٰن بن حسنہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس میں ڈھال نما کوئی چیز تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے رکھا اور اس کی طرف رخ کر کے پیشاب کیا۔ حاضرین میں سے کسی نے کہا: ان کی طرف دیکھو یہ یوں پیشاب کر رہے ہیں' جس طرح عورت پیشاب کرتی ہے۔ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بات سن لی اور ارشاد فرمایا: تمہارا ستیاناس ہو کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ بنی اسرائیل سے تعلق رکھنے والے شخص کے ساتھ کیا ہوا تھا ان لوگوں کا یہ معمول تھا کہ جب ان کے جسم پر پیشاب لگ جاتا تھا' تو وہ اسے قینچی کے ذریعے کاٹ دیتے تھے ایک شخص نے انہیں اس سے منع کیا' تو اسے اس کی قبر میں عذاب دیا گیا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ عَذَابَ الْقَبْرِ قَدْ يَكُوْنُ اَيْضًا مِنَ النَّمِيْمَةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ قبر کا عذاب بعض اوقات چغلی کرنے کی وجہ سے بھی ہوتا ہے

3128 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): مَرَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَبْرَيْنِ، فَقَالَ: اِنَّهُمَا لَيُعَذَّبَانِ، وَمَا يُعَذَّبَانِ فِيْ كَبِيْرٍ، ثُمَّ قَالَ: بَلٰى، اَمَّا اَحَدُهُمَا، فَكَانَ يَسْعٰى بِالنَّمِيْمَةِ، وَاَمَّا الْاٰخَرُ، فَكَانَ لَا يَسْتَنْزِهُ مِنْ بَوْلِهٖ ثُمَّ اَخَذَ عُوْدًا، فَكَسَرَهٗ بِاثْنَيْنِ، ثُمَّ غَرَزَ كُلَّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا عَلٰى قَبْرٍ، ثُمَّ قَالَ: لَعَلَّهٗ يُخَفَّفُ عَنْهُمَا الْعَذَابُ مَا لَمْ يَيْبَسَا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان دونوں کو عذاب ہو رہا ہے اور ان دونوں کو (بظاہر) کسی بڑی وجہ سے عذاب نہیں ہو رہا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی ہاں جہاں تک ان میں سے ایک کا تعلق ہے' تو یہ چغلی کیا کرتا تھا اور جہاں تک دوسرے کا تعلق ہے' تو یہ پیشاب سے نہیں بچتا تھا پھر

3127- إسناده صحيح على شرط الشيخين. وهو ف "مسند أبي يعلى " ."932"وأخرجه النسائي "1/26"-"28" في الطهارة: باب البول إلى السترة يستتر بها، وابن ماجه "346" في الطهارة: باب التشديد في البول، وأحمد "4/196"، وابن أبي شيبة "1/122" من طريق أبي معاوية محمد خازم، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد "4/196"، وابن أبي شيبة "3/375"-"376"، وأبو داوٗد "22" في الطهارة: باب الاستبراء من البول، والحميدى "882" وابن ماجه "346"، والحكم "1/184"، والبيهقي "1/104"

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لکڑی لی پھر اسے دو حصوں میں تقسیم کیا اور ان میں سے ہر ایک کی قبر پر اسے گاڑھ دیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے ایسا اس لیے کیا ہے' تا کہ جب تک یہ دونوں خشک نہیں ہو جاتیں ان دونوں کے عذاب میں تخفیف ہو جائے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الشَّيْءِ الَّذِي يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ تَوَقِّيهِ حَذَرَ عَذَابِ الْقَبْرِ فِي الْعُقْبَى بِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس بارے میں ہے کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ آخرت میں قبر کے عذاب سے بچنے کی کوشش کرے

3129 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ عَدِيٍّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِقَبْرَيْنِ، فَقَالَ: اِنَّ هٰذَيْنِ يُعَذَّبَانِ فِيْ غَيْرِ كَبِيرٍ: فِي النَّمِيمَةِ وَالْبَوْلِ، ثُمَّ دَعَا بِجَرِيْدَةٍ فَكَسَرَهَا، فَوَصَلَهَا عَلَيْهِمَا، وَقَالَ: عَسٰى اَنْ يُخَفَّفَ عَنْهُمَا مَا لَمْ يَيْبَسَا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ مُجَاهِدٌ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، وَسَمِعَهُ عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فَالطَّرِيْقَانِ جَمِيعًا مَحْفُوْظَانِ

3128– إسناده صحيح على شرطهما . جرير: هو ابن عبد الحميد. وأخرجه البخاري "1378" في الجنائز: باب عذاب القبر من الغيبة والبول، والآجري ص "362 من طريقين عن جرير، بهٰذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة "3/375" و"377"، وأحمد "1/225"، والبخاري "218" في الوضوء: باب جاء في غسل البول، "6052" في الأدب: باب الغيبة، ومسلم "292" في الإيمان: باب الدليل على نجاسة البول ووجوب الاستبراء منه، والترمذي "70" في الطهارة: باب ما جاء في التشديد في البول، والنسائي "1/28"–"30 في الطهارة: باب التنزه عن البول، وأبو داوٗد "20" في الطهارة: باب الاستبراء من البول، وابن ماجه "347" في الطهارة: باب التشديد في البول، والآجري في "الشريعة" ص"362، والبيهقي في "السنن" "1/104"، وفي "إثبات عذاب القبر" "117" من طريق وكيع، عن الأعمش، به. وأخرجه أحمد "1/225"، وابن أبي شيبة وابن أبي شيبة "3/375" و"376"، والبخاري "218" و"1361" في الجنائز: باب الجريدة على القبر، وابن ماجه "347"، والآجري ص"362، والبيهقي في "السنن" "2/412"، وفي "إثبات عذاب القبر" "118"، والبغوي "183" من طريق أبي معاوية عن الأعمش، به. وأخرجه الدارمي "1/188"–"189"، ومسلم "292"، والبيهقي في "السنن" "2/412"، وفي "إثبات عذاب القبر" "119" من طريق عبد الواحد بن زياد عن الأعمش، به.

3129– إسناده صحيح على شرطهما . ابن أبي عدي: هو محمد بن إبراهيم بن أبي عدى البصري، وسليمان: هو ابن مهران الأعمش. وأخرجه الطيالسي "2646" من طريق شعبة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الآجري في "الشريعة" ص "361" من طريق زياد بن عبد الله البكائي، عن الأعمش، به. وأخرجه البخاري "216" في الوضوء، باب من الكبائر أن لا يستتر من بوله، وأبو داوٗد "21" في الطهارة: باب الاستبراء من البول، والآجري ص "361 من طريق عثمان بن أبي شيبة، عن جرير بن عبد الحميد، عن منصور، عن مجاهد، به. وأخرجه أحمد "1/225"، والبخاري "6055" في الأدب: باب النميمة من الكبائر، والآجري ص"361 من طرق أخرى عن منصور، عن مجاهد، به.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دو قبروں کے پاس سے گزرے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان دونوں کو (بظاہر) کسی بڑی وجہ سے عذاب نہیں ہو رہا انہیں چغلی کرنے اور پیشاب (سے نہ بچنے) کی وجہ سے عذاب ہو رہا ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شاخ منگوائی اسے توڑا اور ان دونوں کی قبروں پر لگا دیا اور ارشاد فرمایا: (میں نے ایسا اس لیے کیا ہے)' تاکہ جب تک یہ دونوں خشک نہیں ہوتیں ان کے عذاب میں تخفیف ہو جائے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) مجاہد نے یہ روایت حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی سنی ہے اور انہوں نے یہ روایت طاؤس کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے سنی ہے۔ تو اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ أَهْلَ الْقُبُورِ تُعْرَضُ عَلَيْهِمْ مَقَاعِدُهُمُ الَّتِي يَسْكُنُونَهَا فِي كُلِّ يَوْمٍ مَرَّتَيْنِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ اہل قبور کے سامنے ان کے وہ ٹھکانے پیش کیے جاتے ہیں جہاں وہ رہائش اختیار کریں گے اور ایسا روزانہ دو مرتبہ ہوتا ہے

3130 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): إِنَّ أَحَدَكُمْ إِذَا مَاتَ عُرِضَ عَلَيْهِ مَقْعَدُهُ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ، إِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، فَمِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ، وَإِنْ كَانَ مِنْ أَهْلِ النَّارِ، فَمِنْ أَهْلِ النَّارِ، يُقَالُ: هٰذَا مَقْعَدُكَ حَتّٰى يَبْعَثَكَ اللّٰهُ إِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب کوئی شخص فوت ہو جاتا ہے' تو اس کا ٹھکانہ صبح و شام اس کے سامنے پیش کیا جاتا ہے' اگر وہ اہل جنت میں سے ہو' تو اہل جنت کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے اور اگر وہ اہل جہنم میں سے ہو' تو اہل جہنم کا ٹھکانہ پیش کیا جاتا ہے اور اسے یہ کہا جاتا ہے یہ تمہارا ٹھکانہ ہے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ تمہیں اس کی طرف بھیج دے گا۔''

3130- إسناده صحيح على شرطهما .وهو في "الموطأ" "1/239" في الجنائز: باب جامع الجنائز: ومن طريقه أخرجه أحمد "2/113"، والبخاري "1379" في الجنائز: باب الميت يعرض عليه مقعده بالغداة والعشي، ومسلم "2866" "65" في الجنة: باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه، والنسائي "4/107"-"108" في الجنائز: باب وضع الجريدة على القبر، والبيهقي في "إثبات عذاب القبر" "48"، والبغوي ."1524"وأخرجه أحمد "2/16"، والترمذي "1072" في الجنائز: باب ما جاء في عذاب القبر، والنسائي "4/107"، وابن ماجه "4270" في الزهد: باب ذكر القبر والبلى، من طريق عبيد الله بن عمر، وأحمد "2/51"، والبخاري "6515" في الرقائق: باب سكرات الموت، من طريق أيوب، وأحمد "2/123"، والبخاري "3240" في بدء الخلق: باب ما جاء في صفة الجنة وأنها مخلوقة، والنسائي "4/106"-"107" من طريق الليث بن سعد، والطيالسي "1832" من طريق جويرية، أربعتهم عن نافع، به .وأخرجه مسلم "2866" "66"، والبيهقي في "إثبات عذاب القبر" "49" من طريق عبد الرزاق عن معمر، عن الزهري، عن سالم، عن ابن عمر.

ذِكْرُ اِرَادَةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّدْعُوَ رَبَّهٗ يُسْمِعُ اُمَّتَهٗ عَذَابَ الْقَبْرِ

نبی اکرم ﷺ کا اس بات کا ارادہ کرنے کا تذکرہ کہ آپ اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگیں کہ وہ آپ کی امت کو قبر کا عذاب سنوائے

3131 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متنِ حدیث): لَوْلَا اَنْ لَّا تَدَافَنُوْا لَدَعَوْتُ اللّٰهَ اَنْ يُّسْمِعَكُمْ عَذَابَ الْقَبْرِ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اگر اس بات کا اندیشہ نہ ہو کہ تم ایک دوسرے کو دفن کرنا چھوڑ دو گے' تو میں اللہ تعالیٰ سے یہ دعا کرتا کہ وہ تمہیں قبر کا عذاب سنائے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ بَعْضَ الْمُسْتَمِعِيْنَ اَنَّ مَنْ نِيْحَ عَلَيْهِ عُذِّبَ بَعْدَ مَوْتِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جس نے بعض سننے والوں کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ جس شخص پر نوحہ کیا جائے اسے مرنے کے بعد عذاب دیا جاتا ہے

3131- إسناده صحيح على شرطهما. وأخرجه مسلم "2868" في الجنة: باب عرض مقعد الميت من الجنة أو النار عليه، من طريق محمد بن المثنى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "3/176" و"273"، ومسلم "2868" من طريق محمد بن جعفر، به. وليس في أحمد "3/273": "شعبة." وأخرجه أحمد "3/176"، والبيهقي في "إثبات عذاب القبر" "92" من طريق يزيد بن هارون، عن شعبة، به. وأخرجه الآجري في "الشريعة" ص "363"-"364" من طريق خليد بن دعلج، عن قتادة، عن أنس مطولًا. وانظر الحديث رقم "3126".

3132- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الطيالسي ص "10"، وأحمد "1/39"، ومسلم "927" "21" في الجنائز: باب الميت يعذب ببكاء أهله عليه، والبيهقي "4/72" من طريق حماد بن سلمة، بهٰذا الإسناد وأخرجه الطيالسي ص "4": وأحمد "1/26" و"50" و"51"، وابن أبي شيبة "3/389"، والبخاري "1292" في الجنائز: باب ما يكره من النياحة على الميت، ومسلم "927" "17"، والنسائي 4/16 "-17 في الجنائز: باب النياحة على الميت، وابن ماجه "1593" في الجنائز: باب ما جاء في الميت يعذب بما نيح عليه، والبيهقي في "السنن" "4/71"، وفي "إثبات عذاب القبر" "131" من طريق شعبة، ومسلم "927" "17" والبيهقي في إثبات عذاب القبر" "132"، والبخاري تعليقًا "1292"، من طريق سعيد بن أبي عروبة، كلاهما عن قتادة، عن سعيد بن المسيب، عن ابن عمر، عن عمر. وأخرجه البخاري "1290" في الجنائز: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: يعذب الميت ببعض بكاء أهله عليه، ومسلم "927" "19" و"20"، وابن أبي شيبة "3/391"، والبيهقي "4/71" من طريق أبي بردة بن أبي موسى، عن أبي موسى قال: لما أصيب عمر رضي الله عنه جعل صهيب يقول: وا أخاه، فقال عمر: أما علمت أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "إن الميت ليعذب ببكاء الحي." وأخرجه أحمد "1/36"، ومسلم "927" "16"، والبيهقي "4/71"، وعبد الرزاق "6692"، وابن أبي شيبة "3/391"

3132 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ لَمَّا طُعِنَ عَوَّلَتْ عَلَيْهِ حَفْصَةُ، فَقَالَ لَهَا عُمَرُ: يَا حَفْصَةُ اَمَا سَمِعْتِ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الْمُعَوَّلَ عَلَيْهِ يُعَذَّبُ فَقَالَتْ: بَلَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ زخمی ہوئے' تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے ان پر واویلہ کیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: اے حفصہ! کیا تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے نہیں سنا ہے' جس پر واویلہ کیا جائے اسے عذاب دیا جائے گا' تو سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: جی ہاں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خِطَابَ هٰذَا الْخَبَرِ وَقَعَ عَلَى الْكُفَّارِ دُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس روایت میں مذکور الفاظ کفار کے لیے استعمال ہوئے ہیں

3133 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الْكَافِرَ لَيَزْدَادُ عَذَابًا بِبَعْضِ بُكَاءِ اَهْلِهِ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''کافر کے گھر والوں کے اس پر رونے کی وجہ سے کافر کے عذاب میں اضافہ ہوتا ہے۔''

3134 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ بِخَبَرٍ غَرِيْبٍ بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صُبَيْحٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْمَيِّتُ يُعَذَّبُ بِبُكَاءِ الْحَيِّ.

فَقُلْتُ لِمُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ مَنْ قَالَهُ؟: قَالَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

3133– إسناده صحيح على شرط الشيخين. ابن أبي ملكية: هو عبد الله بن عبيد الله. وأخرجه النسائي "4/18" في الجنائز: باب النياحة على الميت من طريق عبد الجبار بن بن العلاء بن عبد الجبار، عن سفيان، بهذا الإسناد.

3134– رجاله ثقات رجال الصحيح غير عبد الله بن صبيح فقد روى له النسائي وهو صدوق. وهو في "مسند الطيالسي" "855". وأخرجه ابن أبي شيبة "3/391" عن غندر محمد بن جعفر، عن شعبة، بهذا الإسناد. وفي الباب عن ابن عمر في الحديث الذي بعده. وأخرجه أحمد "2/134" ومسلم "930" في الجنائز: باب الميت يعذب ببكاء أهله عليه، والطبراني "12/13186" والبيهقي "4/72" من طريقين عن عمر بن محمد، عن سالم، عن ابن عمر. وأخرجه "12/13262" من طريق عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ ابن عمر. وأخرجه أحمد 2/60"–"61 من طريق عبادة بن الوليد، عن ابن عمر

محمد بن سیرین روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''زندہ شخص کے رونے کی وجہ سے میت کو عذاب دیا جاتا ہے۔''

راوی کہتے ہیں: میں نے محمد بن سیرین سے دریافت کیا: یہ حدیث کس نے بیان کی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کی ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِهٰذَا الْخَبَرِ الْمُطْلَقِ الَّذِي وَهِمَ فِي تَأْوِيلِهِ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْعِلْمِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما احد کے مقتولین کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: کچھ لوگوں نے اپنے مقتولین کو وہاں سے منتقل کر دیا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے اعلان کرنے والے نے یہ اعلان کیا: مقتولین کو ان کی قتل گاہ کی طرف واپس لے آئیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْقَتْلٰى مِنَ الشُّهَدَاءِ اِنَّمَا اُمِرَ بِرَدِّهِمْ اِلٰى مَصَارِعِهِمْ لِئَلَّا يُدْفَنُوْا فِيْ غَيْرِهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ شہداء میں سے قتل ہونے والے افراد کو ان کے قتل کی جگہ کی طرف لوٹانے کا حکم دیا گیا تھا تا کہ ان کو کسی دوسری جگہ دفن نہ کیا جائے

3184 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ

3183- إسناده قوى رجاله ثقات رجال الصحيحين غير نبيح العنزى، فقد روى له أصحاب السنن، ووثقه أبو زرعة والترمذى والعجلى والمؤلف والذهبى، وصحح حديثه الترمذى وابن خزيمة والحاكم.وأخرجه أحمد "3/297"، والطيالسى "1780" ومن طريقه الترمذى "1717" فى الجهاد: باب ما جاء فى دفن القتيل فى مقتله، من طريق شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبى شيبة، وأحمد "3/308"، وأبو داؤد "3165" فى الجنائز: باب فى الميت يحمل من أرض إلى أرض وكراهة ذلك، والنسائى "4/79" فى الجنائز: باب أين يدفن الشهيد، وابن ماجه "1516" فى الجنائز: باب ما جاء فى الصلاة على الشهداء ودفنهم، وابن الجارود "553"، والبيهقى "4/57" من طرق عن سفيان عن الأسود، به.

عَوَانَةَ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمَدِينَةِ اِلَى الْمُشْرِكِينَ لِيُقَاتِلَهُمْ، فَقَالَ لِي اَبِي عَبْدُ اللّٰهِ: يَا جَابِرُ لَا عَلَيْكَ اَنْ تَكُوْنَ فِيْ نُظَّارِ اَهْلِ الْمَدِينَةِ، حَتّٰى تَعْلَمَ اِلٰى مَا يَصِيرُ اَمْرُنَا، فَاِنِّيْ وَاللّٰهِ لَوْلَا اَنِّي اَتْرُكُ بَنَاتٍ لِي بَعْدِي لَاَحْبَبْتُ اَنْ تُقْتَلَ بَيْنَ يَدَيَّ، فَبَيْنَا اَنَا فِي النَّظَّارِيْنَ، اِذْ جَاءَ ابْنُ عَمَّتِي بِاَبِيْ وَخَالِي، عَادَلَهُمَا عَلٰى نَاضِحٍ، فَدَخَلَ بِهِمَا الْمَدِينَةَ، لِيَدْفِنَهُمَا فِيْ مَقَابِرِنَا، اِذْ لَحِقَ رَجُلٌ يُنَادِي: اَلَا اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَرْجِعُوا بِالْقَتْلٰى، فَتَدْفِنُوهَا فِيْ مَصَارِعِهَا حَيْثُ قُتِلَتْ قَالَ: فَرَجَعْنَاهُمَا مَعَ الْقَتْلٰى حَيْثُ قُتِلَتْ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: فَرَجَعْنَاهُمَا اُضْمِرَ فِي: فَدَفَنَّاهُمَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے مشرکین کی طرف جانے کے لئے روانہ ہوئے تاکہ ان کے ساتھ جنگ کریں تو میرے والد حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: اے جابر! تم پر کوئی حرج نہیں ہوگا اگر تم مدینہ میں رک جانے والے لوگوں میں شامل رہو یہاں تک کہ تمہیں پتہ چل جائے ہمارا کیا بنا کیونکہ اللہ کی قسم! اگر میں اپنے بعد بیٹیاں نہ چھوڑتا تو مجھے یہ بات پسند تھی کہ تم میرے سامنے شہید ہو جاتے (حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) تو میں مدینہ منورہ میں ہی رک گیا اسی دوران میری پھوپھو کا بیٹا میرے والد اور میرے ماموں کی لاش لے کر آیا وہ اونٹ پر رکھ کر انہیں لایا تھا وہ انہیں لے کر مدینہ منورہ آ گیا تھا تاکہ ان دونوں کو ہمارے قبرستان میں دفن کرے اسی دوران ایک شخص نے یہ اعلان کیا خبردار بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تم لوگوں کو یہ حکم دے رہے ہیں کہ تم مقتولین کو واپس لے جاؤ اور انہیں میدان میں اسی جگہ دفن کرو جہاں وہ شہید کئے گئے تھے۔ راوی کہتے ہیں: تو ہم نے ان دونوں صاحبان کو بھی مقتولین کے ہمراہ وہیں لٹا دیا جہاں وہ شہید ہوئے تھے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): روایت کے یہ الفاظ کہ: ''ہم ان دونوں کو واپس لے آئے'' اس سے مراد یہ ہے کہ ہم نے انہیں وہاں دفن کیا۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الشَّهَادَةِ لِمَنْ جُرِحَ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ فَمَاتَ مِنْ جِرَاحِهِ تِلْكَ

اس شخص کے لیے شہادت کے اثبات کا تذکرہ جو اللہ کی راہ میں زخمی ہو اور پھر اس زخم کی وجہ سے انتقال کر جائے

3185 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْمٍ الْاَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكِ بْنِ يَخَامِرَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3184– إسناده قوى كالذى قبله وأخرجه أحمد 3/397"–"398 من طريق عفان عن أبى عوانة، بهٰذا الإسناد.

(متن حدیث):مَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَدْمَى، اللَّوْنُ لَوْنُ دَمٍ، وَالرِّيحُ رِيحُ مِسْكٍ، وَمَنْ جُرِحَ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ طُبِعَ بِطَابَعِ الشُّهَدَاءِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ کی راہ میں زخمی ہو جائے' تو جب وہ قیامت کے دن آئے گا' تو اس کا خون بہہ رہا ہوگا' جس کا رنگ خون جیسا ہوگا اور خوشبو مشک کی خوشبو جیسی ہوگی اور جو شخص اللہ کی راہ میں زخمی ہو جائے اس پر شہداء کی مہر لگا دی جاتی ہے۔''

ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِي يُدْرِكُ بِهَا الْمَرْءُ فَضْلَ الشَّهَادَةِ وَإِنْ لَّمْ يُقْتَلْ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ

اس چیز کا تذکرہ جس کے ذریعے آدمی شہادت کی فضیلت تک پہنچ جاتا ہے اگرچہ وہ اللہ کی راہ میں قتل نہ ہوا ہو

3186 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):مَنْ تَعُدُّونَ الشُّهَدَاءَ فِيكُمْ؟ قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ قُتِلَ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيدٌ قَالَ: اِنَّ شُهَدَاءَ اُمَّتِي اِذًا لَقَلِيلٌ قَالُوْا: مَنْ يَّا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: مَنْ قُتِلَ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ، فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ مَاتَ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ، فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ مَاتَ فِي الطَّاعُونِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ مَاتَ فِيْ بَطْنٍ، فَهُوَ شَهِيدٌ .

قَالَ سُهَيْلٌ: وَاَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مِقْسَمٍ، قَالَ: اَشْهَدُ عَلٰى اَبِيكَ، اَنَّهُ زَادَ فِي الْحَدِيثِ الْخَامِسَ وَمَنْ غَرِقَ فَهُوَ شَهِيدٌ

3185- إسناده حسن. أبو إسحاق الفزاري: هو إبراهيم بن محمد بن الحارث بن أسماء الفزاري الإمام الحافظ، وعبد الله بن مالك بن يخامر: ذكره المؤلف في "الثقات" "7/8" وقال: يروي عن أبيه عن معاذ بن جبل، روى عنه سليمان بن موسى. وله طريق آخر سيرد عند المصنف برقم "3191" فيتقوى به. وأخرجه البيهقي "9/170" من طريق أحمد بن علي الخزاز عن الأنطاكي، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "9534"، ومن طريقه أحمد "5/230"-"231"، والبيهقي "9/170"، والطبراني في "الكبير" "20/204" وأخرجه أحمد "5/244"، والترمذي "1657" في فضائل الجهاد: باب ما جاء فيمن يكلم في سبيل الله، والنسائي "6/25"-"26" في الجهاد: باب ثواب من قاتل في سبيل الله، من طريق ابن جريج، عن سليمان بن موسى، عن مالك بن يخامر، عن معاذ بن جبل. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "20/205" و"207"

3186- إسناده صحيح على شرط مسلم. خالد بن عبد الله هو الواسطي. وأخرجه مسلم "1915" في الجهاد: باب بيان الشهداء من طريق عبد الحميد بن بيان الواسطي، عن خال الواسط، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "9574"، وأحمد "2/522"، وابن ماجه "2804" في الجهاد: باب ما يرجى فيه الشهادة، من طرق عن سهيل بن أبي صالح، به. وأخرجه ابن أبي شيبة "5/332"، وأحمد "2/441" من طريقين عن محمد بن إسحاق، عن أبي مالك بن ثعلبة، عن عمرو بن الحكم بن ثوبان، عن أبي هريرة. وفي الباب عن عبادة بن الصامت عند ابن أبي شيبة "5/332"، وأحمد "5/315".

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تم لوگ اپنے درمیان کسے شہید شمار کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جو شخص اللہ کی راہ میں قتل ہو جائے وہ شہید ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس صورت میں میری امت کے شہداء تھوڑے ہوں گے لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! پھر کون (شہید ہیں؟) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو اللہ کی راہ میں قتل ہو جائے وہ شہید ہے' جو اللہ کی راہ میں مر جائے وہ شہید ہے' جو شخص طاعون کی وجہ سے مر جائے وہ شہید ہے' جو شخص پیٹ کی بیماری کی وجہ سے مر جائے وہ شہید ہے۔''

سہیل نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے عبیداللہ بن مقسم نے مجھے بتایا میں تمہارے والد کے حوالے سے گواہی دے کر یہ بات بیان کرتا ہوں کہ انہوں نے حدیث میں پانچویں شخص کا بھی تذکرہ کیا تھا' جو شخص ڈوب کر مر جائے وہ شہید ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ الشَّهِيدِ الَّذِي يَكُونُ غَيْرَ الْقَتِيلِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

شہید کی اس صفت کا تذکرہ جو شہید اللہ کی راہ میں قتل نہیں ہوتا

3187 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ سُهَيْلٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ تَعُدُّونَ الشُّهَدَاءَ فِيكُمْ؟ قَالُوا: مَنْ قُتِلَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيدٌ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَمَنْ مَاتَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِيدٌ، وَمَنْ مَاتَ فِي طَاعُونٍ فَهُوَ شَهِيدٌ.

قَالَ: وَحَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مِقْسَمٍ، اَنَّهُ قَالَ: وَاَشْهَدُ عَلٰى اَبِيكَ، اَنَّهُ زَادَ وَمَنْ غَرِقَ فَهُوَ شَهِيدٌ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم اپنے درمیان کسے شہید قرار دیتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: وہ شخص جو اللہ کی راہ میں قتل ہو جائے وہ شہید ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ کی راہ میں (جہاد یا حج کے لئے جاتے ہوئے) مر جائے وہ شہید ہے' جو شخص طاعون کی وجہ سے مر جائے وہ شہید ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: عبیداللہ بن مقسم نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے وہ یہ کہتے ہیں: میں تمہارے والد کے بارے میں گواہی دے کر یہ بات بیان کرتا ہوں کہ انہوں نے حدیث میں یہ الفاظ بھی نقل کیے ہیں۔

(جو شخص ڈوب) کر مر جائے وہ شہید ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، لَمْ يُرِدْ بِهٰذَا الْعَدَدِ نَفْيًا عَمَّا وَرَائَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عدد کے ذریعے اس کے علاوہ کی نفی مراد نہیں لی ہے

3188 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُمَيٍّ،

3187– إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله.

عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): اَلشَّهِیْدُ خَمْسَةٌ: الْمَبْطُوْنُ، وَالْمَطْعُوْنُ، وَالْغَرِقُ، وَصَاحِبُ الْهَدْمِ، وَالشَّهِیْدُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''شہید پانچ قسم کے ہیں پیٹ کی بیماری سے مرنے والا، طاعون کی بیماری سے مرنے والا، ڈوب کر مرنے والا، ملبے کے نیچے آ کر مرنے والا اور اللہ کی راہ میں (جنگ کے دوران قتل) ہو کر شہید ہونے والا''

ذِکْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰی لَمْ یُرِدْ بِقَوْلِهٖ: الشُّهَدَاءُ خَمْسَةٌ نَفْیًا عَمَّا وَرَاءَ هٰذَا الْعَدَدِ الْمَحْصُوْرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ان الفاظ کے ذریعے ''شہداء پانچ قسم کے ہوتے ہیں'' اس متعین عدد کے علاوہ کی نفی مراد نہیں لی ہے

3189 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِدْرِیْسَ الْاَنْصَارِیُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِیْ بَکْرٍ، عَنْ مَالِكٍ،

3188- إسناده صحيح على شرط الشيخين. سُمي: هو مولى أَبِي بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هشام وهو في "الموطأ" "1/131" في صلاة الجماعة: باب ما جاء في العتمة والصبح، ومن طريق مالك أخرجه أحمد 2/324 "325"- و"533"، والبخاري "653" في الأذان: باب فضل التهجير إلى الظهر و"720" باب الصف الأول، و"2829" في الجهاد: باب الشهادة سبع سوى القتل، و"5733" في الطب: باب ما يذكر في الطاعون، ومسلم "1914" في الإمارة: باب بيان الشهداء، والترمذي "1063" في الجنائز: باب ما جاء في الشهداء من هم، والنسائي في الطب من "الكبرى" كما في "التحفة" "9/392".

3189- عقيل بن الحارث: وثقه المؤلف، وهو من رجال "الموطأ"، وباقي السند على شرطهما. وللحديث شواه كثيرة. وجابر بن عتيك هذا: هو ابن قيس بن هيشة بن الحارث بن أمية بن معاوية بن عوف بن عمرو بن عوف الأنصاري، شهد بدرًا والمشاهد، وكانت إليه راية بني معاوية بن مالك يوم الفتح. وجاء اسمه في هذا الحديث عند ابن أبي شيبة "5/332" "جبرًا"، والمعتمد رواية مالك. انظر "السير" 2/36"-"37، و"الإصابة" 1/215"-"216وهو في "الموطأ" 1/233"-"234 في الجنائز: باب النهي عن البكاء على الميت، ومن طريق مالك أخرجه: الشافعي 1/199"-"200، وأحمد "5/446"، وأبو داوُد "3111" في الجنائز: باب فضل من مات في الطاعون، والنسائي "4/13" في الجنائز: باب النهي عن البكاء على الميت، وفي الطب من "الكبرى" كما في "التحفة" "2/403" والحاكم 1/351"-"352 -وصححه ووافقه الذهبي- والبيهقي 4/69"-"70، والطبراني في "الكبير" "1779"، والبغوي "1532"وأخرجه النسائي 6/51"-"52، وابن أبي شيبة 5/332"-"333، وابن ماجه "2703" في الجهاد: باب ما يرجى فيه الشهادة، والطبراني في "الكبير" "1780" من طريقين عن أبي العميس عن عبد الله بن عبد الله، به.
وأخرجه عبد الرزاق "6695" عن ابن جريج قال: أخبرت خبرًا رفع إلى أبي عبيدة بن الجراح صاحب رسول الله صلى الله عليه وسلم أن النبي صلى الله عليه وسلم أتى عبد الله بن ثابت يعوده.. وذكره بطوله وفي الباب ما يشهد له عن أبي هريرة عند البخاري "2829" و"5833" ومسلم "1914"، وعن أنس عند البخاري "5732"، وعن عمر عند الحاكم "2/109"، وعن عائشة عند البخاري "5734"، وعن عبادة بن الصامت عند أحمد "4/201" و"5/323"، والدارمي "2/208"، والطيالسي "582"، وعن عقبة بن عامر عند أحمد "4/157"، وعن سلمان عند الطبراني "6115" و"6116"، وعن أبي مالك الأشعري عند أبي داوُد "2399"، والحاكم "2/78".

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ، عَنْ عَتِيكِ بْنِ الْحَارِثِ، وَهُوَ جَدُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُوْ اُمِّهِ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَتِيكٍ، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ثَابِتٍ، فَوَجَدَهُ قَدْ غُلِبَ عَلَيْهِ، فَصَاحَ بِهِ، فَلَمْ يُجِبْهُ، فَاسْتَرْجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَالَ: غُلِبْنَا عَلَيْكَ يَا اَبَا الرَّبِيعِ فَصَاحَ النِّسْوَةُ وَبَكَيْنَ، وَجَعَلَ ابْنُ عَتِيكٍ يُسَكِّتُهُنَّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ فَاِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِيَنَّ بَاكِيَةٌ، فَقَالُوْا: وَمَا الْوُجُوبُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِذَا مَاتَ قَالَتِ ابْنَتُهُ: وَاللّٰهِ اِنْ كُنْتُ لَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ شَهِيدًا فَاِنَّكَ كُنْتَ قَدْ قَضَيْتَ جِهَازَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَوْقَعَ اَجْرَهُ عَلٰى قَدْرِ نِيَّتِهِ، وَمَا تَعُدُّونَ الشَّهَادَةَ؟ قَالُوْا: الْقَتْلُ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوٰى الْقَتْلِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ: الْمَبْطُونُ شَهِيدٌ، وَالْغَرِيْقُ شَهِيدٌ، وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيدٌ، وَالْمَطْعُوْنُ شَهِيدٌ، وَالْحَرِيْقُ شَهِيدٌ، وَالَّذِي يَمُوتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيدٌ، وَالْمَرْاَةُ تَمُوتُ بِجَمْعٍ شَهِيدٌ

❁❁ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے تشریف لائے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایسی حالت میں پایا کہ وہ مغلوب ہو چکے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلند آواز میں پکارا' لیکن انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور فرمایا: اے ابوربیع تمہارا معاملہ ہمارے بس سے باہر ہے' تو خواتین نے بلند آواز سے رونا شروع کر دیا۔ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ انہیں خاموش کروانے لگے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: انہیں کرنے دو جب وہ واجب ہو جائے' تو پھر کوئی رونے والی نہ روئے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! واجب ہونے سے مراد کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب ان کا انتقال ہو جائے' ان کی صاحب زادی نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے یہ امید ہے کہ آپ شہید ہوں گے' کیونکہ آپ نے اپنی تیاری مکمل کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ اس کی نیت کے مطابق اس کا اجر عطا کرے تم لوگ کسے شہادت شمار کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ کی راہ میں قتل ہونے کو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی راہ میں قتل ہونے کے علاوہ بھی شہادت کی سات قسمیں ہیں پیٹ کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے، ڈوب کر مرنے والا شہید ہے، نمونیے کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے، طاعون سے مرنے والا شہید ہے، جل کر مرنے والا شہید ہے، ملبے کے نیچے آنے والا شہید ہے، زچگی کے وقت مرنے والی عورت شہید ہے۔

ذِكْرُ الْخِصَالِ الَّتِي تَقُوْمُ مَقَامَ الشَّهَادَةِ لِغَيْرِ الْقَتِيلِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ

اس چیز کا تذکرہ جو اس شخص کے لیے شہادت کی قائم مقام ہوتی ہے جو اللہ کی راہ میں قتل نہیں ہوتا

3190 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ، عَنْ عَتِيكِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَتِيكٍ، وَهُوَ جَدُّ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

3190– صحيح وهو مكرر ما قبله.

اَبُوْ اُمِّهِ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَتِيكٍ، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، جَاءَ يَعُوْدُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ ثَابِتٍ فَوَجَدَهُ قَدْ غُلِبَ عَلَيْهِ، فَصَاحَ بِهِ، فَلَمْ يُجِبْهُ، فَاسْتَرْجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: غُلِبْنَا عَلَيْكَ يَا اَبَا الرَّبِيعِ فَصَاحَتِ النِّسْوَةُ، وَبَكَيْنَ، وَجَعَلَ ابْنُ عَتِيكٍ يُسَكِّتُهُنَّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعْهُنَّ، فَاِذَا وَجَبَ فَلَا تَبْكِيَنَّ بَاكِيَةٌ، قَالُوْا: وَمَا الْوُجُوبُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِذَا مَاتَ قَالَتِ ابْنَتُهُ: وَاللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ لَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ شَهِيدًا فَاِنَّكَ كُنْتَ قَدْ قَضَيْتَ جِهَازَكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَوْقَعَ اَجْرَهُ عَلٰى قَدْرِ نِيَّتِهِ، وَمَا تَعُدُّوْنَ الشَّهَادَةَ؟ قَالُوْا: الْقَتْلُ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الشَّهَادَةُ سَبْعٌ سِوَى الْقَتْلِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ: الْمَبْطُوْنُ شَهِيدٌ، وَالْغَرِيْقُ شَهِيدٌ، وَصَاحِبُ ذَاتِ الْجَنْبِ شَهِيدٌ، وَالْمَطْعُوْنُ شَهِيدٌ، وَصَاحِبُ الْحَرِيْقِ شَهِيدٌ، وَالَّذِيْ يَمُوْتُ تَحْتَ الْهَدْمِ شَهِيدٌ، وَالْمَرْاَةُ تَمُوْتُ بِجَمْعٍ شَهِيدٌ

حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عبداللہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیے تشریف لائے، تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ایسی حالت میں پایا کہ انہیں اپنا ہوش نہیں تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلند آواز میں پکارا، تو انہوں نے کوئی جواب نہیں دیا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انا للہ و انا الیہ راجعون پڑھا اور ارشاد فرمایا: اے ابوربیع! تمہارا معاملہ ہمارے بس سے باہر ہے، تو خواتین نے بلند آواز سے رونا شروع کر دیا۔ حضرت جابر بن عتیک رضی اللہ عنہ نے انہیں خاموش کروانے کی کوشش کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انہیں رونے دو جب وہ واجب ہو جائے، تو پھر کوئی نہ روئے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! واجب ہونے سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اس کا انتقال ہو جائے۔ ان کی صاحب زادی نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے یہ امید ہے کہ یہ شہید ہوں گے، کیونکہ انہوں نے اپنی تیاری مکمل کر لی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس کی نیت کے مطابق اسے اجر عطا کرے گا تم لوگ کسے شہادت شمار کرتے ہو؟ لوگوں نے عرض کی: اللہ کی راہ میں قتل ہونے کو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس کے علاوہ بھی سات قسمیں ہیں پیٹ کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے، ڈوب کر مرنے والا شہید ہے، نمونیے کی بیماری سے مرنے والا شہید ہے۔ طاعون سے مرنے والا شہید ہے، جل کر مرنے والا شہید ہے، ملبے کے نیچے آ کر مرنے والا شہید ہے اور زچگی کے وقت فوت ہونے والی عورت شہید ہے۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى سَائِلِهِ الشَّهَادَةَ مِنْ قَلْبِهِ بِاِعْطَائِهِ اَجْرَ الشَّهِيدِ وَاِنَّ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ

اللہ تعالیٰ کا سچے دل سے شہادت کی دعا مانگنے والے شخص پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ وہ اسے شہید جیسا اجر و ثواب عطا کرے گا اگرچہ وہ شخص اپنے بستر پر فوت ہو

3191 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ الْخَلَّالُ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ

يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ مَكْحُولٍ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ مُرَّةَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ يَخَامِرَ السَّكْسَكِيِّ، اَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث):مَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ رِيحُهُ كَرِيحِ الْمِسْكِ، لَوْنُهُ لَوْنَ الزَّعْفَرَانِ، عَلَيْهِ طَابَعُ الشُّهَدَاءِ، وَمَنْ سَالَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ مُخْلِصًا، اَعْطَاهُ اللّٰهُ اَجْرَ شَهِيدٍ، وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ

❁❁ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص کو اللہ کی راہ میں زخمی کر دیا جائے' تو جب وہ قیامت کے دن آئے گا' تو اس کی خوشبو مشک کی خوشبو کی مانند ہو گی اور اس کا رنگ زعفران کے رنگ کی مانند ہو گا اس پر شہداء کی مہر لگی ہوئی ہو گی اور جو شخص خلوص کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت کا سوال کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے شہید کا اجر عطا کرتا ہے' اگرچہ وہ شخص اپنے بستر پر فوت ہو۔''

ذِكْرُ تَبْلِيغِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ مَنْ سَالَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ وَاِنْ جَائَتْهُ مَنِيَّتُهُ عَلٰى فِرَاشِهِ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص کو شہداء کے مقام پر فائز کرنے کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ سے شہادت کی دعا مانگتا ہے اگرچہ وہ شخص اپنے بستر پر فوت ہوتا ہے

3192 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ شُرَيْحٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث):مَنْ سَالَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ بِصِدْقٍ، بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ

❁❁ سہل بن ابوامامہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔

''جو شخص صدق دل سے اللہ تعالیٰ سے شہادت مانگتا ہے اللہ تعالیٰ اسے شہداء کے مرتبے پر فائز کرے گا اگرچہ وہ شخص اپنے بستر پر فوت ہو۔''

3191- إسناده حسن وقد تقدم برقم "3185" من طريق اخر. واخرجه أحمد 5/243"-"244، وأبو داوٗد "2541" في الجهاد: باب فيمن سأل الله تعالى الشهادة، والطبراني في "الكبير" "2/206" من طرق عن ابن ثوبان، بهذا الإسناد.

3192- إسناده صحيح على شرط الصحيح. أبو أمامة: هو أسعد بن سهل بن حنيف. وأخرجه مسلم "1909" في الإمارة: باب استحباب طلب الشهادة في سبيل الله، وأبو داوٗد "1520" في الصلاة: باب في الاستغفار، والنسائي 6/36"-"37 في الجهاد: باب مسألة الشهادة، وابن ماجه "2797" في الجهاد: باب القتال في سبيل الله، والبيهقي 9/169"-"170، من طرق عن ابن وهب، بهذا الإسناد.وأخرجه الترمذي "1653" في فضائل الجهاد: باب ما جاء فيمن سأل الشهادة، والدارمي "2/205" من طريق القاسم بن كثير، والطبراني "6/5550" من طريق عبد الله بن صالح، كلاهما عن ابن شريح، به.

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى مَنْ قُتِلَ مِنْ اَجْلِ مَالِهِ اِذَا تُعُدِّيَ عَلَيْهِ بِكَتْبَةِ الشَّهَادَةِ لَهُ

اللہ تعالیٰ کا اس شخص پر فضل کرنے کا تذکرہ' جو اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جاتا ہے جب اس کے خلاف زیادتی کی جائے' کہ اللہ تعالیٰ اس کے لیے شہادت کو نوٹ کر لیتا ہے

3193 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَزَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنَا اُمُّ سَلَمَةَ،

(متنِ حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَا هُوَ فِيْ بَيْتِهَا وَعِنْدَهُ نَفَرٌ مِنْ اَصْحَابِهِ اِذْ جَائَهُ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَمْ صَدَقَةُ كَذَا وَكَذَا مِنَ التَّمْرِ؟ قَالَ: كَذَا وَكَذَا قَالَ الرَّجُلُ: فَاِنَّ فُلَانًا تَعَدَّى عَلَيَّ، وَاَخَذَ مِنِّيْ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَكَيْفَ اِذَا سَعَى عَلَيْكُمْ مَنْ يَّتَعَدَّى عَلَيْكُمْ اَشَدَّ مِنْ هٰذَا التَّعَدِّيْ، فَخَاضَ الْقَوْمُ فِيْ ذٰلِكَ، فَقَالَ الرَّجُلُ مِنْهُمْ: فَكَيْفَ بِنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَا كَانَ الرَّجُلُ مِنَّا غَائِبًا فِيْ اِبِلِهِ وَمَاشِيَتِهِ وَزَرْعِهِ وَنَخْلِهِ، فَاَدَّى زَكَاةَ مَالِهِ، فَتَعَدَّى عَلَيْهِ الْحَقَّ، فَكَيْفَ يَصْنَعُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدَّى زَكَاةَ مَالِهِ طَيِّبَةً بِهَا نَفْسُهُ يُرِيْدُ بِهَا وَجْهَ اللّٰهِ وَالدَّارَ الْاٰخِرَةَ، ثُمَّ لَمْ يُغَيِّبْ مِنْهَا شَيْئًا، وَاَقَامَ الصَّلَاةَ، وَآتَى الزَّكَاةَ فَتَعَدَّى عَلَيْهِ الْحَقَّ، فَاَخَذَ سِلَاحَهُ، فَقَاتَلَ فَقُتِلَ، فَهُوَ شَهِيْدٌ

توضیحِ مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَعْنٰى هٰذَا الْخَبَرِ اِذَا تَعَدَّى عَلَى الْمَرْءِ فِيْ اَخْذِ صَدَقَتِهِ، اَوْ مَا يُشْبِهُ هٰذِهِ الْحَالَةَ، وَكَانَ مَعَهُ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ الَّذِيْ يُوَاطِئُوْنَهُ عَلٰى ذٰلِكَ، وَفِيْهِمْ كِفَايَةٌ بَعْدَ اَنْ لَّا يَكُوْنَ قَصْدُهُمُ الدُّنْيَا، وَلَا شَيْئًا مِنْهَا دُوْنَ اِلْقَاءِ الْمَرْءِ نَفْسَهُ اِلَى التَّهْلُكَةِ اِذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِيْ ذَرٍ: اسْمَعْ وَاَطِعْ وَلَوْ عَبْدًا حَبَشِيًّا مُجَدَّعًا [1] وَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ حَمَلَ عَلَيْنَا السِّلَاحَ فَلَيْسَ مِنَّا [2]

3193– رجاله ثقات رجال الصحيح غير أيوب بن محمد الوزان، وهو ثقة، وعبد الله بن جعفر: وثقه ابن معين وأبو حاتم، وقال النسائي: ليس به بأس قبل أن يتغير. وقال المؤلف: اختلط سنة ثماني عشرة ولم يكن اختلاطه اختلاطًا فاحشًا. وأخرجه أحمد "6/301" مختصرًا من طريق زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عمرو بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم "1/404"–"105" – وصححه ووافقه الذهبي– والبيهقي "4/137"، والطبراني في "الكبير" "23/632" من طريقين عن عمرو بن خالد الحراني، عن عبيد الله بن عمرو، به. وأورده الهيثمي في "مجمع الزوائد" "3/72" وقال: رواه أحمد والطبراني في "الكبير" و"الأوسط"، ورجال الجميع رجال الصحيح.

[1] تقدم تخريجه برقم "1718"، وسيرد برقم "5943".

[2] سيرد عند المصنف من حديث الأكوع برقم "4579"، ومن حديث ابن عمر برقم "4581".

امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے ہمیں یہ حدیث بیان کی ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کے ہاں موجود تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے کچھ اصحاب بھی موجود تھے اسی دوران ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اتنی کھجوروں کا صدقہ (یعنی زکوٰۃ) کتنا ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اتنا۔ اس نے عرض کی: فلاں صاحب نے میرے ساتھ زیادتی کی ہے انہوں نے مجھ سے اتنی اتنی وصولی کر لی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس وقت کیا عالم ہوگا' جب تم پر ایسے حکمران مسلط ہوں گے جو تمہارے ساتھ اس سے زیادہ زیادتی کریں گے' تو لوگ اس بات پر پریشان ہو گئے ان میں سے ایک صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس وقت ہمارا کیا بنے گا' جب کوئی شخص اپنے اونٹوں میں یا جانوروں میں یا کھیت میں یا باغ میں موجود نہیں ہوگا اور وہ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرے گا اس کے ساتھ زیادتی ہو جائے گی' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! تو اسے کیا کرنا چاہئے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اپنی خوشی کے ساتھ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرے اور اس کا مقصد اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول ہو' آخرت کا حصول ہو اور وہ اس میں سے کوئی چیز غائب نہ کرے اور وہ نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے اور پھر اس کے ساتھ زیادتی ہو' تو وہ اپنا اسلحہ پکڑے اور لڑائی کرتے ہوئے مارا جائے' تو وہ شہید ہوگا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت کا مطلب یہ ہے: جب زکوٰۃ وصولی یا اس جیسی کسی اور صورتحال میں کسی شخص کے خلاف زیادتی کی جائے اور پھر اس شخص کے ہمراہ مسلمان موجود ہوں جو اس بارے میں اس کا ساتھ دیں اور اس میں کفایت بھی موجود ہو اور ان کا مقصد دنیاوی فائدے کا حصول نہ ہو۔ اس سے مراد یہ نہیں ہے کہ آدمی اپنے آپ کو ہلاکت کا شکار کر لے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے یہ فرمایا تھا: ''تم اطاعت و فرمانبرداری سے کام لو۔ اگرچہ ناک کان کٹا ہوا حبشی (حکمران ہو)'' اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے'' جو شخص ہم پر ہتھیار اٹھاتا ہے اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔''

ذِكْرُ اِيجَابِ الْجَنَّةِ وَاِثْبَاتِ الشَّهَادَةِ لِمَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهِ قَاتَلَ، اَوْ لَمْ يُقَاتِلْ

اس شخص کے لیے جنت واجب ہونے اور شہادت کے اثبات کا تذکرہ جو اپنے مال کی وجہ سے قتل ہو جاتا ہے خواہ وہ مقابلہ کرے یا مقابلہ نہ کرے

3194 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى السَّخْتِيَانِيُّ، بِجُرْجَانَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ،

3194– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير طلحة بن عبد الله بن عوف فمن رجال البخاري. وأخرجه أحمد "1/187"، والحميدي "83"، والنسائي "7/115" و"115"–"116" في تحريم الدم: باب من قتل دون ماله، وابن ماجه "2580" في الحدود: باب من شهر السلاح، وأبو يعلى "949" و"953" والبيهقي "3/266" من طرق عن سفيان، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "1/189"، وأبو يعلى "950" من طريق محمد بن إسحاق حدثني الزهري، به. وأخرجه أحمد "1/190"، والترمذي "1421" في الديات: باب ما جاء فيمن قتل دون ماله، والطيالسي "233"، وأبو داؤد "4772" في السنة: باب في قتال اللصوص، والبيهقي "3/266" و"8/335" من طريق أبي عبيدة بن محمد بن عمار بن ياسر، عن طلحة، به.

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِیدٌ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے۔''

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ یُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّ خَبَرَ ابْنِ عُیَیْنَةَ الَّذِی ذَكَرْنَاهُ مُنْقَطِعٌ غَیْرُ مُتَّصِلٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ ابن عیینہ کی نقل کردہ وہ روایت جو ہم نے ذکر کی ہے یہ منقطع ہے یہ متصل نہیں ہے

3195 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَیْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِی السَّرِیِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ ابْنِ اَخِی عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلٍ الْمَدَنِیِّ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ زَیْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ:

(متن حدیث): مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْاَرْضِ شِبْرًا طَوَّقَهُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ مِنْ سَبْعِ اَرَضِینَ.

قَالَ مَعْمَرٌ: وَبَلَغَنِی عَنِ الزُّهْرِیِّ فِی هٰذَا الْحَدِیثِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قُتِلَ دُونَ مَالِهٖ فَهُوَ شَهِیدٌ.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُو حَاتِمٍ: رَوٰی هٰذَا الْخَبَرَ اَصْحَابُ الزُّهْرِیِّ الثِّقَاتُ الْمُتْقِنُونَ، فَاتَّفَقُوا كُلُّهُمْ عَلٰی رِوَایَتِهِمْ هٰذَا الْخَبَرَ عَنِ الزُّهْرِیِّ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ زَیْدٍ، خَلا مَعْمَرٍ وَّحْدَهٗ، فَاِنَّهٗ اُدْخِلَ بَیْنَ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ وَبَیْنَ سَعِیدِ بْنِ زَیْدٍ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَهْلٍ، وَاَخَافُ اَنْ یَّكُونَ ذٰلِكَ وَهْمًا، وَقَدْ قَالَ مَعْمَرٌ فِی هٰذَا الْخَبَرِ بَلَغَنِی عَنِ الزُّهْرِیِّ فَیُشْبِهُ اَنْ یَّكُونَ سَمِعَهٗ مِنْ بَعْضِ اَصْحَابِهٖ عَنِ الزُّهْرِیِّ فَالْقَلْبُ اِلٰی رِوَایَةِ اُولٰئِكَ اَمْیَلُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

3195– إسناده صحيح وهو مكرر ما قبله. عبد الرحمٰن بن سهل المدني هو عبد الرحمٰن بن عمرو بن سهل. وأخرجه أحمد "1/188"، والترمذي "1418" من طريق عبد الرزاق، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "1/189"، والبخاري "2452" في المظالم: باب إثم من ظلم شيئًا من الأرض، وأبو يعلى "956" من طرق عن الزهري، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد "1/188"، وعبد الرزاق "19755"، والبخاري "3198" في بدء الخلق: باب ما جاء في سبع أرضين، ومسلم "1610" "139" و"140"، وأبو يعلى "962" والطبراني في "الكبير" "342"، وأبو نعيم في "الحلية" "1/96" من طرق عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِیهٖ عَنْ سعيد بن زيد. وأخرجه مسلم "1610"، وأبو يعلى "959"، والطبراني "355" من طريق عباس بن سهل عن سعيد بن زيد. وأخرجه أحمد "1/188"–"189 و"190"، وأبو يعلى "955" من طريق أبي سلمة، عن سعيد. وأخرجه أبو يعلى "951"، وأبو نعيم في "الحلية" "1/97" من طريق عمرو بن حزم عن سعيد. وأخرجه أبو يعلى "954"، وأبو نعيم "1/96" من طريق ابن عمر، عن سعيد. وأخرجه الطبراني "352" و"353" و"354" من طرق عن سعيد.

''جو شخص ظلم کے طور پر ایک بالشت زمین ہتھیائے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن سات زمینوں جتنا وزنی طوق اس کے گلے میں ڈالے گا۔''

معمر نامی راوی بیان کرتے ہیں: زہری کے حوالے سے یہ حدیث ہم تک پہنچی ہے' جس میں یہ الفاظ ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اپنے مال کی حفاظت کرتے ہوئے مارا جائے وہ شہید ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس روایت کو زہری کے ثقہ اور متقن شاگردوں نے نقل کیا ہے اور ان سب کا اس روایت کو زہری کے حوالے سے طلحہ بن عبداللہ کے حوالے سے حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے نقل کرنے پر اتفاق ہے۔ صرف معمر نے اختلاف کیا ہے انہوں نے طلحہ بن عبیداللہ اور حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ کے درمیان عبدالرحمٰن بن سہل نامی راوی کا ذکر کیا ہے۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ انہیں اس بارے میں وہم ہوا ہے کیونکہ معمر نے اس روایت میں یہ الفاظ نقل کئے ہیں جسے زہری کے حوالے سے یہ روایت پہنچی ہے' تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ انہوں نے یہ روایت زہری کے کسی شاگرد سے سنی ہو۔ اس لئے ذہن دوسرے حضرات کی طرف زیادہ مائل ہے۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الشَّهَادَةِ لِلْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ اِذَا قَتَلَهٗ سِلَاحُهٗ

اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے شخص کے لیے شہادت کے اثبات کا تذکرہ جبکہ وہ اپنے ہی ہتھیار کے ذریعے مارا جائے

3196 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ سَلَمَةَ بْنَ الْاَكْوَعِ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا كَانَ يَوْمَ خَيْبَرَ قَاتَلَ اَخِي قِتَالًا شَدِيدًا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَارْتَدَّ

3196– إسناده صحيح على شرط مسلم. حرملة بن يحيى من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أبو داؤد "2538" في الجهاد: باب في الرجل يموت بسلاحه، والنسائي 6/30"–"32 في الجهاد: باب من قاتل في سبيل الله فارتد عليه سيفه فقتله، وفي "عمل اليوم والليلة" "534" من طريقين عن ابن وهب، بهٰذا الإسناد. واخرجه مسلم "1802" "124" في الجهاد والسير: باب غزوة خيبر، من طريق أبي الطاهر، عن ابن وهب، عن يونس، عن ابن شهاب، عن عبد الرحمٰن بن كعب عن سلمة. وأخرجه النسائي في "اليوم والليلة" "5035"، والطبراني في "الكبير" "6229" من طريقين عن ابن شهاب، عن عبد الرحمٰن بن كعب، عن سلمة اخرجه أحمد 4/46"–"47، والطبراني في "الكبير" "6225" و"6226" و"6227" و"6230" من طرق عن ابن شهاد، عن عبد الرحمٰن بن عبد الله بن كعب بن مالك، عن سلمة بن الأكوع. قال أبو داؤد: قال أحمد: كذا قال هو –يعني ابن وهب– وعنبسة، يعني ابن خالد، جميعًا عن يونس، قال أحمد: والصواب عبد الرحمٰن بن عبد الله. وقال مسلم: ونسبه غير ابن وهب، فقال: ابن عبد الل بن كعب بن مالك.

عَلَيْهِ سَيْفُهُ فَقَتَلَهُ، فَقَالَ اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ: رَجُلٌ مَاتَ بِسِلَاحِهِ وَشَكُّوْا فِيْ بَعْضِ اَمْرِهِ، قَالَ سَلَمَةُ: فَقَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَيْبَرَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِيْ اَنْ اَرْجُزَ بِكَ، فَاَذِنَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: اَعْلَمُ مَا تَقُوْلُ:

وَاللّٰهِ لَوْلَا اللّٰهُ مَا اهْتَدَيْنَا ... وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا

فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا ... وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَيْنَا

وَالْمُشْرِكُوْنَ قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا

فَلَمَّا قَضَيْتُ رَجَزِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ قَالَ هٰذَا؟ قُلْتُ: اَخِيْ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَرْحَمُهُ اللّٰهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّ نَاسًا اَبَوُا الصَّلَاةَ عَلَيْهِ، يَقُوْلُوْنَ: رَجُلٌ مَاتَ بِسِلَاحِهِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَجُلٌ مَاتَ جَاهِدًا مُجَاهِدًا

❀❀ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے موقع پر میرے بھائی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ (جنگ میں حصہ لیتے ہوئے) شدید لڑائی کی ان کی تلوار پلٹ کر انہیں لگی اور وہ شہید ہو گئے ان کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے یہ کہا' کیونکہ یہ شخص اپنے ہتھیار کے ذریعے مرا ہے اس لیے ان کے معاملے کے بارے میں لوگوں کو شک ہو گیا۔ حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خیبر سے واپس تشریف لا رہے تھے' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اجازت دیجئے کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے رجز پڑھوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اجازت دے دی' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: دھیان رکھنا تم کیا پڑھ رہے ہو (تو میں نے پڑھنا شروع کیا)

''اللہ کی قسم! اگر اللہ کی ذات نہ ہوتی' تو ہم ہدایت حاصل نہ کرتے ہم صدقہ و خیرات نہ کرتے اور ہم نماز نہ پڑھتے (اے اللہ) تو ہم پر سکینت نازل کر اور اگر ہم (دشمن کا سامنا کریں)' تو' تو ہمیں ثابت قدم رکھنا مشرکوں نے ہمارے خلاف محاذ آرائی کی ہے۔''

جب میں نے اپنا رجز مکمل کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: یہ اشعار کس نے کہے ہیں؟ میں نے جواب دیا: میرے بھائی نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ اس پر رحم کرے میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کچھ لوگوں نے اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی وہ یہ کہتے ہیں: اس شخص کا انتقال اپنے اسلحے کے ذریعے ہوا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ ایک ایسا شخص ہے' جو جہاد کرتے ہوئے مجاہد ہونے کے عالم میں فوت ہوا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الشُّهَدَاءَ الَّذِيْنَ مَاتُوْا فِي الْمَعْرَكَةِ يَجِبُ اَنْ لَّا يُغَسَّلُوْا عَنْ دِمَائِهِمْ وَلَا يُصَلّٰى عَلَيْهِمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جو لوگ جنگ کے دوران شہید ہوتے ہیں ان کے لیے

یہ بات ضروری ہے کہ ان کے خون کو نہ دھویا جائے اور ان کی نماز جنازہ نہ ادا کی جائے

3197 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، اَخْبَرَهُ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَجْمَعُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ مِنْ قَتْلٰى اُحُدٍ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ، وَيَقُوْلُ: اَيُّهُمَا اَكْثَرُ اَخْذًا لِلْقُرْآنِ؟ فَاِذَا اُشِيرَ اِلٰى اَحَدِهِمَا، قَدَّمَهُ فِي اللَّحْدِ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا شَهِيدٌ عَلٰى هٰؤُلَاءِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاَمَرَ بِدَفْنِهِمْ بِدِمَائِهِمْ، وَلَمْ يُصَلِّ عَلَيْهِمْ، وَلَمْ يُغَسَّلُوا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شہدائے احد میں سے دو آدمیوں کو ایک کپڑے میں اکٹھا کرتے تھے اور دریافت کرتے تھے ان میں سے کسے زیادہ قرآن آتا ہے؟ جب ان میں سے کسی ایک کی طرف اشارہ کیا جاتا' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اسے لحد میں آگے کی طرف رکھتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن میں ان سب لوگوں کا گواہ ہوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان حضرات کو ان کے خون سمیت دفن کیا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی نماز جنازہ ادا نہیں کی تھی اور ان لوگوں کو غسل نہیں دیا گیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُضَادِّ فِي الظَّاهِرِ خَبَرَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جو بظاہر حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول اس روایت کی متضاد ہے جسے ہم نے ذکر کیا ہے

3198 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ زُغْبَةَ، فَقَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، خَرَجَ يَوْمًا فَصَلّٰى عَلٰى اَهْلِ اُحُدٍ صَلَاتَهُ عَلَى الْمَيِّتِ، ثُمَّ انْصَرَفَ اِلَى الْمِنْبَرِ، فَقَالَ: اِنِّي فَرَطٌ لَكُمْ، وَاَنَا شَهِيدٌ عَلَيْكُمْ، وَاِنِّي وَاللّٰهِ لَاَنْظُرُ اِلٰى حَوْضِي الْآنَ، وَاِنِّي قَدْ اُعْطِيتُ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ -اَوْ مَفَاتِيحَ الْاَرْضِ-، وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوا بَعْدِي،

3197– إسناده صحيح . يزيد بن موهب: ثقة، ومن فوقه على شرطهما. وأخرجه أبو داؤد "3138" في الجنائز: باب في الشهيد يغسل، من طريق يزيد بن موهب، بهٰذا الإسناد . وأخرجه ابن أبي شيبة "3/253"–"254"، والبخاري "1343" في الجنائز: باب الصلاة على الشهيد، "1346" باب من لم ير غسل الشهداء، و "1347" باب من يقدم في اللحد، و "1353" باب اللحد والشق في القبر، و "4079" في المغازي: باب من قتل من المسلمين يوم أحد، وأبو داؤد "3138" و "3139"، والترمذي "1036" في الجنائز: باب ما جاء في ترك الصلاة على الشهيد، والنسائي "4/62" في الجنائز: باب ترك الصلاة على الشهداء، وابن ماجه "1514" في الجنائز: باب ما جاء في الصلاة على الشهداء ودفنهم، وابن الجارود "552"، والطحاوي "1/501"، والبيهقي "4/34"، والبغوي "1500" من طرق عن الليث، بهٰذا الإسناد . وأخرجه البيهقي "4/34" من طريق الحسن بن سفيان، عن حبان بن موسى، عن ابن المبارك، عن الزهري، عن جابر.

وَلٰكِنِّي اَخَافُ اَنْ تَنَافَسُوا فِيهَا

❀❀ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد پر اسی طرح نماز ادا کی جس طرح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نماز جنازہ ادا کرتے تھے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر کی طرف تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہارا پیش روہوں میں تمہارا گواہ ہوں اللہ کی قسم! میں اس وقت بھی اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں مجھے زمین کے خزانوں کی چابیاں عطا کی گئی ہیں (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) زمین کی چابیاں عطا کی گئی ہیں اللہ کی قسم! مجھے تمہارے بارے میں یہ اندیشہ نہیں ہے کہ تم لوگ میرے بعد شرک کرو گے لیکن مجھے یہ اندیشہ ہے کہ تم دنیا کی طرف راغب ہو جاؤ گے۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي فَعَلَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَا مِنْ خَبَرِ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ

اس وقت کا تذکرہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ فعل کیا تھا جس کا ہم نے ذکر کیا ہے جو حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں ہے

3199 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِي كَرِيمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ اَبِي الْخَيْرِ، عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ، ثُمَّ انْصَرَفَ وَقَعَدَ عَلَى الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّي بَيْنَ اَيْدِيكُمْ فَرَطٌ، وَاِنِّي عَلَيْكُمْ لَشَهِيدٌ، وَاِنِّي وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تُشْرِكُوا بَعْدِي، وَلٰكِنِّي قَدْ اُعْطِيتُ اللَّيْلَةَ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ وَالسَّمَاءِ، وَاَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ

3198- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عيسى بن حماد فمن رجال مسلم. أبو الخير: هو مَرْثد بن عبد الله اليزني المصري. وأخرجه أ؛ مد "4/149" و"153"-"154"، والبخاري "1344" في الجنائز: باب الصلاة على الشهيد، و"3596" في المناقب: باب علامات النبوة، و "4085" في المغازي: باب أحد جبل يحبنا ونحبه، و"6426" في الرقاق: باب ما يحذر من زهرة الدنيا والتنافس فيها، و "6590" باب في الحوض، ومسلم "2296" في الفضائل: باب إثبات حوض نبينا صلى الله عليه وسلم وصفاته، وأبو داوُد "3223" في الجنائز: باب الميت يصلى على قبره بعد حين، والنسائي "4/61"-"62" في الجنائز: باب الصلاة على الشهداء، والطحاوي "1/504"، والبيهقي "4/14"، والطبراني في "الكبير" "17/767"، والبغوي "3823" من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "4/154"، والبخاري "4042" في المغازي: باب غزوة أحد، وأبو داوُد "3224"، والدارقطني "2/78"، والبيهقي "4" /"14" من طريقين عن عبد الله بن المبارك، عن حيوة بن شريح، عن يزيد، به. وأخرجه الدارقطني "2/78"، والبغوي "3822" في طريق ابن المبارك، والطبراني "17/768" من طريق عبد الله بن عبد الحكم وسعيد بن أبي مريم، والطحاوي، "1/504" من طريق ابن وهب، أربعتهم عن ابن لهيعة، عن يزيد، به. وأخرجه مسلم "2296" "31"، والطبراني "17/769" من طريق يحيى بن أيوب عن يزيد، به.

3199- إسناده صحيح وهو مكرر ما قبله. محمد بن وهب بن أبي كريمة: روى له النسائي، وهو صدوق، ومن فوقه من رجال الصحيح. وأخرجه الطبراني في "الكبير" "17/770" من طريق أبي عروبة، بهذا الإسناد.

تَتَنَافَسُوا فِيهَا ثُمَّ دَخَلَ، فَلَمْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: خَصَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الشُّهَدَاءَ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِي الْمَعْرَكَةِ، بِتَرْكِ الصَّلَاةِ عَلَيْهِمْ وَفَرَّقَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ سَائِرِ الْمَوْتٰى، فَاِنَّ سَائِرَ الْمَوْتٰى يُغَسَّلُوْنَ، وَيُصَلّٰى عَلَيْهِمْ، وَمَنْ قُتِلَ فِي الْمَعْرَكَةِ مِنَ الشُّهَدَاءِ لَا يُصَلّٰى عَلَيْهِمْ، وَيُدْفَنُ بِدَمِهِ مِنْ غَيْرِ غُسْلٍ، فَاَمَّا خَبَرُ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فَصَلّٰى عَلٰى قَتْلٰى اُحُدٍ لَيْسَ يُضَادُّ خَبَرَ جَابِرٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ، اِذِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلٰى اُحُدٍ، فَدَعَا لِشُهَدَاءِ اُحُدٍ كَمَا كَانَ يَدْعُو لِلْمَوْتٰى فِي الصَّلَاةِ عَلَيْهِمْ، وَالْعَرَبُ تُسَمِّي الدُّعَاءَ صَلَاةً، فَصَارَ خُرُوْجُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى شُهَدَاءِ اُحُدٍ، وَزِيَارَتُهُ اِيَّاهُمْ وَدُعَاؤُهُ لَهُمْ سُنَّةً لِمَنْ بَعْدَهُ مِنْ اُمَّتِهِ اَنْ يَزُوْرُوا شُهَدَاءَ اُحُدٍ يَدْعُوْنَ لَهُمْ كَمَا يَدْعُوْنَ لِلْمَيِّتِ فِي الصَّلَاةِ عَلَيْهِ، وَفِي خَبَرِ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ، ثُمَّ دَخَلَ فَلَمْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهِ حَتّٰى قَبَضَهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا، اَبْيَنُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذِهِ الصَّلَاةَ كَانَتْ دُعَاءً لَهُمْ، وَزِيَادَةً قَصَدَ بِهَا اِيَّاهُمْ لَمَّا قَرُبَ خُرُوْجُهُ مِنَ الدُّنْيَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْ كَانَتِ الصَّلَاةُ الَّتِي ذَكَرَهَا عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ كَالصَّلَاةِ عَلَى الْمَوْتٰى سَوَاءً لَلَزِمَ مَنْ قَالَ بِهٰذَا جَوَازُ الصَّلَاةِ عَلَى الْقَبْرِ وَلَوْ بَعْدَ سَبْعِ سِنِيْنَ، لِاَنَّ اُحُدًا كَانَتْ سَنَةَ ثَلَاثٍ مِنَ الْهِجْرَةِ، وَخُرُوْجُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ صَلّٰى عَلَيْهِمْ قُرْبَ خُرُوْجِهِ مِنَ الدُّنْيَا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ وَقْعَةِ اُحُدٍ بِسَبْعِ سِنِيْنَ، فَلَمَّا وَافَقْنَا مَنِ احْتَجَّ بِهٰذَا الْخَبَرِ عَلٰى اَنَّ الصَّلَاةَ عَلَى الْقُبُوْرِ غَيْرُ جَائِزَةٍ بَعْدَ سَبْعِ سِنِيْنَ، صَحَّ اَنَّ تِلْكَ الصَّلَاةَ كَانَتْ دُعَاءً لَا الصَّلَاةَ عَلَى الْمَوْتٰى، سَوَاءً ضِدَّ قَوْلِ مَنْ زَعَمَ اَنَّ اَصْحَابَ الْحَدِيْثِ يَرْوُوْنَ مَا لَا يَعْقِلُوْنَ، وَيَتَكَلَّمُوْنَ بِمَا لَا يَفْهَمُوْنَ، وَيَرْوُوْنَ الْمُتَضَادَّ مِنَ الْاَخْبَارِ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء احد کی نماز جنازہ ادا کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے اور منبر پر تشریف فرما ہوئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء بیان کی پھر ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں تمہارے آگے پیش رو ہوں گا اور میں تمہارا گواہ ہوں گا اللہ کی قسم! بے شک مجھے تمہارے بارے میں یہ اندیشہ نہیں ہے تم میرے بعد شرک کرو گے' لیکن گزشتہ رات مجھے زمین اور آسمان کے خزانوں کی چابیاں عطا کر دی گئی ہیں' تو مجھے یہ اندیشہ ہے کہ تم دنیا کی طرف راغب ہو جاؤ گے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں تشریف لے گئے اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وسلم گھر سے باہر تشریف نہیں لائے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی (روح مبارکہ کو) قبض کر لیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے شہداء کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کیا ہے وہ لوگ جو جنگ میں شہید ہوئے تھے کہ آپ نے ان کی نماز جنازہ ادا نہیں کی۔ اس بارے میں ان لوگوں اور دیگر مرحومین کے درمیان فرق کیا ہے کیونکہ دیگر تمام مرحومین کو غسل بھی دیا جاتا ہے اور ان کی نماز جنازہ بھی ادا کی جاتی ہے لیکن جو لوگ جنگ کے دوران شہید ہوتے ہیں نہ ان کی نماز جنازہ ادا کی جاتی ہے اور انہیں غسل دیئے بغیر ان کے خون میں دفن کیا جاتا ہے جہاں تک حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ

روایت کا تعلق ہے کہ نبی اکرم ﷺ تشریف لے گئے اور آپ نے شہداء اُحد کی نماز جنازہ ادا کی تو یہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی نقل کردہ روایت کے خلاف نہیں ہے جسے ہم ذکر کر چکے ہیں کیونکہ نبی اکرم ﷺ اُحد تشریف لے گئے تھے اور بعد میں شہداء اُحد کے لئے دعا کی تھی۔ جس طرح آپ نماز جنازہ کے دوران دیگر مرحومین کے لئے دعا کیا کرتے تھے تو عرب دعا کے لئے بھی لفظ صلوٰۃ استعمال کر لیتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کا شہداء اُحد کی طرف جانا اور ان کی زیارت کرنا اور ان کے لئے دعا کرنا آپ کے بعد آپ کی اُمت کے لئے سنت ہے کہ وہ شہداء اُحد کی زیارت کریں اور ان کے لئے دعا کریں جس طرح نماز جنازہ میں میت کے لئے دعا کی جاتی ہے۔

اس طرح حضرت زید بن ابوانیسہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول وہ روایت جسے ہم ذکر کر چکے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ اندر تشریف لے گئے اور اس کے بعد آپ اپنے گھر سے باہر تشریف نہیں لائے۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی (روح مبارکہ کو) قبض کر لیا۔ یہ اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ نماز دراصل ان کے لئے دعا تھی جو نبی اکرم ﷺ نے بطور خاص ان حضرات کے لئے کی کیونکہ نبی اکرم ﷺ کی دنیا سے تشریف لے جانے کا وقت قریب آ چکا تھا اگر حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت میں لفظ صلاۃ سے مراد دیگر مرحومین کی نماز جنازہ کی طرح نماز ہوتی تو یہ بات لازم آتی کہ جو شخص اس بات کا قائل ہے کہ وہ قبر پر نماز جنازہ ادا کرنے کو جائز تسلیم کر لے۔ خواہ سات سال بعد ایسا کیا جائے کیونکہ غزوہ اُحد ہجرت کے تیسرے سال پیش آیا تھا۔ نبی اکرم ﷺ ان حضرات کے لئے دعا کرنے کے لئے اس وقت تشریف لے گئے تھے جب آپ کا دنیا سے رخصتی کا وقت قریب آ گیا تھا۔ تو یہ چیز غزوہ اُحد کے سات سال بعد پیش آئی تھی تو جو شخص اس روایت کے ذریعے یہ استدلال کرتا ہے کہ سات سال گزرنے کے بعد قبر پر نماز جنازہ ادا کرنا جائز نہیں ہے۔ اس سے یہ بات ثابت ہو جائے گی کہ یہ صلاۃ اصل میں دعا تھی مرحومین کے لئے نماز جنازہ نہیں تھی خواہ یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہو جو اس بات کا قائل ہے کہ محدثین وہ روایت نقل کر دیتے ہیں جس کی انہیں سمجھ نہیں ہوتی اور وہ بات بیان کرتے ہیں جن کا انہیں فہم نہیں ہوتا اور متضاد روایات نقل کر دیتے ہیں۔

تَتِمَّةُ كِتَابِ الصَّلَاةِ

نماز سے متعلق روایات کا اختتامی حصہ

بَابُ الصَّلَاةِ فِي الْكَعْبَةِ

باب: خانہ کعبہ میں نماز ادا کرنا

ذِكْرُ اِثْبَاتِ صَلَاةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خانہ کعبہ میں نماز ادا کرنے کے اثبات کا تذکرہ

3200 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ سِمَاكٍ الْحَنَفِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْبَيْتِ، وَسَيَاْتِي مَنْ يَّنْهٰى عَنْ ذٰلِكَ وَابْنُ عَبَّاسٍ جَالِسٌ اِلٰى جَنْبِهٖ

سماک حنفی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کی ہے اور عنقریب وہ شخص آجائے گا جو اس سے منع کرے گا (راوی کہتے ہیں) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اس وقت ان کے پہلو میں بیٹھے ہوئے تھے۔

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي صَلّٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ حِيْنَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ

اس جگہ کا تذکرہ جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا کی تھی اس وقت جب آپ خانہ کعبہ میں داخل ہوئے تھے

3201 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ عِيْسٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا

3200– إسناده قوى . سماك الحنفى: هو سماك بن الوليد . قال الحافظ فى "التقريب": ليس به بأس، روى له البخارى فى "الأدب المفرد"، ومسلم فى "صحيحه" وأصحاب السنن . والحديث فى "مسند على بن الجعد" . "1556" وأخرجه الطيالسى "1867"، وأحمد "2/45" و"46" و"82"، والطحاوى "1/391"، والبيهقى "2/328" من طرق عن شعبة، بهٰذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "9066" من طريق معمر عن سماك، به.

الْفَضْلُ بْنُ مُوسٰى، عَنْ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِیْ سُفْيَانَ، عَنْ سَالِمٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث):صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْبَيْتِ بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے اندر دوستونوں کے درمیان نماز ادا کی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عُمَرَ سَمِعَ اسْتِعْمَالَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا وَصَفْنَا مِنْ بِلَالٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس عمل کے بارے میں سنا تھا جو ہم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا تھا

3202 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِیْ حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث):دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْفَتْحِ الْكَعْبَةَ وَمَعَهُ بِلَالٌ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، فَاَغْلَقُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ مِنْ دَاخِلٍ، فَلَمَّا خَرَجُوا سَاَلْتُ بِلَالًا، قُلْتُ: اَيْنَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: رَاَيْتُهُ صَلّٰى عَلٰى وَجْهِهِ حِيْنَ دَخَلَ بَيْنَ الْعَمُوْدَيْنِ عَنْ يَمِيْنِهِ، ثُمَّ لُمْتُ نَفْسِی اَنْ لَا اَكُوْنَ سَاَلْتُهُ كَمْ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ بھی تھے ان حضرات نے داخل ہونے والوں کے لئے دروازہ بند کر دیا جب یہ حضرات باہر تشریف لائے' تو میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: میں نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں نماز ادا کی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اندر تشریف لانے کے بعد سامنے کی طرف رخ کر کے دائیں طرف موجود دوستونوں کے درمیان نماز ادا کی تھی۔

3201– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه البخارى "1598" فى الحج: باب إغلاق البيت، ومسلم "1329" "393" و"394" فى الحج: باب استحباب دخول الكعبة للحاج وغيره والصلاة فيها، والنسائى 2/33"–"34 فى المساجد: باب الصلاة فى الكعبة، وفى "الكبرى" كما فى "التحفة" "5/387"، والدارمى "2/53"، والطحاوى "1/389"–"390، والبيهقى 2/327"–"328 من طرق عن الليث بن سعد، عن ابن شهاب، عن سالم بهٰذا الإسناد.

3202– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير عمر بن عبد الواحد، فقد روى له النسائى وأبو داوٗد وابن ماجه، وهو ثقة. وأخرجه ابن ماجه "3063" فى المناسك: باب دخول الكعبة، من طريق عبد الرحمٰن بن إبراهيم، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الطحاوى "1/390" من طريق دحيم بن اليتيم، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ، عن نافع، عن ابن عمر.

(حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:) پھر میں نے اپنے آپ کو یہ ملامت کی میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے یہ دریافت کیوں نہیں کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی رکعات ادا کی تھیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَلَاةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ بَيْنَ عَمُودَيْنِ اِنَّمَا كَانَتْ بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ الْمُقَدَّمَيْنِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ میں جن دوستونوں کے درمیان نماز ادا کی تھی وہ نماز آگے والے دوستونوں کے درمیان ادا کی تھی

3203 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْتَ وَمَعَهُ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَبِلَالٌ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، فَاَجَافُوا الْبَابَ عَلَيْهِمْ طَوِيلًا، ثُمَّ فُتِحَ، فَكُنْتُ اَوَّلَ مَنْ دَخَلَ فَلَقِيتُ بِلَالًا، فَقُلْتُ: اَيْنَ صَلّٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقَالَ: بَيْنَ الْعَمُودَيْنِ الْمُقَدَّمَيْنِ، فَنَسِيتُ اَنْ اَسْاَلَهُ كَمْ صَلّٰى

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما، حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ تھے ان حضرات نے دروازے کو کافی دیر بند رکھا پھر اسے کھول دیا گیا' تو سب سے پہلے میں اندر داخل ہوا میری ملاقات حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے ہوئی' تو میں نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں نماز ادا کی ہے؟ انہوں نے جواب دیا: سامنے والے دوستونوں کے درمیان۔

(حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:) مجھے یہ خیال نہیں رہا کہ میں ان سے یہ دریافت کروں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی رکعات ادا کی ہیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ قِيَامِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ صَلَاتِهِ فِي الْكَعْبَةِ بَيْنَ الْاَعْمِدَةِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قیام کی صفت کا تذکرہ جو (قیام) آپ نے ستونوں کے درمیان خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرتے ہوئے کیا تھا

3204 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ

3203– إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبدة بن سليمان: هو الكلابي أبو محمد الكوفي وأخرجه مسلم "1329" "391" في الحج: باب استحباب دخول الكعبة للحاج وغيره والصلاة فيها، من طرق عن عبدة بن سليمان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد "2/33" و"55"، وأبو داوُد "5025" في الحج: باب الصلاة في الكعبة، من طرق عن عبيد الله بن عمر، به.

نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ هُوَ وَاُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ، وَبِلَالُ بْنُ رَبَاحٍ مَعَهُ، فَاَغْلَقَهَا عَلَيْهِ وَمَكَثَ فِيْهَا، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: فَسَاَلْتُ بِلَالًا، حِيْنَ خَرَجَ، اَيْنَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟، قَالَ: جَعَلَ عَمُوْدًا عَنْ يَّسَارِهٖ، وَعَمُوْدَيْنِ عَنْ يَّمِيْنِهٖ، وَثَلَاثَةَ اَعْمِدَةٍ وَّرَآئَهٗ، وَكَانَ الْبَيْتُ يَوْمَئِذٍ عَلٰى سِتَّةِ اَعْمِدَةٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما، حضرت عثمان بن طلحہ رضی اللہ عنہ اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ خانہ کعبہ کے اندر داخل ہوئے تو ان حضرات نے دروازے کو بند کر دیا وہ اندر ٹھہرے رہے۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے تو میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں نماز ادا کی ہے تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ستون کو اپنے بائیں طرف رکھا اور دو ستونوں کو اپنے دائیں طرف رکھا اور تین ستونوں کو اپنے پیچھے کی طرف رکھا۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) ان دنوں خانہ کعبہ کے اندر چھ ستون ہوتے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ، اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِخَبَرِ نَافِعٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ نافع کی نقل کردہ اس روایت کے برخلاف ہے جو ہم نے پہلے ذکر کی ہے

3205 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ

3204- إسناده صحيح على شرطهما .وهو في "الموطأ" "1/398" في الحج: باب الصلاة في البيت وقصر الصلاة وتجيل الخطبة بعرفة. ومن طريق مالك أخرجه: الشافعي "1/68"، والبخاري "505" في الصلاة: باب الصلاة بين السواري في غير جماعة، وأبو داوٗد "2023" في الحج: باب الصلاة في الكعبة، والنسائي "2/63" في القبلة: باب مقدار الدنو من السترة، والطحاوي "1/389"، والبيهقي 2/326"-"327 و"327"، البغوي ."447"

3205- إسناده صحيح على شرط البخاري، مسدد: من رجال البخاري، ومن فوقه على شرطهما . أبو الشعثاء : هو سُليم بن أسود بن حنظلة المحاربي الكوفي.وأخرجه الطحاوي "1/390" من طريق أحمد بن إشكاب، عن أبي معاوية، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "9071" من طريق إِسْرَائِيلَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ، عَنْ أبيه، به. وأخرجه عبد الرزاق "9064"، وأحمد "2/3"، والبخاري "468" في الصلاة: باب الأبواب والغلق للكعبة والمساجد، و "504" باب الصلاة بين السواري في غير جماعة، و"506" باب رقم "97"، و"1599" في الحج: باب الصلاة في الكعبة، و"2988" في الجهاد: باب الردف على الحمار، و"4289" في المغازي: باب دخول النبي صلى الله عليه وسلم من أعلى مكة، و "4400" باب حجة الوداع، ومسلم "1329" "389" و"390" و"392"، والدارمي "2/53"، والطحاوي "1/390"، والبيهقي "2/327" من طرق عن نافع، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "9063" و"9065"، والبخاري "397" في الصلاة: باب قول الله تعالى: (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) البقرة: من الآية "125"، و"1167" في التهجد: باب ما جاء في التطوع مثنى مثنى، والترمذي "874" في الحج: باب ما جاء في الصلاة في الكعبة، والنسائي "5/217" و"218" في الحج: باب موضع الصلاة في البيت، والطحاوي "1/390"،

عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِی الشَّعْثَاءِ، قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ ابْنَ عُمَرَ، دَاخِلَ الْبَيْتِ حَتّٰى اِذَا كَانَ بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ صَلّٰى اَرْبَعًا، فَقُمْتُ اِلٰى جَنْبِهِ فَلَمَّا صَلّٰى قُلْتُ: اَيْنَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: هَاهُنَا، اَخْبَرَنِی اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّهُ رَاٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى.

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ ابْنُ عُمَرَ عَنْ بِلَالٍ، وَاُسَامَةِ بْنِ زَيْدٍ، لِاَنَّهُمَا كَانَا مَعَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی الْكَعْبَةِ فَمَرَّةً اَدَّى الْخَبَرَ عَنْ بِلَالٍ، وَمَرَّةً اُخْرٰى عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ فَالطَّرِيْقَانِ جَمِيْعًا مَحْفُوْظَانِ

❀❀ ابوشعثاء بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو دیکھا کہ وہ خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے' یہاں تک کہ جب وہ دوستونوں کے درمیان پہنچے' تو انہوں نے چار رکعات ادا کیں میں ان کے پاس کھڑا ہو گیا جب انہوں نے نماز ادا کر لی' تو میں نے دریافت کیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں نماز ادا کی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: یہاں۔ مجھے حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے یہ بات بتائی ہے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو (یہاں) نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ روایت حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے سنی ہے کیونکہ خانہ کعبہ میں یہ دونوں حضرات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھے تو ایک مرتبہ انہوں نے یہ روایت حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کر دی اور دوسری مرتبہ یہ روایت حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نقل کر دی تو اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ الْقَدْرِ الَّذِی بَيْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَيْنَ الْجِدَارِ حَيْثُ كَانَ يُصَلِّی فِی الْكَعْبَةِ

(جگہ کی) اس مقدار کا تذکرہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور دیوار کے درمیان تھی جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کی تھی

3206 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ، بِبَلَدِ الْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَذْرَمِیُّ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِیٍّ، عَنْ مَالِكِ بْنِ اَنَسٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

3206– إسناده صحيح. عبد الله بن محمد بن إسحاق، روى له أبو داوٗد والنسائي وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم "1331" في الحج: باب استحباب دخول الكعبة للحاج وغيره والصلاة فيها والدعاء في نواحيها كلها، من طريق شيبان بن فروخ، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد "1/237" و"31"، وابن أبي شيبة "4/61"، والطحاوي "1/389"، والطبراني في "الكبير" "11339" من طرق عن همام، به.

(متن حدیث):كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّيْ وَبَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ مِقْدَارُ ثَلَاثَةِ اَذْرُعٍ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز ادا کر رہے ہوتے تھے جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور قبلہ کے درمیان تین بالشت کا فاصلہ ہوتا تھا۔

ذِكْرُ نَفْيِ ابْنِ عَبَّاسٍ صَلَاةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کرنے کی نفی کا تذکرہ

3207 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَطَاءٌ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث):اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ وَفِيْهَا سِتُّ سَوَارِى، فَقَامَ عِنْدَ كُلِّ سَارِيَةٍ وَّدَعَا وَلَمْ يُصَلِّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے اس میں چھ ستون تھے آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہر ستون کے پاس کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی وہاں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا نہیں کی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِنَفْيِ هٰذَا الْفِعْلِ الَّذِى ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس فعل کی نفی کی صراحت کرتی ہے جو ہم نے ذکر کیا ہے

3208 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ:

(متن حدیث):قُلْتُ لِعَطَاءٍ: اَسَمِعْتَ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ: اِنَّمَا اُمِرْتُمْ بِالطَّوَافِ وَلَمْ تُؤْمَرُوا بِدُخُوْلِهِ؟ قَالَ: لَمْ يَكُنْ يَنْهٰى عَنْ دُخُوْلِهِ، وَلٰكِنْ سَمِعْتُهُ: يَقُوْلُ: اَخْبَرَنِيْ اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا دَخَلَ الْبَيْتَ دَعَا فِيْ نَوَاحِيْهِ كُلِّهَا وَلَمْ يُصَلِّ فِيْهِ حَتّٰى خَرَجَ فَصَلّٰى عِنْدَ الْبَابِ، وَقَالَ: هَاهُنَا قِبْلَةٌ فَصَلِّهِ

توضیح مصنف:قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَانِ خَبَرَانِ قَدْ عَوَّلَ اَئِمَّتُنَا رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ وَرِضْوَانُهُ

3207– إسناده صحيح على شرط مسلم.

3208– موسى بن محمج بن حيان: ذكره المؤلف فى "الثقات"، وقال: ربما خالف، وقال ابن أبى حاتم: ترك أبو زرعة حديثه، ولم يقرأه، وان قد أخرجه قديمًا فى فوائده، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه عبد الرزاق "9056"، ومن طريقه النسائى 5/220"–"221 فى المناسك: باب موضع الصلاة من الكعبة، وأخرجه مسلم "1330" فى الحج: باب استحباب دخول الكعبة للحاج وغيره والصلاة فيها والدعاء فى نواحيها كلها، والبيهقى "2/328" من طريق محمد بن بكرن كلاهما عن ابن جريج، بهذا الإسناد. وأخرجه البخارى "398" فى الصلاة: باب قول الله تعالى: (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَّقَامِ إِبْرَاهِيْمَ مُصَلًّى) البقرة: من الآية "125" ومن طريقه البغوى "448" عن عبد الرزاق، عن ابن جريج عن عطاء عن ابن عباس.

عَلَى الْكَلَامِ فِيهِمَا عَلَى النَّفْيِ وَالْإِثْبَاتِ، وَزَعَمُوا أَنَّ بِلَالًا، أَثْبَتَ صَلَاةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، يَنْفِيهَا، وَالْحَكَمُ الْمُثْبِتُ لِلشَّيْءِ أَبَدًا، لَا لِمَنْ يَنْفِيهِ، وَهٰذَا شَيْءٌ يَلْزَمُنَا فِي قِصَّةِ أُحُدٍ فِي نَفْيِ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، الصَّلَاةَ عَلٰى شُهَدَاءِ أُحُدٍ، وَغَسْلَهُمْ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ، وَالْأَشْبَهُ عِنْدِي فِي الْفَصْلِ بَيْنَ هٰذَيْنِ الْخَبَرَيْنِ بِأَنْ يُجْعَلَا فِي فِعْلَيْنِ مُتَبَايِنَيْنِ، فَيُقَالُ: إِنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا فَتَحَ مَكَّةَ دَخَلَ الْكَعْبَةَ فَصَلّٰى فِيهَا عَلٰى مَا رَوَاهُ أَصْحَابُ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ بِلَالٍ، وَأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، وَكَانَ ذٰلِكَ يَوْمَ الْفَتْحِ، كَذٰلِكَ قَالَهُ حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَيُجْعَلُ نَفْيُ ابْنِ عَبَّاسٍ صَلَاةَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكَعْبَةِ فِي حَجَّتِهِ الَّتِي حَجَّ فِيهَا، حَتّٰى يَكُونَ فِعْلَانِ فِي حَالَتَيْنِ مُتَبَايِنَتَيْنِ، لِأَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ نَفَى الصَّلَاةَ فِي الْكَعْبَةِ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَزَعَمَ أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ، وَأَخْبَرَ أَبُو الشَّعْثَاءِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلّٰى فِي الْبَيْتِ، وَزَعَمَ أَنَّ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ أَخْبَرَهُ بِذٰلِكَ، فَإِذَا حُمِلَ الْخَبَرَانِ عَلٰى مَا وَصَفْنَا فِي الْمَوْضِعَيْنِ الْمُتَبَايِنَيْنِ بَطَلَ التَّضَادُّ بَيْنَهُمَا، وَصَحَّ اسْتِعْمَالُ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا

ابن جریج بیان کرتے ہیں: میں نے عطاء سے دریافت کیا: کیا آپ نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے تم لوگوں کو (خانہ کعبہ کا) طواف کرنے کا حکم دیا گیا ہے تمہیں اس کے اندر داخل ہونے کا حکم نہیں دیا گیا' تو عطاء نے جواب دیا: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اس کے اندر جانے سے منع نہیں کرتے تھے تاہم میں نے انہیں یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے وہ کہتے ہیں: حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما نے مجھے بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے تھے' تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے تمام گوشوں میں دعا مانگی تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اندر نماز ادا نہیں کی تھی' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لائے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے دروازے کے قریب نماز ادا کر کے یہ ارشاد فرمایا: قبلہ اس طرف ہے تم اس کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان دونوں روایات کی ہماری آئمہ نے یہ تاویل بیان کی ہے کہ ان دونوں میں مذکور کلام کو نفی اور اثبات پر محمول کیا جائے گا ان حضرات نے یہ بات بیان کی ہے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے خانہ کعبہ کے اندر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز ادا کرنے کے اثبات کا ذکر کیا ہے اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما نے اس کی نفی کی ہے' تو کسی چیز کو ثابت کرنے کا حکم اسے بدل دیتا ہے' جو اس کی نفی کر رہا ہو۔ اور واقعہ اُحد میں یہ چیز ہم پر لازم ہوتی ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے غزوہ احد کی نماز جنازہ ادا کرنے اور اس دن میں ان حضرات کو غسل دینے کی نفی کی ہے اور میرے نزدیک زیادہ مناسب یہ ہے: ان دونوں روایات میں فصل کیا جائے کہ ان دونوں میں مذکورہ فعل کو دو مختلف صورتوں پر محمول کیا جائے اور یہ بات کہی جائے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ فتح کیا تھا۔ اور خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے تھے۔ تو آپ نے اس میں نماز ادا کی تھی۔ جیسا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے شاگردوں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے اور یہ فتح مکہ کے دن کی بات ہے۔ جس کا ذکر حسان بن عطیہ نے نافع کے حوالے سے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کیا ہے جبکہ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی

نبی اکرم ﷺ کے نماز ادا کرنے کی نفی کو اس صورت حال پر محمول کیا جائے کہ وہ یہ کہتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید ؓ نے انہیں اس بارے میں بتایا ہے جبکہ ابوشعثاء نے حضرت عبداللہ بن عمر ؓ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے خانہ کعبہ کے اندر نماز ادا کی تھی اور وہ یہ کہتے ہیں کہ حضرت اسامہ بن زید ؓ نے انہیں اس بارے میں بتایا تھا۔ سو جب اس روایت کو اس صورتحال پر محمول کیا جائے گا جس کا ذکر ہم نے کیا ہے' جو دو مختلف موقعوں کی بات ہے' تو اس صورت میں ان کے درمیان تضاد ختم ہو جائے گا اور ان میں سے ہر ایک کو مخصوص صورتحال پر محمول کیا جا سکے گا۔

كِتَابُ الزَّكٰوةِ

کتاب: زکوۃ کا بیان

بَابُ جَمْعِ الْمَالِ مِنْ حِلِّهِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِذٰلِكَ

باب: حلال طور پر مال اکٹھا کرنا اور اس سے متعلق (دیگر مسائل)

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُوعِيَ الْمَرْءُ بَعْضَ مَالِهِ اِذِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا يُوعِي عَلٰى مَنْ جَمَعَ مَالَهُ فَاَوْعَى

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اپنے کچھ مال کو باندھ کر رکھے کیونکہ اس صورت میں اللہ تعالیٰ بھی اس شخص کو روک کر دیتا ہے جو اپنے مال کو جمع کرتا ہے اور اسے روک کر رکھتا ہے

3209 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، وَفَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ،

(متن حدیث): عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ وَّكَانَتْ اِذَا اَنْفَقَتْ شَيْئًا تُحْصِي، فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنْفِقِي وَلَا تُحْصِي فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ، وَلَا تُوعِي فَيُوعِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ

❀❀ سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہما بیان کرتی ہیں: وہ جب کوئی چیز خرچ کرتی تھیں تو اس کی گنتی کیا کرتی تھیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم گنتی کیے بغیر خرچ کیا کرو ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تمہیں گن کر عطا کرے گا اور تم (رقم کی تھیلی کا) منہ بند نہ رکھا کرو ورنہ

3209- إسناده صحيح على شرط الشيخين، رجاله ثقات رجال الصحيحين غير عبيد بن إسماعيل، فمن رجال البخاري وأخرجه أحمد 6/345و 346و 354، والبخاري "1433" في الزكاة: باب التحريض على الصدقة والشفاعة فيها، و "2591" في الهبة: باب هبة المرأة لغير زوجها، ومسلم "1029" في الزكاة: باب الحث على الإنفاق وكراهة الإحصاء، والنسائي 5/73- 74 في الزكاة: باب الإحصاء في الصدقة، وفي عشرة النساء، كما في "التحفة" 11/242، والطبراني في "الكبير" 24/ "337" و "338" و: "339"، والبيهقي 4/186--187، والبغوي "1655" من طرق عن هشام بن عروة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1436" من طريق ابن أبي مليكة، عن عباد بن عبد الله ابن الزبير، عن أسماء. وأخرجه عبد الرزاق "20056" من طريق ابن أبي مليكة أن أسماء بنت أبي بكر ... فذكر نحوه. وانظر "3346".

اللہ تعالیٰ بھی تمہیں دیتے ہوئے (رقم کی تھیلی کا) منہ بند کر لے گا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلرَّجُلِ الَّذِي يَجْمَعُ الْمَالَ مِنْ حِلِّهِ إِذَا قَامَ بِحُقُوقِهِ فِيهِ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ حلال طور پر مال اکٹھا کرے جبکہ وہ اس مال کے بارے میں حقوق کو ادا کرتا رہے

3210 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: أَخْبَرَنَا أَبُو أَحْمَدَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، أَنَّهُ سَمِعَ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَا عَمْرُو نِعْمَ الْمَالُ الصَّالِحُ مَعَ الرَّجُلِ الصَّالِحِ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: سَمِعَ هَذَا الْخَبَرَ عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ، وَسَمِعَهُ مِنْ أَبِي الْقَيْسِ بَدَلَ عَمْرٍو، عَنْ عَمْرٍو فَالطَّرِيقَانِ جَمِيعًا مَحْفُوظَانِ

❀❀ حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے عمرو! سب سے اچھا مال وہ نیک مال ہے جو نیک آدمی کے پاس ہو۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): علی بن رباح نامی راوی نے یہ روایت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے سنی ہے اور انہوں نے یہ روایت ابوقیس کے حوالے سے حضرت عمرو رضی اللہ عنہ سے سنی ہے اس کے دونوں طرق محفوظ ہیں۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِبَاحَةِ جَمْعِ الْمَالِ مِنْ حِلِّهِ إِذَا أَدَّى حَقَّ اللَّهِ مِنْهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ حلال طور پر مال کو جمع کرنا مباح ہے جب (آدمی) اس مال میں سے اللہ تعالیٰ کے حق کو ادا کرے

3211 - (سندحدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ

3210– إسناده قوى على شرط مسلم وأخرجه أحمد 4/197 من طريق عبد الرحمٰن، و 202 من طريق وكيع، والبخارى فى "الأدب المفرد "299""، والحاكم 2/2 من طريق عبد الله بن زيد المقرء، والحاكم 2/236 من طريق عبد الله بن صالح، والقضاعى "1315"، والبغوى "2495" من طريق سعيد بن عبد الرحمٰن الجمحى، خمستهم عن موسى بن عُلى، عن أبيه . وقال الحاكم فى الموضع الأول: صحيح على شرط مسلم، وفى الثانى: صحيح على شرطهما، ووافقه الذهبى فى الموضعين.

3211– إسناده قوى. وهو مكرر ما قبله، وهو فى " مسند أبى يعلى " 1/343 قوله " أزعب لك من المال زعبة" قال الأصمعى: أى: أعطيك دفعة من المال، والزعب: هو الدفع، يقال: جاء نا سيل يزعب زعبًا، أى: يتدافع. وقد تصحف فى الأصل إلى "أرغب " بالراء المهملة والغين المعجمة، والتصويب من " مسند أبى يعلى"، وانظر "شرح السنة" وكتب غريب الحديث.

مُوسَى بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْعَاصِ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): يَا عَمْرُو اشْدُدْ عَلَيْكَ سِلَاحَكَ وَثِيَابَكَ، قَالَ: فَفَعَلْتُ، ثُمَّ اَتَيْتُهُ فَوَجَدْتُهُ يَتَوَضَّاُ، فَرَفَعَ رَاْسَهُ، فَصَعَّدَ فِيَّ النَّظَرَ وَصَوَّبَهُ، قَالَ: يَا عَمْرُو اِنِّي اُرِيْدُ اَنْ اَبْعَثَكَ وَجْهًا، فَيُسَلِّمَكَ اللّٰهُ وَيُغْنِمَكَ، وَاَزْعَبُ لَكَ مِنَ الْمَالِ زَعْبَةً صَالِحَةً، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَمْ اُسْلِمْ رَغْبَةً فِي الْمَالِ اِنَّمَا اَسْلَمْتُ رَغْبَةً فِي الْجِهَادِ وَالْكَيْنُونَةِ مَعَكَ، قَالَ: يَا عَمْرُو نِعِمَّا بِالْمَالِ الصَّالِحِ مَعَ الرَّجُلِ الصَّالِحِ

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اے عمرو! تم اپنے ہتھیار اور کپڑوں کو اپنے اوپر باندھ لو۔ راوی کہتے ہیں: میں نے ایسا ہی کیا پھر میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' تو میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے ہوئے پایا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر اٹھایا اور میرا نیچے سے لے کر اوپر تک جائزہ لیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمرو! میں تمہیں ایک مہم پر روانہ کرنا چاہتا ہوں اللہ تعالیٰ تمہیں سلامت رکھے اور تمہیں مال غنیمت عطا کرے اور میں تمہیں مالِ غنیمت میں سے حصہ بھی دوں گا۔

راوی کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے مال کی دلچسپی کی خاطر اسلام قبول نہیں کیا میں نے' تو جہاد میں حصہ لینے کے لئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رہنے کے لئے اسلام قبول کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عمرو! وہ مال بہت اچھا ہے' جو پاک ہو اور نیک آدمی کے پاس ہو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ، اَنَّ جَمْعَ الْمَالِ مِنْ حِلِّهِ غَيْرُ جَائِزٍ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ حلال طور پر مال کو جمع کرنا بھی جائز نہیں ہے

3212 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَجَعِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ: يَا عَائِشَةُ مَا فَعَلْتِ الذَّهَبُ، قَالَتْ: قُلْتُ: هِيَ عِنْدِي، قَالَ: فَاْتِينِي بِهَا - وَهِيَ بَيْنَ السَّبْعَةِ وَالْخَمْسَةِ - فَجِئْتُ فَوَضَعْتُهَا فِي كَفِّهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا ظَنُّ مُحَمَّدٍ بِاللّٰهِ لَوْ لَقِيَ اللّٰهَ وَهٰذِهِ عِنْدَهُ، اَنْفِقِيهَا

3212- إسناده حسن. محمد بن عمرو وهو ابن علقمة بن وقاص الليثي- حسن الحديث، روى له البخاري مقرونا، ومسلم متابعة، وباقي السند على شرط الشيخين. وأخرجه أحمد 6/49 و 182، والبغوي "1658" من طرق عن محمد بن عمرو، به . وأخرجه أحمد 6/86 عن علي بن عياش، حدثنا محمد بن مطرف أبو غسان، حدثنا أبو حازم "هو سلمة بن دينار"، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، عَنْ عائشة ... وهٰذا سند صحيح على شرط البخاري، علي بن عياش خرج له البخاري فقط، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأورده الهيثمي في " المجمع" 10/239- 240، وقال: رواه أحمد بأسانيد، ورجال أحدها رجال الصحيح.

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جس بیماری کے دوران نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا اس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عائشہ! اس سونے کا کیا ہوا؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے عرض کی: وہ میرے پاس ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے میرے پاس لے کر آؤ' وہ سات یا پانچ (اوقیہ) تھا میں اسے لے کر آئی میں نے اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی پر رکھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: محمد کا اللہ تعالیٰ کے بارے میں کیا گمان ہوگا اگر وہ ایسی حالت میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو کہ یہ (سونا) اس کے پاس ہو تم اسے خرچ کر دو۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِي سَلَمَةَ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت ابوسلمہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3213 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ، عَنْ مُوسَى بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَلٰى عَائِشَةَ، فَقَالَتْ: لَوْ رَاَيْتُمَا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فِي مَرَضٍ لَهُ وَكَانَتْ لَهُ عِنْدِي سِتَّةُ دَنَانِيرَ اَوْ سَبْعَةٌ، قَالَتْ: فَاَمَرَنِي اَنْ اُفَرِّقَهَا، فَشَغَلَنِي وَجَعُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى عَافَاهُ اللّٰهُ، قَالَتْ: ثُمَّ سَاَلَنِي عَنْهَا، فَقُلْتُ: لَا وَاللّٰهِ قَدْ كَانَ شَغَلَنِي وَجَعُكَ، قَالَتْ: فَدَعَا بِهَا فَوَضَعَهَا فِي كَفِّهِ، ثُمَّ قَالَ: مَا ظَنُّ نَبِيِّ اللّٰهِ لَوْ لَقِيَ اللّٰهَ وَهُوَ عِنْدَهُ؟

ابوامامہ بن سہل بیان کرتے ہیں: میں اور عروہ بن زبیر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے فرمایا: کاش تم اس دن اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار تھے اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چھ یا شاید سات دینار میرے پاس موجود تھے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے ہدایت کی کہ میں انہیں خرچ کر دوں' لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کی وجہ سے میں ایسا نہ کر سکی' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت بہتر کی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں مجھ سے دریافت کیا: تو میں نے عرض کی: جی نہیں اللہ کی قسم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کی وجہ سے میں انہیں خرچ نہیں کر سکی۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں منگوایا اور انہیں اپنی ہتھیلی پر رکھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کے نبی کا کیا گمان ہوگا اگر وہ ایسی حالت میں اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہو کہ یہ اس کے پاس ہو۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِي مِنْ اَجْلِهَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا الْقَوْلَ

اس علت کا تذکرہ جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی

3213- موسى بن جبير روى عنه جمع، وذكره المؤلف في " الثقات " 7/ 451، وقال: يخطىء ويخالف، وقال الحافظ في " التقريب ": مستور، ووثقه الذهبي في "الكاشف." وباقي السند رجاله رجال الشيخين، وهو بمعنى ما قبله.

3214 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ الْقَيْسِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَا يَسُرُّنِي اَنَّ اُحُدًا لِي ذَهَبًا يَاْتِي عَلَيَّ ثَلَاثٌ، وَعِنْدِي مِنْهُ دِينَارٌ غَيْرَ شَيْءٍ اَرْصُدُهُ فِي دَيْنٍ عَلَيَّ .

❁❁ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میرے پاس احد پہاڑ جتنا سونا ہو اور پھر تین دن گزرنے کے بعد ان میں سے ایک دینار بھی میرے پاس ہو ماسوائے اس کے جسے میں نے قرض کی ادائیگی کے لئے سنبھال کے رکھا ہو''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ الشَّرَائِطِ الَّتِي إِذَا اَخَذَ الْمَرْءُ الْمَالَ بِهَا بُورِكَ لَهُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو ان شرائط کے بارے میں ہے جب آدمی ان شرائط کے ہمراہ مال کو حاصل کرتا ہے تو اس کے لیے (اس مال میں) برکت رکھی جاتی ہے

3215 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا تَمِيمُ بْنُ الْمُنْتَصِرِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ الْاَزْرَقُ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ اَعْطَيْنَاهُ مِنْهَا شَيْئًا بِطِيبِ نَفْسٍ مِنَّا وَحَسَنِ طُعْمَةٍ مِنْهُ، مِنْ غَيْرِ شَرَهِ نَفْسٍ، بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ اَعْطَيْنَاهُ مِنْهَا شَيْئًا بِغَيْرِ طِيبِ نَفْسٍ مِنَّا، وَحَسَنِ طُعْمَةٍ مِنْهُ، وَاِشْرَافِ نَفْسٍ، كَانَ غَيْرَ مُبَارَكٍ لَهُ فِيهِ

❁❁ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: بے شک دنیا سرسبز اور میٹھی ہے ہم اس میں سے جو چیز اپنی

3214- إسناده صحيح على شرط مسلم. محمد بن زياد: هو القرشي الجمحي. وأخرجه أحمد 2/467، ومسلم "991" في الزكاة: باب تغليظ عقوبة من لا يؤدي الزكاة، من طرق عن محمد بن زياد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/530 عن علي بن حفص، أخبرنا ورقاء، عن أبي الزناد، عن الأعرج، عن أبي هريرة . وأخرجه البخاري "2389" و "6445" من طريق يونس، عن ابن شهاب، عن عُبيد الله بن عبد الله بن عتبة، عن أبي هريرة رفعه " لو كان لي مثل أحد ذهبًا، لسرني أن لا تمر عليَّ ثلاث ليال عندي منه شيء ، إلا شيئًا أرصده لدين ." وأخرجه البخاري " 7228" من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام، عن أبي هريرة . وأخرجه ابن ماجه "4231" في الزهد: باب في المكثرين، عن يعقوب بن حميد، عن عبد العزيز بن محمد، عن أبي سهيل بن مالك، عن أبيه، عن أبي هريرة. قال البوصيري في "الزوائد" ورقة 261: هٰذا إسنادٌ حسن، يعقوب بن حميد مختلف فيه، وأبو سهيل: اسمه نافع بن مالك بن أبي عامر الأصبحي عم الإمام مالك بن أنس وفي الباب عن أبي ذر، وسيأتي.

3215- إسناده ضعيف، شريك- وهو بن عبد الله النخعي القاضي- سيء الحفظ، وباقي رجاله ثقات . إسحاق الأزرق: هو إسحاق بن يوسف، قال العجلي: وهو أروى الناس عن شريك، لأنه سمع منه قديمًا . وأخرجه أحمد 6/68 من طريق الأسود بن عامر، عن شريك، بهٰذا الإسناد. وقول الهيثمي في "المجمع" 3/100: رجاله رجال الصحيح، فيه نظر، لأن شريكًا لم يخرج له مسلم إلا في المتابعات. وفي الباب عن حكيم بن حزام، وسيأتي برقم "3220" و ."3402"

خوشی کے ساتھ اور لینے والے کے لالچ کے بغیر اسے دیں جس میں اس کے نفس کی برائی نہ ہو تو اس چیز میں اس شخص کے لئے برکت رکھی جائے گی اور جسے ہم اپنی خوشی کے بغیر اسے دیں اور اس میں اس کا لالچ بھی شامل ہو تو اس کے لیے اس میں برکت نہیں ہوگی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ اِذَا اَخْرَجَ حَقَّ اللّٰهِ مِنْ مَالِهِ لَيْسَ عَلَيْهِ غَيْرُ ذٰلِكَ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ مُتَطَوِّعًا بِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جب آدمی اپنے مال میں سے اللہ تعالیٰ کے حق کو نکال دیتا ہے تو اب اس پر اس کے علاوہ کوئی ادائیگی لازم نہیں ہوگی البتہ اگر وہ نفلی طور پر (کچھ دینا چاہے تو یہ جائز ہے)

3216 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ دَرَّاجٌ اَبُو السَّمْحِ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِذَا اَدَّيْتَ زَكَاةَ مَالِكَ فَقَدْ قَضَيْتَ مَا عَلَيْكَ فِيْهِ، وَمَنْ جَمَعَ مَالًا حَرَامًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهِ لَمْ يَكُنْ لَّهُ فِيْهِ اَجْرٌ، وَكَانَ اِصْرُهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جب تم اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کر دو تو تم نے اپنے ذمے لازم فرض کو ادا کر دیا اور جو شخص حرام طور پر مال کو جمع کرتا ہے اور پھر اسے صدقہ کرتا ہے اسے اس کا اجر نہیں ملتا' البتہ اس کا وبال اس کے ذمے ہوتا تھا۔"

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3217 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفِرْيَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3216- إسناده حسن، دراج أبو السمح صدوق، وباقي السند رجاله رجال الصحيح، ابن حجيرة: هو عبد الرحمٰن بن حجيرة. وأخرجه الحاكم 1/390، والبيهقي 4/84، من طريق ابن وهب، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم، ووافقه الذهبي. وأخرج القسم الأول منه الترمذي "618" في الزكاة: باب ماجاء إذا أديت الزكاة فقد قضيت ما عليك، والبغوي "1591" من طريق ابن وهب، به. وقال الترمذي: هذا حديث حسن غريب. وأخرجه كذلك ابن ماجه "1788" في الزكاة: باب ما أدي زكاته ليس بكنز، من طريق موسى بن أعين، عن عمرو بن الحارث، به.

(متن حدیث): نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ وَالْاَوَّلُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَاِنَّ الْاَكْثَرِيْنَ هُمُ الْاَسْفَلُوْنَ، اِلَّا مَنْ قَالَ هٰكَذَا وَهٰكَذَا عَنْ يَّمِيْنِهٖ وَعَنْ يَّسَارِهٖ، وَمِنْ خَلْفِهٖ وَبَيْنَ يَدَيْهِ، وَيَحْثِي بِثَوْبِهٖ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"(دنیا میں آنے کے حساب سے) ہم آخر والے ہیں' لیکن قیامت کے دن پہلے والے ہوں گے (دنیا میں مال و دولت کے اعتبار سے) کثرت والے لوگ (آخرت میں اجر وثواب کے اعتبار سے) کم حیثیت کے مالک ہوں گے' ماسوائے اس شخص کے' جو اپنے دائیں طرف اپنے بائیں طرف اپنے پیچھے اپنے آگے اس طرح اور اس طرح کہے اور اپنے کپڑے کو پھیلائے (یعنی اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرے)"

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّكُوْنَ الْمَرْءُ عَبْدَ الدِّيْنَارِ وَالدِّرْهَمِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی دینار اور درہم کا بندہ بن جائے

3218 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، بِالْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ سَجَّادَةٌ، حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِيْ حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تَعِسَ عَبْدُ الدِّيْنَارِ، وَعَبْدُ الدِّرْهَمِ، وَعَبْدُ الْقَطِيْفَةِ، وَعَبْدُ الْخَمِيْصَةِ، اِنْ اُعْطِيَ رَضِيَ، وَاِنْ مُّنِعَ سَخِطَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"دینار کا بندہ، درہم کا بندہ، چادر کا بندہ، قمیض کا بندہ برباد ہو جائے کہ اگر اسے کچھ دیا جائے' تو وہ راضی رہتا ہے اور اگر نہ دیا جائے' تو ناراض ہو جاتا ہے۔"

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ حُبَّ الْمَرْءِ الْمَالَ وَالْعُمُرَ مُرَكَّبٌ فِي الْبَشَرِ عَصَمَنَا اللّٰهُ مِنْ حُبِّهِمَا، اِلَّا لِمَا يُقَرِّبُنَا اِلَيْهِ مِنْهُمَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا مال سے محبت رکھنا اور عمر سے محبت رکھنا

3217- رجاله ثقات رجال الصحيح. أبو إسحاق: هو السبيعي عمرو بن عبد الله بن عبيد، وأبو الأحوص: هو عوف بن مالك بن نَضْلَةَ. وأورده السيوطي في " الجامع الكبير" 2/851 وعزاه لابن النجار.

3218- إسناده قوي. الحسن بن حماد: صدوق، ومن فوقه من رجال الصحيح. أبو حصين: هو عثمان بن عاصم، وأبو صالح: هو ذكوان السمان .وأخرجه البخاري "2886" في الجهاد: باب الحراسة في الغزو في سبيل الله، و "6435" في الرقاق: باب ما تبقى من فتنة المال، وابن ماجه "4135" في الزهد: باب المكثرين، والبيهقي 10/245، والبغوي "4059" من طرق عن أبي بكر بن عياش، بهذا الإسناد.وأخرجه البخاري"2887"، والبيهقي 9/159 و 10/245 من طريق عمرو بن مرزوق، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دينار، عن أبي صالح، عن أبي هريرة.

انسان کی فطرت کا حصہ ہے اللہ تعالیٰ ہمیں ان دونوں کی محبت سے بچا کر رکھے ماسوائے اس کے کہ یہ دونوں اللہ تعالیٰ کے قرب کے حصول کا ذریعہ بنیں

3219 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو كُرَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنِي فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: حَدَّثَنِي هِلَالُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ اُسَامَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متنِ حدیث): قَلْبُ ابْنِ آدَمَ شَابٌّ عَلٰى حُبِّ اثْنَتَيْنِ: طُولِ الْعُمُرِ وَالْمَالِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''انسان کا دل دو چیزوں کی محبت میں ہمیشہ جوان رہتا ہے لمبی زندگی اور مال۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا جَعَلَ الْاَمْوَالَ حُلْوَةً خَضِرَةً لِاَوْلَادِ آدَمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے اولادِ آدم کے لیے اموال کو میٹھا اور سرسبز بنایا ہے

3220 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ، وَسَعِيدَ بْنَ الْمُسَيِّبِ، حَدَّثَاهُ اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِي، ثُمَّ سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِي، ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْطَانِي، ثُمَّ سَاَلْتُ فَاَعْطَانِي، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ، اِنَّ هٰذَا الْمَالَ حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ فَمَنْ اَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ اَخَذَهُ بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ، وَكَانَ كَالَّذِي يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، قَالَ حَكِيمٌ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَرْزَاُ اَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى اُفَارِقَ الدُّنْيَا، قَالَ عُرْوَةُ، وَسَعِيدٌ: فَكَانَ اَبُو بَكْرٍ يَدْعُو

3219– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح، وفليح بن سليمان لا يرتقي حديثه إلى الصحة، لكنه قد توبع عليه. وأخرجه أحمد 2/335 و 338و 339 من طريق فليح بن سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/358 و 394 و443 و 447، ومسلم "1046" في الزكاة: باب كراهة الحرص على الدنيا، والحاكم 4/328، والبيهقي 3/368، من طرق عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هريرة. وأخرجه البخاري "6420" في الرقاق: باب من بلغ ستين سنة فقد أعذر الله إليه في العمر، ومسلم "1046" "114" من طريقين عن يُونُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ. وأخرجه أحمد 2/501، والبغوي "4088" من طريقين عن محمد بن عمرو، عن أبي سلمة، عن أبي هريرة. وأخرجه البغوي "4089" من طريق عبد الرزاق، عن معمر، عن همام بن منبه، عن أبي هريرة. وأخرجه أحمد 2/379 و380، والترمذي "2338" في الزهد: باب ماجاء في قلب الشيخ شاب على حب اثنتين، عن قتيبة، عن الليث، عن ابن عجلان، عن القعقاع بن حكيم، عن أبي صالح، عن أبي هريرة. وقال الترمذي: حديث حسن صحيح وأخرجه ابن ماجه "4233" في الزهد: باب الأمل والحرص، من طريق العلاء ابن عبد الرحمٰن، عن أبيه، عن أبي هريرة. وصححه البوصيري في "الزوائد" ورقة 1/268.

حَكِيمًا فَيُعْطِيهِ الْعَطَاءَ فَيَأْبَى، ثُمَّ كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يُعْطِيهِ فَيَأْبَى، فَيَقُولُ عُمَرُ: إِنِّي أُشْهِدُكُمْ يَا مَعْشَرَ الْمُسْلِمِينَ عَلٰى حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ أَنِّي أَعْرِضُ عَلَيْهِ حَقَّهُ الَّذِي قُسِمَ لَهُ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ فَيَأْبَى يَأْخُذُهُ، قَالَ: فَلَمْ يَرْزَأْ حَكِيمٌ أَحَدًا مِنَ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى تُوُفِّيَ

حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عطا کردیا پھر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر عطا کردیا میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر عطا کردیا میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر عطا کردیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے حکیم بن حزام یہ مال مزیدار اور سرسبز ہے جو شخص مزاج کی سخاوت کے ہمراہ اسے حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت رکھی جاتی ہے اور جو شخص لالچ کے ہمراہ اسے حاصل کرتا ہے اس کے لئے اس میں برکت نہیں رکھی جاتی اور اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہوتی ہے جو کھانے کے باوجود سیر نہیں ہوتا اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

حضرت حکیم رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس ذات کی قسم! جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد میں مرتے دم تک کسی سے کوئی چیز نہیں مانگوں گا۔

عروہ اور سعید نامی راوی بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے (اپنے عہد خلافت میں) حضرت حکیم رضی اللہ عنہ کو بلایا اور انہیں کچھ ادائیگی کرنا چاہی تو انہوں نے وہ لینے سے انکار کردیا پھر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے (اپنے عہد خلافت میں) انہیں کچھ دینا چاہا تو انہوں نے اس سے بھی انکار کردیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے مسلمانوں کے گروہ میں حکیم بن حزام کے بارے میں تم لوگوں کو گواہ بنا رہا ہوں کہ میں نے ان کا حق ان کے سامنے رکھا تھا جو مال غنیمت میں سے ان کا حصہ بنتا ہے تو انہوں نے اسے لینے

3220– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غيرَ حرملةَ، فمن رجال مسلم. وأخرجه النسائي 5/101– 102 في الزكاة: باب مسألة الرجل في أمر لا بد منه، والطبراني "3083" من طريق عمرو بن الحارث، بهٰذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "20041"، والبخاريُّ "1472" في الزكاة: باب الاستعفاف عن المسألة، و"2750" في الوصايا: باب تأويل قوله تعالى: (مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ) (النساء: من الآية11)، و "3143" في فرض الخمس: باب مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعطي المؤلفة قلوبهم وغيرهم من الخمس، و "6441" في الرقاق: باب قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: "إِنَّ هٰذَا المال خَضِرَةٌ حُلْوَة"، والنسائي 5/101 في الزكاة: باب مسألة الرجل في أمر لا بد منه، وفي الرقاق كما في "التحفة" 3/75، والترمذي "2463" في الزهد: باب رقم "29"، والدارمي 1/388، والطبراني "3078" و "3080" و "3081" و "3082" و "3083"، والبيهقي 4/196، والبغوي "1619" من طرق عن ابن شهاب، به. وأخرجه أحمد 3/403 من طريق هشام بن عروة، عن أبيه، به. وانظر "3402" و ."3406" قوله "فمن أخذه بسخاوة نفسٍ"، يريد: من غير حرصٍ وشرهٍ، ولا يُمْسِكُهُ ضنًا به، ولكن يُنفقه ويتصدَّق به. قوله: "من أخذه بإشراف نفسٍ" إشرافُ النفس: تطلعها إلى المال، وتعرُّضها له، وطمعها فيه. قوله: "لا أرزأ أحدًا" أي: لا أنقصُ مِن ماله بالطلب منه. وقال الحافظ في "الفتح" 3/336: وإنما امتنع حكيم من أخذ العطاء مع أنه حقُّه، لأنه خشي أن يقبل من أحد شيئًا، فيعتاد الأخذ، فتتجاوز به نفسه إلى مالا يريده، ففطمها عن ذلك، وترك ما يُريبُه، وإنما أشهدَ عليه عمرُ، لأنه أراد أن لا ينسبهُ أحد لم يعرف بالطن الأمر إلى منع حكيم من حقه. قوله "واليد العليا خير من اليد السفلى" العليا: المنفقة، والسفلى: هي السائلة، وقيل: هي المتعففة.

سے انکار کر دیا۔

راوی بیان کرتے ہیں: اللہ کے رسول ﷺ کے (وصال ظاہری کے بعد) حضرت حکیم رضی اللہ عنہ نے مرتے دم تک کسی سے کچھ نہیں مانگا۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ حِفْظِ نَفْسِهِ عَنِ الدُّنْيَا وَآفَاتِهَا عِنْدَ انْبِسَاطِهِ فِي الْأَمْوَالِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ وہ اپنے آپ کو دنیا اور اس کی آفات سے محفوظ رکھے جب اس کے پاس مال زیادہ ہو جائے

3221 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ اَبِي مَسْلَمَةَ سَعِيدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي نَضْرَةَ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، وَاِنَّ اللّٰهَ سَيُخْلِفُكُمْ فِيهَا لِيَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ، فَاتَّقُوا الدُّنْيَا وَاتَّقُوا النِّسَاءَ، فَاِنَّ اَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِي اِسْرَائِيلَ كَانَتِ النِّسَاءَ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''بے شک دنیا سرسبز اور میٹھی ہے اور اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس میں رکھا ہے' تا کہ اس بات کو ظاہر کرے کہ تم لوگ کیا عمل کرتے ہو' تو تم لوگ دنیا سے بچو اور خواتین سے بچو' کیونکہ بنی اسرائیل کا سب سے پہلا فتنہ (خواتین کی وجہ سے ہوا تھا)''

ذِكْرُ تَخَوُّفِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اُمَّتِهٖ مِنَ التَّكَاثُرِ فِي الْاَمْوَالِ وَالتَّعَمُّدِ فِي الْاَفْعَالِ

3221– إسناد صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي نضرة– واسمه المنذربن مالك بن قُطعة– فمن رجال مسلم. بندار: هو محمد بن بشار، ومحمد: هو ابن جعفر الهذلي. وأخرجه مسلم "2742" في الرقاق: باب أكثر أهل الجنة الفقراء، والنسائي في عشرة النساء كما في "التحفة3/463" عن ابندار، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/22، ومسلم من طريق محمد بن جعفر، به. وأخرجه القضاعي في "مسند الشهاب" "1142" من طريق عثمان بن عمر، عن شعبة، به. وأخرجه أحمد 3/22، والترمذي "2191" في الفتن: باب ما جاء ما أخبر النبي صلى الله عليه وسلم أصحابه بما هو كائن إلى يوم القيامه، وابن ماجه "4000"في الفتن: باب فتنة النساء، وأبو يعلى "1101"، والقضاعي "1141" من طريق على بن زيد، عن أبي نضرة، به. وأخرجه أحمد 3/46 من طريق المستمر بن الريان الإيادي، عن أبي نضرة، به. وأخرجه أحمد 3/48من طريق الحسن، عن أبي سعيد.

نبی اکرم ﷺ کا اپنی امت کے حوالے سے اس اندیشے کا شکار ہونا کہ وہ اموال کی کثرت اور جان بوجھ کر کیے جانے والے افعال (کی آزمائش میں مبتلا ہو جائیں گے)

3222 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَيْمُوْنِ الْعَطَّارُ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ حَيَّانَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْاَصَمِّ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا اَخْشَى عَلَيْكُمْ بَعْدِى الْفَقْرَ، وَلٰكِنِّىْ اَخْشَى عَلَيْكُمُ التَّكَاثُرَ، وَمَا اَخْشَى عَلَيْكُمُ الْخَطَاَ، وَلٰكِنِّىْ اَخْشَى عَلَيْكُمُ الْعَمْدَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''مجھے اپنے بعد تمہارے بارے میں غربت کا اندیشہ نہیں ہے بلکہ مجھے تمہارے بارے میں (مال ودولت کی) کثرت کا اندیشہ ہے اور مجھے تمہارے بارے میں (غلطی سے کیے جانے والے گناہوں) کا اندیشہ نہیں ہے بلکہ مجھے تمہارے بارے جان بوجھ کر کیے (جانے والے گناہوں) کا اندیشہ ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَالَ قَدْ يَكُوْنُ فِيْهِ فِتْنَةُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بعض اوقات مال میں اس امت کی آزمائش ہوتی ہے

3223 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اَبِىْ دَاوُدَ الْبُرُلُّسِىُّ، حَدَّثَنَا آدَمُ بْنُ اَبِىْ اِيَاسٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ كَعْبِ بْنِ عِيَاضٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لِكُلِّ اُمَّةٍ فِتْنَةٌ، وَاِنَّ فِتْنَةَ اُمَّتِى الْمَالُ

3222– سناده حسن، خالد بن حيان: صدوق يخطىء وقدتوبع عليه، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه أحمد 2/308، والحاكم 2/534 من طريق محمد بن بكر البرساني، وأحمد 2/539 من طريق كثير بن هشام، كلاهما عن جعفر بن برقان، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم على شرط مسلم ووافقه الذهبي، وهو كما قالا. قال الهيثمي في "المجمع" 3/121 و10/236 وقد نسبه إلى أحمد: رجاله رجال الصحيح. وزاد نسبته السيوطي في "الجامع الصغير" إلى البيهقي في "شعب الإيمان."

3223– إسناده قوي، رجاله رجال الصحيح. معاوية بن صالح: هو ابن حُدير الحضرمي الحِمصي. وأخرجه أحمد 4/160، والترمذي "2336" في الزهد: باب ماجاء أن فتنة هذه الأمة المال، من طريق الحسن بن سوار، عن الليث، بهذا الإسناد، وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب. وأخرجه النسائي في الرقائق كما في "التحفة" 8/309 من طريق عمرو بن منصور، عن آدم، به. وأخرجه الطبراني "404"/19، والحاكم 4/318، والقضاعي "1022" و "1023" من طريقين عن معاوية بن صالح، به. وقال الحاكم: هذا حديث صحيح الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي. وأخرجه البخاري في "التأريخ الكبير 7/220" من طريق حجاج بن محمد، عن الليث، به. وله شاهد لا خيرَ فيه من حديث عبد الله بن أبي أوفى عند القضاعي "1024"، فإن في سنده فائد بن عبد الرحمن الكوفي، وهو متروك اتهموه.

حضرت کعب بن عیاض رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''ہر امت کی ایک آزمائش ہوتی ہے میری امت کی آزمائش مال ہے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ التَّنَافُسَ فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ مِمَّا كَانَ يَتَخَوَّفُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى أُمَّتِهٖ مِنْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ اس فانی دنیا کی طرف راغب ہو جانا ایک ایسی چیز ہے جس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی امت کے حوالے سے اندیشہ تھا

3224 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيْدَ بْنَ اَبِيْ حَبِيْبٍ، اَنَّ اَبَا الْخَيْرِ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِيَّ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اٰخِرُ مَا خَطَبَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ صَلّٰى عَلٰى شُهَدَاءِ اُحُدٍ، ثُمَّ رَقِيَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اِنِّيْ لَكُمْ فَرَطٌ، وَاَنَا عَلَيْكُمْ شَهِيْدٌ، وَاَنَا اَنْظُرُ اِلٰى حَوْضِي الْاٰنَ فِيْ مَقَامِيْ هٰذَا، وَاِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا اَخَافُ اَنْ تُشْرِكُوْا بَعْدِيْ، وَلٰكِنِّيْ اُرِيْتُ اَنِّيْ اُعْطِيْتُ مَفَاتِيْحَ خَزَائِنِ الْاَرْضِ، فَاَخَافُ عَلَيْكُمْ اَنْ تَنَافَسُوْا فِيْهَا

حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں جو آخری خطبہ دیا تھا اس میں یہ ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے شہدائے احد کی نماز جنازہ ادا کی پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر چڑھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی پھر ارشاد فرمایا:

''بے شک میں تمہارا پیش رو ہوں گا اور میں تمہارا گواہ ہوں گا اور میں اس وقت بھی اپنی اس جگہ پر کھڑے ہوئے اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں اللہ کی قسم! مجھے یہ اندیشہ نہیں ہے کہ تم لوگ میرے بعد شرک کرو گے بلکہ مجھے یہ بات دکھائی گئی ہے

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سود کھانے والا، اسے کھلانے والا، اسے لکھنے والا، اس کے دونوں گواہ جب یہ عمل کریں اور جسم گودنے والی عورت اور خوبصورتی کے لیے گودوانے والی عورت اور زکوٰۃ میں خیانت کرنے والا اور ہجرت کرنے کے بعد مرتد ہونے والا دیہاتی 'یہ سب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی' قیامت کے دن ملعون ہوں گے۔

ذِكْرُ وَصْفِ عُقُوبَةِ مَنْ لَّمْ يُؤَدِّ زَكَاةَ مَالِهٖ فِي الْقِيَامَةِ

جو شخص اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا قیامت کے دن اسے ملنے والی سزا کی صفت کا تذکرہ

3253 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ بْنِ اِسْحَاقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ يَحْيَى الْحَسَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ الْقَاسِمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَا مِنْ عَبْدٍ لَهٗ مَالٌ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهٗ اِلَّا جَمَعَ اللّٰهُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يُحْمَى عَلَيْهِ صَفَائِحُ مِنْ نَارِ جَهَنَّمَ، يُكْوَى بِهَا جَبِينُهٗ وَظَهْرُهٗ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ بَيْنَ عِبَادِهٖ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ مِمَّا تَعُدُّونَ، ثُمَّ يَرَى سَبِيلَهٗ اِمَّا اِلَى جَنَّةٍ وَّاِمَّا اِلَى نَارٍ، وَمَا مِنْ صَاحِبِ اِبِلٍ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهَا اِلَّا بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ اَوْفَرَ مَا كَانَتْ تَسِيرُ عَلَيْهِ، كُلَّمَا مَضَى عَلَيْهِ اُخْرَاهَا رُدَّتْ عَلَيْهِ اُولَاهَا، حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَ عِبَادِهٖ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ، ثُمَّ يَرَى سَبِيلَهٗ اِمَّا اِلَى جَنَّةٍ وَّاِمَّا اِلَى نَارٍ، وَمَا مِنْ صَاحِبِ غَنَمٍ لَا يُؤَدِّي زَكَاتَهَا اِلَّا بُطِحَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ كَاَوْفَرِ مَا كَانَتْ، فَتَطَؤُهٗ بِاَظْلَافِهَا، وَتَنْطَحُهٗ بِقُرُونِهَا، لَيْسَ فِيهَا عَقْصَاءُ وَلَا جَلْحَاءُ، كُلَّمَا مَضَتْ عَلَيْهِ اُخْرَاهَا رُدَّتْ عَلَيْهِ اُولَاهَا، حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَ عِبَادِهٖ فِي يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِينَ اَلْفَ سَنَةٍ، ثُمَّ يَرَى سَبِيلَهٗ اِمَّا اِلَى جَنَّةٍ وَّاِمَّا اِلَى نَارٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جس بھی بندے کے پاس مال موجود ہو' جس کی وہ زکوٰۃ ادا نہ کرتا ہو' تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے لیے (مال کو) جمع کرے گا اور اسے تختیوں کی شکل میں جہنم کی آگ سے گرم کیا جائے گا' جس کے ذریعے اس کی پیشانی اور پشت کو داغا جائے گا اور ایسا اس وقت تک ہوتا رہے گا' جس وقت تک اللہ اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ نہیں کر دیتا جو ایک

3253- إسناده صحيح على شرط مسلم . وأخرجه ابن خزيمة "2253" عن زياد بن يحيى، بهٰذا الإسناد . وأخرجه عبد الرزاق "6858"، وأحمد 2/262 و 276 و 383، ومسلم "987" "26" في الزكاة: باب إثم مانع الزكاة، وأبو داوٗد "1658" و "1659" في الزكاة: باب في حقوق المال، وابن خزيمة "2252"، والبيهقي 4/81 من طرق عن سهيل بن أبي صالح، به . وأخرجه مسلم "987"، والبيهقي 4/119 و 137و 183 و 7/3، والبغوي "1562" من طريق زيد بن أسلم، عن أبي صالح، به . وأخرجه النسائي 5/12-13 في الزكاة: باب الغليظ في حبس الزكاة، من طريق يزيد بن زريع.

ایسے دن میں ہوگا جس کی مقدار پچاس ہزار سال جتنی ہوگی جو تمہاری گنتی کے حساب سے ہیں پھر اس کے بعد وہ شخص اپنا راستہ دیکھ لے گا جو جنت کی طرف جاتا ہوگا یا جہنم کی طرف جاتا ہوگا اور جو شخص اونٹوں کی زکوٰۃ ادا نہیں کرے گا اسے اونٹوں کے سامنے کھلے میدان میں ڈال دیا جائے گا وہ اونٹ پہلے سے زیادہ موٹے تازے ہوں گے وہ اونٹ اس پر سے گزریں گے جب آخری اس پر سے گزر جائے گا' تو پہلا دوبارہ اس پر آئے گا اور ایسا اس وقت تک ہوتا رہے گا' جب تک اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ نہیں کر دے گا جو ایسے دن میں ہوگا' جس کی مقدار پچاس (50) ہزار سال کے برابر ہوگی پھر وہ شخص اپنا راستہ دیکھے گا جو یا' تو جنت کی طرف جاتا ہوگا یا جہنم کی طرف جاتا ہوگا بکریوں کا جو بھی مالک ان کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا ہوگا اسے ان بکریوں کے سامنے ایک کھلے میدان میں ڈال دیا جائے گا وہ بکریاں پہلے سے زیادہ موٹی تازی ہوں گی وہ اپنے پاؤں کے ذریعے اسے روندیں گی اور اپنے سینگوں کے ذریعے اسے ماریں گی ان میں کوئی بکری ٹیڑھے سینگ والی یا بغیر سینگ کے نہیں ہوگی جب ان میں سے آخری اس پر سے گزر جائے گی' تو پہلے والی واپس اس پر آئے گی اور ایسا اس وقت تک ہوتا رہے گا' جب تک اللہ تعالیٰ اس دن میں اپنے بندوں کے درمیان فیصلہ نہیں کرتا جس دن کی مقدار پچاس ہزار سال ہے پھر وہ شخص اپنا راستہ دیکھ لے گا جو یا جنت کی طرف جاتا ہوگا یا جہنم کی طرف جاتا ہوگا۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصَفِ مَا يُعَذَّبُ بِهِ فِي الْقِيَامَةِ مَنْ لَّمْ يَخْرُجْ حَقَّ اللّٰهِ مِنْ مَالِهِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس صفت کے بارے میں ہے کہ اس شخص کو قیامت کے دن کیا عذاب دیا جائے گا جو اپنے مال میں سے اللہ تعالیٰ کے حق کو ادا نہیں کرتا

3254 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَاْتِي الْمَالُ الَّذِي لَمْ يُعْطَ الْحَقُّ مِنْهَا، فَتَطَأُ الْإِبِلُ سَيِّدَهَا بِاَخْفَافِهَا، وَيَاْتِي الْبَقَرُ وَالْغَنَمُ فَتَطَأُ صَاحِبَهَا بِاَظْلَافِهَا، وَتَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا، وَيَاْتِي الْكَنْزُ شُجَاعًا اَقْرَعَ، فَيَلْقَى صَاحِبَهُ فَيَفِرُّ مِنْهُ، ثُمَّ يَسْتَقْبِلُهُ وَيَفِرُّ مِنْهُ، فَيَقُوْلُ: مَا لِي وَمَا لَكَ؟، فَيَقُوْلُ اَنَا كَنْزُكَ اَنَا كَنْزُكَ، فَيَتَلَقَّاهُ صَاحِبُهُ بِيَدِهِ فَيَلْقَمُ يَدَهُ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

3254- إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه ابن ماجه "1786" في الزكاة، باب: ماجاء في منع الزكاة، من طريق عبد العزيز بن أبي حازم، عن العلاء، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/520، والبخاري "1402" في الزكاة: باب إثم مانع الزكاة، و "4659" في التفسير: باب تفسير قوله تعالى: (وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ ...) (التوبة: من الآية34)، والنسائي 6/23-24 في الزكاة: باب مانع زكاة الإبل، من طرق عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هريرة. وأخرجه أحمد 2/316 و 489، والبخاري "6957" من طريقين عن أبي هريرة.

''وہ مال (قیامت کے دن) آئے گا' جس کی زکوٰۃ ادا نہیں کی گئی ہوگی' تو (اس میں سے) اونٹ اپنے آقا کو اپنے پاؤں کے ذریعے روندے گا، گائے اور بکریاں آئیں گی اپنے مالک کو اپنے پاؤں کے ذریعے روندیں گی اور اپنے سینگوں کے ذریعے ماریں گی۔ خزانہ ایک گنجے سانپ کی شکل میں آئے گا اور اپنے مالک کے پیچھے جائے گا وہ مالک اس سے بھاگے گا پھر وہ اس کے سامنے آجائے گا پھر وہ اس سے بھاگے گا' تو وہ کہے گا میرا تمہارا کیا واسطہ ہے' تو وہ خزانہ کہے گا میں تمہارا خزانہ ہوں میں تمہارا خزانہ ہوں پھر اس کا مالک اپنا ہاتھ اس کی طرف کرے گا' تو وہ اس کے ہاتھ کو چبا جائے گا۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ وَصَفِ الَّذِي تَطَأُ بِهٖ ذَوَاتُ الْاَرْوَاحِ اَرْبَابَهَا فِي الْقِيَامَةِ اِذَا لَمْ يَخْرُجْ حَقَّ اللّٰهِ مِنْهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اس چیز کی صفت کے بارے میں ہے کہ قیامت کے دن جانور اپنے مالکوں کو ماریں گے جب وہ مالک ان میں سے اللہ کا حق یعنی (زکوٰۃ) ادا نہیں کرے گا

3255 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَدِينِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَا مِنْ صَاحِبِ اِبِلٍ لَا يَفْعَلُ فِيْهَا خَيْرًا اِلَّا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرَ مَا كَانَتْ، وَاُقْعِدَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ تَسْتَنُّ عَلَيْهِ بِقَوَائِمِهَا وَاَخْفَافِهَا، وَلَا صَاحِبِ بَقَرٍ اِلَّا جَاءَتْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرَ مَا كَانَتْ، وَاُقْعِدَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ تَنْطَحُهٗ بِقُرُوْنِهَا وَتَطَؤُهٗ بِاَظْلَافِهَا لَيْسَ فِيْهَا جَمَّاءُ وَلَا مُكَسَّرٌ قَرْنُهَا، وَلَا صَاحِبِ كَنْزٍ لَا يَفْعَلُ فِيْهِ حَقَّهٗ اِلَّا جَاءَ كَنْزُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ يَتْبَعُهٗ فَاغِرًا فَاهُ، فَاِذَا اَتَاهُ فَرَّ مِنْهُ فَيُنَادِيْهِ رَبُّهٗ: كَنْزُكَ الَّذِي خَبَّاْتَهٗ، فَاِذَا رَاٰى اَنْ لَّا بُدَّ لَهٗ مِنْهُ سَلَكَ يَدَهٗ فِيْ فِيْهِ فَيَقْضَمُهَا قَضْمَ الْفَحْلِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اونٹوں کا جو بھی مالک ان کے بارے میں بھلائی نہیں کرے گا (یعنی ان کی زکوٰۃ ادا نہیں کرے گا)' تو وہ قیامت کے دن پہلے سے زیادہ (صحت مند ہوکر) آئیں گے اس شخص کو ان کے سامنے ایک کھلے میدان میں بٹھا دیا جائے گا وہ

3255- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير فمن رجال مسلم، وروى له البخاري مقرونًا. وأخرجه أحمد 3/321 عن محمد بن بكر، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "6859" و "6866" عن ابن جريج، به. ومن طريق عبد الرزاق أخرجه أحمد 3/321، والدارمي 1/380، ومسلم "988" "27" في الزكاة: باب إثم مانع الزكاة، وابن الجارود "335"، والبيهقي 4/183. وأخرجه ابن أبي شيبة 3/213، والدارمي 1/379- 380، ومسلم "988" "28"، والنسائي 5/27 في الزكاة: باب مانع زكاة البقر، والبيهقي 4/182-183 من طريق عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أبي الزبير، به.

اپنی ٹانگوں اور پاؤں کے ذریعے اسے ماریں گے۔ گائے کا مالک (جو ان کی زکوٰۃ ادا نہیں کرے گا)' تو وہ گائے قیامت کے دن پہلے سے زیادہ (صحت مند ہو کر) آئیں گی اس شخص کو ان کے سامنے ایک کھلے میدان میں بٹھا دیا جائے گا وہ اپنے سینگوں کے ذریعے اسے ماریں گی اور پاؤں کے ذریعے اسے روندیں گی ان میں کوئی ایسی گائے نہیں ہوگی جو بغیر سینگ کے ہو یا جس کا سینگ ٹوٹا ہوا ہو۔ خزانے کا جو بھی مالک (اس کی زکوٰۃ ادا نہیں کرے گا)' تو وہ خزانہ قیامت کے دن گنجے سانپ کی شکل میں آئے گا اور اپنا منہ کھول کر اس کے پیچھے جائے گا' جب وہ اس کے قریب آئے گا' تو یہ اس سے بھاگے گا' تو اس کا پروردگار اسے پکارے گا: یہ وہ تمہارا خزانہ ہے' جسے تم نے سنبھال کے رکھا ہوا تھا جب وہ شخص یہ دیکھے گا کہ اب وہ اس سے نہیں بچ سکتا تو وہ اپنا ہاتھ اس کے منہ کی طرف بڑھائے گا' تو وہ سانپ اس کے ہاتھ کو یوں چبالے گا' جس طرح اونٹ کوئی چیز چباتا ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْخَيْرَ وَالْحَقَّ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا فِيْ خَبَرٍ اُرِيْدَ بِهِمَا الزَّكَاةُ الْفَرْضِيَّةُ دُوْنَ التَّطَوُّعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ وہ بھلائی اور وہ حق جس کا ذکر ہم نے اس روایت میں کیا ہے اس سے مراد فرض زکوٰۃ ہے نفلی ادائیگی مراد نہیں ہے

3256 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُصْعَبُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ الطَّائِيُّ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ، عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ لَا يَمُوْتُ رَجُلٌ فَيَدَعُ اِبِلًا اَوْ بَقَرًا اَوْ غَنَمًا لَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهَا اِلَّا مُثِّلَتْ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَعْظَمَ مَا تَكُوْنُ وَاَسْمَنَهُ، تَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا وَتَطَؤُهُ بِاَخْفَافِهَا، كُلَّمَا ذَهَبَ اُخْرَاهَا رَجَعَ اُوْلَاهَا كَذٰلِكَ حَتّٰى يَقْضِيَ اللّٰهُ بَيْنَ النَّاسِ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اس ذات کی قسم! جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے' جو شخص مرتے ہوئے اونٹ یا گائے یا بکریاں چھوڑ جائے جس کی اس نے زکوٰۃ ادا نہ کی ہو' تو قیامت کے دن انہیں پہلے سے بڑے اور پہلے سے بھاری بھرکم وجود میں اٹھایا

3256– إسناده صحيح، وأخرجه أحمد 5/157– 158، ومسلم "990" في الزكاة: باب تغليظ عقوبة من لا يؤدي الزكاة، وابن ماجه "1785" في الزكاة: باب ما جاء في منع الزكاة، والنسائي 5/29 في الزكاة: باب مانع زكاة الغنم، وابن خزيمة "2251"، والبيهقي 4/97 من طريق وكيع، عن الأعمش، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1460" في الزكاة: باب زكاة البقر، ومسلم "990"، والترمذي "617" في الزكاة: باب ما جاء عن رسول الله صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ في منع الزكاة من التشديد، والدارمي 1/381، من طرق عن الأعمش، به.

جائے گا وہ اپنے سینگوں کے ذریعے اسے ماریں گے اور پاؤں کے ذریعے اسے روندیں گے جب ان میں سے آخری چلا جائے گا' تو پہلے والا پھر آ جائے گا اور ایسا اس وقت تک ہوتا رہے گا' جب تک اللہ تعالیٰ لوگوں کے درمیان فیصلہ نہیں کر دے گا۔''

ذِكْرُ وَصَفِ عُقُوبَةِ مَنْ خَلَّفَ كَنْزًا فِي الْقِيَامَةِ

قیامت کے دن ملنے والی سزا کی اس صفت کا تذکرہ جو اس شخص کو ملے گی جو خزانہ چھوڑ کر جائے گا

3257 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ، عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ ثَوْبَانَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ تَرَكَ بَعْدَهُ كَنْزًا مُثِّلَ لَهُ شُجَاعًا اَقْرَعَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَهُ زَبِيبَتَانِ يَتْبَعُهُ، فَيَقُوْلُ: مَنْ اَنْتَ؟، فَيَقُوْلُ: اَنَا كَنْزُكَ الَّذِي خَلَّفْتَ بَعْدَكَ، فَلَا يَزَالُ يَتْبَعُهُ حَتّٰى يُلْقِمَهُ يَدَهُ فَيَقْضِمُهَا، ثُمَّ يَتْبَعُهُ سَائِرَ جَسَدِهِ

حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص اپنے بعد خزانہ چھوڑ کر جائے گا' تو قیامت کے دن اس خزانے کو ایک گنجے سانپ کی شکل دے دی جائے گی' جس کی دو زبیب (اس سے مراد اطراف سے نکلے ہوئے دانت ہیں یا آنکھ کے اوپر موجود دو سیاہ نقطے ہیں) ہوں گی وہ اس شخص کے پیچھے جائے گا وہ شخص دریافت کرے گا تم کون ہو؟ وہ کہے گا: میں تمہارا وہ خزانہ ہوں جسے تم اپنے پیچھے چھوڑ آئے تھے پھر وہ خزانہ مسلسل اس کے پیچھے رہے گا' یہاں تک کہ وہ شخص اپنا ہاتھ اس کی طرف بڑھائے گا وہ خزانہ اس کے ہاتھ کو چبالے گا اور پھر اس کے بعد اس کے پورے وجود کو نگل لے گا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنْ خَلَّفَ كَنْزًا يَتَعَوَّذُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص خزانہ چھوڑ کر جائے گا قیامت کے دن وہ اس خزانہ سے پناہ مانگے گا

3258 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

3257- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير معدان بن أبي طلحة فمن رجال مسلم. وأخرجه أبونعيم في " الحلية" 1/181 من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد. وأخرجه الطبراني "1408"، والحاكم 1/388-389، والبزار "882" من طرق عن يزيد بن زريع. وقال الحاكم: صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه، وقال الذهبي: على شرطهما. وقال الهيثمي في "المجمع" 3/64: رواه البزار، وقال: إسناده حسن، قلت: رجاله ثقات.

(متن حدیث): يَكُوْنُ كَنْزُ اَحَدِكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ، يَتْبَعُ صَاحِبَهُ وَهُوَ يَتَعَوَّذُ مِنْهُ، فَلَا يَزَالُ يَتْبَعُهُ حَتّٰى يُلْقِمَهُ اُصْبُعَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تم میں سے کسی ایک شخص کا خزانہ قیامت کے دن گنجے سانپ کی شکل میں آئے گا وہ اپنے مالک کے پیچھے جائے گا وہ مالک اس سے بچنے کی کوشش کرے گا' لیکن وہ اس کے پیچھے رہے گا' یہاں تک کہ وہ اپنی انگلیاں اس (سانپ) کے منہ میں دیدے گا''

ذِكْرُ وَصَفِ عُقُوبَةِ الْكَنَّازِينَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

خزانہ اکٹھا کرنے والوں کو جہنم کی آگ میں ملنے والی سزا کی صفت کا تذکرہ

ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

3259 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُؤَمَّلُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْاَسَدِيُّ، عَنِ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): قَدِمْتُ الْمَدِينَةَ فَبَيْنَا اَنَا فِيْ حَلْقَةٍ وَّفِيهَا مَلَاٌ مِنْ قُرَيْشٍ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ، اَخْشَنُ الثِّيَابِ، اَخْشَنُ الْجَسَدِ، اَخْشَنُ الْوَجْهِ، فَقَامَ عَلَيْهِمْ، فَقَالَ: بَشِّرِ الْكَنَّازِينَ بِرَضْفٍ يُحْمَى عَلَيْهِمْ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ، فَيُوضَعُ عَلٰى حَلَمَةِ ثَدْيِ اَحَدِهِمْ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنْ نُغْضِ كَتِفِهِ، وَيُوضَعُ عَلٰى نُغْضِ كَتِفِهِ حَتّٰى يَخْرُجَ مِنْ حَلَمَةِ ثَدْيِهِ، فَوَضَعُوا رُءُ وسَهُمْ، فَمَا رَاَيْتُ اَحَدًا مِنْهُمْ رَجَعَ اِلَيْهِ شَيْئًا، قَالَ: وَاَدْبَرَ، فَاتَّبَعْتُهُ حَتّٰى جَلَسَ اِلٰى سَارِيَةٍ، فَقُلْتُ: مَا رَاَيْتُ هٰؤُلَاءِ اِلَّا كَرِهُوا مَا قُلْتَ لَهُمْ، قَالَ: اِنَّ هٰؤُلَاءِ لَا يَعْقِلُوْنَ، اِنَّ خَلِيْلِي اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَانِي، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ: فَاَجَبْتُهُ، قَالَ: اَتَرَى اُحُدًا، قَالَ: فَنَظَرْتُ مَا عَلَيَّ مِنَ الشَّمْسِ وَاَنَا اَظُنُّهُ

3258– إسناده قوى رجاله ثقات غير ابن عجلان، وهو صدوق أخرج له مسلم متابعة والبخارى تعليقًا. أبو صالح: هو ذكوان السمان.وأخرجه النسائي فى "الكبرى" كما فى "التحفة" 9/444 عن قتيبة بن سعيد، عن الليث، عن يعقوب بن عبد الله الأشج، عن القعقاع، بهٰذا الإسناد . وهٰذا سند صحيح على شرط مسلم . وأخرجه أحمد 2/355، والبخارى "1403" فى الزكاة: باب إثم مانع الزكاة، و "4565" فى التفسير: باب تفسير قوله تعالى: (وَلا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ بِمَا آتَاهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهِ) (آل عمران: من الآية180) ، والنسائى 5/39 فى الزكاة: باب مانع زكاة ماله، والبيهقى 4/81 من طريق عبد الله بن دينار، عن أبى صالح، به. وأخرجه أحمد 2/279 من طريق عاصم، عن أبى صالح، به.

3259–"إسناده صحيح على شرط البخارى. إسماعيل بن إبراهيم الأسدى، هو ابن علية سمع من الجُريرى سعيد بن إياس قبل اختلاطه، وأبو العلاء : هو يزيد بن عبد الله ابن الشخير. وأخرجه أحمد 5/160، ومسلم "992" فى الزكاة: باب فى الكنازين للأموال والتغليظ عليهم، من طريق إسماعيل بن علية، بهٰذا الإسناد. وأخرجه البخارى "1407" فى الزكاة: باب ما أدّى زكاته فليس بكنز، من طريق عبد الأعلى وعبد الوارث.

يَبْعَثُنِي لِحَاجَةٍ لَهُ، فَقَالَ: مَا يَسُرُّنِي اَنَّ لِي مِثْلَهُ ذَهَبًا اُنْفِقُهُ كُلَّهُ غَيْرَ ثَلَاثَةِ دَنَانِيرَ، ثُمَّ هَؤُلَاءِ يَجْمَعُونَ الدُّنْيَا لَا يَعْقِلُونَ شَيْئًا، قَالَ: قُلْتُ: مَا لَكَ وَلِاِخْوَانِكَ قُرَيْشٍ؟ قَالَ: لَا وَرَبِّكَ لَا اَسْاَلُهُمْ دُنْيَا وَلَا اَسْتَفْتِيهِمْ فِي دِينِي حَتّٰى اَلْحَقَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

احنف بن قیس بیان کرتے ہیں: میں مدینہ منورہ آیا میں ایک حلقے میں بیٹھا ہوا تھا اس میں قریش کے کچھ افراد بھی تھے اسی دوران ایک صاحب وہاں آئے جنہوں نے کھردرے کپڑے پہنے ہوئے تھے اور ان کا جسم بھی کھردرا تھا چہرہ بھی کھردرا تھا وہ ان لوگوں کے پاس آ کر کھڑے ہوئے اور بولے: خزانے جمع کرنے والوں کو انگاروں کی اطلاع دے دو جنہیں ان کے لیے جہنم کی آگ میں بھڑکایا جا رہا ہے اور پھر اسے ان میں سے کسی ایک شخص کے سینے پر رکھا جائے گا' یہاں تک کہ وہ انگارہ اس کے کندھے کی طرف سے نکل جائے گا اور اسے اس شخص کے کندھے پر رکھا جائے گا' تو وہ اس کے سینے سے نکل جائے گا' تو لوگوں نے اپنے سر جھکا لیے میں نے کسی شخص کو نہیں دیکھا جس نے انہیں کوئی جواب دیا ہو پھر وہ صاحب چلے گئے میں ان صاحب کے پیچھے گیا وہ ایک ستون کے پاس جا کے بیٹھ گئے میں نے کہا: میں نے دیکھا ہے کہ ان سب لوگوں نے آپ کی اس بات کو ناپسند کیا ہے' جو آپ نے ان سے کہی ہے' تو اس شخص نے کہا: یہ لوگ عقل نہیں رکھتے ہیں میرے خلیل حضرت ابوالقاسم ﷺ نے مجھے بلوایا اور فرمایا: اے ابوذر! میں نے کہا: میں حاضر ہوں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے احد کو دیکھا ہے۔ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: میں نے اس بات کا جائزہ لیا کہ دھوپ کتنی تیز ہے میرا یہ خیال تھا کہ شاید نبی اکرم ﷺ اپنے کسی کام سے مجھے بھیجنا چاہتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میرے پاس اس (احد پہاڑ) جتنا سونا ہو اور میں اس سب کو خرچ کر دوں' لیکن تین دینار خرچ نہ کروں (یعنی میں اسے بھی خرچ کر دوں گا)۔

(حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے فرمایا) یہ لوگ ہیں کہ یہ دنیا جمع کیے جا رہے ہیں انہیں کسی چیز کی عقل ہی نہیں ہے۔ راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا: آپ کا اور آپ کے قریشی بھائیوں کا کیا واسطہ۔ انہوں نے فرمایا: جی نہیں تمہارے پروردگار کی قسم! میں ان لوگوں سے دنیا نہیں مانگوں گا' نہ ہی اپنے دین کے بارے میں ان سے مسئلہ دریافت کروں گا' یہاں تک کہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہو جاؤں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ اَبِي ذَرٍّ هٰذَا سَمِعَهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَقُلْهُ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے یہ بات نبی اکرم ﷺ کی زبانی سنی ہے یہ بات انہوں نے اپنی طرف سے بیان نہیں کی ہے

3260 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ، قَالَ: حَدَّثَنَا خُلَيْدٌ الْعَصَرِيُّ، عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ، قَالَ: كُنْتُ فِي نَفَرٍ مِنْ قُرَيْشٍ فَمَرَّ اَبُوْ ذَرٍّ وَهُوَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): بَشِّرِ الْكَنَّازِينَ فِي ظُهُورِهِمْ بِكَيٍّ يَخْرُجُ مِنْ جُنُوبِهِمْ، وَبِكَيٍّ مِنْ قِبَلِ قَفَاهُمْ يَخْرُجُ مِنْ جِبَاهِهِمْ، ثُمَّ تَنَحَّى فَقَعَدَ، فَقُلْتُ: مَنْ هٰذَا؟ قَالُوا: اَبُوْ ذَرٍّ فَقُمْتُ اِلَيْهِ، فَقُلْتُ: مَا شَيْءٌ سَمِعْتُكَ تَقُوْلُهُ قُبَيْلُ؟، قَالَ: مَا قُلْتُ اِلَّا شَيْئًا سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّهِمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: قُلْتُ: فَمَا تَقُوْلُ فِي هٰذَا الْعَطَاءِ، قَالَ: خُذْهُ فَاِنَّ فِيْهِ الْيَوْمَ مَعُوْنَةً، فَاِذَا كَانَ ثَمَنًا لِدِيْنِكَ فَدَعْهُ

احنف بن قیس کہتے ہیں: میں قریش کے کچھ افراد کے پاس بیٹھا ہوا تھا حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ وہاں سے گزرے انہوں نے فرمایا: خزانے جمع کرنے والوں کو یہ اطلاع دے دو کہ ان کی پشتوں کو اس چیز کے ذریعے داغا جائے گا جوان کے پہلو سے نکل جائے گی اور اس چیز کے ذریعے داغا جائے گا جوان کی گدی کی طرف ڈالی جائے گی' تو سامنے کی طرف سے نکل جائے گی پھر وہ ایک طرف ہٹ کر بیٹھ گئے۔ میں نے دریافت کیا: یہ کون ہے؟ لوگوں نے بتایا: یہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ ہیں۔ میں اٹھ کر ان کے پاس گیا میں نے کہا: ابھی تھوڑی دیر پہلے میں نے آپ کو جو بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے وہ کیا چیز ہے انہوں نے فرمایا: میں نے صرف وہی بات بیان کی ہے' جو میں نے ان کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے میں نے دریافت کیا: پھر آپ اس تنخواہ کے بارے میں کیا کہتے ہیں' تو انہوں نے فرمایا: تم اسے حاصل کرلو' کیونکہ اب اس کے ذریعے ضروریات پوری کی جاتی ہیں' لیکن جب یہ تمہارے دین کی قیمت بنے' تو تم اسے چھوڑ دو۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْعُقُوبَاتِ الَّتِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهَا هِيَ عَلٰى مَنْ لَّمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ مِنْ مَالِهٖ دُوْنَ مَنْ زَكَّاهَا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ وہ سزائیں جن کا ہم نے اس سے پہلے

ذکر کیا ہے یہ اس شخص کو ملیں گی جو اپنے مال کی زکوٰۃ ادا نہیں کرتا ہے یہ حکم اس کے لیے نہیں ہے جو ان کی زکوٰۃ ادا کرتا ہے

3261 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ الْجُمَحِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَاْتِي الْمَالُ الَّذِي لَا يُعْطَى فِيْهِ الْحَقُّ تَطَاُ الْاِبِلُ سَيِّدَهَا بِاَخْفَافِهَا، وَيَاْتِي الْبَقَرُ وَالْغَنَمُ فَتَطَاُ صَاحِبَهَا بِاَظْلَافِهَا، وَتَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا، وَيَاْتِي الْكَنْزُ شُجَاعًا اَقْرَعَ فَيَلْقٰى صَاحِبَهُ، فَيَفِرُّ مِنْهُ صَاحِبُهُ، ثُمَّ يَسْتَقْبِلُهُ وَيَفِرُّ مِنْهُ، وَيَقُوْلُ: مَا لِي وَلَكَ؟، فَيَقُوْلُ: اَنَا كَنْزُكَ، فَيَلْقَمُ يَدَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''وہ مال آئے گا' جس کا حق (یعنی زکوٰۃ) نہیں ادا کیا گیا ہوگا اونٹ اپنے مالک کو اپنے پاؤں کے ذریعے روندے گا۔

3260– "إسناده صحيح على شرط مسلم. أبو الأشهب: هو جعفر بن حيان العطاري . وأخرجه مسلم "992" "35" في الزكاة: باب في الكنازين للأموال والتغليظ عليهم، عن شيبان بن فروخ، بهٰذا الإسناد.

3261– "إسناده صحيح على شرط مسلم. وانظر ."3254"

گائے اور بکریاں آئیں گی اپنے مالک کو اپنے پاؤں کے ذریعے روندیں گی اور سینگوں کے ذریعے ماریں گی۔ خزانہ گنجے سانپ کی شکل میں آئے گا اور اپنے مالک کے پیچھے جائے گا اس کا مالک اس سے بھاگے گا وہ پھر اس کے سامنے آ جائے گا: پھر اس سے بھاگے گا اور یہ کہے گا میرا تمہارے ساتھ کیا واسطہ ہے' تو وہ کہے گا میں تمہارا خزانہ ہوں پھر وہ اس کے ہاتھ کو چبا لے گا''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ الْكَنْزَ الَّذِى يَسْتَوْجِبُ صَاحِبُهُ الْمُكْتَنِزُ الْعُقُوبَةَ مِنَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا فِىْ اُخْرَاهُ هُوَ الْمَالُ الَّذِى لَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهُ، وَاِنْ كَانَ ظَاهِرًا، دُونَ مَا اَدَّى زَكَاتَهُ وَاِنْ كَانَ مَدْفُونًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ وہ خزانہ جسے اکٹھا کرنے والے شخص کو

اللہ تعالیٰ آخرت میں سزا دے گا اس سے مراد وہ مال ہے جس کی زکوٰۃ ادا نہیں کی گئی تھی خواہ وہ مال ظاہر ہوا س سے وہ مال مراد نہیں جس کی زکوٰۃ ادا کر دی گئی ہو خواہ وہ مال مدفون ہو

3262 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَمِّهِ اَبِىْ سُهَيْلِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَهْلِ نَجْدٍ ثَائِرَ الرَّاْسِ يُسْمَعُ دَوِيُّ صَوْتِهِ وَلَا يُفْقَهُ مَا يَقُوْلُ، حَتّٰى دَنَا، فَاِذَا هُوَ يَسْاَلُ عَنِ الْاِسْلَامِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَمْسُ صَلَوَاتٍ فِى الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ، قَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟، قَالَ: لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَصِيَامُ شَهْرِ رَمَضَانَ. فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهُ؟، قَالَ: لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ، قَالَ: وَذَكَرَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الزَّكَاةَ. فَقَالَ: هَلْ عَلَيَّ غَيْرُهَا؟ قَالَ: لَا اِلَّا اَنْ تَطَوَّعَ، قَالَ: فَاَدْبَرَ الرَّجُلُ وَهُوَ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ لَا اَزِيْدُ عَلٰى هٰذَا وَلَا اَنْقُصُ مِنْهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَفْلَحَ اِنْ صَدَقَ

(توضیح مصنف): حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نجد سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا جس کے بال بکھرے ہوئے تھے اس کی آواز کی بھنبھناہٹ سنائی دیتی تھی' لیکن وہ کیا کہہ رہا ہے یہ سمجھ نہیں آتا تھا جب وہ قریب ہوا' تو پتہ چلا کہ وہ اسلام کے بارے میں دریافت کر رہا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: دن اور رات میں پانچ نمازیں (فرض ہیں) اس نے دریافت کیا: کیا اس کے علاوہ بھی مجھ پر (کوئی نماز ادا کرنا) فرض ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں' البتہ اگر تم نوافل ادا کرو (تو یہ بہتر ہیں) راوی کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: رمضان کے مہینے کے روزے رکھنا (فرض ہے) اس نے دریافت کیا: کیا ان کے علاوہ (کوئی اور روزے بھی) مجھ پر لازم ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں' البتہ اگر تم نفل (روزے رکھو تو یہ بہتر ہیں)۔

3262--"إسناده صحيح على شرطهما. أبو سهيل: هو نافع بن مالك بن أبي عامر الأصبحي. وهو في "الموطأ" .1/175 وهو مكرر الحديث ."1724"

راوی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اس کے سامنے زکوٰۃ کا تذکرہ کیا' تو اس نے دریافت کیا: اس کے علاوہ (کوئی ادائیگی) بھی مجھ پر لازم ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جی نہیں' البتہ اگر تم نفلی طور پر (صدقہ وخیرات کرو تو یہ بہتر ہیں) راوی کہتے ہیں: پھر وہ شخص چلا گیا وہ یہ کہہ رہا تھا اللہ کی قسم! میں اس میں کوئی اضافہ نہیں کروں گا اور اس میں کوئی کمی بھی نہیں کروں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر اس نے سچ کہا' تو یہ کامیاب ہو گیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ اَنَّ النَّارَ تَجِبُ لِمَنْ مَاتَ وَقَدْ خَلَّفَ الصَّفْرَاءَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ جہنم اس شخص کے لیے واجب ہو جائے گی جو ایسی حالت میں انتقال کرتا ہے کہ وہ اپنے پیچھے اس فنا ہو جانے والی اور زائل ہو جانے والی دنیا میں سے زردی (یعنی سونا، یعنی دینار) چھوڑ کر جاتا ہے

3263 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ الْعُمَرِيُّ، بِالْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا مُعَلَّى بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): تُوُفِّيَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ الصُّفَّةِ فَوَجَدُوا فِي شَمْلَتِهِ دِينَارَيْنِ، فَذَكَرُوا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كَيَّتَانِ

❀❀ حضرت عبداللہ (بن مسعود رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں: اہل صفہ سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کا انتقال ہو گیا' تو لوگوں کو ان کی چادر میں دو دینار ملے لوگوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم ﷺ سے کیا' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ دونوں داغ لگانے والے ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُوهِمُ مُسْتَمِعِيهِ: اَنْ لَّا يَجِبُ عَلَى الْمُسْلِمِ اَنْ يَّمُوتَ وَيُخَلِّفُ شَيْئًا مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لِمَنْ بَعْدَهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جس نے سننے والے شخص کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ مسلمان کے لیے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ ایسی حالت میں انتقال کرے کہ وہ اپنے بعد اس دنیا میں کوئی بھی چیز چھوڑ کر جائے

3263–إسناده حسن. عاصم: هو ابن أبي النجود، وأبو وائل: هو شقيق بن سلمة. وأخرجه أحمد 1/457، وأبو يعلى "5037"، والبزار "3652" من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد. وقال الهيثمي في "المجمع" 10/240: وفيه عاصم بن بهدلة وقد وثقه غير واحد، وبقية رجاله رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 1/405و 412و 415و 421، وأبو يعلى "4997" من طرق عن عاصم. عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ، عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ.

3264 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي عُبَيْدٍ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِجِنَازَةٍ، فَقَالُوْا: صَلِّ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: هَلْ تَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا، قَالُوْا: لَا، قَالَ: فَهَلْ تَرَكَ مِنْ شَيْءٍ، قَالُوْا: ثَلَاثَةُ دَنَانِيرَ، قَالَ: ثَلَاثُ كَيَّاتٍ ثُمَّ اُتِيَ بِالثَّانِيَةِ، فَقَالُوْا: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ صَلِّ عَلَيْهَا، قَالَ: هَلْ تَرَكَ مِنْ دَيْنٍ، قَالُوْا: نَعَمْ، قَالَ: فَهَلْ تَرَكَ مِنْ شَيْءٍ، قَالُوْا: لَا، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ اَبُوْ قَتَادَةَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عَلَيَّ دَيْنُهُ، قَالَ: فَصَلَّى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا ایک جنازہ لایا گیا لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی نماز جنازہ ادا کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے کوئی قرض چھوڑا ہے انہوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے کوئی چیز چھوڑی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: تین دینار۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین ایسی چیزیں جن سے داغ لگایا جائے گا۔ ایک اور جنازہ آیا لوگوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کا نماز جنازہ ادا کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے کوئی قرض چھوڑا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا اس نے کوئی چیز چھوڑی ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: جی نہیں۔ انصار میں سے ایک صاحب جن کا نام حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ تھا انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس کے قرض کی ادائیگی میرے ذمے ہے۔ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ ادا کی۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيَّتَانِ وَ ثَلَاثُ كَيَّاتٍ، اَرَادَ بِهِ اَنَّ الْمُتَوَفَّى كَانَ يَسْاَلُ النَّاسَ اِلْحَافًا وَتَكَثُّرًا

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان

''دومرتبہ داغنا یا تین مرتبہ داغنا'' اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے کہ وہ مرحوم شخص لوگوں سے لپٹ کر سوال کرتا تھا مال زیادہ کرنے کے لیے (لوگوں سے مانگتا تھا)

3265 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ،

3264– إسناده صحيح على شرط البخاري، فإن مسددًا لم يُخرج له مسلم. وأخرجه الطبراني "6291" عن معاذ بن المثنى، عن مسدد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/50، والنسائي 4/65 في الجنائز: باب الصلاة على من غلّ، من طريق يحيى بن سعيد، به. وأخرجه أحمد 4/47، والبخاري "2289" في الحوالة: باب إذا أحال دين الميت على رجل جاز، و "2295" في الكفالة: باب من تكفّل عن ميت دينًا فليس له أن يرجع، والطبراني "6290"، والبيهقي 6/72 و 75 من طرق عن يزيد بن أبي عبيد، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 3/371، والطبراني "6258" من طريق إياس بن سلمة، عن أبيه سلمة بن الأكوع.

3265– فضيل بن سليمان كثير الخطأ، وباقي السند رجاله ثقات.

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ یَحْیَی الْاَسْلَمِیُّ، عَنْ اَبِیْهِ، عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ، قَالَ:

(متن حدیث): بَیْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُقَسِّمُ ذَهَبًا اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَعْطِنِیْ، فَاَعْطَاهُ، ثُمَّ قَالَ: زِدْنِیْ فَزَادَهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ وَلّٰی مُدْبِرًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: یَاْتِیْنِیْ الرَّجُلُ فَیَسْاَلُنِیْ فَاُعْطِیْهِ، ثُمَّ یَسْاَلُنِیْ فَاُعْطِیْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ وَلّٰی مُدْبِرًا وَقَدْ جَعَلَ فِیْ ثَوْبِهٖ نَارًا اِذَا انْقَلَبَ اِلٰی اَهْلِهٖ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سونا تقسیم کر رہے تھے اسی دوران ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے بھی دیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے عطا کر دیا پھر اس نے کہا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے مزید دیجئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے مزید عطا کیا ایسا تین مرتبہ ہوا پھر وہ منہ پھیر کر چلا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک شخص میرے پاس آتا ہے اور مجھ سے مانگتا ہے میں اسے عطا کر دیتا ہوں وہ پھر مجھ سے مانگتا ہے' تو میں اسے عطا کر دیتا ہوں ایسا تین مرتبہ ہوتا ہے پھر وہ شخص مڑ کر چلا جاتا ہے' حالانکہ اس نے اپنے کپڑے میں آگ ڈالی ہوئی ہے' اس وقت جب وہ اپنے گھر واپس جا رہا ہوتا ہے۔

3266- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن المثنى والد محمد، فمن رجال البخاري، وقد اختلف فيه قول ابن معين، فقال مرة: صالح، ومرة: ليس بشيء، وقواه أبو زرعة وأبو حاتم والعجلي، وأما النسائي، فقال: ليس بالقوي، وقال العقيلي: لا يتابع في أكثر حديثه. قلت: وقد تابعه على حديثه هذا حماد بن سلمة، فرواه عن ثمامة أنه أعطاه كتابًا زعم أن أبا بكر كتبه لأنس وعليه خَاتَمِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ بعثه مصدقا.. فذكر الحديث هكذا أخرجه أبو داود "1567" عن أبي سلمة عنه، وأخرجه أحمد في "مسنده" 1/11 و12 قال: حدثنا أبو كامل، حدثنا حماد، قال: أخذت هذا الكتاب من ثمامة بن عبد الله بن أنس، عن أنس أن أبا بكر ن فذكره ... وقال إسحاق بن راهويه في "مسنده": اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أخذنا هذا الكتاب من ثمامة يحدثه عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ... قَالَ الحافظ في "الفتح" 3/318: فوضح أن حماد سمعه من ثمامة واقرأه الكتاب، فانتفى تعليل من أعله بكونه مكاتبة، وانتفى تعليل من أعله بكون عبد الله بن المثنى لم يتابع عليه. وأخرجه ابن خزيمة "2261" و "2279" و"2281" و "2296" عن محمد بن بشار، ومحمد بن يحيى، ومحمد بن المثنى، ويوسف بن موسى، عن محمد بن عبد الله الأنصاري، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن ماجه "1800" في الزكاة: باب إذا أخذ المصدق سنًا دون سن أو فوق عن محمد بن بشار ومحمد بن يحيى ومحمد بن مرزوق، عن محمد بن عبد الله، به. أخرجه البخاري "1448" في الزكاة باب العرض في الزكاة، و "1450" باب لا يجمع بين متفرق ولا يفرق بين مجتمع، و "1451" باب ما كان من خليطين فإنهما يتراجعان بينهما بالسوية، و "1453" باب من بلغت عنده صدقة بنت مخاض وليست عنده، و "1454" باب الزكاة الغنم، و "1455" باب لا تؤخذ في الصدقة هزمة ولا ذات عوار ولا تيس إلا ما شاء المصدق، و "2487" في الشركة: باب ما كان من الخليطين فإنهما يتراجعان بينهما بالسوية في الصدقة، و "6955" في الحيل: باب في الزكاة وأن لا يفرق بين مجتمع ولا يجمع بين متفرق خشية الصدقة، والطحاوي 2/33، وابن الجارود "342"، والبيهقي 4/85، والدارقطني 2/113- 114، والبغوي "157" من طريق محمد بن عبد الله الأنصاري، به. وأخرجه أحمد 1/11- 12، وأبو داود "1567" في الزكاة: باب في زكاة السائمة، والنسائي 5/18-23 في الزكاة: باب زكاة الإبل، و 27-29 باب زكاة الغنم، وأبو يعلى "127"، وأبو بكر المروزي في "مسند أبي بكر" "70"، والحاكم 1/39- 392 و392، والبيهقي 4/86، والدارقطني 2/114- 116 من طرق عن حماد بن سلمة، عن ثمامة، به. وهذا سند صحيح، وصححه الحاكم ووافقه الذهبي، وقال الدارقطني: إسناده صحيح،

بَابُ فَرْضِ الزَّكَاةِ

باب: زکوٰۃ کی فرضیت

ذِكْرُ تَفْصِيلِ الصَّدَقَةِ الَّتِي تَجِبُ فِيْ ذَوَاتِ الْاَرْبَعِ

زکوٰۃ کی اس تفصیل کا تذکرہ جو جانوروں کے بارے میں لازم ہوتی ہے

3266 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْبُجَيْرِيُّ، وَاِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، بِبُسْتَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ ثُمَامَةَ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ،

(متنِ حدیث): اَنَّ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ لَمَّا اسْتُخْلِفَ كَتَبَ لَهُ حِينَ وَجَّهَهُ اِلَى الْيَمَنِ هٰذَا الْكِتَابَ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ، هٰذِهِ فَرِيضَةُ الصَّدَقَةِ الَّتِي فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ الَّتِي اَمَرَ اللّٰهُ بِهَا رَسُوْلَهُ، فَمَنْ سُئِلَهَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى وَجْهِهَا فَلْيُعْطِهَا، وَمَنْ سُئِلَ فَوْقَهَا فَلَا يُعْطِهَا، فِيْ اَرْبَعَةٍ وَّعِشْرِيْنَ مِنَ الْاِبِلِ فَمَا دُوْنَهَا الْغَنَمُ فِيْ كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ، فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّثَلَاثِيْنَ فَفِيْهَا ابْنَةُ مَخَاضٍ، فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ بِنْتُ مَخَاضٍ، فَابْنُ لَبُوْنٍ ذَكَرٌ، فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّثَلَاثِيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّاَرْبَعِيْنَ فَفِيْهَا ابْنَةُ لَبُوْنٍ، فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّاَرْبَعِيْنَ اِلٰى سِتِّيْنَ فَفِيْهَا حِقَّةٌ طَرُوْقَةُ الْجَمَلِ، فَاِذَا بَلَغَتْ وَاحِدَةً وَّسِتِّيْنَ اِلٰى خَمْسٍ وَّسَبْعِيْنَ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ، فَاِذَا بَلَغَتْ سِتًّا وَّسَبْعِيْنَ اِلٰى تِسْعِيْنَ فَفِيْهَا ابْنَتَا لَبُوْنٍ، فَاِذَا بَلَغَتْ اِحْدٰى وَتِسْعِيْنَ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ طَرُوْقَتَا الْجَمَلِ، فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى عِشْرِيْنَ وَمِئَةٍ فَفِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ ابْنَةُ لَبُوْنٍ، وَفِيْ كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ، وَاِنَّ مَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ مِنَ الْاِبِلِ صَدَقَةُ الْجَذَعَةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ جَذَعَةٌ وَعِنْدَهُ حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ، وَيَجْعَلُ مَعَهَا شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ عِنْدَهُ صَدَقَةُ الْحِقَّةِ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ حِقَّةٌ وَعِنْدَهُ جَذَعَةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْجَذَعَةُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَّدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ الْحِقَّةَ وَلَيْسَتْ عِنْدَهُ اِلَّا ابْنَةُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ، وَيُعْطِي شَاتَيْنِ اَوْ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ لَبُوْنٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ اِلَّا حِقَّةٌ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ الْحِقَّةُ وَيُعْطِيهِ الْمُصَّدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ، وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ لَبُوْنٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ ابْنَةُ مَخَاضٍ وَّيُعْطِي مَعَهَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ شَاتَيْنِ وَمَنْ بَلَغَتْ صَدَقَتُهُ ابْنَةَ مَخَاضٍ وَّلَيْسَتْ عِنْدَهُ، وَعِنْدَهُ ابْنَةُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهَا تُقْبَلُ مِنْهُ ابْنَةُ لَبُوْنٍ وَّيُعْطِيهِ الْمُصَّدِّقُ عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا اَوْ

شَاتَیْنِ، وَمَنْ لَّمْ یَکُنْ عِنْدَهُ ابْنَةُ مَخَاضٍ، وَعِنْدَهُ ابْنُ لَبُوْنٍ فَاِنَّهٗ یُقْبَلُ مِنْهُ وَلَیْسَ مَعَهٗ شَیْءٌ، وَمَنْ لَّمْ یَکُنْ مَعَهٗ اِلَّا اَرْبَعَةٌ مِنَ الْاِبِلِ فَلَیْسَ فِیْهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ یَّشَاءَ رَبُّهَا، فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا مِنَ الْاِبِلِ فَفِیْهَا شَاةٌ، وَصَدَقَةُ الْغَنَمِ فِیْ کُلِّ سَائِمَتِهَا اِذَا کَانَتْ اَرْبَعِیْنَ اِلٰی عِشْرِیْنَ وَمِائَةٍ شَاةٌ، فَاِذَا زَادَتْ عَلٰی عِشْرِیْنَ وَمِئَةٍ اِلٰی اَنْ تَبْلُغَ مِائَتَیْنِ، فَفِیْهَا شَاتَانِ فَاِنْ زَادَتْ عَلَی الْمِئَتَیْنِ اِلٰی ثَلَاثِ مِائَةٍ فَفِیْهَا ثَلَاثُ شِیَاهٍ، فَاِذَا زَادَتْ عَلٰی ثَلَاثِ مِئَةٍ فَفِیْ کُلِّ مِئَةٍ شَاةٌ، وَلَا یَخْرُجُ فِی الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَّلَا ذَاتُ عَوَارٍ، وَلَا تَیْسٌ اِلَّا اَنْ یَّشَاءَ الْمُصَّدِّقُ، وَلَا یُجْمَعُ بَیْنَ مُتَفَرِّقٍ وَّلَا یُفَرَّقُ بَیْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْیَةَ الصَّدَقَةِ، وَمَا کَانَ مِنْ خَلِیْطَیْنِ فَاِنَّهُمَا یَتَرَاجَعَانِ بَیْنَهُمَا بِالسَّوِیَّةِ، وَاِذَا کَانَتْ سَائِمَةُ الرَّجُلِ نَاقِصَةً مِنْ اَرْبَعِیْنَ شَاةً شَاةً وَاحِدَةً فَلَیْسَ فِیْهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ یَّشَاءَ رَبُّهَا، وَفِی الرِّقَةِ رُبْعُ الْعُشْرِ فَاِذَا لَمْ یَکُنْ مَالٌ اِلَّا تِسْعِیْنَ وَمِئَةً فَلَیْسَ فِیْهَا صَدَقَةٌ اِلَّا اَنْ یَّشَاءَ رَبُّهَا

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خلیفہ مقرر کیا گیا' تو انہوں نے جب حضرت انس رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا' تو انہوں نے انہیں یہ خط لکھ کر بھیجا۔

''اللہ تعالیٰ کے نام سے برکت حاصل کرتے ہوئے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے یہ زکوٰۃ کی فرضیت کا وہ حکم نامہ ہے جو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں پر فرض قرار دی تھی جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا تھا مسلمانوں میں سے جس کسی سے اس کے مطابق مطالبہ کیا جائے' تو وہ ادائیگی کرے گا اور جس سے اس سے زیادہ کا مطالبہ کیا جائے' تو وہ ادائیگی نہیں کرے گا چوبیس (24) یا اس سے کم اونٹوں میں سے ہر پانچ اونٹوں میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد پچیس (25) ہو جائے' تو 35 تک میں ایک بنت مخاض کی ادائیگی لازم ہے' اگر بنت مخاض نہ ہو' تو ایک ابن لبون مذکر کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد 36 سے لے کر 45 تک ہو' تو ان میں ایک بنت لبون کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد 46 سے لے کر 60 تک ہو' تو اس میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہے' جسے جفتی کے لئے دیا جا سکے جب اس کی تعداد 61 سے لے کر 75 تک ہو' تو اس میں جزعہ کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد 76 سے لے کر 90 تک ہو' تو اس میں دو بنت لبون کی ادائیگی لازم ہے جب ان کی تعداد 91 سے لے کر 120 تک ہو' تو اس میں دو حقہ کی ادائیگی لازم ہے جنہیں جفتی کے لئے دیا جا سکے جب ان کی تعداد 120 سے زیادہ ہو جائے' تو ہر 40 میں ایک بنت لبون کی اور ہر 50 میں ایک حقہ کی ادائیگی لازم ہوگی' جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس پر زکوٰۃ کے طور پر جزعہ کی ادائیگی لازم ہو اور اس کے پاس جزعہ نہ ہو بلکہ اس کے پاس حقہ ہو' تو اس سے حقہ وصول کر لیا جائے گا اور وہ شخص اس کے ہمراہ دو بکریاں یا بیس (20) درہم دے گا اور جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس پر حقہ کی ادائیگی لازم ہو اس کے پاس حقہ نہ ہو بلکہ اس کے پاس جزعہ ہو اس سے جزعہ وصول کر لیا جائے گا اور زکوٰۃ وصول کرنے والا شخص اسے یا' تو بیس (20) درہم دے گا' یا دو بکریاں دے گا اور جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس پر حقہ کی ادائیگی لازم ہو' لیکن اس کے پاس حقہ نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت

لبون ہو تو اس سے بنت لبون کو وصول کیا جائے گا اور وہ شخص دو بکریاں یا بیس (20) درہم دے گا اور جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ زکوٰۃ کے طور پر بنت لبون کی ادائیگی لازم ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو اس کے پاس حقہ ہو تو اس سے حقہ کو وصول کر لیا جائے گا اور زکوٰۃ وصول کرنے والا اسے بیس (20) درہم یا دو بکریاں دے گا' جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ ان کی زکوٰۃ بنت لبون بنتی ہو اس کے پاس بنت لبون نہ ہو تو اس سے بنت مخاض کو قبول کیا جائے گا اور وہ شخص اس کے ہمراہ بیس (20) درہم یا دو بکریاں دے گا' جس شخص کے پاس اتنے اونٹ ہوں کہ اس کی زکوٰۃ ایک بنت مخاض بنتی ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو اس کے پاس بنت لبون ہو تو اس سے بنت لبون کو قبول کیا جائے گا اور زکوٰۃ لینے والا شخص اسے بیس درہم یا دو بکریاں ادا کرے گا' جس شخص کے پاس بنت مخاض نہ ہو بلکہ اس کے پاس بنت لبون ہو تو اس سے وہی وصول کیا جائے گا اور اس کے ہمراہ کوئی چیز نہیں لی جائے گی اور جس شخص کے پاس صرف چار اونٹ ہوں' تو ان میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی' البتہ اگر ان کا مالک چاہے (تو کوئی ادائیگی کر سکتا ہے) اونٹوں کی تعداد پانچ ہو تو ان میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی اور سائمہ بکریوں میں چالیس سے لے کر ایک سو بیس تک میں ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی جب ایک سو بیس (120) سے زیادہ ہوں' تو دو سو تک میں دو بکریوں کی ادائیگی لازم ہو گی اگر دو سو سے زیادہ ہوں' تو تین سو تک میں تین بکریوں کی ادائیگی لازم ہوگی اگر تین سو سے زیادہ بکریاں ہوں' تو ہر ایک سو میں سے ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی زکوٰۃ میں بوڑھے، کانے اور کمزور جانور کو وصول نہیں کیا جائے گا' البتہ اگر زکوٰۃ وصول کرنے والا چاہے' تو ایسا کر سکتا ہے اور (زکوٰۃ سے بچنے کے لئے) متفرق مال کو اکٹھا نہیں کیا جائے گا اور اکٹھے مال کو متفرق نہیں کیا جائے گا اور جو مال دو آدمیوں کی مشترکہ ملکیت ہو' تو ان دونوں سے برابری کی بنیاد پر وصولی کی جائے گی اور جب کسی شخص کی سائمہ بکریاں چالیس سے کم ہوں خواہ ایک بھی کم ہو' تو اس میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی' البتہ اگر ان کا مالک چاہے (تو کوئی ادائیگی کر سکتا ہے) چاندی میں عشر کے چوتھائی حصے (یعنی اڑھائی فیصد) کی ادائیگی بھی لازم ہوگی اگر مال صرف ایک سو نوے ہو' تو اس میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی' البتہ اگر اس کا مالک چاہے' تو ادائیگی کر سکتا ہے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّجْلِبَ الْمُصَّدِّقُ مَاشِيَةَ اَهْلِهَا عَنْ مِيَاهِهِمْ اِلَى الْمَوْضِعِ الَّذِى يُرِيْدُ عِنْدَهُ اَخْذَ الصَّدَقَةِ فِيْهَا مِنْهُمْ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ زکوٰۃ وصول کرنے والا شخص جانوروں کے مالک کے جانور کو پانی کی جگہ سے اس جگہ لے جائے جہاں وہ زکوٰۃ وصول کرنا چاہتا ہو جو ان جانوروں کی زکوٰۃ ہے

3267 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا جَلَبَ، وَلَا جَنَبَ، وَلَا شِغَارَ، وَمَنِ انْتَهَبَ نُهْبَةً فَلَيْسَ مِنَّا

❀❀ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جلب، جنب، شغار کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور جو شخص اچک کر کوئی چیز لیتا ہے اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں ہے۔''

ذِكْرُ الْاَخْبَارِ الْمُفَسِّرَةِ لِقَوْلِهٖ جَلَّ وَعَلَا (خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا) (التوبة: 103)

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وضاحت کرتی ہے ''تم ان کے اموال میں سے زکوٰۃ وصول کرو اور تم اس کے ذریعے انہیں پاک کردو اور ان کا تزکیہ کردو''

3268 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، وَالْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، وَاَيُّوْبَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيٰى، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ، وَلَا فِيْمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْخَبَرُ يُبَيِّنُ بِاَنَّ الْمُرَادَ مِنْ قَوْلِهٖ: (خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ) (التوبة: 103) اَرَادَ بِهٖ بَعْضَ الْمَالِ، اِذِ اسْمُ الْمَالِ وَاقِعٌ عَلٰى مَا دُوْنَ الْخَمْسِ مِنَ الذَّوْدِ، وَالْخَمْسِ مِنَ الْاَوَاقِ، وَالْخَمْسِ مِنَ الْاَوْسُقِ، وَقَدْ نَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيْجَابَ الصَّدَقَةِ عَنْ مَا دُوْنَ الَّذِيْ حَدَّ

3267- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح إلا ان فيه عنعنة الحسن. وأخرجه أحمد 4/443، والطيالسي "838"، وابن أبي شيبة 4/381، والبيهقي 10/21 من طرق عن حماد بن سلمة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 4/439، والنسائي 6/111 في النكاح: باب الشغار، و 6/227- 228 في الخيل: باب الجلب، وأبوداؤد "2581" في الجهاد: باب ما جاء في الجلب على الخيل في السباق، والترمذي "1123" في النكاح: باب ما جاء في النهي عن نكاح الشغار، من طرق عن حميد، به . وقال الترمذي: حديث حسن صحيح. وأخرجه أحمد 4/429، والنسائي 6/228، والدارقطني 4/303 من طرق عن الحسن، به. وله شاهد من حديث أنس عند النسائي 6/111 "إلا أنه قال بإثرة: هٰذا خطأ فاحش، والصواب حديث بشر، أي: عن حميد عن الحسن عن عمران." وآخر من حديث عبد الله بن عمرو عند أبي داؤد "1591"، وسنده حسن، ولفظه "لا جلب ولا جنب، ولا تؤخذ صدقاتهم إلا في دورهم." وقد تقدم تفسير ما في هٰذا الحديث من الغريب في "3146".

3268- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن عُبيد بن حساب فمن رجال مسلم. أيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني، وعمرو بن يحيى: هو ابن عمارة بن أبي حسن الأنصاري المازني. وأخرجه ابن خزيمة "2293" و "2298"، والطحاوي 2/35 من طريق عبيد الله ابن عمر، به. وانظر "3264" و "3265" و "3266" و "3270" و "3271".

الذود: القطيع من الإبل الثلاث إلى التسع، وقيل: إلى العشر، وقيل: إلى خمس عشرة، وقيل: إلى الثلاثين. الوسق: ستون صاعًا.

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی پانچ اوقیہ (سے کم چاندی) میں زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی' پانچ وسق سے کم (اناج میں) زکوٰۃ لازم نہیں ہوتی۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس روایت میں اس بات کو بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان ''تم ان کے اموال میں سے زکوٰۃ کو وصول کر کے انہیں پاک و صاف کر دو'' اس کے ذریعے بعض مال مراد ہے کیونکہ لفظ مال کا اطلاق اس چیز پر بھی ہوتا ہے' جو پانچ اونٹوں سے اور پانچ اوقیہ چاندی سے یا پانچ وسق اناج سے کم ہو لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مخصوص حد سے کم میں زکوٰۃ لازم ہونے کی نفی کی ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْإِمَامِ اَنْ يَّاْخُذَ فِي الصَّدَقَةِ فَوْقَ السِّنِّ الْوَاجِبِ اِذَا طَابَتْ اَنْفُسُ اَرْبَابِهَا بِهَا

امام کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ زکوٰۃ میں لازم شدہ عمر سے بڑی عمر کے جانور کو وصول کرے جبکہ اس کا مالک اپنی خوشی سے وہ ادا کر رہا ہو

3269 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، قَالَ:

(متن حدیث): بَعَثَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى صَدَقَةِ بَلِيٍّ وَعُذْرَةَ، فَمَرَرْتُ بِرَجُلٍ مِنْ بَلِيٍّ لَهُ ثَلَاثُوْنَ بَعِيرًا، فَقُلْتُ لَهُ: اِنَّ عَلَيْكَ فِيْ اِبِلِكَ هٰذِهِ بِنْتَ مَخَاضٍ، قَالَ: ذَاكَ مَا لَيْسَ فِيْهِ ظَهْرٌ وَلَا لَبَنٌ، وَاِنِّيْ لَاَكْرَهُ اَنْ اُقْرِضَ اللّٰهَ شَرَّ مَالِي، فَتَخَيَّرْهُ، فَقَالَ لَهُ اُبَيٌّ: مَا كُنْتُ لِآخُذَ فَوْقَ مَا عَلَيْكَ، وَهٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاْتِهِ، فَاَتَاهُ، فَقَالَ نَحْوًا مِمَّا قَالَ لِاُبَيٍّ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا مَا عَلَيْكَ فَاِنْ جِئْتَ بِفَوْقِهِ، قَبِلْنَاهُ مِنْكَ، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهِ نَاقَةٌ عَظِيمَةٌ سَمِينَةٌ فَمَنْ يَّقْبِضُهَا؟، فَاَمَرَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يَّقْبِضُهَا، وَدَعَا لَهُ فِيْ مَالِهِ بِالْبَرَكَةِ قَالَ عُمَارَةُ: فَضَرَبَ الدَّهْرُ ضَرْبَةً فَوَلَّانِيْ مَرْوَانُ صَدَقَةَ بَلِيٍّ وَعُذْرَةَ فِيْ زَمَنِ مُعَاوِيَةَ، فَمَرَرْتُ بِهٰذَا الرَّجُلِ فَصَدَقْتُ مَالَهُ ثَلَاثِيْنَ حِقَّةً، فِيْهَا فَحْلُهَا عَلٰى اَلْفٍ وَّخَمْسِ مِائَةِ

3269- إسناده قوى، فقد صرح ابن إسحاق بالتحديث عند غير المصنف. وأخرجه أحمد 5/142، وأبو داوُد "1583" في الزكاة: باب في زكاة السائمة، وابن خزيمة "2277"، والحاكم 1/399 - 400، والبيهقي 4/96 من طريق يعقوب بن إبراهيم عن أبيه، عن ابن إسحاق، بهٰذا الإسناد.

بَعِيرٍ، قَالَ ابْنَ اِسْحَاقَ: قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ: مَا فَحْلُهَا؟، قَالَ: فِي السُّنَّةِ اِذَا بَلَغَ صَدَقَةُ الرَّجُلِ ثَلَاثُونَ حِقَّةً اُخِذَ مَعَهَا فَحْلُهَا

❁❁ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلی اور عذرہ قبیلے سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا میرا گزر بلی قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے پاس سے ہوا جس کے پاس تیس (30) اونٹ تھے میں نے اس سے کہا: تمہارے ان اونٹوں میں تم پر بنت مخاض کی ادائیگی لازم ہوگی اس نے کہا: یہ تو ایک ایسا جانور ہے' جس پر سواری بھی نہیں کی جا سکتی اور یہ دودھ بھی نہیں دیتا مجھے یہ بات پسند نہیں ہے میں اللہ تعالیٰ کو اپنا برا مال پیش کروں تمہیں اس بارے میں اختیار ہے (کہ تم کوئی دوسرا جانور لے لو) حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: میں تم سے اس سے زیادہ وصولی نہیں کرسکتا جو تم پر لازم ہے۔ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما ہیں تم ان کی خدمت میں چلے جاؤ وہ شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے وہی بات کہی جو اس نے حضرت ابی رضی اللہ عنہ سے کہی تھی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ وہ چیز ہے' جو تم پر لازم ہے' اگر تم اس سے زیادہ لے آتے ہو' تو ہم اسے تمہاری طرف سے قبول کرلیں گے اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ ایک موٹی تازی اونٹنی ہے کون اسے قبضے میں لے گا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی' تو ایک شخص نے اسے قبضے میں لے لیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کے مال میں اس کے لیے برکت کے لیے دعا کی۔

عمارہ نامی راوی کہتے ہیں: اس کے بعد ایک طویل عرصہ گزر گیا مروان (جو مدینہ منورہ کا گورنر تھا) اس نے مجھے بلی اور عذرہ قبیلے سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا یہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت کی بات ہے میرا گزر اس شخص کے پاس سے ہوا' تو میرے حساب سے اس کے مال کی زکوٰۃ تیس (30) حقے بنتی تھی جس میں ایک نر جانور بھی ہو اور اس کے اونٹوں کی تعداد ایک ہزار پانچ سو تھی۔

(متن حدیث): اَلصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ، وَهِيَ عَلٰى ذِي الرَّحِمِ اثْنَانِ: صَدَقَةٌ وَّصِلَةٌ

حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''غریب کو صدقہ دینا صدقہ ہے اور رشتے دار کو صدقہ دینے میں دو پہلو ہیں صدقہ کرنا اور صلہ رحمی کرنا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى الْمَرْءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سب سے افضل صدقہ وہ ہے جسے کرنے کے بعد آدمی خوشحال رہے

3345 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوْسَى بْنِ عَبْدَانَ، بِعَسْكَرِ مُكْرَمَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ الْبَحْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، يَقُوْلُ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَفْضَلُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''سب سے افضل صدقہ وہ ہے' جو خوشحالی کے عالم میں دیا جائے اور تم ان سے آغاز کرو جو تمہارے زیر کفالت ہیں۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ اِخْرَاجَ الْمُقِلِّ بَعْضَ مَا عِنْدَهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ افضل صدقہ وہ ہے جو کوئی تنگدست شخص اپنے پاس

3344– حديث صحيح، أم الرائح بنت صليع، واسمها الرباب، لم يوثقها غير المؤلف، وليس لها إلا هٰذا الحديث وما روى عنها سوى حفصة بنت سيرين، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين. ابن عون: هو عبد اللّٰه . وأخرجه الطبراني "6211" من طريق معاذ بن المثنى، عن مسدد، بهٰذا الإسناد . وأخرجه ابن خزيمة "2385" عن محمد عبد الأعلى الصنعاني، عن بشر بن المفضل، به. وأخرجه أحمد 4/17 و 18و 214، والدارمي 1/397، والنسائي 5/92 في الزكاة: باب الصدقة على الأقارب، وفي الوليمة كما في "التحفة" 4/26، وابن ماجه "1844" في الزكاة: باب فضل الصدقة، والطبراني "6212"، والحاكم 1/407، والبيهقي 4/174 من طريق عن ابن عون، به . وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .!وأخرجه أحمد 4/18 و214، والحميدي "823"، والدارمي 1/397. والترمذي "658" في الزكاة: باب ما جاء في الصدقة على ذي القرابة، والطبراني "6206" و "6207" و"6208" و"6209" و"6210" من طرق عن حفصة بنت سيرين، به، وقال الترمذي: حديث حسن . وأخرجه الطبراني "6204" و"6205" من طرق عن محمد بن سيرين، عن سلمان بن عامر . وفي الباب عن زينب الثقفية زوجة عبد اللّٰه بن مسعود عند البخاري "4166"، ومسلم "1000" "45" في خبر مطول وفيه "لهما أجران: أجر القرابة وأجر الصدق "، وعن أبي أمامة الباهلي عند الطبراني في "الكبير" "7834" ولفظه "إن الصدقة على ذي قرابة يضعف أجرها مرتين"، قال الهيثمي في "المجمع" 3/117: فيه عبد اللّٰه بن زحر وهو ضعيف. وعن أبي طلحة الأنصاري عند الطبراني أيضًا "4723" ولفظه: "الصدقة على المسكين صدقة، وعلى ذي الرحم صدقة وصلة"، قال الهيثمي 3/116: وفيه من لم أعرفه.

3345– إسناده صحيح على شرط الشيخين . أبو عاصم: هو الضحاك بن مخلد . وأخرجه الشافعي 2/68، وأحمد 3/330، والبيهقي 10/309، من طريقين عن ابن جريج، بهٰذا الاسناد. وأورده الهيثمي في "المجمع" 3/115 ونسبه إلى أحمد وقال: رجاله رجال الصحيح.

موجود چیز میں سے کچھ خرچ کرتا ہے

3346 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: جُهْدُ الْمُقِلِّ، وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا صدقہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص کے پاس پیسے تھوڑے ہوں وہ محنت کر کے صدقہ کرے اور تم اپنے زیر کفالت سے آغاز کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَدَقَةَ الْقَلِيْلِ مِنَ الْمَالِ الْيَسِيْرِ اَفْضَلُ مِنْ صَدَقَةِ الْكَثِيْرِ مِنَ الْمَالِ الْوَافِرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ تھوڑے مال میں سے تھوڑا صدقہ دینا زیادہ مال میں سے زیادہ صدقہ کرنے سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے

3347 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ الْفَرْغَانِيُّ، بِدِمَشْقَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): سَبَقَ دِرْهَمٌ مِائَةَ اَلْفٍ، فَقَالَ رَجُلٌ: وَكَيْفَ ذَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: رَجُلٌ لَهُ مَالٌ كَثِيْرٌ اَخَذَ مِنْ عُرْضِهِ مِائَةَ اَلْفٍ، فَتَصَدَّقَ بِهَا، وَرَجُلٌ لَيْسَ لَهُ اِلَّا دِرْهَمَانِ فَاَخَذَ اَحَدَهُمَا فَتَصَدَّقَ بِهِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بعض اوقات ایک درہم ایک لاکھ درہموں پر سبقت لے جاتا ہے۔ ایک صاحب نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ کیسے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک شخص کے پاس بہت

3346– إسناده صحيح . وأخرجه أبو داوٗد "1677" في الزكاة: باب الرخصة في ذلك، عن يزيد بن خالد بن موهب، بهٰذا الإسناد. وقد قرن أبو داوٗد فيه مع يزيد قتيبة بن سعيد . وأخرجه أحمد 2/358، وابن خزيمة "2444"، والحاكم 1/414، والبيهقي 1/480 من طرق عن الليث، به. وصحّحه الحاكم على شرطِ مُسلمٍ ووافقه الذهبي ! مع أن يحيى بن جعدة الراوي عن أبي هريرة لم يخرج له مسلم.

3347– إسناده حسن، ابن عجلان صدوق روى له مسلم متابعة والبخاري تعليقًا، وباقي السند على شرط الصحيح. وأخرجه النسائي 5/59 في الزكاة: باب جهد المقل، وابن خزيمة "2443"، والحاكم 1/416، والبيهقي 4/181–182 من طرق عن صفوان بن عيسى، بهٰذا الإسناد. وصححه الحاكم ووافقه الذهبي. وأخرجه أحمد 2/379، والنسائي 5/59، عن قتيبة بن سعيد، عن اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ والقعقاع، عن أبي هريرة. عند أحمد "سبق درهم درهمين ... ."

زیادہ مال ہوتا ہے وہ اپنے مال میں سے ایک لاکھ درہم لیتا ہے اور انہیں صدقہ کر دیتا ہے اور ایک شخص کے پاس صرف دو درہم ہوتے ہیں وہ ان میں سے ایک لے کر اسے صدقہ کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مِنْ اَفْضَلِ الصَّدَقَةِ لِلْمَرْءِ الْمُسْلِمِ سَقْىَ الْمَاءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مسلمان شخص کے لیے سب سے زیادہ فضیلت والا صدقہ پانی پلانا ہے

3348 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ حُرَيْثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ هِشَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَقْيُ الْمَاءِ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا صدقہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانی پلانا۔

ذِكْرُ مَحَبَّةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُتَصَدِّقِ اِذَا تَصَدَّقَ لِلّٰهِ سِرًّا اَوْ تَهَجَّدَ لِلّٰهِ سِرًّا

اللہ تعالیٰ کے اس صدقہ کرنے والے شخص سے محبت کرنے کا تذکرہ جو پوشیدہ طور پر اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے صدقہ دیتا ہے اور پوشیدہ طور پر اللہ کی رضا کے لیے نماز تہجد ادا کرتا ہے

3349 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ، وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ، اَمَّا الَّذِينَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ: فَرَجُلٌ اَتَى قَوْمًا فَسَاَلَهُمْ بِاللّٰهِ وَلَمْ يَسْاَلْهُمْ بِقَرَابَةٍ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ، فَتَخَلَّفَ رَجُلٌ بِاَعْقَابِهِمْ، فَاَعْطَاهُ سِرًّا لَا يَعْلَمُ بِعَطِيَّتِهِ اِلَّا اللّٰهُ وَالَّذِي اَعْطَاهُ، وَقَوْمٌ سَارُوا لَيْلَتَهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَ النَّوْمُ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِمَّا يَعْدِلُ بِهِ نَزَلُوا، فَوَضَعُوا رُءُوسَهُمْ، وَقَامَ

3348– رجاله ثقات رجال الشيخين، إلا أنه منقطع، سعيد بن المسيب لم يدرك سعد بن عبادة ولم يسمع منه. وهو في "صحيح ابن خزيمة " ."2497" وأخرجه النسائي 6/254–255 في الوصايا: باب ذكر الاختلاف على سفيان، عن الحسين بن حريث، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 6/254، وابن ماجه "3684" في الأدب: باب فضل صدقة الماء، والطبراني "5379" من طرق عن وكيع، به. وأخرجه أبو داوُد "1679" و"1680" في الزكاة: باب فضل سقي الماء، وابن خزيمة "2496"، والحاكم 1/414، والبيهقي 4/185 من طريقين عن قتادة، به. وصححه الحاكم على شرط الشيخين، فتعقبه الذهبي بقوله: قلت: لا، فإنه غير متصل. وأخرجه أحمد 5/258، و6/7، وأبو داوُد "1680"، والطبراني "5383"، والبيهقي 4/185 من طرق عن الحسن، عن سعد بن عبادة، وعند أبي داوُد: عن سعيد والحسن. وهذا منقطع أيضًا. وأخرجه أبو داوُد "1681" من طريق أبي إسحاق، عن رجل، عن سعد بن عبادة. وأخرجه الطبراني "5385" من طريق ضرار بن صرد، عن أبي نعيم الطحان، عن عبد العزيز بن محمد، عن عمارة بن غزية، عن حميد بن أبي الصعبة، عن سعد بن عبادة. ضرار بن صرد ضعيف، وحميد بن أبي الصعبة مجهول، ثم هو لم يدرك سعد بن عبادة.

يَتَمَلَّقُنِي وَيَتْلُو آيَاتِي، وَرَجُلٌ كَانَ فِي سَرِيَّةٍ فَلَقِيَ الْعَدُوَّ فَهُزِمُوا، وَاَقْبَلَ بِصَدْرِهِ يُقْتَلُ اَوْ يُفْتَحُ لَهُ، وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ: الشَّيْخُ الزَّانِي، وَالْفَقِيرُ الْمُخْتَالُ، وَالْغَنِيُّ الظَّلُومُ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین لوگوں کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور تین لوگوں کو ناپسند کرتا ہے جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جنہیں اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے' تو ایک وہ شخص ہے' جو کچھ لوگوں کے پاس آئے اور ان سے اللہ کے نام پر کچھ مانگے وہ ان کے ساتھ اپنی رشتے داری کی وجہ سے کچھ نہ مانگے پھر ایک شخص الٹے قدموں واپس جائے اور پوشیدہ طور پر اسے کچھ دیدے۔ اس عطیے کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور جس نے اسے دیا ہے اس کے علاوہ اور کسی کو علم نہ ہو۔ دوسرے وہ لوگ جو رات بھر سفر کرتے رہے' یہاں تک کہ جب وہ پڑاؤ کریں' تو ان کے نزدیک نیند سب سے زیادہ پیاری ہو اور وہ سر رکھ کر سو جائیں اور ایک شخص کھڑا ہو کر میری (یعنی اللہ تعالیٰ کی) خوشامد کرے میری آیات کی تلاوت کرے اور ایک وہ شخص جو کسی مہم پر روانہ ہو ان کا دشمنوں سے سامنا ہو' تو وہ لوگ پسپا ہو جائیں' لیکن وہ شخص آگے بڑھے اور پھر یا قتل ہو جائے یا اسے فتح نصیب ہو جہاں تک ان تین لوگوں کا تعلق ہے جنہیں اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے' ایک بوڑھا زانی' دوسرا غریب متکبر اور تیسرا ظالم خوشحال شخص۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ صَدَقَةَ الْمَرْءِ سِرًّا اِذَا سُئِلَ بِاللّٰهِ مِمَّا يُحِبُّ اللّٰهُ فَاعِلَهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کا پوشیدہ طور پر صدقہ دینا جب آدمی سے اللہ کے نام پر مانگا گیا ہو، یہ ان چیزوں میں شامل ہے جنہیں کرنے والے کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے

3350 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، اَخْبَرَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: (متنِ حدیث): ثَلَاثَةٌ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ، وَثَلَاثَةٌ يُبْغِضُهُمُ اللّٰهُ: يُحِبُّ رَجُلًا كَانَ فِي قَوْمٍ فَاَتَاهُمْ سَائِلٌ، فَسَاَلَهُمْ بِوَجْهِ اللّٰهِ لَا يَسْاَلُهُمْ لِقَرَابَةٍ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَهُ، فَبَخِلُوا، فَخَلَفَهُمْ بِاَعْقَابِهِمْ حَيْثُ لَا يَرَاهُ اِلَّا اللّٰهُ وَمَنْ اَعْطَاهُ، وَرَجُلٌ

3349- حديث صحيح . أبو ظبيان: كذا كنّاه هنا، ولم ترد عند غيره، واسمه زيد بن ظبيان، ذكره المؤلف في "الثقات" 4/249، وأخرج حديثه ابن خزيمة في "صحيحه." وباقي رجال السند ثقات رجال الشيخين . منصور: هو ابن المعتمر . وأخرجه الترمذي "2568" في صفة الجنة: باب رقم "25"، وابن خزيمة "2456" عن محمد بن بشار، بهذا الإسناد. قال الترمذي: هذا حديث صحيح .!وأخرجه أحمد 5/153، والنسائي 5/84 في الزكاة: باب ثواب من يعطي، وفي "الكبرى" كما في "التحفة" 9/161 من طريق محمد بن جعفر، به . وأخرجه أحمد 5/153، والحاكم 2/113 من طريقين عن منصور، به . وصححه الحاكم ووافقه الذهبي .!وأخرجه أحمد 5/176، والطيالسي "468"، والطبراني "1637"، والبيهقي 9/160 من طرق عن الأسود بن شيبان، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ.

3350 هو مكرر ماقبله.

كَانَ فِي كَتِيبَةٍ، فَانْكَشَفُوا، فَكَبَّرَ فَقَاتَلَ حَتّٰى يَفْتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، اَوْ يُقْتَلَ، وَرَجُلٌ كَانَ فِي قَوْمٍ فَاَدْلَجُوا، فَطَالَتْ دُلْجَتُهُمْ، فَنَزَلُوْا وَالنَّوْمُ اَحَبُّ اِلَيْهِمْ مِمَّا يَعْدِلُ بِهٖ، فَنَامُوا، وَقَامَ يَتْلُو آيَاتِي وَيَتَمَلَّقُنِي، وَيُبْغِضُ الشَّيْخَ الزَّانِيَ، وَالْبَخِيلَ الْمُتَكَبِّرَ، وَذَكَرَ الثَّالِثَ

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''تین لوگوں کو اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور تین لوگوں کو ناپسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ ایسے شخص کو پسند کرتا ہے' جو کچھ لوگوں میں موجود ہو کوئی مانگنے والا ان کے پاس آئے اللہ کے نام پر ان سے مانگے وہ ان لوگوں کے ساتھ اپنی کسی رشتے داری کی وجہ سے ان سے نہ مانگے' تو وہ لوگ کنجوسی کا مظاہرہ کریں (اور اسے کچھ نہ دیں) ان میں سے ایک شخص انہیں چھوڑ کر واپس جائے ایسی جگہ جہاں اللہ تعالیٰ کے علاوہ اسے کوئی نہ دیکھ رہا ہو اور وہ شخص اسے کچھ دیدے۔ ایک وہ شخص جو کسی مہم پر ہو اور وہ لوگ بکھر جائیں' تو وہ تکبیر کہتے ہوئے لڑائی میں کود پڑے' یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اسے فتح نصیب کردے یا وہ شہید ہو جائے۔ ایک وہ شخص جو کچھ لوگوں کے ہمراہ رات کے وقت سفر کر رہا ہو جب رات زیادہ ہو جائے وہ لوگ کسی جگہ پڑاؤ کریں اس وقت نیند ان کے نزدیک سب سے زیادہ پیاری ہو وہ لوگ سو جائیں اور وہ شخص کھڑا ہو کر آیات کی تلاوت کرے اور میری بارگاہ میں التجاء کرے اور اللہ تعالیٰ بوڑھے زانی، کنجوس متکبر کو پسند نہیں کرتا۔ راوی نے تیسرے شخص کا بھی ذکر کیا تھا۔''

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْاِيثَارِ بِالصَّدَقَةِ مَنْ لَّا يُعْلَمُ بِحَاجَتِهٖ وَلَا غِنَاهُ عَنْهَا

ایسے شخص کو صدقہ دینا مستحب ہے جس کی حاجت کا پتہ نہ چلتا ہو اور وہ خوشحال بھی نہ ہو

3351 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ الَّذِي تَرُدُّهُ التَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ، وَالْاُكْلَةُ وَالْاُكْلَتَانِ، وَلٰكِنَّ الْمِسْكِيْنَ الَّذِي لَيْسَ لَهُ مَا يَسْتَغْنِي بِهٖ، وَلَا يُعْلَمُ بِحَاجَتِهٖ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ، فَذٰلِكَ الْمَحْرُوْمُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''غریب وہ نہیں ہے' جو ایک یا دو کھجوریں لے کر ایک یا دو لقمے لے کر واپس چلا جائے غریب وہ شخص ہے' جس کے پاس وہ چیز نہ ہو جو اس کی ضروریات کو پوری کرے اور اس کے حاجت مند ہونے کا پتہ بھی نہ چل سکے کہ اسے صدقہ ہی کر دیا جائے ''محروم'' سے مراد یہ شخص ہے (جس کا ذکر قرآن میں ہے)۔''

3351- إسناده صحيح على شرط البخاري. وأخرجه أبو داوُد "1632" في الزكاة: باب من يعطى من الصدقة، وحدّ الغنى، عن عبيد الله بن عمر وأبي كامل ومسدّد بن مسرهد، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 5/85-86 في الزكاة: باب تفسير المسكين، من طريق عبد الأعلى، عن معمر، به. وانظر ما بعده، و "3298".

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ الْإِيثَارِ بِالصَّدَقَةِ مَنْ لَّا يَسْاَلُ دُوْنَ مَنْ يَّسْاَلُ

ایسے شخص کو صدقہ دینے کا مستحب ہونا جو مانگتا نہیں ہے نہ کہ اس کو دینا (مستحب ہے) جو مانگتا ہے

3352 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، بِمَنْبِجَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِی بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِی الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ بِهٰذَا الطَّوَّافِ الَّذِی يَطُوفُ عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ، وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ، قَالُوْا: فَمَنِ الْمِسْكِيْنُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: الَّذِی لَا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيْهِ، وَلَا يُفْطَنُ لَهٗ فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ، وَلَا يَقُوْمُ فَيَسْاَلُ النَّاسَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''غریب وہ نہیں ہوتا جو لوگوں کے گھر چکر لگاتا ہے ایک یا دو لقمے لے کر ایک یا دو کھجوریں لے کر واپس چلا جاتا ہے۔ لوگوں نے دریافت کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! پھر غریب کون ہوتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص جس کے پاس اپنی ضرورت پوری کرنے کے لیے کوئی چیز نہ ہو اور اس کی حالت کا پتہ بھی نہ چل سکے کہ اسے صدقہ ہی کر دیا جائے اور وہ خود کھڑا ہو کر لوگوں سے مانگتا بھی نہیں ہے۔''

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَصَدَّقَ عَنْ حَمِيْمِهٖ وَقَرَابَتِهٖ اِذَا مَاتَ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب اس کا کوئی دوست یا رشتہ دار فوت ہو جائے تو وہ اس کی طرف سے صدقہ کرے

3353 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِیُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِی بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اُمِّی افْتُلِتَتْ نَفْسُهَا، وَاُرَاهَا لَوْ تَكَلَّمَتْ

3352– إسناده صحيح على شرطهما. وهو في "المؤطأ" .2/923 ومن طريق مالك أخرجه البخاري "1479" في الزكاة: باب قول الله تعالى: (لا يَسْأَلُونَ النَّاسَ إِلْحَافًا) (البقرة: من الآية 273) ، والنسائي 5/85 في الزكاة: باب تفسير المسكين، والبيهقي 7/11، والبغوي ."1602"وأخرجه مسلم "1039" في الزكاة: باب المسكين الذي لايجد غنى ولا يفطن له فيتصدق عليه، من طريق المغيرة الحزامي، عن أبي الزناد، بهذا الإسناد. وانظر ماقبله.

3353– إسناده صحيح على شرطهما، وهو في "الموطأ" .2/760 ومن طريق مالك أخرجه البخاري "2760" في الوصايا: باب ما يستحب لمن توفي فجاءة أن يتصدقوا عنه، وقضاء النذور عن الميت، والنسائي 6/250 في الوصايا: باب إذا مات الفجاءة هل يستحب لأهله أن يتصدقوا، والبيهقي 6/277، والبغوي ."1690" وأخرجه البخاري "1388" في الجنائز: باب موت الفجاءة، ومسلم "1004" في الزكاة: باب وصول ثواب الصدقة، و "1630" في الوصية: باب وصول ثواب الصدقات إلى الميت، وابن خزيمة "2499" من طرق عن هشام، بهذا الإسناد.

تَصَدَّقَتْ، اَفَاَتَصَدَّقُ عَنْهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں عرض کی میری والدہ کا اچانک انتقال ہوگیا میرا خیال ہے اگر انہیں بات کرنے کا موقع ملتا' تو وہ صدقہ کرنے کے لئے کہتی کیا میں ان کی طرف سے صدقہ کردوں؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِإِبَاحَةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ معنی کے مباح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3354 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيلَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجَ سَعْدُ بْنُ عُبَادَةَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ مَغَازِيهِ وَحَضَرَتْ اُمَّهُ الْوَفَاةُ بِالْمَدِينَةِ، فَقِيلَ لَهَا: اُوصِي، فَقَالَتْ: فِيمَ اُوصِي، اِنَّمَا الْمَالُ مَالُ سَعْدٍ، فَتُوُفِّيَتْ قَبْلَ اَنْ يَقْدَمَ سَعْدٌ، فَلَمَّا قَدِمَ سَعْدٌ ذُكِرَ ذٰلِكَ لَهُ، فَقَالَ سَعْدٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ يَنْفَعُهَا اَنْ اَتَصَدَّقَ عَنْهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ، فَقَالَ سَعْدٌ: حَائِطُ كَذَا وَكَذَا صَدَقَةٌ عَلَيْهَا، لِحَائِطٍ سَمَّاهُ

سعید بن عمرو اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ کسی جنگ میں شرکت کے لئے چلے گئے مدینہ منورہ میں ان کی والدہ کا انتقال ہوگیا ان سے کہا گیا: آپ کوئی تلقین کیجئے۔ انہوں نے فرمایا: میں کس بات کی وصیت کروں سارا مال' تو سعد کا ہے پھر حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے واپس آنے سے پہلے ان کا انتقال ہوگیا جب حضرت سعد رضی اللہ عنہ تشریف لائے ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا گیا' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: یارسول اللہ ﷺ! اگر میں ان کی طرف سے صدقہ کروں' تو کیا انہیں فائدہ ہوگا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جی ہاں' تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: فلاں' فلاں باغ ان کی طرف سے صدقہ ہے انہوں نے اس باغ کا نام بھی لیا تھا۔

3354- حديث صحيح، سعيد بن عمرو بن شرحبيل ذكره المؤلف في "الثقات"، وقال النسائي: ثقة، وأبو عمرو بن شرحبيل: روى عنه جمع، وذكره المؤلف في "الثقات"، وشرحبيل بن سعيد روى عن أبيه وجده، وروى عنه ابنه عمرو، وعبد الله بن محمد بن عقيل، وذكره المؤلف في "الثقات." والحديث في "الموطأ" 2/760، ومن طريقه أخرجه النسائي 6/250-251 في الوصايا: باب إذا مات الفجاءة هل يستحب لأهله أن يتصدقوا، وابن خزيمة "2500"، والحاكم 1/420، والبيهقي 6/278، وصحح الحاكم إسناده ووافقه الذهبي. وأخرجه الطبراني "5381" و "5382" من طريق عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن سعيد بن عمرو بن شرحبيل، عن سعيد بن سعد بن عبادة، عن أبيه. وأخرجه البخاري "2756" و "2762" من طريقين عن ابن جريج، أخبرني يعلى بن مسلم أنه سمع عكرمة يقول: أنبأنا ابن عباس رضي الله عنهما أن سعد بن عبادة رضي الله عنه توفيت أمه وهو غائب عنها، فقال: يا رسول الله إن أمي توفيت وأنا غائب عنها، أينفعها شيء إن تصدقت به عنها؟ قال: نعم، قال: فإني أشهدك أن حائطي المخراب صدقة عليها. وأخرجه البخاري "2770"، وأبو داوٗد "2882"، والترمذي "669"، والنسائي 6/252-253 من طريق زكريا بن إسحاق، عن عمرو بن دينار، عن عكرمة، عن ابن عباس.

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّتَصَدَّقَ بِثُلُثِ مَا يُسْتَفْضَلُ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ مِنْ اَمْلاكِهٖ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ اپنی زیرِ ملکیت چیزوں سے ہر سال جو چیزیں اضافی ہوں اس کا ایک تہائی حصہ صدقہ کرے

3355 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ، عَنْ وَهْبِ بْنِ كَيْسَانَ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): بَيْنَمَا رَجُلٌ بِفَلَاةٍ مِنَ الْاَرْضِ اِذْ رَاٰى سَحَابَةً فَسَمِعَ فِيهَا صَوْتًا: اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ، فَجَاءَ ذٰلِكَ السَّحَابُ فَاَفْرَغَ مَا فِيهِ فِيْ حُرَّةٍ، قَالَ: فَانْتَهَيْتُ فَاِذَا فِيهَا اَذْنَابُ شِرَاجٍ، وَاِذَا شَرْجَةٌ مِنْ تِلْكَ الشُّرَجِ قَدِ اسْتَوْعَبَتِ الْمَاءَ فَسَقَتْهُ، فَانْتَهَيْتُ اِلٰى رَجُلٍ قَائِمٍ يَحُوْلُ الْمَاءَ بِمِسْحَاتِهٖ فِيْ حَدِيقَةٍ، فَقُلْتُ لَهٗ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ، مَا اسْمُكَ؟، فَقَالَ: فُلَانٌ، اَلاسْمُ الَّذِیْ سَمِعَ فِی السَّحَابَةِ، قَالَ: كَيْفَ تَسْاَلُنِیْ يَا عَبْدَ اللّٰهِ عَنِ اسْمِیْ؟، قَالَ: اِنِّیْ سَمِعْتُ فِی السَّحَابَةِ الَّذِیْ هٰذَا مَاؤُهَا يَقُوْلُ: اسْقِ حَدِيقَةَ فُلَانٍ بِاسْمِكَ، فَاَخْبِرْنِیْ مَا تَصْنَعُ فِيهَا، قَالَ: اَمَا اِذَا قُلْتَ هٰذَا فَاِنِّیْ اَنْظُرُ اِلٰى مَا خَرَجَ مِنْهَا فَاَتَصَدَّقُ بِثُلُثِهٖ، وَآكُلُ اَنَا وَعِيَالِیْ ثُلُثَهٗ، وَاُعِيْدُ فِيهَا ثُلُثَهٗ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ ایک شخص ویران جگہ پر موجود تھا اس نے ایک بادل دیکھا جس میں اسے آواز سنائی دی (یعنی کسی فرشتے نے بادل کو حکم دیا) تم فلاں شخص کے باغ کو سیراب کرو پھر وہ بادل وہاں آیا اور وہاں اس نے ایک پتھریلی زمین پر بارش نازل کی وہ شخص کہتا ہے جب میں اس جگہ پر پہنچا' تو وہاں سے کچھ نالیاں نکل رہی تھیں ان میں سے ایک نالی پانی سے بھری ہوئی تھی جو کسی جگہ کو سیراب کرتی تھی میں وہاں ایک شخص کے پاس پہنچا جو کھڑا ہوا بیلچے کے ذریعے اپنے باغ میں کام کر رہا تھا اور وہ پانی لگا رہا تھا میں نے اس سے دریافت کیا: اے اللہ کے بندے تمہارا نام کیا ہے؟ اس نے جواب دیا: فلاں۔ یہ وہی نام تھا جو اس شخص نے بادل میں سنا تھا اس شخص نے دریافت کیا: اے اللہ کے بندے تم مجھ سے میرا نام کیوں پوچھ رہے ہو؟ اس نے بتایا: میں نے بادل میں جس سے یہ پانی آیا ہے اس میں یہ سنا تھا کہ فرشتہ یہ کہہ رہا تھا کہ تم فلاں بندے کے باغ کو سیراب کرو اس نے تمہارا نام لیا تھا' تو تم مجھے بتاؤ کہ تم اس باغ میں کیا کرتے ہو اس نے کہا: اب جب تم یہ بات کہہ رہے ہو تو میں تمہیں بتا دیتا ہوں کہ اس کی جتنی بھی پیداوار ہوتی ہے میں اس کے ایک تہائی حصے کو صدقہ کر دیتا ہوں اور ایک تہائی حصے کو اپنے اوپر اور بیوی بچوں پر خرچ کرتا ہوں اور ایک تہائی حصہ دوبارہ اس پر لگا دیتا ہوں۔

3355– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وأخرجه مسلم "2984" في الزهد: باب الصدقة في المساكين، عن ابن أبي شيبة وأبي خيثمة زهير بن حرب، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/296 عن يزيد، به. وأخرجه أبو داؤد الطيالسي "2587"، ومن طريقه مسلم "2984"، والبيهقي 3/133، وأبو نعيم في "الحلية" 3/275–276 عن عبد العزيز بن أبي سلمة، به، غير أنه قال: "وأجعل ثلثه في المساكين والسائلين وابن السبيل."

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ اِعْطَاءِ الْمَرْءِ صَدَقَتَهُ مَنْ اَخَذَهَا، وَاِنْ كَانَ الْاٰخِذُ اَنْفَقَهَا فِيْ غَيْرِ طَاعَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، مَا لَمْ يَعْلَمِ الْمُعْطِي ذٰلِكَ مِنْهُ فِي الْبِدَايَةِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آدمی کا کسی بھی شخص کو صدقہ دینا مباح ہے

اگر چہ وہ صدقہ لینے والا شخص اسے اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کے کام میں خرچ کرے جبکہ دینے والے شخص کو شروع میں اس بات کا علم نہ ہو

3356 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدٍ الدَّغُولِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُشْكَانَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ، حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنَادِ، حَدَّثَنَا الْاَعْرَجُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَالَ رَجُلٌ: لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ زَانِيَةٍ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى زَانِيَةٍ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى زَانِيَةٍ، لَاَتَصَدَّقَنَّ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ سَارِقٍ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى سَارِقٍ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى سَارِقٍ، لَاَتَصَدَّقَنَّ اللَّيْلَةَ بِصَدَقَةٍ، فَخَرَجَ بِصَدَقَتِهِ فَوَضَعَهَا فِيْ يَدِ غَنِيٍّ، فَاَصْبَحَ النَّاسُ يَتَحَدَّثُوْنَ: تُصُدِّقَ اللَّيْلَةَ عَلٰى غَنِيٍّ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ عَلٰى غَنِيٍّ، فَاُتِيَ، فَقِيلَ: اَمَّا صَدَقَتُكَ فَقَدْ قُبِلَتْ، اَمَّا الزَّانِيَةُ فَلَعَلَّهَا تَسْتَعِفُّ بِهَا عَنْ زِنَاهَا، وَاَمَّا السَّارِقُ فَلَعَلَّهُ يَسْتَعِفُّ عَنْ سَرِقَتِهِ، وَلَعَلَّ الْغَنِيَّ يَعْتَبِرُ فَيُنْفِقُ مِمَّا اَعْطَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایک شخص نے طے کیا کہ میں ضرور صدقہ کروں گا وہ اپنے صدقے کو لے کر نکلا اور (اندھیرے میں لاعلمی کی وجہ سے) کسی زانیہ عورت کے ہاتھ میں رکھ آیا اگلے دن لوگ آپس میں بات چیت کر رہے تھے گزشتہ رات ایک زانیہ عورت کو کسی نے صدقہ دیا ہے' تو اس شخص نے کہا: اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے (اگر چہ میرا صدقہ) زانیہ عورت کو ملا ہے میں ضرور پھر صدقہ کروں گا پھر وہ شخص اپنے صدقے کو لے کر نکلا اور اس نے (اندھیرے میں لاعلمی کی وجہ سے) کسی چور کے ہاتھ میں اسے رکھ دیا اگلے روز لوگ بات چیت کر رہے تھے گزشتہ رات کسی چور کو صدقہ دیا گیا ہے' تو وہ شخص بولا: اے

3356- حديث صحيح، محمد بن مشكان ذكره المؤلف في "الثقات" 9/127، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/322 عن علي بن حفص، عن ورقاء، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1421" في الزكاة: باب إذا تصدق على غني وهو لا يعلم، ومسلم "1022" في الزكاة: باب ثبوت أجر المتصدق وإن وقعت الصدقة في يد غير أهلها، والنسائي 5/55-56 في الزكاة: باب إذا أعطاها غنيًا وهو لا يشعر، والبيهقي 4/191-192 و 7/34 من طريقين عن أبي الزناد، به. وأخرجه أحمد 2/350 من طريق ابن لهيعة، عن الأعرج، به. وزاد الحافظ في "الفتح" 3/290 نسبته إلى الطبراني في "مسند الشاميين" والدارقطني في "غرائب مالك" وأبي نعيم في "المستخرج".

اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے (اگرچہ میرا صدقہ) ایک چور کے ہاتھ میں چلا گیا ہے میں آج بھی ضرور صدقہ کروں گا پھر وہ شخص اپنا صدقہ لے کر نکلا اور اس نے اسے ایک خوشحال شخص کے ہاتھ پر رکھ دیا اگلے دن لوگ بات کر رہے تھے گزشتہ رات ایک خوشحال شخص کو صدقہ دے دیا گیا' تو وہ شخص بولا: اے اللہ! حمد تیرے لیے مخصوص ہے (اگرچہ میرا صدقہ) ایک خوشحال شخص کو ملا ہے پھر اسے (اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) لایا گیا' تو اسے بتایا گیا' جہاں تک تمہارے صدقے کا تعلق ہے' تو وہ قبول ہو گیا ہے زانیہ عورت کو ملنے والا اس لیے قبول ہوا کہ شاید وہ اس کے ملنے کی وجہ سے زنا کرنے سے باز آجائے، چور والا اس لیے قبول ہوا شاید وہ اس کی وجہ سے چوری سے بچ جائے اور خوشحال شخص والا اس لیے قبول ہوا کہ وہ اس سے نصیحت حاصل کرے اور اللہ تعالیٰ نے جو اسے عطا کیا ہے وہ اس میں سے کچھ خرچ کرے۔''

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمَرْاَةِ اَنْ تَتَصَدَّقَ مِنْ مَالِ زَوْجِهَا مَا لَمْ يُجْحِفْ ذٰلِكَ بِهٖ

عورت کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے شوہر کے مال میں سے صدقہ کرسکتی ہے جبکہ وہ اس کے ذریعے کوئی خرابی پیدا نہ کرے

3357 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْذِرِ بْنِ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ سَعِيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ ابْنُ اَبِيْ مُلَيْكَةَ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ،

(متن حدیث): اَنَّهَا جَائَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ لَيْسَ لِيْ شَيْءٌ اِلَّا مَا اَدْخَلَ عَلَيَّ الزُّبَيْرُ، فَهَلْ عَلَيَّ مِنْ جُنَاحٍ اَنْ اَرْضَخَ مِمَّا يُدْخِلُ عَلَيَّ؟، قَالَ: اِرْضَخِيْ مَا اسْتَطَعْتِ، وَلَا تُوْعِيْ فَيُوْعِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ

سیّدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی انہوں نے عرض کی: اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس صرف وہی چیز ہوتی ہے' جو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ مجھے دیتے ہیں' تو وہ مجھے جو دیتے ہیں اگر اس میں سے کچھ

3357- إسناده صحيح . يوسف بن سعيد روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات على شرطهما، حجاج: هو ابن محمد الأعور .وأخرجه البخاري "1434" في الزكاة: باب الصدقة فيما استطاع، ومسلم "1029" "89" في الزكاة: باب الحث على الإنفاق، والنسائي 5/74 في الزكاة: باب الإحصاء في الصدقة، وفي "عشرة النساء " "311"، والبيهقي 4/187 6/60 من طرق عن حجاج الأعور، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/354، والبخاري "1434"، و"2590" في الهبة: باب هبة المرأة لغير زوجها، والبغوي "1654" من طريقين عن ابن جريج، به .وأخرجه عبد الرزاق "16614"، وأحمد 6/353و 354 من طرق عن ابن أبي مليكة، عن أسماء .وأخرجه أحمد 6/353-354 عن وكيع، عن أسامة بن زيد، عن محمد بن المنكدر، عن أسماء . وانظر "3209". وقوله "ارضخي" بكسر الهمزة من الرضخ وهو العطاء اليسير، والمعنى: أنفقي بغير إجحاف ما دمت قادرة مستطيعة، وقوله "ولا توعي فيوعي الله عليك" يقال: أوعيت المتاع في الوعاء أو عيه: إذا جعلته فيه، والمعنى: لاتجمعي في الوعاء , وتبخلي بالنفقة، فتجازى بمثل ذل.

خرچ کرلوں تو کیا مجھ پر کوئی گناہ ہوگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم سے جہاں تک ہو سکے تم خرچ کرو اور تم (خرچ کرتے ہوئے) بندش کرنے کی کوشش نہ کرنا ورنہ اللہ تعالیٰ بھی تم پر بندش کردے گا۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْمَرْاَةِ اِذَا تَصَدَّقَتْ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ فَلَهَا اَجْرٌ، كَمَا لِزَوْجِهَا اَجْرُ مَا اكْتَسَبَ، وَلَهَا اَجْرُ مَا نَوَتْ، وَلِلْخَازِنِ كَذٰلِكَ

اللہ تعالیٰ کا عورت پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ جب وہ کوئی خرابی پیدا کیے بغیر اپنے شوہر کے گھر میں

سے کوئی چیز صدقہ کرتی ہے تو اس عورت کو اجر ملتا ہے جس طرح اس کے شوہر کو کمانے کا اجر ملتا ہے اور عورت کو نیت کرنے کا اجر ملتا ہے خزانچی کا بھی یہی حکم ہے

3358 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ، عَنْ اَبِي الضُّحٰى، عَنْ مَسْرُوْقٍ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِذَا تَصَدَّقَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ بَيْتِ زَوْجِهَا غَيْرَ مُفْسِدَةٍ فَلَهَا اَجْرُهَا وَلِزَوْجِهَا اَجْرُ مَا اكْتَسَبَ، وَلَهَا اَجْرُ مَا نَوَتْ، وَلِلْخَازِنِ مِثْلُ ذٰلِكَ

❁❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جب کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر میں سے' کوئی خرابی پیدا کیے بغیر' صدقہ کرتی ہے تو اس عورت کو اس کا اجر ملتا ہے اس کے شوہر کو اس کا اجر ملتا ہے آدمی کو کمانے کا اجر ملتا ہے اور عورت کو اس کی نیت کا اجر ملتا ہے اور خزانچی کی مثال بھی اسی کی مانند ہے۔''

3358– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح . محمد بن الحسن: هو ابن إبراهيم بن الحر بن إشكاب الحافظ الثقة، وأبو الضحى: هو مسلم بن صبيح. وأخرجه عبد الرزاق "7275" و "16619"، وأحمد 6/44 و 99، والبخاري "1425" في الزكاة: باب من أمر خادمه بالصدقة ولم يناوله بنفسه، "1437" باب أجر الخادم إذا تصدق بأمر صاحبه غير مفسد، و "1439" و "1440" و "1441" باب أجر المرأة إذا تصدقت أو أطعمت من بيت زوجها غير مفسدة، و "2065" في البيوع: باب قوله تعالى: (اَنْفِقُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ) (البقرة: من الآية267) ، ومسلم "1024" في الزكاة: باب أجر الخازن الأمين والمرأة إذا تصدقت من بيت زوجها غير مفسدة، وأبو داؤد "1685" في الزكاة: باب المرأة تتصدق من بيت زوجها، والترمذي "672" في الزكاة: باب المرأة تتصدق من بيت زوجها، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 12/307، والبيهقي 4/192، والبغوي "1692" و "1693" من طريقين عن أبي وائل شقيق بن سلمة، عن مسروق، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/99، والترمذي "671"، والنسائي 5/65 في الزكاة: باب صدقة المرأة من بيت زوجها، من طريق شعبة، عن عمرو بن مرة، عن شقيق، عن عائشة.

ذِكْرُ صِفَةِ الْخَازِنِ الَّذِى يُشَارِكُ الْمُتَصَدِّقَ فِي الْاَجْرِ

خزانچی کی اس صفت کا تذکرہ جو اجر میں صدقہ کرنے والے کا شراکت دار ہوتا ہے

3359 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ، سَجَّادَةٌ، حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ، حَدَّثَنِيْ بُرَيْدٌ، عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ، عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلْخَازِنُ الْمُسْلِمُ الْاَمِيْنُ الَّذِىْ يُنْفِقُ، وَرُبَّمَا قَالَ: يُعْطِىْ مَا اُمِرَ، فَيُعْطِيْهِ كَامِلًا مُوَفَّرًا طَيِّبَةً بِهٖ نَفْسُهٗ، فَيَدْفَعُهٗ اِلَى الَّذِىْ اُمِرَ بِهٖ اَحَدُ الْمُتَصَدِّقِيْنَ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''امانت دار مسلمان خزانچی جو خرچ کرتا ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) جو کچھ وہ عطا کرتا ہے' جس کا اسے حکم دیا گیا ہے اور وہ اسے کامل طور پر پورا اور اپنی رضامندی کے ساتھ دیتا ہے اور اس شخص کے سپرد کرتا ہے' جسے دینے کا حکم دیا گیا تھا' تو وہ خزانچی بھی صدقہ کرنے والوں میں سے ایک شمار ہوتا ہے۔''

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْعَبْدِ اَنْ يَّتَصَدَّقَ مِنْ مَالِ السَّيِّدِ عَلٰى اَنَّ الْاَجْرَ بَيْنَهُمَا نِصْفَانِ

غلام کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے آقا کے مال میں سے صدقہ کرے اس بنیاد پر کہ اجران دونوں کے درمیان برابر' برابر تقسیم ہوگا

3360 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُمَيْرٍ، مَوْلٰى آبِى اللَّحْمِ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ مَمْلُوْكًا، فَكُنْتُ اَتَصَدَّقُ بِلَحْمٍ مِنْ لَّحْمِ مَوْلَاىَ، فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: تَصَدَّقْ وَالْاَجْرُ بَيْنَكُمَا نِصْفَانِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اُضْمِرَ فِىْ هٰذَا الْخَبَرِ: تَصَدَّقْ بِاِذْنِهٖ، فَذِكْرُ الْاِذْنِ فِيْهِ مُضْمَرٌ، وَعُمَيْرٌ مَوْلٰى آبِى اللَّحْمِ اِنَّمَا قِيْلَ: آبِى اللَّحْمِ، لِاَنَّهٗ فِى الْجَاهِلِيَّةِ حَرَّمَ عَلٰى نَفْسِهِ اللَّحْمَ وَاَبٰى اَنْ يَّاْكُلَ، فَقِيْلَ: آبِى اللَّحْمِ،

3359- إسناده صحيح . الحسن بن حماد روى له أبو داؤد والنسائي وابن ماجه وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه أحمد 4/394 عن أبي أسامة حماد بن أسامة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "1438" في الزكاة: باب أجر الخادم إذا تصدق بأمر صاحبه غير مفسد، و "2319" في الوكالة: باب وكالة الأمين في الخزانة ونحوها، ومسلم "1023" في الزكاة: باب أجر الخازن الأمين ... ، وأبو داؤد "1684" في الزكاة: باب أجر الخازن، والقضاعي في "مسند الشهاب" "302"، والبيهقي 4/192 من طريق عن أبي أسامة، به. وأخرجه أحمد 4/404-405، والبخاري "2260" في الإجارة: باب استئجار الرجل الصالح، والنسائي 5/79- 80 في الزكاة: باب أجر الخازن إذا تصدق بإذن مولاه، من طريق عن سفيان، عن بريد، به. وأخرجه القضاعي "303" من طريق أبي أحمد الزبيري، عن بريد، به.

وَمُحَمَّدُ بْنُ زَيْدٍ هٰذَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ زَيْدِ بْنِ الْمُهَاجِرِ بْنِ قُنْفُذٍ الْجُدْعَانِيُّ الْقُرَشِيُّ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ، وَمُعَاوِيَةَ بْنَ اَبِيْ سُفْيَانَ، رَوٰى عَنْهُ مَالِكٌ وَاَهْلُ الْمَدِيْنَةِ

حضرت عمیر رضی اللہ عنہ جو حضرت آبی اللحم رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں وہ بیان کرتے ہیں: میں غلام تھا میں اپنے آقا کے گوشت میں سے کچھ گوشت صدقہ کر دیا کرتا تھا میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم صدقہ کروا جر تم دونوں کے درمیان برابر برابر تقسیم ہوگا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اس روایت میں یہ بات پوشیدہ ہے کہ انہوں نے اپنے آقا کی اجازت کے تحت صدقہ کیا تھا۔ تو اجازت کا ذکر اس روایت میں پوشیدہ ہے۔ حضرت عمیر رضی اللہ عنہ حضرت آبی اللحم رضی اللہ عنہ کے غلام ہیں۔ یہ بات بیان کی گئی ہے۔ حضرت آبی اللحم رضی اللہ عنہ کا یہ نام اس لئے تھا کیونکہ انہوں نے زمانہ جاہلیت میں گوشت کھانا اپنے لئے حرام قرار دیا تھا اور گوشت کھانے سے انکار کر دیا تھا۔ اسے لئے انہیں آبی اللحم کہا جاتا تھا (یعنی گوشت سے انکار کرنے والا شخص)

محمد بن زید نامی راوی محمد بن زید بن مہاجر بن قنفذ جدعانی قرشی ہیں۔ انہوں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اور حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ سے احادیث کا سماع کیا ہے جبکہ امام مالک اور اہل مدینہ نے ان کے حوالے سے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُعْطِي فِيْ بَعْضِ الْاَحَايِيْنِ قَدْ يَكُوْنُ خَيْرًا مِنَ الْاٰخِذِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ بعض حالتوں میں دینے والا شخص کبھی لینے والے شخص سے بہتر ہوتا ہے

3361 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔''

3360- إسناده صحيح على شرط مسلم. رجاله ثقات رجال الشيخين غير محمد بن زيد فمن رجال مسلم. وهو في "صحيحه" "1025" في الزكاة: باب ما أنفق العبد من مال مولاه، عن أبي خيثمة، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 3/164، ومن طريقه مسلم "1025"، وابن ماجه "2297" في التجارات: باب ما للعبد أن يعطي ويتصدق، والبيهقي 4/194 عن حفص بن غياث، به. وأخرجه مسلم "1025" "83"، والنسائي 5/63-64 في الزكاة: باب صدقة العبد، والبيهقي 4/194 من طريق حَاتِمُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِيْ عبيد، عن عمير مولى آبي اللحم.

3361- إسناده صحيح. عبد الواحد بن غياث روى له أبو داوٗد وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه البيهقي 4/198، والقضاعي "1230" و "1260" من طريقين عن عبد الله بن دينار، بهذا الإسناد. وانظر الحديث "3364".

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ الْيَدَ السُّفْلٰى هِيَ السَّائِلَةُ دُونَ الْاٰخِذَةِ بِغَيْرِ سُؤَالٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ نیچے والا ہاتھ مانگنے والا ہوتا ہے اور یہ اس کے علاوہ ہے جو مانگے بغیر کوئی چیز لیتا ہے

3362 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبِيدَةُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبُو الزَّعْرَاءِ، عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيهِ مَالِكِ بْنِ نَضْلَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَلْاَيْدِي ثَلَاثَةٌ: فَيَدُ اللّٰهِ الْعُلْيَا، وَيَدُ الْمُعْطِي الَّتِي تَلِيهَا، وَيَدُ السُّفْلَى السَّائِلَةُ، فَاَعْطِ الْفَضْلَ، وَلَا تَعْجِزْ عَنْ نَفْسِكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذَا الْخَبَرِ بَيَانٌ وَاضِحٌ بِاَنَّ الْاَخْبَارَ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلُ فِيْ كِتَابِنَا هٰذَا، اَنَّ الْيَدَ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، اَرَادَ بِهٖ اَنَّ يَدَ الْمُعْطِي خَيْرٌ مِنْ يَدِ الْاٰخِذِ، وَاِنْ لَّمْ يَسْاَلْ، وَاَبُو الزَّعْرَاءِ هٰذَا: هُوَ الصَّغِيْرُ، وَاسْمُهُ عَمْرُو بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ اَخِي اَبِي الْاَحْوَصِ، وَاَبُو الزَّعْرَاءِ الْكَبِيْرُ: اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَانِءٍ، يَرْوِي عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ

❁❁ حضرت مالک بن نضلہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ہاتھ تین طرح کے ہوتے ہیں اوپر والا ہاتھ اللہ تعالیٰ کا ہے، دینے والا ہاتھ اس کے بعد ہے اور نیچے والا ہاتھ مانگنے والے کا ہے' تو تم اضافی چیز کو دے دیا کرو اور اپنی ذات کے حوالے سے عاجز نہ آؤ''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس روایت میں اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ وہ روایات' جنہیں ہم اس سے پہلے اپنی کتاب میں ذکر کر چکے ہیں۔ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔ اس سے مراد یہ ہے: دینے والے کا ہاتھ لینے والے سے بہتر ہوتا ہے۔ اگر چہ اس نے مانگا نہ ہو۔

ابوزعراء نامی راوی صغیر ہے اس کا نام عمرو بن عمرو بن مالک ہے۔ (مالک کا باپ) ابواحوص کا بھائی ہے جبکہ ابوزعراء کبیر کا نام عبداللہ بن ہانی ہے۔ اس نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایات نقل کی ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْيَدَ الْمُعْطِيَةَ اَفْضَلُ مِنَ الْيَدِ السَّائِلَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ دینے والا ہاتھ مانگنے والے ہاتھ سے افضل ہوتا ہے

3362– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير أبي الزعراء، وهو ثقة. أبو الأحوص: هو عوف بن مالك بن نضلة. وأخرجه أحمد 3/473 و 4/137، وعنه أبو داوُد "1649" في الزكاة: باب الاستعفاف، عن عبيدة بن حميد، بهذا الإسناد. وصححه الحاكم 1/407 ووافقه الذهبي. وأخرجه البيهقي 4/198 من طريق الحسن بن محمد الزعفراني، عن عبيدة، به.

3363 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّاجِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا كَانَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، وَلْيَبْدَاْ اَحَدُكُمْ بِمَنْ يَعُوْلُ، تَقُوْلُ امْرَاَتُهُ: اَنْفِقْ عَلَيَّ، وَتَقُوْلُ اُمُّ وَلَدِهِ: اِلٰى مَنْ تَكِلُنِي؟، وَيَقُوْلُ لَهُ عَبْدُهُ: اَطْعِمْنِي وَاسْتَعْمِلْنِي

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى عِنْدِي اَنَّ الْيَدَ الْمُتَصَدِّقَةَ اَفْضَلُ مِنَ الْيَدِ السَّائِلَةِ، لَا الْاٰخِذَةِ دُوْنَ السُّؤَالِ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ تَكُوْنَ الْيَدُ الَّتِي اُبِيحَ لَهَا اسْتِعْمَالُ فِعْلٍ بِاسْتِعْمَالِهِ اَحْسَنَ مِنْ اٰخَرَ فُرِضَ عَلَيْهِ اِتْيَانُ شَيْءٍ، فَاَتٰى بِهِ اَوْ تَقَرَّبَ اِلٰى بَارِئِهِ مُتَنَفِّلًا فِيهِ، وَرُبَّمَا كَانَ الْمُعْطِي فِي اِتْيَانِهِ ذٰلِكَ اَقَلَّ تَحْصِيلًا فِي الْاَسْبَابِ مِنَ الَّذِي اَتٰى بِمَا اُبِيحَ لَهُ، وَرُبَّمَا كَانَ هٰذَا الْاٰخِذُ بِمَا اُبِيحَ لَهُ اَفْضَلَ وَاَوْرَعَ مِنَ الَّذِي يُعْطِي، فَلَمَّا اسْتَحَالَ هٰذَا عَلَى الْاِطْلَاقِ دُوْنَ التَّحْصِيلِ بِالتَّفْضِيلِ صَحَّ اَنَّ مَعْنَاهُ اَنَّ الْمُتَصَدِّقَ اَفْضَلُ مِنَ الَّذِي يَسْاَلُهَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''سب سے بہتر صدقہ وہ ہے' جو خوشحالی کے عالم میں دیا جائے (یا جسے دینے کے بعد آدمی خوشحال رہے) اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اور تم میں سے ہر شخص کو اپنے زیر کفالت سے آغاز کرنا چاہئے' کیونکہ اس کی بیوی کہے گی تم مجھ پر خرچ کرو اس کی اولاد کہے گی تم مجھے کس کے حوالے کر رہے ہو اس کا غلام کہے گا مجھے کھانے کے لئے دو پھر مجھ سے کام لینا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہوتا ہے۔'' میرے نزدیک اس سے مراد یہ ہے: صدقہ دینے والے شخص کا ہاتھ مانگنے والے ہاتھ سے افضل ہوتا ہے۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ مانگے بغیر لینے والے سے افضل ہوتا ہے کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ وہ ہاتھ جس کے لئے کسی فعل کے کرنے کو مباح قرار دیا گیا ہو وہ اس مباح فعل پر عمل کرنے کی وجہ سے اس دوسرے شخص سے کم تر ہو جائے جس پر کسی کام کے کرنے کو فرض قرار دیا گیا ہو اور وہ اسے سرانجام دے یا وہ دوسرا شخص کسی نفلی کام کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قرب حاصل کرنا چاہے۔ بعض اوقات دینے والا شخص اپنے دینے میں کم اسباب اختیار کرتا ہے۔ اس شخص کے مقابلے میں جس کے لئے اسے (لینا) مباح قرار دیا گیا ہے۔ اور بعض

3363- إسناده حسن من أجل عاصم بن بهدلة، فإن حديثه لا يرقى إلى الصحة . وأخرجه البيهقي 7/470 من طريق إسحاق بن منصور، عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/476 و 524، والبخاري "5355" في النفقات: باب وجوب النفقة على الأهل والعيال، والبيهقي 7/466 و 471 من طرق عن الأعمش، عن أبي صالح، به . وأخرجه أحمد 2/278 و 402، والبخاري "1426" في الزكاة: باب لا صدقة إلا عن ظهر غنى، و "5356" في النفقات، والنسائي 5/69 في الزكاة: باب أي الصدقة أفضل، والبيهقي 4/180 و 470 من طرق عن سعيد بن المسيب، عن أبي هريرة . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/212 من طريق عاصم بن كليب، عن أبيه، عن أبي هريرة. انظر . "4240"

اوقات لینے والا شخص جس کے لئے اس کو مباح قرار دیا گیا ہے وہ زیادہ فضیلت رکھتا ہے اور اس شخص سے زیادہ پرہیزگار ہوتا ہے، جو دے رہا ہے، تو جب کسی ایک کو افضل قرار دیئے بغیر یہ اطلاق ناممکن ہو تو یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ صدقہ دینے والا شخص اس شخص سے افضل ہے، جو اسے مانگتا ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا الْخَبَرَ الَّذِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

اس روایت کا تذکرہ جو ہماری اس روایت کی ذکر کردہ تاویل کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے جسے ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

3364 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ صُلَيْحٍ الْعَابِدُ، بِوَاسِطَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، وَالْيَدُ الْعُلْيَا الْمُنْفِقَةُ وَالْيَدُ السُّفْلَى السَّائِلَةُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے اوپر والا ہاتھ خرچ کرنے والا ہے اور نیچے والا ہاتھ مانگنے والا ہے۔"

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اِحْصَاءِ الْمَرْءِ صَدَقَتَهُ اِذَا تَصَدَّقَ بِهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کوئی چیز صدقہ کرتے ہوئے اس کی گنتی کرے

3365 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ مُكْرَمٍ الْبَزَّازُ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنِ الْحَكَمِ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): جَائَهَا سَائِلٌ، فَاَمَرَتْ لَهُ عَائِشَةُ بِشَيْءٍ، فَلَمَّا خَرَجَتِ الْخَادِمُ دَعَتْهَا، فَنَظَرَتْ اِلَيْهِ، فَقَالَ

3364- إسناده على شرط البخاري، وفضيل بن سليمان قد توبع. وأخرجه البيهقي 4/198، والخطيب في "تاريخه" 3/435 من طريق إبراهيم بن طهمان، عن موسى بن عقبة، بهذا الإسناد. وأخرجه مالك في "الموطأ" 2/998 عن نافع، عن ابن عمر. ومن طريق مالك أخرجه البخاري "1429" في الزكاة: باب لا صدقة إلا عن ظهر غني، ومسلم "1033" في الزكاة: باب بيان أن اليد العليا خير من اليد السفلى، وأبو داؤد "1648" في الزكاة: باب في الاستعفاف، والنسائي 5/61 في الزكاة: باب اليد السفلى، والبيهقي 4/197، والقضاعي "1231"، والبغوي. "1614" وأخرجه البخاري "1429"، وأحمد 2/67 و 98، والدارمي 1/389، والبيهقي 4/197- 198 من طريقين عن نافع، به.

3365- إسناده صحيح على شرط الشيخين ابن إدريس: هو عبد الله الأودي، والحكم: هو ابن عتيبة. وأخرجه أحمد 6/70- 71 عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن ابن إدريس، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 6/108، وأبو داؤد "1700" في الزكاة: باب في الشح، من طريقين عن عبد الله بن أبي مليكة، عن عائشة.

لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا تُخْرِجِينَ شَيْئًا اِلَّا بِعِلْمِكِ، قَالَتْ: اِنِّي لَاَعْلَمُ، فَقَالَ لَهَا: لَا تُحْصِي فَيُحْصِيَ اللّٰهُ عَلَيْكِ

❁❁ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ ایک مانگنے والا ان کے ہاں آیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے کچھ دینے کی ہدایت کی جب خادمہ اسے لے کر باہر نکلی تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے بلوایا پھر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دیکھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے علم کے ساتھ ہی چیز باہر نکالتی ہو (یعنی تم جو بھی خیرات کرتی ہو اسے پہلے دیکھتی ہو پھر کرتی ہو) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: میں پہلے جانتی ہوں، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم شمار نہ کرو ورنہ اللہ تعالیٰ بھی گنتی کر کے تمہیں دے گا۔

ذِكْرُ نَفْيِ قَبُولِ الصَّدَقَةِ عَنِ الْمَرْءِ اِذَا كَانَتْ مِنَ الْغُلُولِ

ایسے شخص کی طرف سے صدقہ قبول ہونے کی نفی کا تذکرہ جب وہ صدقہ حرام مال میں سے دیا جائے

3366 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ الْجُنَيْدِ، بِبُسْتَ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاكٍ، عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ:

(متنِ حدیث): دَخَلَ ابْنُ عُمَرَ عَلَى ابْنِ عَامِرٍ يَعُوْدُهُ، فَقَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ اَلَا تَدْعُوا لِي، فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: لَا تُقْبَلُ صَلَاةٌ اِلَّا بِطَهُوْرٍ، وَلَا صَدَقَةٌ مِنْ غُلُوْلٍ، وَقَدْ كُنْتَ عَلَى الْبَصْرَةِ

❁❁ مصعب بن سعد بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما حضرت ابن عامر رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لئے تشریف لائے انہوں نے فرمایا: اے ابن عمر! آپ میرے لیے دعا نہیں کریں گے؟ تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اللہ تعالیٰ وضو کے بغیر نماز کو قبول نہیں کرتا اور حرام مال میں سے دیئے گئے صدقے کو قبول نہیں کرتا اور تم بصرہ کے گورنر رہ چکے ہو (جہاں سے تمہیں آمدن ہوئی تھی)''

3366- إسناده حسن على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير سماك وهو ابن حرب، فمن رجال مسلم، وحديثه حسن. وأخرجه مسلم "224" في الطهارة: باب وجوب الطهارة للصلاة، والترمذي "1" في الطهارة: باب ما جاء لا تقبل صلاة بغير طهور، والبيهقي 4/191 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه أبي عوانة في "مسنده" 1/234 من طريق محمد بن حيوة وأبي المثنى، عن أبي عوانة، به. وأخرجه الطيالسي "1874" وابن أبي شيبة 1/4- 5، وأحمد 2/19-20 و 37و39، وابن ماجه "272" في الطهارة: باب لا يقبل الله صلاة بغير طهور، وابن خزيمة "8"، وأبو عوانة 1/234، والبيهقي 1/42 من طرق عن سماك به. وانظر الحديث. "1706"

27
27

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَالَ اِذَا لَمْ يَكُنْ بِطَيِّبٍ اُخِذَ مِنْ حِلِّهِ لَمْ يُؤْجَرِ الْمُتَصَدِّقُ بِهِ عَلَيْهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ جب مال پاکیزہ (حلال) نہیں ہوگا تو صدقہ کرنے والے کواس پر اجر نہیں ملے گا

3367 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ الْحَارِثِ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ دَرَّاجٌ اَبُو السَّمْحِ، عَنِ ابْنِ حُجَيْرَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ جَمَعَ مَالًا حَرَامًا ثُمَّ تَصَدَّقَ بِهٖ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ فِيْهِ اَجْرٌ، وَكَانَ اِصْرُهٗ عَلَيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص حرام طور پر مال جمع کرے اور پھر اسے صدقہ کرے اسے اس کا کوئی اجر نہیں ملے گا اس کا وبال اس شخص کے ذمے ہوگا۔''

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَلَى الْغَارِسِ الْغِرَاسَ بِكَتْبِهِ الصَّدَقَةَ عِنْدَ اَكْلِ كُلِّ شَيْءٍ مِنْ ثَمَرَتِهِ

اللہ تعالیٰ کا درخت لگانے والے شخص پر یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ اس کے درخت لگانے کی وجہ سے

اللہ تعالیٰ اس کے لیے ہر اس موقع پر نیکی نوٹ کرتا ہے جب اس درخت کے پھل میں سے کوئی چیز کوئی بھی کھاتا ہے

3368 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ دَخَلَ عَلٰى اُمِّ مُبَشِّرٍ الْاَنْصَارِيَّةِ فِىْ نَخْلٍ لَهَا، فَقَالَ لَهَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَرَسَ هٰذَا النَّخْلَ؟ اَمُسْلِمٌ اَمْ كَافِرٌ؟ فَقَالَتْ: بَلْ مُسْلِمٌ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَغْرِسُ الْمُسْلِمُ غَرْسًا وَلَا يَزْرَعُ زَرْعًا، فَيَاْكُلُ مِنْهُ اِنْسَانٌ وَلَا دَابَّةٌ وَلَا شَيْءٌ اِلَّا كَانَتْ لَهٗ صَدَقَةٌ

3367- إسناده حسن. ابن حجيرة: هو عبد الرحمٰن. والحديث ذكره الحافظ السيوطي في "الجامع الكبير" 2/770 ولم ينسبه إلى غير ابن حبان. وفي الباب عند الطبراني من حديث أبي الطفيل، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قال: "من كسب مالًا من حرام، فأعتق منه ووصل منه رحمه، كان ذلك إصرًا." قال الهيثمي في "المجمع" 10/293: .

3368- إسناده صحيح، يزيد بن موهب ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين. وأخرجه مسلم "1552" "8" في المساقاة: باب فضل الغرس والزرع، والبيهقي 6/138 من طريق عن الليث، بهذا الإسناد. وأخرجه الحميدي "1274" عن سفيان، عن أبي الزبير، به.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ اُمّ مبشر انصاریہ رضی اللہ عنہا کے باغ میں ان کے ہاں تشریف لے گئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: یہ باغ کس نے لگایا ہے کسی مسلمان نے یا کافر نے۔ انہوں نے جواب دیا: مسلمان نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسلمان جو بھی باغ لگاتا ہے یا کھیت لگاتا ہے تو اس میں سے جو بھی انسان یا جانور یا جو بھی چیز کچھ کھاتے ہیں تو یہ اس کے لیے صدقہ ہوتی ہے۔

3383– إسناده ضعيف لجهالة جابان، قال ابن خريمة في "التوحيد": جابان مجهول، وقال الإمام الذهبي: لا يدرى من هو. وأخرجه أحمد 2/203، والدارمي 2/112، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 6/283، وابن خريمة في "التوحيد" ص 365 و366 من طريق سفيان، والطحاوي في "مشكل الآثار" "914" بتحقيقنا، من طريق شيبان، وابن خريمة ص 366 من طريق جرير، وأحمد 2/246 من طريق همام، أربعتهم عن منصور، بهذا الأسناد. وأخرجه أبو نعيم في "في الحلية" 3/309. والخطيب في "تأريخه" 12/239 من طريق مؤمل "وهو سيء الحفظ" عن سفيان، عن عبد الكريم، عن مجاهد.

3384– إسناده ضعيف. وأخرجه أحمد 2/201، والدارمي 2/112، والبخاري في "التأريخ الصغير" 1/262–263، وابن خزيمة في "التوحيد" ص 366 من طرق عن شعبة، عن منصور، بهذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي "2295" عن شعبة، به، إلا أنه قال "شميط بن نبيط"، وزاد في المتن "ولا ولد زنية." وقال البخاري في "التأريخ الكبير" 2/257 .

عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ، عَنْ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ، عَنْ جَابَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ، وَلَا مَنَّانٌ، وَلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اخْتَلَفَ شُعْبَةُ، وَالثَّوْرِيُّ فِي اِسْنَادِ هٰذَا الْخَبَرِ، فَقَالَ الثَّوْرِيُّ: عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابَانَ، وَهُمَا ثِقَتَانِ حَافِظَانِ اِلَّا اَنَّ الثَّوْرِيَّ كَانَ اَعْلَمَ بِحَدِيثِ اَهْلِ بَلَدِهٖ مِنْ شُعْبَةَ، وَاَحْفَظُ لَهَا مِنْهُ، وَلَا سِيَّمَا حَدِيثَ الْاَعْمَشِ، وَاَبِي اِسْحَاقَ، وَمَنْصُورٍ، فَالْخَبَرُ مُتَّصِلٌ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ جَابَانَ، فَمَرَّةً رُوِيَ كَمَا قَالَ شُعْبَةُ، وَاُخْرَى كَمَا قَالَ سُفْيَانُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''(والدین کا) نافرمان شخص، احسان جتلانے والا شخص اور باقاعدگی سے شراب پینے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): شعبہ اور ثوری نے اس روایت کی سند میں اختلاف کیا ہے ثوری یہ کہتے ہیں یہ سالم کے حوالے سے جابان کے حوالے سے منقول ہے اور یہ دونوں ثقہ اور حافظ ہیں۔ البتہ ثوری اپنے شہر کے افراد کی احادیث کے بارے میں شعبہ سے زیادہ علم رکھتے ہیں اور ان روایات کے بارے میں شعبہ سے زیادہ بڑے حافظ ہیں۔ بطور خاص وہ روایات جو اعمش ابواسحاق اور منصور سے منقول ہیں۔ اس لئے سالم کے حوالے سے جابان سے منقول یہ روایت متصل ہوگی تو ایک مرتبہ انہوں نے اسے اس طرح روایت کردیا جس طرح شعبہ نے بیان کیا ہے اور ایک مرتبہ اس طرح روایت کردیا جس طرح سفیان نے بیان کیا ہے۔

بَابُ الْمَسْاَلَةِ وَالْاَخْذِ وَمَا يَتَعَلَّقُ بِهٖ مِنَ الْمُكَافَاةِ وَالثَّنَاءِ وَالشُّكْرِ

باب: مانگنے اور لینے اور اس سے متعلق دیگر امور کا تذکرہ جس میں بدلہ دینا تعریف کرنا اور شکریہ ادا کرنا (وغیرہ شامل ہیں)

3385 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ عَوْفِ

3385- إسناده صحيح على شرط مسلم أبو إدريس الخولاني. هو عائذ الله بن عبد الله. وأخرجه الطبراني في " الكبير " 18/ (68) من طريق عبد الله بن صالح، عن معاوية بن صالح، بهذا الإسناد. وأخرجه مسلم (1043) في الزكاة: كراهة المسألة للناس، وأبو داؤد (1642) في الزكاة: باب كراهة المسألة، والنسائي 1/229 في الصلاة باب البيعة على الصلوات الخمس، وابن ماجه (2867) في الجهاد باب البيعة، والطبراني 18/ (67) من طرق عن سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي مسلم الخولاني، عن عوف بن مالك (فأبو إدريس سمعه من عوف بن مالك مباشرة وبواسطة أبي مسلم الخولاني) .وأخرجه بأخصر مما هنا أحمد 6/27، والطبراني 18/ (130) من طريق ابن لهيعة، عن يزيد بن أبي حبيب، عن ربيعة بن لقيط عن عوف بن مالك

بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَصْحَابِهِ: اَلَا تُبَايِعُونِي؟، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَدْ بَايَعْنَاكَ مَرَّةً، فَعَلٰى مَاذَا نُبَايِعُكَ؟، قَالَ: تُبَايِعُونِيْ عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، وَاَنْ تُقِيمُوا الصَّلَاةَ، وَتُؤْتُوا الزَّكَاةَ، ثُمَّ اَتْبَعَ ذٰلِكَ كَلِمَةً خَفِيفَةً عَلٰى اَنْ لَّا تَسْاَلُوا النَّاسَ شَيْئًا

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى اَنْ لَّا تُشْرِكُوا بِاللّٰهِ شَيْئًا، اَرَادَ بِهِ الْاَمْرَ بِتَرْكِ الشِّرْكِ، وَكَذٰلِكَ قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عَلٰى اَنْ لَّا تَسْاَلُوا النَّاسَ شَيْئًا اَرَادَ بِهِ الْاَمْرَ بِتَرْكِ الْمَسْاَلَةِ

✿✿ حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا: کیا تم لوگ میری بیعت نہیں کرو گے، تو لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم ایک مرتبہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کر چکے ہیں ہم کس بات پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اس بات پر میری بیعت کرو کہ تم کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہراؤ گے، تم نماز قائم کرو گے اور زکوٰۃ ادا کرو گے اس کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پست آواز میں یہ الفاظ کہے:

''اور اس بات پر کہ تم لوگوں سے کچھ مانگو گے نہیں۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''اس بات پر کہ تم اللہ تعالیٰ کا شریک نہیں ٹھہراؤ گے''۔ اس سے آپ کی مراد شرک نہ کرنے کا حکم دینا ہے۔ اسی طرح کا یہ فرمان: ''اس بات پر کہ تم لوگوں سے کچھ نہیں مانگو گے''۔ اس سے آپ کی مراد نہ مانگنے کا حکم دینا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاَمْرَ بِتَرْكِ الْمَسْاَلَةِ بِلَفْظِ الْعُمُومِ الَّذِي تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ اِنَّمَا هُوَ اَمْرُ نَدْبٍ لَا حَتْمٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی کو نہ مانگنے کا حکم ہے جو عمومی الفاظ کے ہمراہ منقول ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں تاہم یہ حکم استحباب کے طور پر ہے لازمی طور پر نہیں ہے

3386 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ، مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمِقْدَامِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عُلَيَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ الطَّائِيُّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ لَهُ الْحَجَّاجُ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَسْاَلَنِي؟، فَقَالَ:، قَالَ سَمُرَةُ بْنُ جُنْدُبٍ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ هٰذِهِ الْمَسْاَلَةَ كَدٌّ يَكُدُّ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ، فَمَنْ شَاءَ اَبْقٰى عَلٰى وَجْهِهِ، وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ، اِلَّا اَنْ يَّسْاَلَ ذَا سُلْطَانٍ اَوْ يَنْزِلَ بِهِ اَمْرٌ لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا

ﷺ ﷺ زید بن عقبہ کے بارے میں یہ بات منقول ہے۔ حجاج نے ان سے کہا: کیا وجہ ہے کہ آپ مجھ سے کچھ مانگتے نہیں ہیں' تو انہوں نے بتایا: حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''یہ مانگنا ایک خراش ڈالنا ہے' جو آدمی اپنے چہرے پر ڈال لیتا ہے' تو جو شخص چاہے وہ اسے اپنے چہرے پر باقی رہنے دے جو شخص چاہے وہ ایسا نہ کرے مگر یہ کہ جو شخص حاکم وقت (یا متعلقہ سرکاری اہل کار) سے مانگے یا وہ شخص جسے کوئی ایسی صورت حال پیش ہو کہ مانگنا اس کی مجبوری ہو۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ فَتْحِ الْمَرْءِ عَلٰى نَفْسِهٖ بَابَ الْمَسْاَلَةِ بَعْدَ اَنْ اَغْنَاهُ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَنْهَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اپنی ذات کے لیے (مانگنے کا دروازہ) کھولے اس کے بعد کہ اللہ تعالیٰ نے اسے مانگنے سے بے نیاز کر دیا ہو

3387 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): لَا يُفْتَحُ اِنْسَانٌ عَلٰى نَفْسِهٖ بَابَ مَسْاَلَةٍ اِلَّا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْهِ بَابَ فَقْرٍ، لَاَنْ يَّعْمِدَ الرَّجُلُ حَبْلًا اِلٰى جَبَلٍ فَيَحْتَطِبَ عَلٰى ظَهْرِهٖ، وَيَاْكُلَ مِنْهُ خَيْرٌ مِنْ اَنْ يَّسْاَلَ النَّاسَ مُعْطًى اَوْ مَمْنُوعًا

ﷺ ﷺ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''مانگنے کا دروازہ جب بھی آدمی اپنے لیے کھولتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس پر فقر کا دروازہ کھول دیتا ہے آدمی ایک رسی لے کر

3386- إسناده صحيح . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/208، والترمذي (681) في الزكاة: باب ما جاء في النهي عن المسألة، والنسائي 5/100 في الزكاة: باب مسألة الرجل في أمر لا بد له منه، والطبراني (6766) و (6768) و (6769) و (6770) و (6771) و (6772)، والبغوي (1624) من طرق عن عبد الملك بن عمير، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/10 عن حسن بن موسى، عن شيبان عبد الرحمٰن، عن عبد الملك بن عمير، وانظر الحديث (3397) 3388 .- إسناده صحيح على شرط مسلم وأخرجه أحمد 2/418 عن قتيبة بن سعيد، عن عبد العزيز بن محمد، بهٰذا الإسناد. وأخرجه من قوله " لأن يعمد ... " مالك 2/998-999، ومن طريقه البخاري (1470) في الزكاة: باب الاستعفاف عن المسألة، والنسائي 5/96 في الزكاة: باب الاستعفاف عن المسألة، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِيْ هريرة وأخرجه أحمد 2/243، والحميدي (1057) عن سفيان، عن أبي الزناد به. وأخرجه أحمد 2/257 و395 و475 و496 و513، والحميدي (1056) و (1058)، وابن أبي شيبة 3/209، والبخاري (1480) في الزكاة. باب قول الله تعالى . (لَا يَسْاَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا)، و (2074) في البيوع باب كسب الرجل وعمله بيده، و (2374) في المساقاة: باب بيع الحطب والكلأ، ومسلم (1042) في الزكاة: باب كراهة المسألة للناس والترمذي (680) في الزكاة. باب ما جاء في النهي عن المسألة، والبيهقي 4/195، والبغوي (1615) من طرق عن أبي هريرة. وأخرج القسم الأول منه أحمد 2/436 من طريق ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هريرة. وأخرجه أحمد 1/193 من حديث عبد الرحمٰن بن عوف، وفيه راوٍ لم يسمّ.

اس کے ذریعے لکڑیوں کا گٹھا بنا کر اپنی پشت پر رکھ کر (اسے بازار میں جا کر فروخت کر کے) اس کو کھائے یہ اس کے لیے اس سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ لوگوں سے مانگے اور اسے کچھ دیا جائے یا نہ دیا جائے۔''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُّجَانَبَةِ الْإِكْثَارِ مِنَ السُّؤَالِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات ضروری ہے کہ وہ بکثرت مانگنے سے اجتناب کرے

3388 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّ اللّٰهَ يَرْضَى لَكُمْ ثَلَاثًا، وَيَسْخَطُ لَكُمْ ثَلَاثًا، يَرْضَى لَكُمْ اَنْ تَعْبُدُوْهُ وَلَا تُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاَنْ تَعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا، وَاَنْ تَنَاصَحُوا مَنْ وَلَّاهُ اللّٰهُ اَمْرَكُمْ، وَيَسْخَطُ لَكُمْ قِيلَ، وَقَالَ: وَاِضَاعَةَ الْمَالِ، وَكَثْرَةَ السُّؤَالِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ تمہارے لیے تین باتوں سے راضی ہے اور تمہارے لیے تین باتوں کو ناپسند کرتا ہے تمہارے لیے اس بات سے راضی ہے کہ تم اس کی عبادت کرو اور کسی کو اس کا شریک نہ ٹھہراؤ اور تم سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تم سب لوگ اس (حکمران) کی خیر خواہی کرو جسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے امور کا نگران بنایا ہے اور وہ تمہارے لیے ان باتوں کو ناپسند کرتا ہے کہ قیل وقال کرنا، مال کو ضائع کرنا اور بکثرت مانگنا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الْإِلْحَافِ فِي الْمَسْاَلَةِ، وَاِنْ كَانَ الْمَرْءُ مُضْطَرًا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ مانگتے ہوئے ساتھ لپٹ جایا جائے اگرچہ آدمی انتہائی مجبور ہو

3389 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ قَحْطَبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبَانَ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ دِيْنَارٍ، عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَخِيْهِ، سَمِعَهُ مِنْ مُّعَاوِيَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا تُلْحِفُوا فِي الْمَسْاَلَةِ، فَوَاللّٰهِ لَا يَسْاَلُنِيْ اَحَدٌ مِنْكُمْ شَيْئًا فَتُخْرِجَ لَهُ مَسْاَلَتُهُ مِنِّيْ شَيْئًا، وَاَنَا لَهُ كَارِهٌ، فَيُبَارَكُ لَهُ فِيْهِ

3389- إسناده صحيح على شرطهما وهو في "الموطأ" 2/990. ومن طريق مالك أخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (442) والبغوي (101) وأخرجه أحمد 2/327 و360 و367، ومسلم (1715) في الأقضية: باب النهي عن كثرة المسائل من غير حاجة، من طرق عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد. وسيرد الحديث عند المصنف لرقم (5700) من طريق سعيد المقبري عن أبي هريرة.

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''مانگتے ہوئے چمٹ نہ جایا کرو اللہ کی قسم! تم میں سے جو شخص جو بھی چیز مانگتا ہے اور اس کے مانگنے کی وجہ سے میں نا پسندیدگی کے عالم میں وہ چیز اسے دے دیتا ہوں' تو اس کے لیے اس میں برکت نہیں رکھی جائے گی۔''

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي بِهٖ يَصِيرُ السَّائِلُ مُلْحِفًا

اس سبب کا تذکرہ جس کی وجہ سے مانگنے والا شخص لپٹ جانے والا شمار ہوتا ہے

3390 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يُوسُفَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِي الرِّجَالِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): مَنْ سَاَلَ وَلَهٗ اُوقِيَّةٌ فَهُوَ مُلْحِفٌ، قَالَ: قُلْتُ: الْيَاقُوتَةُ نَاقَتِي خَيْرٌ مِنْ اُوقِيَّةٍ، قَالَ: وَالْاُوقِيَّةُ اَرْبَعُونَ دِرْهَمًا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص (دوسرے سے کچھ) مانگے' حالانکہ اس کے پاس ایک اوقیہ (چاندی) موجود ہو' تو وہ شخص لپٹ کر سوال کرنے والا ہے۔''

راوی کہتے ہیں: میں نے سوچا میری اونٹنی یاقوتہ تو ایک اوقیہ سے زیادہ بہتر ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں: ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ سُؤَالِ الْمَرْءِ يُرِيْدُ التَّكْثِيرَ دُونَ الْاِسْتِغْنَاءِ وَالتَّقَوُّتِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اس لیے مانگے کہ (اپنے مال میں) اضافہ کرلے (اس لیے نہ مانگے) کہ وہ اپنی ضرورت کو پورا کرے یا اپنی خوراک حاصل کرے

3391 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُو عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحَرَّانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ السَّكَنِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ مَسْرُوقٍ، قَالَ: قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3390– صحيح. أحمد بن أبان القرشي ذكره المؤلف في " الثقات " 8/32 فقال: من ولد خالد بن أسيد، من أهل البصرة روى عن سفيان بن عيينة، حدثنا عنه ابن قحطبة، وغيره، ومن فوقه ثقات على شرطهما أخو وهب . هو همام.وأخرجه أحمد 4/98، والدارمي 1/387، والحميدي (604) ، ومسلم (1038) في الزكاة: باب النهي عن المسألة، والنسائي 5/97–98 في الزكاة: باب الإلحاف في المسألة، والطبراني في " الكبير " 19/ (808) ، وأبو نعيم في " الحلية " 4/80–81 من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد.وأخرجه الخطيب في " تاريخه " 14/276 من طريق ابن جريج، عن عمرو بن دينار، به.

(متن حدیث): مَنْ سَاَلَ النَّاسَ لِيُثْرِىَ مَالَهُ فَاِنَّمَا هُوَ رَضْفٌ مِنَ النَّارِ يَتَلَهَّبُهُ، مَنْ شَاءَ فَلْيُقِلَّ، وَمَنْ شَاءَ فَلْيُكْثِرْ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص لوگوں سے اس لیے مانگتا ہے تاکہ اس کے ذریعے اپنے مال میں اضافہ کرے' تو وہ جہنم کے انگارے جمع کر رہا ہے اب جو چاہے وہ تھوڑے اکٹھے کرے جو چاہے وہ زیادہ اکٹھے کر لے۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّسْاَلَ الْمُسْتَغْنِىْ اَحَدًا شَيْئًا مِنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ کوئی غیر ضرورت مند شخص کسی سے کوئی ایسی چیز مانگے جس کا تعلق اس فنا ہونے والی دنیا کے ساز و سامان سے ہو

3392 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى، عَنْ اِسْرَائِيْلَ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ الرَّجُلَ يَاْتِيْنِىْ مِنْكُمْ لَيَسْاَلَنِىْ فَاُعْطِيهِ، فَيَنْطَلِقُ وَمَا يَحْمِلُ فِىْ حِضْنِهِ اِلَّا النَّارَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''ایک شخص میرے پاس آتا ہے اور مجھ سے کچھ مانگتا ہے' تو میں اسے دے دیتا ہوں وہ چلا جاتا ہے' حالانکہ اس نے اپنے دامن میں صرف آگ کو اٹھایا ہوتا ہے۔''

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِصِحَّةِ مَا تَاَوَّلْنَا الْخَبَرَ الَّذِىْ تَقَدَّمَ ذِكْرُنَا لَهُ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات کی صراحت کرتی ہے کہ ہم نے اس روایت کی

3391- إسناده قوى. وأخرجه أحمد 3/7 و 9، وأبو داوٗد (1628) فى الزكاة: باب من يعطى من الصدقة وحدّ الغنى، والنسائى 5/98 فى الزكاة: باب مَن الملحف؟ وابن خزيمة (2447) من طرق عن عبد الرحمٰن بن أبى الرجال، بهٰذا الإسناد .وفى الباب عند أحمد 4/36 عن وكيع، حدثنا سفيان، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عن رجل من بنى أسد قَالَ . قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ " من سأل وله أوقية أو عدلها، فقد سأل إلحافًا " وهٰذا سند صحيح رجاله رجال الشيخين غير صحابيه الرجل من بنى أسيد .وأخرجه مالك 2/999، ومن طريقه أبو داوٗد (1627) ، والنسائى 5/98 عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَوعن ابن عمر عند أبى يعلى كما فى " المجمع " .3/95وعن عبد الله بن عمرو عند النسائى .5/98

3392- إسناده ضعيف، يحيى بن السكن ضعفه صالح جزرة، وقال ابوحاتم. ليس بالقوى، وباقى السند رجاله ثقات . وأورده السيوطى فى " الجامع الكبير " 2/782 وزاد نسبته إلى ابن شاهين وتمام والضياء .وأخرجه ابن أبى شيبة 3/209 عن أبى معاوية، عن داوٗد عن الشعبى قال: قال عمر، فذكره موقوفًا عليه. وفى انقطاع، فإن الشعبى لم يدرك عمر.

جو تاویل بیان کی ہے وہ صحیح ہے جو ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3393 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ، عَنْ اَبِىْ زُرْعَةَ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): وَمَنْ سَاَلَ النَّاسَ مِنْ اَمْوَالِهِمْ فَاِنَّمَا يَسْاَلُ جَمْرًا، فَلْيَسْتَقِلَّ مِنْهُمْ اَوْ لِيَسْتَكْثِرْ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو لوگوں سے ان کے مال میں سے مانگتا ہے وہ انگارہ مانگتا ہے اب اس کی مرضی ہے کہ وہ تھوڑا مانگے یا زیادہ مانگے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَسْاَلَةَ الْمُسْتَغْنِىْ بِمَا عِنْدَهٗ اِنَّمَا هِىَ الِاسْتِكْثَارُ مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْهَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جس شخص کو مانگنے کی ضرورت نہ ہو وہ آ کر مانگتا ہے تو وہ جہنم کے انگارے زیادہ کرتا ہے ہم اس سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں

3394 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُكْرَمٍ الْبِرْتِىُّ، بِبَغْدَادَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ الْمَدِيْنِىِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَزِيْدَ بْنَ جَابِرٍ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ، قَالَ: حَدَّثَنِىْ اَبُوْ كَبْشَةَ السَّلُوْلِىُّ، اَنَّهٗ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ الْحَنْظَلِيَّةِ صَاحِبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اَنَّ الْاَقْرَعَ وَعُيَيْنَةَ سَاَلَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا، فَاَمَرَ مُعَاوِيَةَ اَنْ يَّكْتُبَ بِهٖ لَهُمَا، وَخَتَمَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَمَرَ بِدَفْعِهٖ اِلَيْهِمَا، فَاَمَّا عُيَيْنَةُ فَقَالَ: مَا فِيْهِ؟، فَقَالَ: فِيْهِ الَّذِىْ اُمِرْتَ بِهٖ، فَقَبَّلَهٗ وَعَقَدَهٗ فِىْ عِمَامَتِهٖ، وَكَانَ اَحْلَمَ الرَّجُلَيْنِ، وَاَمَّا الْاَقْرَعُ فَقَالَ: اَحْمِلُ صَحِيْفَةً لَا اَدْرِىْ مَا فِيْهَا كَصَحِيْفَةِ الْمُتَلَمِّسِ، فَاَخْبَرَ مُعَاوِيَةُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَوْلِهِمَا، وَخَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَاجَتِهٖ، فَمَرَّ بِبَعِيْرٍ مُنَاخٍ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ فِىْ اَوَّلِ النَّهَارِ، ثُمَّ مَرَّ بِهٖ فِىْ اٰخِرِ النَّهَارِ، وَهُوَ فِىْ مَكَانِهٖ، فَقَالَ: اَيْنَ صَاحِبُ هٰذَا الْبَعِيْرِ، فَابْتُغِىَ فَلَمْ يُوْجَدْ، فَقَالَ: اتَّقُوا اللّٰهَ فِىْ هٰذِهِ الْبَهَائِمِ.

3393– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه عبد بن حميد (1113) عن عبيد اللّٰه بن موسى بهذا الإسناد وأورده السيوطي في " الجامع الكبير " 1/196 وزاد نسبته إلى الشاشي والضياء .

3394– إسناده صحيح على شرطهما . ابنُ فُضَيْلٍ: هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ غزوان . وهو في " مصنف ابن أبي شيبة " 3/208–209، وعنه ابن ماجه (1838) في الزكاة باب من سأل الناس عن ظهر غنى . وأخرجه أحمد 2/231، ومسلم (1041) في الزكاة باب كراهة المسألة للناس، والقضاعي في " الشهاب " (525) ، والبيهقي 4/196 من طرق عن ابن فضيل، بهذا الإسناد.

ارْكَبُوْهَا صِحَاحًا، وَكُلُوْهَا سِمَانًا، كَالْمُتَسَخِّطِ آنِفًا، اِنَّهُ مَنْ سَالَ شَيْئًا وَعِنْدَهُ مَا يُغْنِيهِ فَاِنَّمَا يَسْتَكْثِرُ مِنْ جَمْرِ جَهَنَّمَ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، وَمَا يُغْنِيهِ؟، قَالَ: مَا يُغَدِّيهِ، اَوْ يُعَشِّيهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُغَدِّيهِ، اَوْ يُعَشِّيهِ، اَرَادَ بِهٖ عَلٰى دَائِمِ الْاَوْقَاتِ حَتّٰى يَكُوْنَ مُسْتَغْنِيًا بِمَا عِنْدَهُ، اَلَا تَرَاهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ خَبَرِ اَبِيْ هُرَيْرَةَ: لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِيٍّ، وَلَا لِذِي مِرَّةٍ سَوِيٍّ فَجَعَلَ الْحَدَّ الَّذِي تَحْرُمُ الصَّدَقَةُ عَلَيْهِ بِهٖ هُوَ الْغِنٰى عَنِ النَّاسِ، وَبِيَقِينٍ نَعْلَمُ اَنَّ وَاجِدَ الْغَدَاءِ اَوِ الْعِشَاءِ لَيْسَ مِمَّنِ اسْتَغْنٰى عَنْ غَيْرِهٖ حَتّٰى تَحْرُمَ عَلَيْهِ الصَّدَقَةُ، عَلٰى اَنَّ الْخِطَابَ وَرَدَ فِيْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ بِلَفْظِ الْعُمُوْمِ، وَالْمُرَادُ مِنْهُ صَدَقَةُ الْفَرِيضَةِ دُوْنَ التَّطَوُّعِ

❀❀ حضرت سہل بن حنظلیہ رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں وہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ اقرع اور عیینہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ ان کے لیے ایک تحریر لکھ دیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر مہر لگا دی اور وہ تحریر ان دونوں کے سپرد کرنے کا حکم دیا۔ عیینہ نے دریافت کیا: اس میں کیا ہے' تو حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے بتایا: اس میں وہ چیز ہے' جس کے بارے میں تمہیں دینے کا حکم دیا گیا ہے اس نے اسے قبول کیا اور اسے اپنے عمامے میں رکھ لیا وہ ان دونوں آدمیوں میں زیادہ سمجھدار تھا' لیکن اقرع نے کہا: کیا میں ایک ایسے صحیفے کو اٹھا لوں جس کے بارے میں مجھے پتہ ہی نہیں کہ اس میں کیا تحریر ہے یہ' تو ایک ایسے صحیفے کی مانند ہوگا جو غلط فہمی کا شکار کر دیتا ہے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے ان دونوں کے قول کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو بتایا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی کام کے سلسلے میں باہر تشریف لائے۔ دن کے ابتدائی حصے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک اونٹ کے پاس سے گزرے تھے جو مسجد کے دروازے کے باہر بٹھایا گیا تھا پھر دن کے آخری حصے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس سے گزرے وہ اسی جگہ موجود تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا مالک کہاں ہے اسے تلاش کیا گیا' لیکن وہ نہیں ملا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ان جانوروں کے بارے میں اللہ سے ڈرو ان پر ایسی حالت میں سواری کرو جب یہ تندرست ہوں انہیں کھلا کر موٹا تازہ رکھو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ پہلے کے واقعے پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا: جو شخص کوئی چیز مانگتا ہے اور اس کے پاس ایسی چیز موجود ہو' جس کی وجہ سے اسے مانگنے کی ضرورت نہ ہو' تو وہ شخص جہنم کے انگارے زیادہ کر رہا ہوتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس کو مانگنے کی ضرورت نہ ہونے سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس کے پاس صبح اور شام کا کھانا موجود ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''جو کچھ وہ صبح کرتا ہے اور شام کو کرتا ہے'' اس سے آپ کی مراد یہ ہے' جو وہ ہمیشہ کرتا ہے۔ یہاں تک کہ وہ اس سے بے نیاز ہو جاتا ہے کیا تم نے دیکھا نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔

''صدقہ دینا کسی خوشحال شخص کے لئے اور کام کرنے والے تندرست شخص کے لئے جائز نہیں ہے۔'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں صدقہ حرام ہونے کی حد اس چیز کو قرار دیا ہے جس کی وجہ سے آدمی لوگوں سے بے نیاز ہو جائے۔ آپ یہ بات یقینی طور پر

جانتے ہیں کہ جس شخص کے پاس صبح اور شام کا کھانا موجود ہو وہ ان افراد میں شامل نہیں ہوتا جو دوسروں سے بے نیاز ہو جائیں یہاں تک کہ اس کے لئے صدقہ لینا حرام ہو جائے۔ اس بنیاد پر کہ ان روایات میں روایت کے الفاظ عمومی طور پر منقول ہوئے ہیں۔ لیکن اس سے مراد فرض صدقہ ہے۔ نفلی صدقہ مراد نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْخِصَالِ الْمَعْدُودَةِ الَّتِي أُبِيحَ لِلْمَرْءِ الْمَسْأَلَةُ مِنْ أَجْلِهَا

ان متعین خصوصیات کا تذکرہ جن کی وجہ سے آدمی کے لیے مانگنا جائز ہو جاتا ہے

3395 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْأَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ، عَنْ كِنَانَةَ الْعَدَوِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): كُنْتُ عِنْدَ قَبِيصَةَ بْنِ الْمُخَارِقِ فَاسْتَعَانَ بِهِ نَفَرٌ مِنْ قَوْمِهِ فِي نِكَاحِ رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ، فَأَبَى أَنْ يُعْطِيَهُمْ شَيْئًا، فَانْطَلَقُوا مِنْ عِنْدِهِ، قَالَ كِنَانَةُ: فَقُلْتُ لَهُ: أَنْتَ سَيِّدُ قَوْمِكَ، وَأَتَوْكَ يَسْأَلُونَكَ، فَلَمْ تُعْطِهِمْ شَيْئًا، قَالَ: أَمَا فِي هٰذَا، فَلَا أُعْطِي شَيْئًا، وَسَأُخْبِرُكَ عَنْ ذٰلِكَ، تَحَمَّلْتُ بِحَمَالَةٍ فِي قَوْمِي، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخْبَرْتُهُ وَسَأَلْتُهُ أَنْ يُعِينَنِي، فَقَالَ: بَلْ نَحْمِلُهَا عَنْكَ يَا قَبِيصَةُ، وَنُؤَدِّيهَا إِلَيْهِمْ مِنْ إِبِلِ الصَّدَقَةِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ الْمَسْأَلَةَ لَا تَحِلُّ إِلَّا لِثَلَاثٍ: رَجُلٍ تَحَمَّلَ حَمَالَةً، فَقَدْ حَلَّتْ لَهُ حَتّٰى يُؤَدِّيَهَا، أَوْ رَجُلٍ أَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَاجْتَاحَتْ مَالَهُ حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ أَوْ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ، وَرَجُلٍ أَصَابَتْهُ فَاقَةٌ فَشَهِدَ لَهُ ثَلَاثَةٌ مِنْ ذَوِي الْحِجَا مِنْ قَوْمِهِ أَنْ قَدْ حَلَّتْ لَهُ الْمَسْأَلَةُ، فَقَدْ حَلَّتْ لَهُ حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ، أَوْ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ، وَالْمَسْأَلَةُ فِيمَا سِوٰى ذٰلِكَ سُحْتٌ

توضیح مصنف: قَالَ أَبُو حَاتِمٍ: قَوْلُهُ وَالْمَسْأَلَةُ فِيمَا سِوٰى ذٰلِكَ سُحْتٌ أَرَادَ بِهِ أَنَّ الْمَسْأَلَةَ فِي سِوٰى هٰذِهِ الْأَشْيَاءِ الثَّلَاثَةِ مِنَ السُّلْطَانِ عَنْ فَضْلِ حِصَّتِهِ مِنْ بَيْتِ الْمَالِ سُحْتٌ، لِأَنَّ الْمَسْأَلَةَ فِي غَيْرِ هٰذِهِ الْخِصَالِ الثَّلَاثَةِ مِنْ غَيْرِ السُّلْطَانِ عَنْ غَيْرِ بَيْتِ مَالِ الْمُسْلِمِينَ تَكُونُ سُحْتًا إِذَا كَانَ الْإِنْسَانُ غَيْرَ مُسْتَغْنٍ بِمَا عِنْدَهُ

کنانہ عدوی بیان کرتے ہیں: میں حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا ان کی قوم کے کچھ افراد نے اپنی قوم کے ایک شخص کی شادی کے بارے میں ان سے مدد مانگی' تو انہوں نے اسے کچھ دینے سے انکار کر دیا وہ لوگ ان کے پاس سے اٹھ کر چلے گئے۔ کنانہ کہتے ہیں: میں نے ان سے کہا: آپ اپنی قوم کے سردار ہیں وہ لوگ آپ کے پاس کچھ مانگنے آئے تھے آپ نے انہیں کچھ بھی نہیں دیا' تو انہوں نے فرمایا: جہاں تک اس معاملے کا تعلق ہے' تو میں انہیں کچھ بھی نہیں دوں گا میں تمہیں اس بارے میں بتاتا ہوں۔ ایک مرتبہ میں نے اپنی قوم کی کوئی ادائیگی اپنے ذمے لے لی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں بتایا اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم میری مدد کریں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے قبیصہ تمہاری طرف سے ادائیگی ہم اپنے ذمے لیتے ہیں اور صدقے کے اونٹوں میں سے ان لوگوں کو ادائیگی کر دیں گے' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مانگنا صرف تین آدمیوں کے لئے جائز ہوتا ہے۔ ایک وہ شخص جس کے ذمے ادائیگی لازم ہو' تو اس کے لیے

مانگنا جائز ہوتا ہے' یہاں تک کہ وہ اس ادائیگی کو کردے یا جسے کوئی آفت لاحق ہو جائے اس کے نتیجے میں اس کا مال ضائع ہو جائے' تو جب تک اس کی بنیادی ضروریات کی تکمیل کا سامان نہیں ہوتا اس وقت تک اس کے لیے مانگنا جائز ہے اور ایک وہ شخص جسے فاقہ لاحق ہو جائے اس کی قوم کے تین سمجھدار لوگ اس کے بارے میں گواہی دیں کہ اس کے لیے مانگنا جائز ہو گیا ہے' تو اس شخص کے لیے مانگنا جائز ہو جاتا ہے' یہاں تک کہ اس کے لئے اپنی بنیادی ضروریات کی تکمیل کا سامان ہو جائے اس کے علاوہ مانگنا حرام ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "اس کے علاوہ مانگنا حرام ہے۔" اس کے ذریعے آپ کی مراد یہ ہے: حاکم وقت سے بیت المال میں سے اپنے مخصوص حصے سے اضافی طور پر ان تین چیزوں کے علاوہ مانگنا حرام ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے: ان تین خصوصیات کے علاوہ کی صورت میں حاکم وقت کے علاوہ کسی اور سے مانگنا مسلمانوں کے بیت المال میں سے وصولی نہ ہو۔ اس وقت حرام ہوگا جب انسان کے پاس اتنا کچھ موجود نہ ہو جس کی موجودگی میں (کسی سے مانگنے سے) بے نیاز ہو۔

3396 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا حَوْثَرَةُ بْنُ اَشْرَسَ الْعَدَوِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ هَارُوْنَ بْنِ رِئَابٍ، عَنْ كِنَانَةَ بْنِ نُعَيْمٍ الْعَدَوِيِّ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الْهِلَالِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): تَحَمَّلْتُ حَمَالَةً، فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْاَلُهُ مِنْهَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَقِمْ يَا قَبِيصَةُ حَتّٰى تَجِيئَنَا الصَّدَقَةُ فَنَاْمُرَ لَكَ بِهَا، ثُمَّ قَالَ: يَا قَبِيصَةُ اِنَّ الْمَسْاَلَةَ لَا تَحِلُّ اِلَّا لِاَحَدِ ثَلَاثٍ: رَجُلٍ تَحَمَّلَ بِحَمَالَةٍ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيبَهَا ثُمَّ يُمْسِكَ، وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَاجْتَاحَتْ مَالَهُ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ، اَوْ سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ، وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ حَتّٰى يَقُوْلَ ثَلَاثَةٌ مِنْ ذَوِي الْحِجَا مِنْ قَوْمِهِ: لَقَدْ اَصَابَتْ فُلَانًا فَاقَةٌ، فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ حَتّٰى يُصِيبَ قِوَامًا مِنْ عَيْشٍ، اَوْ قَالَ: سِدَادًا مِنْ عَيْشٍ، وَمَا سِوَاهُنَّ مِنَ الْمَسْاَلَةِ سُحْتٌ يَاْكُلُهَا صَاحِبُهَا سُحْتًا

✿✿ کنانہ بن نعیم عدوی حضرت قبیصہ بن مخارق ہلالی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے ایک ادائیگی اپنے ذمے لے لی میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا' تاکہ اس کے بارے میں مدد مانگوں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے قبیصہ تم ٹھہرے رہو جب ہمارے پاس (صدقے کا مال) آئے گا' تو ہم تمہیں دینے کا حکم دے دیں گے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے قبیصہ مانگنا تین میں سے کسی ایک شخص کے لئے جائز ہے ایک وہ شخص جس کے ذمے کوئی ادائیگی ہو اس کے لیے مانگنا جائز ہو جاتا ہے' یہاں تک کہ جب وہ اس ادائیگی کو کردے' تو اس (مانگنے) سے رک جائے۔ ایک وہ شخص جسے آفت لاحق ہو' جس کے نتیجے میں اس کا مال ضائع ہو جائے اس کے لیے مانگنا جائز ہو جاتا ہے' یہاں تک کہ وہ اپنی بنیادی ضروریات کو پورا کرے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) اور ایک وہ شخص جسے فاقہ لاحق ہو' یہاں تک کہ اس کی قوم کے تین سمجھدار لوگ اس بات

3396– إسناده صحيح، حوثرة بن أشرس ذكره المؤلف في " الثقات " 8/215، وروى عنه جمع وقد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح .وأخرجه الطيالسي (1327) ، وابن أبي شيبة 3/210–211، والدارمي 1/396، ومسلم (1044) في الزكاة: باب من تحل له المسألة، وأبو داوٗد (1640) في الزكاة . بـاب ما تجوز فيه المسألة، والنسائي 5/88–89 في الزكاة: باب الصدقة لمن تحمل حمالة، وابن خزيمة (2361) ، والطحاوي 2/18، والبيهقي 7/21 و23 من طرق عن حماد بن زيد، بهٰذا الإسناد. وتقدم برقم (3291) من طريق اٰخر، وسيرد برقم (4820) .

نی گواہی دیں کہ فلاں شخص کو فاقہ لاحق ہوا ہے اس کے لیے مانگنا جائز ہو جاتا ہے یہاں تک کہ وہ اپنی بنیادی ضروریات کی تکمیل کر سکے (یہاں ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے) اس کے علاوہ مانگنا حرام ہے جسے مانگنے والا حرام کے طور پر کھاتا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيثِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الَّذِي ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم اس سے پہلے ذکر کر چکے ہیں

3397 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ سَعِيدٍ السَّعْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ خَشْرَمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّمَا الْمَسَائِلُ كُدُوحٌ يَكْدَحُ بِهَا الرَّجُلُ وَجْهَهُ، فَمَنْ شَاءَ اَبْقَى عَلٰى وَجْهِهِ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَ، اِلَّا اَنْ يَّسْاَلَ ذَا سُلْطَانٍ اَوْ فِي اَمْرٍ لَا يَجِدُ مِنْهُ بُدًّا

❀❀ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

"مانگنا خراش ڈالنا ہے جس کے ذریعے آدمی اپنے چہرے پر خراش ڈالتا ہے تو جو شخص چاہے وہ اسے اپنے چہرے پر باقی رہنے دے اور جو شخص چاہے اسے ترک کر دے البتہ حکمران (یا متعلقہ سرکاری اہل کار سے حکومتی آمدن میں سے) مانگا جا سکتا ہے یا کسی ایسی صورت میں مانگا جا سکتا ہے جو انتہائی مجبوری ہو۔"

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْءِ بِالِاسْتِغْنَاءِ بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَنْ خَلْقِهِ اِذْ فَاعِلُهُ يُغْنِيهِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِتَفَضُّلِهِ

آدمی کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اللہ کی مخلوق کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی مدد سے بے نیازی حاصل کرے کیونکہ ایسا کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم کے تحت (لوگوں سے) بے نیاز کر دے گا

3398 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى السَّاجِيُّ، بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ،

3397- إسناده صحيح. وأخرجه الطيالسي (889)، وأحمد 5/19 و22، وأبو داؤد (1639) في الزكاة: باب كم يعطى الرجل الواحد من الزكاة والترمذي (681) في الزكاة: باب ما جاء في النهي عن المسألة، والنسائي 5/100 في الزكاة: باب مسألة الرجل ذا سلطان، والطبراني (6767)، والبيهقي 4/197 من طريق شعبة، بهذا الإسناد.

قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ اَبَا سَعِيْدِ الْخُدْرِيَّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا اُرِيْدُ اَنْ اَسْاَلَهُ، فَسَمِعْتُهُ يَخْطُبُ، وَهُوَ يَقُوْلُ: مَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَمَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفُّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ سَاَلَنَا اَعْطَيْنَاهُ، قَالَ: فَرَجَعْتُ وَلَمْ اَسْاَلْهُ، فَاَنَا الْيَوْمَ اَكْثَرُ الْاَنْصَارِ مَالًا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میرا یہ ارادہ تھا کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگوں گا میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبے کے دوران یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''جو شخص بے نیازی اختیار کرنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بے نیاز رکھتا ہے' جو شخص مانگنے سے بچتا ہے اللہ تعالیٰ اسے مانگنے سے محفوظ رکھتا ہے اور جو شخص ہم سے کچھ مانگے گا ہم اسے دے دیں گے''۔

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں واپس آ گیا اور میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ نہیں مانگا اور آج انصار میں میرے پاس سب سے زیادہ مال ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَنِ اسْتَغْنٰى بِاللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا عَنْ خَلْقِهِ اَغْنَاهُ اللّٰهُ عَنْهُمْ بِفَضْلِهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص مخلوق کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی مدد سے (لوگوں سے) بے نیازی حاصل کرنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت اسے (لوگوں سے) بے نیاز کر دیتا ہے

3399 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ دَاوُدَ بْنِ وَرْدَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِيْسَى بْنُ حَمَّادٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ سَعِيْدِ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ اَهْلَهُ شَكَوْا اِلَيْهِ الْحَاجَةَ، فَخَرَجَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَسْاَلَهُ لَهُمْ شَيْئًا، فَوَافَقَهُ عَلَى الْمِنْبَرِ، وَهُوَ يَقُوْلُ: اَيُّهَا النَّاسُ، قَدْ آنَ لَكُمْ اَنْ تَسْتَغْنُوْا عَنِ الْمَسْاَلَةِ، فَاِنَّهُ مَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفُّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ مَا رُزِقَ عَبْدٌ شَيْئًا اَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ، وَلَئِنْ اَبَيْتُمْ اِلَّا اَنْ تَسْاَلُوْنِىْ لَاُعْطِيَنَّكُمْ مَا وَجَدْتُ

3398– إسناده حسن . وأخرجه الطيالسي (2211) ، وابن أبي شيبة 3/211 وأبو يعلى (1129) و (1267) من طرق عن هلال بن حصين، عن أبي سعيد .وأخرجه الطيالسي (2161) ، وأحمد 3/3 من طريقين عن أبي بشر جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ، عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ أبي سعيد.وأخرجه أحمد 3/12 و 47 من طريقين عن هشام بن سعد، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ. وأخرجه النسائي 5/98 في الزكاة باب من الملحف، عن قتيبة عن ابن اَبِى الرِّجَالِ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عبد الرحمٰن بن أبي سعيد، عن أبيه وانظر ما بعده.

3399– إسناده حسن، ابن عجلان روى له مسلم متابعة، والبخاري تعليقًا وهو صدوق وباقي السند ثقات من رجال الصحيح. وانظر ما قبله.

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ان کی اہلیہ نے ان کے سامنے کسی ضرورت کی شکایت کی' تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جانے کے ارادے سے نکلے' تا کہ اپنے گھر والوں کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت منبر پر موجود تھے اور یہ ارشاد فرما رہے تھے۔

''اے لوگو! تم پر ایسا وقت آ گیا ہے کہ تم مانگنے سے بے نیاز ہو جاؤ بے شک جو شخص (مانگنے سے) بچنے کی کوشش کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے بچا کے رکھتا ہے' جو شخص خوشحالی حاصل کرنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اسے خوشحالی عطا کرتا ہے اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے بندے کو صبر سے زیادہ کشادہ اور کوئی چیز نہیں دی گئی اگر تم مانگنے پر اصرار کرتے ہو' تو جو میرے پاس ہوگا وہ میں تمہیں دے دوں گا''

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِاَنَّ مَنِ اسْتَغْنٰى بِاللّٰهِ عَنْ خَلْقِهٖ جَلَّ وَعَلَا يُغْنِيهِ عَنْهُمْ بِفَضْلِهٖ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو شخص مخلوق کو چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی مدد سے (لوگوں سے) بے نیازی حاصل کرنا چاہتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل کے تحت اسے لوگوں سے بے نیاز کر دیتا ہے

3400 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِيْ سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ نَاسًا مِنَ الْاَنْصَارِ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَاهُمْ، ثُمَّ سَاَلُوْهُ فَاَعْطَاهُمْ حَتّٰى اِذَا نَفِدَ مَا عِنْدَهٗ، قَالَ: مَا يَكُنْ عِنْدِيْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ اَدَّخِرَهٗ عَنْكُمْ، وَمَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ، وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ، وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ، وَمَا اُعْطِيَ اَحَدٌ عَطَاءً هُوَ خَيْرٌ وَّاَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ

❁❁ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: کچھ انصار نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ انہیں عطا کر دیا انہوں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر انہیں عطا کر دیا' یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جو مال تھا وہ ختم ہو گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میرے پاس جو کچھ بھی بھلائی موجود ہے میں تم لوگوں سے بچا کر اسے نہیں رکھوں گا' لیکن جو شخص مانگنے سے بچنے کی کوشش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے مانگنے سے بچا کے رکھے گا اور جو شخص (لوگوں سے) بے نیازی اختیار کرنے کی کوشش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے بے نیاز کر دے گا اور جو شخص صبر کرنا چاہے گا اللہ تعالیٰ اسے صبر عطا کرے گا اور کسی بھی شخص کو ایسی کوئی چیز نہیں دی گئی جو صبر سے زیادہ بہتر اور صبر سے زیادہ کشادہ ہو۔

3400- إسناده صحيح على شرطهما. وهو في " الموطأ " 2/997. ومن طريق مالك أخرجه البخاري (1469) في الزكاة: باب الاستعفاف عن المسألة، ومسلم (1053) في الزكاة. باب فضل التعفف والصبر، وأبو داوُد (1644) في الزكاة: باب في الاستعفاف، والترمذي (2024) في البر والصلة: باب ما جاء في الصبر، والنسائي 5/95-96 في الزكاة: باب في الاستعفاف عن المسألة، والدارمي 1/387، والبيهقي 4/195، والبغوي (1613). وأخرجه عبد الرزاق (20014) ومن طريق أحمد 3/93 ومسلم (1053) عن معمر، عن الزهري، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري (6470) في الرقاق: باب الصبر عن محارم الله، وأبو يعلى (1352)، من طريقين عن الزهري، به.

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يَّاْخُذَ الْمَرْءُ شَيْئًا مِنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْيَا وَهُوَ سَائِلٌ اَوْ شَرِهٌ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اس دنیا کے ساز وسامان سے کوئی چیز ایسی حالت میں حاصل کرے کہ وہ اسے مانگنے والا ہو یا اسے اس کا لالچ ہو

3401 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيدَ الدِّمَشْقِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَامِرٍ الْيَحْصِبِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ، يَقُوْلُ عَلٰى مِنْبَرِ دِمَشْقَ:

(متن حدیث): اِيَّاكُمْ وَاَحَادِيثَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا حَدِيثًا كَانَ فِىْ عَهْدِ عُمَرَ، فَاِنَّ عُمَرَ كَانَ يُخِيفُ النَّاسَ فِى اللّٰهِ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: مَنْ يُرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُفَقِّهْهُ فِى الدِّينِ وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: اِنَّمَا اَنَا خَازِنٌ، فَمَنْ اَعْطَيْتُهُ عَنْ طِيبِ نَفْسٍ يُبَارَكُ لَهٗ فِيهِ، وَمَنْ اَعْطَيْتُهُ عَنْ مَسْاَلَةٍ، وَعَنْ شَرَهٍ كَانَ كَالَّذِىْ يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے دمشق کے منبر پر یہ بات بیان کی خبردار نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کے بارے میں احتیاط کرو اور اس حدیث کے بارے میں بھی جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں ہوئی تھی' کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں لوگوں کو خوف دلایا کرتے تھے وہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اللہ تعالیٰ جس شخص کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کرلے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے۔''

اور میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''میں خزانچی ہوں میں اپنی رضامندی کے ساتھ جس شخص کو کوئی چیز دوں گا' تو اس میں اس شخص کے لئے برکت رکھی جائے گی اور جس شخص کو مانگنے کی وجہ سے کچھ دوں گا یا اس کے لالچ کی وجہ سے دوں گا' تو اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہوگی جو کھانے کے باوجود سیر نہیں ہوتا۔''

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَخْذِ مَا اُعْطِىَ الْمَرْءُ مِنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْيَا وَهُوَ مُشْرِفُ النَّفْسِ اِلَيْهِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی کو اس دنیا کے ساز وسامان میں سے جو چیز دی جارہی ہو وہ اسے ایسی حالت میں حاصل کرے کہ اسے اس کے حصول کا لالچ ہو

3401- إسناده صحيح على شرط مسلم وهو في " صحيحه " (1037) في الزكاة: باب النهي عن المسألة، عن أبي بكر بن أبي شيبة، عن زيد بن الحباب، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 4/99 عن عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صالح، به. وأخرجه 4/97 من طريق جعفر بن ربيعة، عن ربيعة بن يزيد الدمشقي، به .وقد تقدم برقم (89) من طريق الزُّهْرِيّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ معاوية.

3402 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِي، ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْطَانِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا حَكِيمُ، اِنَّ هٰذَا الْمَالَ حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ، وَمَنْ اَخَذَهُ بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ، وَكَانَ كَالَّذِي يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا اَخْيَرُ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، قَالَ حَكِيمٌ: فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَرْزَاُ اَحَدًا بَعْدَكَ شَيْئًا حَتّٰى اُفَارِقَ الدُّنْيَا

❁❁ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عطا کر دیا میں نے پھر مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر عطا کر دیا ایسا تین مرتبہ ہوا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے حکیم یہ مال میٹھا اور سرسبز ہے' جو شخص نفس کی سخاوت کے ہمراہ اسے حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت رکھی جاتی ہے اور جو شخص نفس کے لالچ کے ہمراہ اسے حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت نہیں رکھی جاتی اور اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہوتی ہے' جو کھانے کے باوجود سیر نہیں ہوتا۔ اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔

حضرت حکیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اس ذات کی قسم! جس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے اب میں مرتے دم تک آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی سے کوئی چیز نہیں مانگوں گا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنْ لَّا حَرَجَ عَلَى الْمَرْءِ فِي اَخْذِ مَا اُعْطِيَ مِنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ، وَلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی پر اس حوالے سے کوئی حرج نہیں ہے کہ جب وہ کوئی ایسی چیز لے جو اسے مانگے بغیر یا لالچ کے بغیر دی گئی ہو

3403 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ بَكْرَ بْنَ سَوَادَةَ حَدَّثَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيدَ الْمَعَافِرِيَّ حَدَّثَهُ، عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ ذُؤَيْبٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، اَعْطَى ابْنَ السَّعْدِيِّ اَلْفَ دِينَارٍ فَاَبٰى اَنْ يَقْبَلَهَا، وَقَالَ: اَنَا عَنْهَا غَنِيٌّ، فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: اِنِّي قَائِلٌ لَكَ مَا قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا سَاقَ اللّٰهُ اِلَيْكَ رِزْقًا مِنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ، وَلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ فَخُذْهُ، فَاِنَّ اللّٰهَ اَعْطَاكَهُ

3402– صحيح، إسناده على شرط الشيخين أبو الربيع الزهراني . هو سليمان بن داؤد وفليح: هو ابن سليمان، وهو صدوق كثير الخطأ، وقد توبع عليه، فانظر (3220) و (3406) .وأخرجه الطبراني (3081) من طريق عبد الله بن أحمد، عن أبي الربيع الزهراني، بهذا الإسناد.

3403– إسناده صحيح على شرط مسلم، وانظر (3404) .

❀❀ قبیصہ بن ذویب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے ابن سعدی کو دو ہزار دینار دیئے تو انہوں نے اسے لینے سے انکار کر دیا اور بولے: مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: میں تمہیں وہی بات بتانے لگا ہوں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمائی تھی۔

''جب اللہ تعالیٰ مانگے بغیر، تمہارے لالچ کے بغیر، تمہیں کوئی رزق عطا کرے تو تم اسے حاصل کر لو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے وہ تمہیں عطا کیا ہے۔''

3404 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِي اَيُّوْبَ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو الْاَسْوَدِ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ عَدِيٍّ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ بَلَغَهُ مَعْرُوْفٌ عَنْ اَخِيهِ مِنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ وَّلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ فَلْيَقْبَلْهُ، وَلَا يَرُدَّهُ، فَاِنَّمَا هُوَ رِزْقٌ سَاقَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا الْاَمْرُ الَّذِي اُمِرْنَا بِاسْتِعْمَالِهِ هُوَ اَخْذُ مَا اُعْطِيَ الْمَرْءُ، وَالشَّيْئَانِ الْمَعْلُومَانِ الَّذِي اُبِيحَ لَهُ ذٰلِكَ عِنْدَ عَدَمِهِمَا هُوَ الْمَسْاَلَةُ وَاِشْرَافُ النَّفْسِ، فَاِنْ وُجِدَ اَحَدُهُمَا فِي الْغَنِيِّ الْمُسْتَقِلِّ بِمَا عِنْدَهُ زُجِرَ عَنْ اَخْذِ مَا اُعْطِيَ دُوْنَ الْفُقَرَاءِ الْمُضْطَرِّينَ، وَالتَّارَةُ الَّتِي يُبَاحُ فِيهَا اَخْذُ مَا اُعْطِيَ الْمَرْءُ، وَاِنْ وُجِدَ فِيهِ الْمَسْاَلَةُ وَاِشْرَافُ النَّفْسِ هِيَ حَالَةُ الْاِضْطِرَارِ، وَالْاِضْطِرَارُ عَلٰى ضَرْبَيْنِ: اِضْطِرَارٌ بِجِدَةٍ، وَاضْطِرَارٌ بِعُدْمٍ، وَالْاِضْطِرَارُ الَّذِي يَكُوْنُ بِجِدَةٍ هُوَ اَنْ يَّمْلِكَ الْمَرْءُ الشَّيْءَ الْكَثِيرَ مِنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْيَا سِوَى الْمَاْكُولِ وَالْمَشْرُوبِ، وَهُوَ فِي مَوْضِعٍ لَا يُبَاعُ فِيهِ الطَّعَامُ وَالشَّرَابُ اَصْلًا، فَهُوَ وَاِنْ كَانَ وَاجِدًا حُكْمُهُ حُكْمُ الْمُضْطَرِّ، لَهُ اَخْذُ مَا اُعْطِيَ، وَاِنْ كَانَ سَائِلًا اَوْ مُشْرِفَ النَّفْسِ اِلَيْهِ، وَاضْطِرَارُ الْعُدْمِ هُوَ وَاضِحٌ لَا يَحْتَاجُ اِلَى الْكَشْفِ عَنْهُ

❀❀ حضرت خالد بن عدی جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جس شخص کو مانگے بغیر اور لالچ کے بغیر اپنے بھائی کی طرف سے کوئی بھلائی ملے، تو وہ اسے قبول کرلے وہ اسے واپس نہ کرے، کیونکہ یہ وہ رزق ہے، جو اللہ تعالیٰ نے اس کی طرف بھیجا ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) یہ حکم جس پر عمل کرنے کا ہمیں حکم دیا گیا ہے، وہ اس چیز کو لے لینا ہے، جو آدمی کو دی گئی

3404- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أحمد بن إبراهيم الدورقي فمن رجال مسلم، وصححه الحافظ في " الإصابة ." المقرء: هو عبد الله ابن يزيد، وأبو الأسود: هو محمد بن عبد الرحمٰن بن نوفل يتيم عروة . وهو في " مسند أبي يعلى " (925) .وأخرجه أحمد 4/320-321، والطبراني (4124) ، والحاكم 2/62 من طريق عبد الله بن يزيد المقرء بهذا الإسناد . وصححه الحاكم على شرطهما ووافقه الذهبي .وأورده الهيثمي في " المجمع " 3/100 وزاد نسبته إلى أبي يعلى وانظر (5097) .

ہو، اور دو متعین چیزیں ایسی ہیں جن کی عدم موجودگی میں (کسی سے کوئی چیز لینا) آدمی کے لئے مباح ہوتا ہے۔ وہ (دو متعین چیزیں) مانگنا اور لالچ ہیں، تو ایسا خوشحال شخص جو مستقل طور پر (خوشحال ہو) اگر ان دونوں میں سے کوئی ایک چیز اس میں پائی جائے تو اس کے لئے دیئے جانے والے مال کو لینا ممنوع ہو جائے گا۔ یہ حکم اضطرار کا شکار فقیر کے لئے نہیں ہے۔ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ آدمی کے لئے ملنے والی چیز کو لینا مباح ہوتا ہے، اگرچہ اس میں مانگنے اور لالچ کی صورت پائی جا رہی ہو، اور یہ حالت اضطرار میں ہوتا ہے۔

اضطرار کی دو صورتیں ہیں۔ ایسا اضطرار جو (مال کی) موجودگی میں ہو، اور ایسا اضطرار (جو مال کی) عدم موجودگی میں ہو۔ وہ اضطرار جو (مال کی) موجودگی میں ہوتا ہے، اس کی صورت یہ ہے کہ آدمی اس دنیا کے بہت سے ساز و سامان کا مالک ہو، (لیکن وہ سامان) کھانے پینے کی چیزوں کے علاوہ ہو اور آدمی ایسی جگہ موجود ہو جہاں کھانے پینے کی اشیاء سرے سے فروخت ہی نہ ہوتی ہوں۔ تو آپ اگرچہ اس کے پاس (مال) موجود ہے لیکن اس کا حکم اضطرار کے شکار شخص کا ہوگا۔ اسے جو کچھ دیا جائے وہ لینا اس کے لئے جائز ہوگا۔ اگرچہ وہ شخص مانگنے والا ہو یا اس میں لالچ موجود ہو اور (مال کی) عدم موجودگی کی صورت میں لاحق ہونے والا اضطرار واضح ہے۔ اس کی وضاحت کی ضرورت نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِاَخْذِ مَا اُعْطِيَ الْمَرْءُ مِنْ حُطَامِ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْفَانِيَةِ الزَّائِلَةِ مَا لَمْ تَتَقَدَّمْهُ لَهَا مَسْاَلَةٌ

آدمی کو اس فنا ہو جانے والی یا اس زائل ہو جانے والی دنیا کے ساز و سامان میں سے جو چیز دی جاتی ہے اسے لینے کا حکم ہونے کا تذکرہ جبکہ آدمی نے اسے مانگا نہ ہو

3405 - اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنِ ابْنِ السَّاعِدِيِّ الْمَالِكِيِّ، قَالَ:

(متن حدیث): اسْتَعْمَلَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَى الصَّدَقَةِ، فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهَا وَاَدَّيْتُهَا اِلَيْهِ اَمَرَ لِي بِعُمَالَةٍ،

3405– إسناده صحيح، يزيد بن موهب ثقة، ومن فوقه ثقات على شرطهما وأخرجه أحمد 1/52. والدارمي 1/388، ومسلم (1045) (112) في الزكاة: باب إباحة الأخذ لمن أُعْطِيَ مِنْ غَيْرِ مَسْاَلَةٍ وَلَا اِشْرَافِ نَفْسٍ، وأبو داؤد (1647) في الزكاة: باب في الاستعفاف، و (2944) في الخراج والإمارة: باب أرزاق العمال، والنسائي 5/102 في الزكاة. باب من آتاه الله عز وجل مالًا من غير مسألة وابن خزيمة (2364)، والبيهقي 7/15 من طريق عن الليث، بهذا الإسناد. وأخرجه بنحوه عبد الرزاق (20046)، وأحمد 1/17 و40، والحميدي، (21)، والبخاري (7163) في الأحكام. باب رزق الحاكم والعاملين عليها، والنسائي 5/103 و104، وابن خزيمة (2365) من طرق عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ حويطب بن عبد العزى، عن عبد الله بن السعدي، عن عمر. وفي هذا الإسناد لطيفة، فقد اجتمع فيه أربعة من الصحابة هم: السائب وحويطب وابن السعدي وعمر. وأخرجه أحمد 1/21، والدارمي 1/388، ومسلم (1045)، والنسائي 5/105، وابن خزيمة (2366)، والبغوي (1629) من طرق عن عبد الله ابن عمر، عن أبيه، نحوه. والعُمالة، بضم العين المهملة: رزق العامل الذي جعل له على ما قلد من العمل.

فَقُلْتُ لَهُ: اِنَّمَا عَمِلْتُ لِلّٰهِ، وَاَجْرِی عَلَى اللّٰهِ، قَالَ: خُذْ مَا اُعْطِيتَ، فَاِنِّیْ قَدْ قُلْتُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَمَلِی مِثْلَ قَوْلِكَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اُعْطِيتَ شَيْئًا مِنْ غَيْرِ اَنْ تَسْاَلَ فَكُلْ وَتَصَدَّقْ

✿✿ ابن ساعدی مالکی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے مجھے زکوٰۃ وصول کرنے کا نگران مقرر کیا جب میں فارغ ہوکر آیا اور انہیں ادائیگی کردی' تو انہوں نے مجھے تنخواہ دینے کا حکم دیا میں نے ان سے کہا: میں نے اللہ کی رضا کے لیے یہ کام کیا ہے اور میرا اجر اللہ کے ذمے ہے۔ انہوں نے فرمایا: جو تمہیں دیا جا رہا ہے اسے وصول کرلو' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں' میں نے بھی یہ کام کرکے وہی بات کہی تھی جو تم نے کہی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"جب تمہارے مانگے بغیر تمہیں کوئی چیز دے دی جائے' تو تم اسے خود بھی استعمال کرو اور صدقہ بھی کرو۔"

ذِكْرُ اِثْبَاتِ الْبَرَكَةِ لِآخِذِ مَا اُعْطِيَ بِغَيْرِ اِشْرَافِ نَفْسٍ مِنْهُ

اس شخص کے لیے برکت کے اثبات کا تذکرہ جو دی ہوئی چیز کو لالچ کے بغیر لیتا ہے

3406 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ الْبَلْخِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُوْنُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، قَالَ: اَخْبَرَنِی سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيِّبِ، وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، اَنَّهُمَا سَمِعَا حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِی، ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْطَانِی، ثُمَّ قَالَ: اِنَّ هٰذَا الْمَالَ حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهُ بِطِيْبِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ، وَمَنْ اَخَذَهُ بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَهُ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ، وَكَانَ كَالَّذِی يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ، وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى

✿✿ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عطا کردیا میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر عطا کردیا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"بے شک یہ مال میٹھا اور سرسبز ہے' جو شخص نفس کی رضامندی کے ساتھ اسے حاصل کرتا ہے اس کے لیے اس میں برکت رکھی جاتی ہے اور جو شخص نفس کے لالچ کے ساتھ اسے حاصل کرتا ہے' تو اس کے لیے اس میں برکت نہیں رکھی جاتی اس کی مثال ایسے شخص کی مانند ہوتی ہے' جو کھانے کے باوجود سیر نہیں ہوتا اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے۔"

3406– إسناده صحيح على شرطهما . وأخرجه الحميدی (553) ، وابن أبی شيبة 3/211، وأحمد 3/434 ومسلم (1035) فی الزكاة: باب اَنَّ الْيَدَ الْعُلْيَا . خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى، والنسائی 5/60 فی الزكاة: باب اليد العليا، و 5/100–101 باب مسألة الرجل فی أمر لا بد له منه، والطبرانی (3079) من طرق عن سفيان، بهٰذا الإسناد. وانظر (3220) و (3402) .

ذِکْرُ مَا یَجِبُ عَلَی الْمَرْءِ مِنَ الشُّکْرِ لِاَخِیهِ الْمُسْلِمِ عِنْدَ الْاِحْسَانِ اِلَیْهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کا شکریہ ادا کرے جب وہ بھائی اس پر احسان کرتا ہے

3407 - سَمِعْتُ اَبَا خَلِیْفَةَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ بَکْرِ بْنِ الرَّبِیعِ بْنِ مُسْلِمٍ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ الرَّبِیعَ بْنَ مُسْلِمٍ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ زِیَادٍ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ، یَقُوْلُ: سَمِعْتُ اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، یَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا یَشْکُرُ اللّٰهَ مَنْ لَّا یَشْکُرُ النَّاسَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔
"وہ شخص درحقیقت اللہ تعالیٰ کا شکر ادا نہیں کرتا جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا۔"

ذِکْرُ الْاَمْرِ بِالْمُکَافَاةِ لِمَنْ صُنِعَ اِلَیْهِ مَعْرُوْفٌ

جس شخص کے ساتھ بھلائی کی گئی ہو اسے بدلہ دینے کا حکم ہونے کا تذکرہ

3408 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْیَانَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیْدِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنِ اسْتَعَاذَکُمْ بِاللّٰهِ فَاَعِیْذُوْهُ، وَمَنْ سَاَلَکُمْ بِاللّٰهِ فَاَعْطُوْهُ، وَمَنْ دَعَاکُمْ فَاَجِیْبُوْهُ، وَمَنْ صَنَعَ اِلَیْکُمْ مَعْرُوْفًا فَکَافِئُوْهُ، فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا مَا تُکَافِئُوْنَهُ فَادْعُوا اللّٰهَ لَهُ حَتّٰی تَرَوْا اَنْ قَدْ کَافَاْتُمُوْهُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَصَّرَ جَرِیْرٌ فِیْ اِسْنَادِهِ، لِاَنَّهُ لَمْ یَحْفَظْ اِبْرَاهِیْمَ التَّیْمِیَّ فِیْهِ

3407- إسناده صحيح على شرط مسلم. وأخرجه الطيالسي (2491)، وأحمد 2/258 و303 و388 و461 و492، والبخاري في "الأدب المفرد" (218)، وأبو داؤد (4811) في الأدب: باب في شكر المعروف، والترمذي (1955) في البر والصلة: باب ما جاء في الشكر لمن أحسن إليك، والبيهقي 6/182، والبغوي (3610) من طرق عن الربيع بن مسلم، بهٰذا الإسناد.

3408- إسناده صحيح على شرطهما، وقال البخاري فيما نقله عنه الترمذي: عددت للأعمش أحاديث كثيرة نحو من ثلاثين أو أقل أو أكثر يقول فيها: حدثنا مجاهد. وأخرجه أبو داؤد (1672) في الزكاة: باب عطية من سأل بالله، و (5109) في الأدب: باب في الرجل يستعيذ من الرجل، عن عثمان بن أبي شيبة، بهٰذا الإسناد. وأخرجه الطيالسي (1895) وأحمد 2/68 و99 و127 والبخاري في "الأدب المفرد" (216)، والنسائي 5/82 في الزكاة: باب من سأل بالله عز وجل، والحاكم 1/412 و2/63-64 والبيهقي 4/199، والقضاعي (421)، وأبو نعيم في "الحلية" 9/56 من طرق عن أبي عوانة، عن الأعمش، به. وصححه الحاكم، وقال الإمام الذهبي: لم يخرجاه لاختلاف أصحاب الأعمش فيه. وأخرجه الحاكم 1/412 من طريق عمار بن رزيق، عن الأعمش، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 3/228، وأحمد 2/95-96 من طريقين عن ليث بن أبي سليم، عن مجاهد، به. وليث ضعيف.

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ کے نام پر تم سے پناہ مانگے اسے پناہ دے دو اور جو شخص اللہ کے نام پر تم سے کچھ مانگے تم اسے کچھ دے دو اور جو شخص تمہاری دعوت کرے تو اسے قبول کرلو اور جو بھلائی کرے تو تم اس کا بدلہ دو اور اگر تمہیں اسے بدلہ دینے کے لئے کچھ نہیں ملتا' تو تم اس کے لیے اتنی دعا کرو جس سے تمہیں اندازہ ہو جائے کہ اب تم نے اسے بدلہ دے دیا ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): جریر نے اس کی سند مختصر کر دی ہے کیونکہ انہوں نے اس کی سند میں ابراہیم تیمی کا نام یاد نہیں رکھا۔

3409 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْلِمٍ الطُّوسِيُّ *، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ مَعْنٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ سَاَلَ بِاللّٰهِ فَاَعْطُوهُ، وَمَنِ اسْتَعَاذَ بِاللّٰهِ فَاَعِيذُوهُ، وَمَنْ دَعَاكُمْ فَاَجِيبُوْهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص اللہ کے نام پر مانگے' تو اسے دے دو جو شخص اللہ کے نام پر پناہ مانگے اسے پناہ دے دو اور جو شخص تمہاری دعوت کرے' تو اسے قبول کرو۔''

ذِكْرُ مَا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنْ مُجَازَاةِ الْخَيْرِ لِاَخِيهِ الْمُسْلِمِ عَلَى اَعْمَالِهِ الصَّالِحَةِ وَالسَّيِّئَةِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات ضروری ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کے اچھے یا برے اعمال سے قطع نظر اسے بھلائی کا بدلہ دے

3410 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ اَبِي اِسْحَاقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَرَرْتُ بِرَجُلٍ فَلَمْ يُضَيِّفْنِي، وَلَمْ يَقْرِنِي، اَفَاَحْتِكِمُ؟، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلِ اقْرِهِ

❁❁ ابواحوص اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا گزر ایک شخص کے پاس سے

3409– صحيح، وهو مكرر (3375) .

3410– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير اَبِي الْاَحْوَصِ عَوْفِ بْنِ مَالِكِ بْنِ نَضْلَةَ الجشمي، فمن رجال مسلم. وأخرجه الطبراني /19 (606) من طريقين عن أحمد بن يونس، بهذا الإسناد وأخرجه الترمذي (2006) في البر والصلة: باب ما جاء في الإحسان والعفو، من طريق أبي أحمد الزبيري، عن سفيان، به، وقال: هذا حديث حسن صحيح. وسيرد بأطول مما هنا برقم (5392) و (5393) .

ہوا اس نے مجھے مہمان بھی نہیں بنایا اور میری مہمان نوازی بھی نہیں کی' تو کیا میں اس کے ساتھ ایسا ہی کروں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: (جی نہیں) بلکہ تم اس کی مہمان نوازی کرو کرو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ عَلَى الْمَرْءِ تَرْكَ الْإِغْضَاءِ عَلَى الشُّكْرِ لِلرَّجُلِ عَلٰى نِعْمَةٍ قَلَّتْ اَوْ كَثُرَتْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ دوسرے شخص کی مہربانی پر شکریہ ادا کرنے سے چشم پوشی کو ترک کرے خواہ وہ مہربانی تھوڑی ہو یا زیادہ ہو

3411 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِيْ عَمَّارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): جَاءَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ، فَاَطْعَمْنَاهُمْ رُطَبًا، وَسَقَيْنَاهُمْ مِنَ الْمَاءِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هٰذَا مِنَ النَّعِيمِ الَّذِي تُسْاَلُوْنَ عَنْهُ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہمارے ہاں تشریف لائے ہم نے ان کو کھانے کے لئے تازہ کھجوریں پیش کیں اور انہیں پانی پیش کیا' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ ان نعمتوں میں شامل ہے جن کے بارے میں تم سے حساب لیا جائے گا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ تَرْكِ ثَنَاءِ الْمَرْءِ عَلٰى اَخِيهِ الْمُسْلِمِ اِذَا اَوْلَاهُ شَيْئًا مِنَ الْمَعْرُوْفِ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ آدمی اپنے بھائی کی تعریف نہ کرے جب اس بھائی نے اس کے ساتھ کوئی نیکی کی ہو

3412 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زُهَيْرٍ اَبُوْ يَعْلٰى، بِالْاُبُلَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا

3411- إسناده صحيح، إبراهيم بن الحجاج روى له النسائي وهو ثقة، ومن فوقه من رجال مسلم . وأخرجه أحمد 3/338 و351 و391 والنسائي 6/246 في الوصايا: باب قضاء الدين قبل الميراث، وابن جرير 15/286 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد .وأورده السيوطي في " الدر المنثور " 8/604 وزاد نسبته إلى عبد بن حميد، وابن المنذر، وابن مردويه، والبيهقي في " الشعب ."

3412- إسناده قوى، سلم بن جنادة روى له الترمذي وابن ماجه، وهو ثقة، ومَنْ فوقه من رجال الشيخين غير أبي بكر بن عياش فإنه من رجال البخاري وروى له مسلم في مقدمة صحيحه .وأخرجه أحمد 3/4 و16، والبزار (925) ، والحاكم 1/46 من طرق عن أبي بكر بن عياش، بهذا الإسناد وقال الحاكم . صحيح على شرط الشيخين ولم يخرجاه بهذه السياقة، ووافقه الذهبي . وأخرجه الحاكم 1/46 من طريق داؤد بن رشيد، عن معتمر بن سليمان عن عبد الله بن بشر، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِيْ سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عن عمر .وأخرجه أبو يعلى (1327) عن زهير بن خيثمة، والبزار (924) عن يوسف بن موسى، كلاهما عن جرير، عن الأعمش، عن عطية، عن أبي سعيد الخدري. وعطية ضعيف، لكنه محتمل في المتابعات.

اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّىْ رَاَيْتُ فُلَانًا يَدْعُو وَيَذْكُرُ خَيْرًا، وَيَذْكُرُ اَنَّكَ اَعْطَيْتَهُ دِيْنَارَيْنِ، قَالَ: لٰكِنْ فُلَانٌ اَعْطَيْتُهُ مَا بَيْنَ كَذَا اِلٰى كَذَا، فَمَا اَثْنٰى وَلَا قَالَ خَيْرًا

❀❀ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی میں نے فلاں شخص کو دیکھا ہے جو دعا کرتا ہے اور بھلائی کا ذکر کرتا ہے وہ یہ ذکر کرتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دو دینار دیئے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لیکن فلاں کو' تو میں نے اتنا اور اتنا کچھ دیا تھا' لیکن نہ' تو اس نے تعریف کی اور نہ ہی بھلائی کی بات کہی۔

ذِكْرُ الشَّيْءِ الَّذِىْ اِذَا قَالَهُ الْمَرْءُ لِلْمُسْدِىْ اِلَيْهِ الْمَعْرُوْفَ عِنْدَ عَدَمِ الْقُدْرَةِ عَلَى الْجَزَاءِ يَكُوْنُ مُبَالِغًا فِىْ ثَوَابِهِ

اس چیز کا تذکرہ کہ جب آدمی بھلائی کرنے والے شخص کو وہ جملہ کہہ دے اس وقت جب اس کو بدلہ دینے کی قدرت حاصل نہ ہو تو ایسے شخص کو (بھلائی کا بدلہ دینے) کا اجر مل جاتا ہے

3413 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ، قَالَا: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعِيْدِ الْجَوْهَرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُعَيْرُ بْنُ الْخِمْسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ اَبِىْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ، عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ صُنِعَ اِلَيْهِ مَعْرُوْفٌ فَقَالَ لِفَاعِلِهِ: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، فَقَدْ اَبْلَغَ فِى الثَّنَاءِ

❀❀ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جس شخص کے ساتھ بھلائی کی جائے' تو وہ بھلائی کرنے والے سے یہ کہے اللہ تعالیٰ تمہیں جزائے خیر دے' تو اس شخص نے تعریف پوری کردی۔''

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يَجِبُ عَلَى الْمَرْءِ مِنَ الشُّكْرِ لِمَنْ اَسْدٰى اِلَيْهِ نِعْمَةً

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اس شخص کا شکریہ

3413– إسناده صحيح على شرط مسلم، وأخرجه الترمذى (2035) فى البر والصلة: باب ما جاء فى المتشبع بما لم يعط، والنسائى فى " اليوم والليلة " (180) وعنه ابن السنى (276)، عن إبراهيم بن سعيد الجوهرى، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أبو نعيم فى " اخبار أصبهان " 2/345 من طريق أحمد بن يونس الضبى، عن الأحوص، به. وفى الباب عن أبى هريرة عند ابن أبى شيبة 9/70 والبزار (1944)، ولفظه " إذا قال الرجل لأخيه: جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا، فَقَدْ اَبْلَغَ فِى الثَّنَاءِ " وفى سنده موسى بن عبيدة وهو وإن كان ضعيفًا يصلح للشواهد.

ادا کرے جس نے اسے کوئی نعمت دی ہو

3414 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِيفٍ الْبَجَلِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، رَاَيْتُ فُلَانًا يَشْكُرُ، ذَكَرَ اَنَّكَ اَعْطَيْتَهُ دِيْنَارَيْنِ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لٰكِنَّ فُلَانًا قَدْ اَعْطَيْتُهُ مَا بَيْنَ الْعَشَرَةِ اِلَى الْمِئَةِ، فَمَا يَشْكُرُهُ وَلَا يَقُوْلُهُ، اِنَّ اَحَدَكُمْ لَيَخْرُجُ مِنْ عِنْدِىْ بِحَاجَتِهِ مُتَاَبِّطُهَا، وَمَا هِىَ اِلَّا النَّارُ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لِمَ تُعْطِيْهِمْ؟، قَالَ: يَاْبَوْنَ اِلَّا اَنْ يَّسْاَلُوْنِىْ، وَيَاْبَى اللّٰهُ لِىَ الْبُخْلَ

✿✿ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے فلاں شخص کو دیکھا ہے کہ وہ شکر گزار ہو رہا تھا اس نے یہ بات ذکر کی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دو دینار عطا کیے ہیں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فلاں شخص کو تو میں نے دس سے لے کر ایک سو کے درمیان ادائیگی کی تھی اس نے تو اس کا شکریہ ادا نہیں کیا نہ ہی اس کا ذکر کیا کوئی شخص میرے پاس سے اپنی ضرورت کے لیے کوئی چیز لے کر نکلتا ہے' جو اس نے بغل میں لی ہوتی ہے وہ چیز صرف جہنم ہوتی ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کو دے کیوں دیتے ہیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ مجھ سے مانگتے رہتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کو میرا بخل منظور نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ بِاَنَّ الْحَمْدَ لِلْمُسْدِى الْمَعْرُوْفَ يَكُوْنُ جَزَاءَ الْمَعْرُوْفِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ بھلائی کرنے والے کی تعریف کرنا نیکی کا بدلہ ہے

3415 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ مَعْشَرٍ، بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِىْ كَرِيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِىْ اُنَيْسَةَ، عَنْ شُرَحْبِيْلَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ

3414– إسناده قوى وقد تقدم برقم (3412).

3415– إسناده ضعيف، شرحبيل بن سعد ضعفه غير واحد من الأئمة وقال الدارقطني يعتمر له، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه القضاعي في "مسند الشهاب" (485) من طريق أبي جعفر بن نفيل، عن محمد بن سلمة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري في "الأدب المفرد" (215) من طريق عمارة بن غزية، عن شرحبيل، عن جابر. وأخرجه أبو داود (4813) في الأدب: باب شكر المعروف والبيهقي 6/182 من طريق عمارة بن غزية، عن شرحبيل، عن رجل من قومه، عن جابر. وأخرجه الترمذي (2034) في البر والصلة: باب المتشبع بما لم يعط من طريق عمارة بن غزية، عن أبي الزبير، عن جابر. وأخرجه القضاعي (486) من طريق سعيد بن الحارث عن جابر. وأخرجه ابن عدي في "الكامل" 1/356 عن محمد بن حسن بن حفص الأشناني حدثنا أبو كريب محمد بن العلاء حدثنا أيوب بن سويد عن الأوزاعي، عن محمد بن المنكدر، عن جابر يرفعه قال: "من أبلي خيرًا فلم يجد إلا الثناء فقد شكره ومن كتمه فقد كفره ومن تحلى باطلا كلابس ثوبه زور" وهذا إسناد حسن في المتابعات، فلعل حديث الباب يتقوى به.

جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): مَنْ أُولِيَ مَعْرُوْفًا فَلَمْ يَجِدْ لَهُ خَيْرًا إِلَّا الثَّنَاءَ، فَقَدْ شَكَرَهُ، وَمَنْ كَتَمَهُ فَقَدْ كَفَرَهُ، وَمَنْ تَحَلَّى بِبَاطِلٍ فَهُوَ كَلَابِسِ ثَوْبَيْ زُوْرٍ

❀❀ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' جس کے ساتھ بھلائی کی جائے اسے بھلائی کرنے کے لئے صرف تعریف ملے' تو وہ شکر گزار ہوا اور جو شخص اس کو چھپاتا ہے وہ کفرانِ نعمت کرتا ہے اور جو شخص باطل چیز سے خود کو آراستہ ظاہر کرتا ہے وہ جھوٹ کے دو کپڑے پہننے کی مانند ہے۔

كِتَابُ الصَّوْمِ

کتاب: روزوں کے بارے میں روایات

بَابُ فَضْلِ الصَّوْمِ

باب: روزہ رکھنے کی فضیلت

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنْ إِعْطَاءِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا ثَوَابَ الصَّائِمِينَ فِي الْقِيَامَةِ بِغَيْرِ حِسَابٍ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن روزہ رکھنے والوں کو کسی حساب کے بغیر اجر و ثواب عطا کرے گا

3416 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنِ الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى: كُلُّ حَسَنَةٍ عَمِلَهَا ابْنُ آدَمَ جَزَيْتُهُ بِهَا عَشْرَ حَسَنَاتٍ اِلٰى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ اِلَّا الصِّيَامَ، فَهُوَ لِي وَاَنَا اَجْزِي بِهِ، الصِّيَامُ جُنَّةٌ، فَمَنْ كَانَ صَائِمًا فَلَا يَرْفُثْ وَلَا يَجْهَلْ، فَاِنِ امْرُؤٌ شَتَمَهُ اَوْ آذَاهُ فَلْيَقُلْ: اِنِّي صَائِمٌ اِنِّي صَائِمٌ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

”اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ابن آدم جو بھی عمل کرتا ہے میں اس کا بدلہ دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک دیتا ہوں صرف روزے کا معاملہ مختلف ہے کیونکہ وہ میرے لیے ہے اور میں خود اس کی جزاء دوں گا۔ روزہ ڈھال ہے جو شخص روزہ دار ہو وہ بدزبانی اور جہالت کا مظاہرہ نہ کرے اگر کوئی شخص اسے برا کہے اسے تکلیف پہنچائے تو وہ یہ کہہ دے: میں نے روزہ رکھا ہوا ہے میں نے روزہ رکھا ہوا ہے۔“

3416– إسناده صحيح على شرط مسلم وسيرد تند المؤلف من طرق أخرى برقم (3422) (3423) (3424) .

ذِكْرُ تَبَاعُدِ الْمَرْءِ عَنِ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا بِصَوْمِهِ يَوْمًا وَاحِدًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی اللہ کی راہ میں ایک دن روزہ رکھنے کی وجہ سے جہنم سے ستر برس کی مسافت جتنا دور ہو جاتا ہے

3417 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يَزِيدَ الْمُحَمَّدَ ابَاذِيُّ، حَدَّثَنَا سَوَّارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْعَنْبَرِيُّ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِي صَالِحٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ اَبِي عَيَّاشٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَصُومُ عَبْدٌ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اِلَّا بَاعَدَ اللّٰهُ بِذٰلِكَ الْيَوْمِ وَجْهَهُ عَنِ النَّارِ سَبْعِينَ خَرِيفًا

✿✿ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جو بھی شخص اللہ کی راہ میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے' تو اللہ تعالیٰ اس ایک دن کے عوض میں اسے جہنم سے ستر برس کے فاصلے جتنا دور کر دیتا ہے۔"

ذِكْرُ اِفْرَادِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلصَّائِمِينَ بَابَ الرَّيَّانِ مِنَ الْجَنَّةِ

اس بات کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ نے روزہ داروں کے لیے جنت کا ایک الگ دروازہ باب "ریان" بنایا ہے

3418 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَلَاعِيُّ الرَّاهِبُ، بِحِمْصَ، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا اَبِيْ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ:

(متن حدیث): مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ شَيْءٍ مِنَ الْاَشْيَاءِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ دُعِيَ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ،

3417- إسناده صحيح، سوار العنبري روى له أصحاب السنن وهو ثقة، ومن فوقه من رجال الشيخين غير سهيل بن أبي صالح، فمن رجال مسلم، وروى له البخاري مقرونًا وتعليقًا. وأخرجه أحمد 3/83، والبخاري "2840" في الجهاد: باب فضل الصوم في سبيل الله، ومسلم "1153" في الصوم: باب فضل الصوم، والترمذي "1622" في فضائل الجهاد: باب ما جاء في فضل الصوم في سبيل الله، والنسائي 4/173 في الصيام: باب ثواب من صام يومًا في سبيل الله، والبيهقي 4/296 و9/173، والبغوي "1811" من طريق عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/26 و59، ومن طريقه النسائي 4/174 عن ابن نمير، عن سفيان الثوري، عن سمي، عن النعمان، به. وأخرجه الطيالسي "2186"، وأحمد 3/45، والنسائي 4/173 من طريق شعبة، عن سهيل بن أبي صالح، عن صفوان، عن أبي سعيد. وأخرجه النسائي 4/173 من طريق أبي معاوية الضرير، عن سهيل، عن سعيد المقبري عن أبي سعيد. وأخرجه أيضًا من طريق عبد الرزاق، أنبأنا ابن جريج، أخبرني يحيى بن سعيد، وسهيل بن أبي صالح، سمعا النعمان بن أبي عياش، عن أبي سعيد.

هٰذَا خَيْرٌ، وَلِلْجَنَّةِ اَبْوَابٌ، فَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلَاةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّلَاةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الْجِهَادِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الصَّدَقَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ قَالَ: فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا عَلٰى اَحَدٍ يُدْعَى مِنْ تِلْكَ الْاَبْوَابِ مِنْ ضَرُوْرَةٍ، هَلْ يُدْعَى مِنْهَا كُلُّ اَحَدٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: نَعَمْ وَاَرْجُو اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جو شخص کسی بھی چیز کا جوڑا' اللہ کی راہ میں دیتا ہے تو جنت کے دروازوں سے یہ اعلان کیا جاتا ہے اے اللہ کے بندے یہ بھلائی ہے جنت کے کئی دروازے ہیں جو لوگ نمازی ہیں انہیں نماز والے دروازے سے بلایا جائے گا جو جہاد کرنے والے ہیں انہیں جہاد والے دروازے سے بلایا جائے گا جو صدقہ کرنے والے ہیں انہیں صدقہ والے دروازے سے بلایا جائے گا جو روزہ دار ہوں گے انہیں باب ''ریان'' سے بلایا جائے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص کو کوئی نقصان نہیں ہوگا کہ جس شخص کو ان تمام دروازوں سے بلایا جائے۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کسی شخص کو ان تمام دروازوں سے بھی بلایا جائے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اور مجھے امید ہے تم ان میں سے ایک ہو گے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ كُلَّ طَاعَةٍ لَهَا مِنَ الْجَنَّةِ اَبْوَابٌ يُدْعَى اَهْلُهَا مِنْهَا اِلَّا الصِّيَامَ، فَاِنَّ لَهٗ بَابًا وَاحِدًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ تمام نیکیوں کے لیے جنت کے مختلف دروازے ہیں

جن دروازوں سے ان نیکیاں کرنے والوں کو بلایا جائے گا البتہ روزے کا معاملہ مختلف ہے کیونکہ اس کا ایک (مخصوص) دروازہ ہے

3419 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَخْبَرَنِي حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3418– إسناده صحيح، عمرو بن عثمان روى له أصحاب السنن وكذا أبوه، وكلاهما ثقة، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه النسائي 5/9 في الزكاة: باب وجوب الزكاة: عن عمرو بن عثمان بن سعيد، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري "3666" في فضائل الصحابة: باب قول النبي صلى الله عليه وسلم: "لو كنت متخذاً خليلًا"، والبيهقي في "السنن" 9/171 من طريق أبي اليمان، عن شعيب بن أبي حمزة، بهذا الإسناد. وتقدم برقم "308" من طريق مالك، عن الزهري، به. وسيرد بعده من طريق معمر، عن الزهري، به. سيرد برقم "4632" و"6837".

3419– حديث صحيح، ابن أبي السري، وهو محمد بن المتوكل، قد توبع، ومن فوقه ثقات على شرطهما. وهو في "مصنف" عبد الرزاق 11/107، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/268، ومسلم "1027" في الزكاة: باب من جمع الصدقة وأعمال البر. وانظر ما قبله و"308" و"4632" و"6837".

(متن حدیث): مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ فِيْ سَبِيلِ اللّٰهِ دُعِيَ مِنْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ، وَلِلْجَنَّةِ اَبْوَابٌ، فَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّلَاةِ دُعِيَ مِنْ اَبْوَابِ الصَّلَاةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصَّدَقَةِ دُعِيَ مِنْ اَبْوَابِ الصَّدَقَةِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الْجِهَادِ دُعِيَ مِنْ اَبْوَابِ الْجِهَادِ، وَمَنْ كَانَ مِنْ اَهْلِ الصِّيَامِ دُعِيَ مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ، فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَا عَلٰى اَحَدٍ مِنْ ضَرُوْرَةٍ مِنْ اَيِّهَا دُعِيَ، فَهَلْ يُدْعَى اَحَدٌ مِنْهَا كُلِّهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: نَعَمْ، وَاَرْجُوْ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ

(توضیح مصنف): قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: عَسٰى مِنَ اللّٰهِ وَاجِبٌ وَاَرْجُوْ مِنَ النَّبِيِّ حَقٌّ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"جو شخص اللہ کی راہ میں کسی چیز کا جوڑا خرچ کرتا ہے تو اسے جنت کے دروازوں سے بلایا جاتا ہے جنت کے کئی دروازے ہیں جو لوگ نمازی ہیں انہیں نماز والے دروازے سے بلایا جائے گا جو صدقہ دینے والے ہیں انہیں صدقہ والے دروازے سے بلایا جائے گا جو جہاد کرنے والے ہیں انہیں جہاد کے دروازے سے بلایا جائے گا جو روزہ دار ہیں انہیں باب "ریان" سے بلایا جائے گا۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے بھی تو ہو سکتا ہے کہ کسی شخص کو ان تمام دروازوں سے بلایا جائے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کسی شخص کو ان تمام دروازوں سے بلایا جائے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی ہاں اور مجھے یہ امید ہے تم ان میں سے ایک ہو گے۔"

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) لفظ عسی جب اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہو تو اس سے مراد کسی چیز کا لازم ہونا ہوگا۔ اور لفظ ارجو (مجھے اُمید ہے) جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب ہو تو اس کا مطلب یہ ہے: ایسا ضرور ہوگا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّائِمِيْنَ اِذَا دَخَلُوْا مِنْ بَابِ الرَّيَّانِ اُغْلِقَ بَابُهُمْ وَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ اَحَدٌ غَيْرُهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ روزہ دار لوگ جب باب "ریان" سے (جنت میں) داخل ہو جائیں گے

تو ان کے دروازے کو بند کر دیا جائے گا اور ان کے علاوہ کوئی اور شخص اس دروازے سے داخل نہیں ہوگا

3420 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْعِجْلِيُّ، حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بِلَالٍ، حَدَّثَنِيْ اَبُوْ حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ: الرَّيَّانُ يَدْخُلُ مِنْهُ الصَّائِمُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، لَا يَدْخُلُ مِنْهُ غَيْرُهُمْ، يُقَالُ: اَيْنَ الصَّائِمُوْنَ، فَيَقُوْمُوْنَ فَيَدْخُلُوْنَ مِنْهُ، فَاِذَا دَخَلَ اٰخِرُهُمْ اُغْلِقَ فَلَمْ يَدْخُلْ مِنْهُ اَحَدٌ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ''ریان'' ہے قیامت کے دن روزہ دار لوگ اس سے داخل ہوں گے ان کے علاوہ اور کوئی شخص اس میں سے داخل نہیں ہوگا یہ کہا جائے گا روزہ دار لوگ کہاں ہیں؟ وہ لوگ اٹھیں گے اور اس دروازے سے جنت میں داخل ہو جائیں گے اور جب ان کا آخری فرد اندر داخل ہو جائے گا' تو اس دروازے کو بند کر دیا جائے گا کوئی اور اس دروازے سے داخل نہیں ہو سکے گا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ بَابَ الرَّيَّانِ يُغْلَقُ عِنْدَ اٰخِرِ دُخُولِ الصُّوَّامِ مِنْهُ حَتّٰى لَا يَدْخُلَ مِنْهُ اَحَدٌ غَيْرُهُمْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ آخری روزہ دار کے داخل ہونے کے بعد باب ریان کو بند کر دیا جائے گا یہاں تک کہ روزہ داروں کے علاوہ کوئی شخص اس میں سے (جنت میں) داخل نہیں ہو سکے گا

3421 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَطَّانُ، بِالرَّافِقَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْبَالِسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَبِي حَازِمٍ، عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): فِي الْجَنَّةِ بَابٌ يُقَالُ لَهُ: الرَّيَّانُ، اُعِدَّ لِلصَّائِمِينَ، فَاِذَا دَخَلَ اٰخِرُهُمْ، اُغْلِقَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جنت میں ایک دروازہ ہے جس کا نام ''ریان'' ہے اسے روزہ داروں کے لیے تیار کیا گیا ہے جب ان کا آخری فرد اس میں سے داخل ہو جائے گا' تو اسے بند کر دیا جائے گا۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خُلُوفَ الصَّائِمِ يَكُونُ اَطْيَبَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ روزہ دار شخص کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں

3420- إسناده على شرط البخاري، محمد بن عثمان العجلي: هو ابن كرامة من رجال البخاري، ومن فوقه من رجال الشيخين، وخالد بن مخلد قد توبع عليه. وأخرجه ابن أبي شيبة 3/5- 6، والبخاري "1896" في الصوم: باب الريان للصائمين، ومسلم "1152" في الصيام: باب فضل الصوم، من طريق خالد بن مخلد، بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي 4/168 في الصيام: باب فضل الصيام، وابن خزيمة "1902"، والبغوي "1709" من طرق عن سعيد بن عبد الرحمٰن الجمحي، عن أبي حازم، به . وأخرجه البخاري "3257" في بدء الخلق: باب صفة أبواب الجنة، والبيهقي 4/305، والبغوي "1708" من طريق سعيد بن أبي مريم، عن محمد بن مطرف، عن أبي حازم، به . وأخرجه الترمذي "765" في الصوم: باب ما جاء في فضل الصوم، وابن ماجه "1640" في الصوم: باب ما جاء في فضل الصيام، عن طريقين عن هشام بن سعد، عن أبي حازم، به.

3421- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله، وأخرجه ابن أبي شيبة 3/5 عن وكيع، عن سفيان، بهذا الإسناد.

مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے

3422 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ اِلَّا الصِّيَامَ، وَالصِّيَامُ لِىْ وَاَنَا اَجْزِىْ بِهِ، وَلَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ابن آدم کا ہر عمل اس کے لیے ہوتا ہے صرف روزے کا معاملہ مختلف ہے وہ میرے لیے ہے اور میں اس کی جزاء دوں گا۔ روزہ دار شخص کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ فَمَ الصَّائِمِ يَكُوْنُ اَطْيَبَ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ روزہ دار شخص کا منہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے دن مشک کی بو سے زیادہ پاکیزہ ہوگا

3423 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ تَسْنِيمٍ كُوفِيٌّ ثَبْتٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَكْرٍ الْبُرْسَانِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِىْ عَطَاءٌ، عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ الزَّيَّاتِ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى: كُلُّ عَمَلِ ابْنِ آدَمَ لَهُ اِلَّا الصِّيَامَ فَهُوَ لِىْ وَاَنَا اَجْزِىْ بِهِ، وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ، لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ: اِذَا اَفْطَرَ فَرِحَ بِفِطْرِهِ، وَاِذَا لَقِىَ اللّٰهَ فَرِحَ بِصَوْمِهِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: شِعَارُ الْمُؤْمِنِيْنَ فِى الْقِيَامَةِ التَّحْجِيلُ بِوُضُوْئِهِمْ فِى الدُّنْيَا فَرْقًا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ سَائِرِ الْاُمَمِ، وَشِعَارُهُمْ فِى الْقِيَامَةِ بِصَوْمِهِمْ طِيبُ خُلُوْفِهِمْ اَطْيَبُ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ لِيُعْرَفُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ الْجَمْعِ بِذٰلِكَ الْعَمَلِ نَسْاَلُ اللّٰهَ بَرَكَةَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ

3422- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وانظر "3416"وأخرجه مسلم "1151" في الصيام: باب فضل الصيام، عن زهير بن حرب، بهذا الإسناد.وأخرجه النسائي 4/162- 163 في الصيام: باب فضل الصيام، عن إسحاق بن إبراهيم، عن جرير، به. وانظر "4324" و"4325".

3423- إسناده صحيح، وهو في "صحيح ابن خزيمة" "1896"وأخرجه أحمد 2/273، والبخاري "1904" في الصوم: باب هل يقول: إني صائم إذا شتم، ومسلم "1151" "163" في الصيام: باب فضل الصيام والنسائي 4/163-164 في الصيام: باب فضل الصوم، من طرق عن ابن جريج، بهذا الإسناد.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ابن آدم کا ہر عمل اس کے لیے ہوتا ہے صرف روزے کا معاملہ مختلف ہے وہ میرے لیے ہے اور میں اس کی جزا دوں گا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں:) اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی جان ہے روزہ دار شخص کے منہ کی بو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہوگی۔ روزہ دار شخص کو دو خوشیاں نصیب ہوں گی ایک جب وہ افطاری کرے گا' تو افطاری کرنے کی وجہ سے اسے خوشی ہوگی اور ایک جب وہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا' تو اپنے روزہ رکھنے کی وجہ سے خوش ہوگا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): قیامت کے دن اہل ایمان کا مخصوص علامتی نشان دنیا میں ان کے کیے گئے وضو کی چمک ہوگی جس کی وجہ ان کے اور دیگر تمام امتوں کے درمیان امتیاز کیا جا سکے گا اور قیامت کے دن ان کا مخصوص نشان ان کے روزے کی وجہ سے ان کے منہ سے آنے والی بو ہوگی جو مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہوگی تاکہ وہ اپنے عمل کے نتیجے میں میدان محشر میں سب لوگوں کے درمیان پہچانے جائیں۔ ہم اللہ تعالیٰ سے اس دن کی برکت کا سوال کرتے ہیں۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِأَنَّ خُلُوفَ فَمِ الصَّائِمِ قَدْ يَكُونُ أَيْضًا أَطْيَبَ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ روزہ دار شخص کے منہ کی بو بعض اوقات دنیا میں مشک کی بو سے زیادہ پاکیزہ ہوتی ہے

3424 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو عَرُوبَةَ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ، بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ ذَكْوَانَ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): كُلُّ حَسَنَةٍ يَعْمَلُهَا ابْنُ آدَمَ بِعَشْرِ حَسَنَاتٍ إِلَى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ، يَقُولُ اللَّهُ: إِلَّا الصَّوْمَ فَهُوَ لِي وَأَنَا أَجْزِي بِهِ، يَدَعُ الطَّعَامَ مِنْ أَجْلِي، وَالشَّرَابَ مِنْ أَجْلِي، وَشَهْوَتَهُ مِنْ أَجْلِي، وَأَنَا أَجْزِي بِهِ، وَلِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ: فَرْحَةٌ حِينَ يُفْطِرُ، وَفَرْحَةٌ حِينَ يَلْقَى رَبَّهُ، وَلَخُلُوفُ فَمِ الصَّائِمِ حِينَ يَخْلُفُ مِنَ الطَّعَامِ

3424- إسناده صحيح على شرطهما، وأخرجه ابن أبي شيبة 3/5، وأحمد 2/443 و477، ومسلم "1151" في الصيام: باب فضل الصيام، وابن ماجه "1638" في الصيام: باب ما جاء في فضل الصيام، والبيهقي 4/304، والبغوي "1710" من طريق وكيع، عن الأعمش، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "7893" عن سفيان الثوري، والبخاري "7492" في التوحيد: باب قول الله تعالى: (يُرِيدُونَ أَنْ يُبَدِّلُوا كَلامَ اللَّهِ) (الفتح: من الآية15) من طريق أبي نعيم، كلاهما عن الأعمش، به. وأخرجه ابن أبي شيبة 3/5، وابن خزيمة "1897" و"1900" من طرق عن أبي صالح، به. وأخرجه عبد الرزاق "7891"، وأحمد 2/281، والبخاري "5927" في اللباس: باب ما يذكر في المسك، ومسلم "1151" "161"، والنسائي 4/164، 4/304، البغوي "1711" من طرق عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ. وأخرجه مَالِكٌ 1/310 عَنْ أَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْأَعْرَجِ، عَنْ أَبِي هريرة، ومن طريق مالك أخرجه البخاري "1894"، والبيهقي 4/304، والبغوي. "1712" وأخرجه الطيالسي "2485"، وأحمد 2/466- 467 و504، البخاري "7538" من طرق عن أبي هريرة.

اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''ابن آدم جو بھی نیکی کرتا ہے اس کا بدلہ دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک ہوتا ہے اللہ تعالیٰ یہ فرماتا ہے: صرف روزے کا معاملہ مختلف ہے وہ میرے لیے ہے اور میں اس کی جزا دوں گا وہ میری وجہ سے کھانا چھوڑتا ہے میری وجہ سے اپنا پینا چھوڑتا ہے میری وجہ سے اپنی خواہش کو چھوڑتا ہے' تو میں اس کی جزا دوں گا۔ روزہ دار کو دو خوشیاں نصیب ہوں گی ایک خوشی اس وقت جب وہ افطاری کرے گا اور ایک خوشی اس وقت جب وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوگا۔ روزہ دار شخص کے منہ کی بو' جو کھانا چھوڑنے کی وجہ سے آتی ہے' وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ ہے۔''

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّوْمَ لَا يَعْدِلُهُ شَيْءٌ مِنَ الطَّاعَاتِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نیکیوں میں سے کوئی بھی نیکی روزہ رکھنے کے برابر نہیں ہے

3425 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ، اَخْبَرَنَا مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ يَعْقُوبَ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ، عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): اَنْشَاَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا، فَاَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، ادْعُ اللّٰهَ لِي بِالشَّهَادَةِ، قَالَ: اللّٰهُمَّ سَلِّمْهُمْ وَغَنِّمْهُمْ، فَغَزَوْنَا فَسَلِمْنَا وَغَنِمْنَا، حَتّٰى ذَكَرَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَ: ثُمَّ اَتَيْتُهُ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي اَتَيْتُكَ تَتْرٰى ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، اَسْاَلُكَ اَنْ تَدْعُوَ لِي بِالشَّهَادَةِ، فَقُلْتَ: اللّٰهُمَّ سَلِّمْهُمْ وَغَنِّمْهُمْ فَسَلِمْنَا وَغَنِمْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَمُرْنِيْ بِعَمَلٍ اَدْخُلُ بِهِ الْجَنَّةَ، فَقَالَ: عَلَيْكَ بِالصَّوْمِ فَاِنَّهُ لَا مِثْلَ لَهُ، قَالَ: فَكَانَ اَبُوْ اُمَامَةَ لَا يُرٰى فِيْ بَيْتِهِ الدُّخَانُ نَهَارًا اِلَّا اِذَا نَزَلَ بِهِمْ ضَيْفٌ، فَاِذَا رَاَوُا الدُّخَانَ نَهَارًا عَرَفُوا اَنَّهُ قَدِ اعْتَرَاهُمْ ضَيْفٌ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: رَوٰى هٰذَا الْخَبَرَ مَهْدِيُّ بْنُ مَيْمُوْنَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ يَعْقُوبَ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ، وَرَوَاهُ شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ يَعْقُوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک لشکر تیار کیا میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم میرے لیے شہادت کی دعا کیجئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اللہ! ان لوگوں کو

3425– إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير رجاء بن حيوة، فمن رجال مسلم، وأخرجه ابن أبي شيبة 3/5 عن يزيد بن هارون، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 5/255 و258، النسائي 4/165 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على محمد بن أبي يعقوب ..، والطبراني "7463" من طريقين عن مهدى بن ميمون، به. وأخرجه عبد الرزاق "7899"، ومن طريقه الطبراني "7464" عن هشام بن حسان، عن ابن أبي يعقوب، به.

سلامت رکھنا اور انہیں مال غنیمت عطا کرنا۔ ہم لوگوں نے جنگ میں حصہ لیا ہم سلامت بھی رہے اور ہمیں مال غنیمت بھی مل گیا' یہاں تک کہ راوی نے تین مرتبہ یہ بات ذکر کی۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں تین مرتبہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا میں نے آپ ﷺ سے درخواست کی کہ آپ ﷺ میرے لیے شہادت کی دعا کیجئے' تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے اللہ! ان لوگوں کو سلامت رکھنا اور انہیں مال غنیمت بھی عطا کرنا۔ یارسول اللہ ﷺ! ہم سلامت بھی رہے ہیں ہمیں مال غنیمت بھی مل گیا ہے اب آپ ﷺ مجھے کسی ایسے عمل کے بارے میں حکم دیجئے جس کی وجہ سے میں جنت میں داخل ہو جاؤں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم پر روزہ رکھنا لازم ہے' کیونکہ اس کی مانند اور کوئی چیز نہیں ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: تو حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کے گھر سے دن کے وقت کبھی بھی دھواں نظر نہیں آتا تھا سوائے ایک دن کے جب ان کے ہاں کوئی مہمان آیا ہوا ہوتا تھا جب ان کے گھر دن کے وقت دھواں نظر آتا' تو لوگوں کو پتہ چل جاتا تھا کہ ان کے ہاں کوئی مہمان آیا ہوا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): مہدی بن میمون نے یہ روایت محمد بن ابویعقوب کے حوالے سے رجاء سے نقل کی ہے جبکہ شعبہ نے یہ روایت محمد بن ابویعقوب کے حوالے سے حمید بن ہلال کے حوالے رجاء سے نقل کی ہے۔

3426 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، بِحَرَّانَ، حَدَّثَنَا بُنْدَارٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ یَعْقُوبَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا نَصْرٍ الْهِلَالِیَّ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَیْوَةَ، عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): قُلْتُ: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، دُلَّنِیْ عَلٰی عَمَلٍ، قَالَ: عَلَیْكَ بِالصَّوْمِ فَاِنَّهٗ لَا عِدْلَ لَهٗ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُوْ نَصْرٍ هٰذَا هُوَ حُمَیْدُ بْنُ هِلَالٍ، وَلَسْتُ اُنْكِرُ اَنْ یَكُوْنَ مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ یَعْقُوْبَ سَمِعَ هٰذَا الْخَبَرَ بِطُوْلِهٖ، عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَیْوَةَ، وَسَمِعَ بَعْضَهٗ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ هِلَالٍ، فَالطَّرِیْقَانِ جَمِیْعًا مَحْفُوْظَانِ

❁❁ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ کسی عمل کی طرف میری رہنمائی کیجئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم پر روزہ رکھنا لازم ہے' کیونکہ اس کے برابر اور کوئی چیز نہیں ہے۔

3426- إسناده صحيح، وهو مكرر ما قبله . أبو نصر الهلالي سماه المصنف هنا وفي "الثقات" 4/147 والحاكم في "المستدرك": حميد بن هلال، وهو ثقة روى له الجماعة، مذكور في "التهذيب" في الأسماء ، وقد نسبه شعبه إلى "الهلالي" فيما نقله عن البخاري في "تاريخه" 2/246، وذكره السمعاني في "الأنساب" 8/410 فقال: أبو نصر حميد بن هلال بن هبيرة العدوي الهلالي. وهذه فائدة عزيزة من المصنف رحمه الله تستدرك على "التهذيب" وفروعه الذين ذكروا أبا نصر الهلالي في الكنى، وعدوه في المجاهيل . والإمام الذهبي مع كونه تابع المزي في هذا الخطأ في "التهذيب" و"الميزان"، فقد وافق الحاكم على أنه حميد بن هلال، وأقره عليه في "مختصره." وأخرجه ابن خزيمة "1893" عن ابندار، بهذا الإسناد. وأخرجه الحاكم 1/421 من طريق عبد الملك بن محمد الرقاشي، عن عبد الصمد بن عبد الوارث، به . وصحح إسناده. وأخرجه النسائي 4/165 و165- 166 من طريقين عن شعبة، به.

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): ابونصر نامی یہ راوی حمید بن ہلال ہے۔ میں ایسا ہونے کا انکار نہیں کرتا کہ محمد بن ابویعقوب نے یہ روایت تفصیلی طور پر رجاء سے سنی ہو اور پھر انہوں نے اس کا کچھ حصہ حمید بن ہلال سے سنا ہو تو اس کے دونوں طرق محفوظ ہوں گے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الصَّوْمَ جُنَّةٌ مِنَ النَّارِ لِلْعَبْدِ يُجْتَنُّ بِهٖ مِنَ النَّارِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ روزہ رکھنا بندے کے لیے جہنم سے ڈھال ہے جس کے ذریعے وہ جہنم سے بچاؤ کرتا ہے۔

3427 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): هٰذَا مَا حَدَّثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَذَكَرَ اَحَادِيثَ، وَقَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلصِّيَامُ جُنَّةٌ

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہ وہ حدیثیں ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے بیان کی تھیں پھر انہوں نے کچھ احادیث بیان کیں جن میں یہ بات بھی بیان کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

"روزہ ڈھال ہے۔"

ذِكْرُ رَجَاءِ اسْتِجَابَةِ دُعَاءِ الصَّائِمِ عِنْدَ اِفْطَارِهٖ

افطاری کے وقت روزہ دار شخص کی دعا کے مستجاب ہونے کی امید کا تذکرہ

3428 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ رَوَاحَةَ الْمَنْبِجِيُّ، حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، عَنْ سَعْدٍ الطَّائِيِّ، عَنْ اَبِى الْمُدِلَّةِ، عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): ثَلَاثَةٌ لَا تُرَدُّ دَعْوَتُهُمْ: الصَّائِمُ حَتّٰى يُفْطِرَ، وَالْاِمَامُ الْعَادِلُ، وَدَعْوَةُ الْمَظْلُومِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُو الْمُدِلَّةِ: اسْمُهٗ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، مَدَنِيٌّ ثِقَةٌ

3427– صحيح، ابن أبي السَّري قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين. وأخرجه أحمد 2/313 عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد. انظر "3416".

3428– أبو المدلة. هو مولى عائشة، لم يوثقه غير المؤلف 5/72، وسماه عبيد الله بن عبد الله، وقال ابن المديني: أبو مدلة مولى عائشة لا يعرف اسمه مجهول، لم يرو عنه غير أبي مجاهد سعد الطائي، وباقي رجاله ثقات. وأخرجه الطيالسي "2584"، وأحمد 2/305، والبيهقي 3/345 و8/162 و10/88 من طريق زهير بن معاوية، بهذا الإسناد. وأخرجه ابن أبي شيبة 3/6–7، والترمذي "3598" في الدعوات: باب في العفو العافية، وابن ماجه "1752" في الصوم: باب في الصائم لا ترد دعوته، وابن خزيمة "1901"، والبغوي "1395" من طرق عن سعدان الجهني، عن سعد الطائي، به، وقال الترمذي: هذا حديث حسن.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''تین لوگوں کی دعا مسترد نہیں ہوتی روزہ دار شخص جب تک وہ افطاری نہیں کر لیتا اور عادل حکمران اور مظلوم کی دعا۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): ابوالمدلہ نامی راوی کا نام عبیداللہ بن عبداللہ ہے وہ مدینہ کا رہنے والا ہے اور ثقہ ہے۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِاِعْطَاءِ الْمُفَطِّرِ مُسْلِمًا مِثْلَ اَجْرِهِ

اللہ تعالیٰ کا مسلمان شخص کو افطاری کروانے والے کو اس (روزہ دار) کی مانند اجر عطا کرنے کا فضل کرنے کا تذکرہ

3429 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ يَحْيَى الْقَطَّانِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنِي عَطَاءٌ، عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ فَطَّرَ صَائِمًا كُتِبَ لَهُ مِثْلَ اَجْرِهِ، لَا يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِهِ شَيْءٌ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص روزہ دار کو افطاری کرواتا ہے اسے اس روزہ دار کی مانند اجر ملتا ہے اور اس روزہ دار کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔''

ذِكْرُ اسْتِغْفَارِ الْمَلَائِكَةِ لِلصَّائِمِ اِذَا اُكِلَ عِنْدَهُ حَتّٰى يَفْرُغُوا

فرشتوں کا روزہ دار شخص کے لیے دعائے مغفرت کرنے کا تذکرہ جب اس کے پاس کوئی (دوسرا شخص) کچھ کھاتا ہے (یہ دعائے مغفرت) اس وقت تک ہوتی رہتی ہے جب تک وہ لوگ (کھا پی کر) فارغ نہیں ہو جاتے ہیں

3430 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ زَيْدٍ

3429– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح. وأخرجه أحمد 4/114– 115و 116و 5/192، والدارمي 2/7، والترمذي "807" في الصوم: باب ما جاء في فضل من فطر صائمًا، وابن ماجه "1746" في الصيام: باب صيام ما جاء في فضل أشهر الحرم، وابن خزيمة "2064"، والطبراني "5273" و"5274"، والبغوي "1818" من طرق عن عبد الملك بن أبي سليمان، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "7905"، وابن ماجه "1746"، وابن خزيمة "2064"، والطبراني "5267" و"5268" و"5269" و"5275" و"5276" و"5277"، والقضاعي "382"، والبغوي "1819" من طرق عطاء، به. وانظر الحديث "4624".

3430– ليلى مولاة أم عمارة لم يوثقها غير المؤلف 5/346، ولم يرو عنها غير حبيب بن زيد، وباقي السند رجاله ثقات. وهو في "مسند علي بن الجعد" "899"، و"مسند أبي يعلى" .2/331وأخرجه البغوي في "شرح السنة" "1817" من طريق أبي القاسم البغوي، عن علي بن الجعد، بهذا الإسناد. وأخرجه عبد الرزاق "7911"، وابن شيبة 3/86، والدارمي 2/7، وأحمد 6/439، الترمذي "785" و"786" في الصوم، باب: ما جاء في فضل الصائم إذا أكل عنده، والنسائي في "الكبرى" كما في "التحفة" 13/92، وابن ماجه "1748" في الصيام: باب في الصائم إذا أكل عنده، البيهقي 4/305 من طريق عن شعبة، به. وأخرجه الترمذي "784"، والنسائي عن علي بن خجر، عن شريك، عن حبيب بن زيد، به. وعند ابن الجعد وأحمد والدارمي وإحدى

الْاَنْصَارِيِّ، قَالَ: سَمِعْتُ مَوْلَاةً لَنَا يُقَالُ لَهَا لَيْلٰى، تُحَدِّثُ عَنْ اُمِّ عُمَارَةَ بِنْتِ كَعْبٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَدَعَتْ لَهُ بِطَعَامٍ، فَقَالَ: تَعَالَيْ فَكُلِي، فَقَالَتْ: اِنِّيْ صَائِمَةٌ، فَقَالَ: اِنَّ الصَّائِمَ اِذَا اُكِلَ عِنْدَهُ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ

حبیب بن زید انصاری بیان کرتے ہیں: ہم نے اپنی ایک کنیز لیلیٰ کو سیّدہ اُمّ عمارہ بنت کعب رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہوئے سنا کہ ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کھانے کی دعوت کی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم بھی آگے آؤ اور کھاؤ۔ انہوں نے عرض کی: میں روزہ دار ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روزہ دار شخص کے پاس جب تک کھانا کھایا جاتا ہے فرشتے اس روزہ دار کے لئے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں۔

بَابُ فَضْلِ رَمَضَانَ

باب: رمضان کی فضیلت

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ بِأَنَّ عَشْرَ ذِي الْحِجَّةِ وَشَهْرَ رَمَضَانَ فِي الْفَضْلِ يَكُونَانِ سِيَّيْنِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ ذی الحج کا عشرہ اور رمضان کا مہینہ فضیلت کے اعتبار سے برابر کی حیثیت رکھتے ہیں

3431 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): شَهْرَا عِيدٍ لَا يَنْقُصَانِ: رَمَضَانُ وَذُو الْحِجَّةِ

عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''عید کے دو مہینے کم نہیں ہوتے ہیں رمضان اور ذوالحج۔''

ذِكْرُ اِثْبَاتِ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِصَائِمِ رَمَضَانَ اِيمَانًا وَاحْتِسَابًا

ایمان کی حالت میں ثواب کی امید رکھتے ہوئے رمضان کے روزے رکھنے والے شخص کے لیے اللہ تعالیٰ کی مغفرت کے اثبات کا تذکرہ

3432 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ خَلَّادٍ الْبَاهِلِيُّ، حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَنْ صَامَ رَمَضَانَ اِيمَانًا وَاحْتِسَابًا، غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

3431– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهب بن بقية من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين. خالد الأول: هو ابن عبد الله الواسطي، والثاني: هو خالد بن مهران الحذاء . والحديث تقدم تخريجه برقم ."325"ونزيد هنا أنه أخرجه الطحاوي في "مشكل الآثار" "496" بتحقيقنا، من طريق شعبة، عن خالد الحذاء، بهذا الإسناد.وأخرجه أيضًا "497" من طريق حماد بن سلمة، عن سالم بن عبيد الله بن سالم، عن عبد الرحمٰن بن أبي بكرة، به. وانظر ."4349"

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اِيمَانًا، يُرِيْدُ بِه: اِيمَانًا بِفَرْضِهِ، وَاحْتِسَابًا يُرِيْدُ بِه: مُخْلِصًا فِيْهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو شخص ایمان کی حالت میں ثواب کی امید رکھتے ہوئے رمضان کے روزے رکھتا ہے اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہوجاتی ہے۔''

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ایمان کی حالت میں (کے الفاظ سے مراد) یہ ہے: جو شخص ان کی فرضیت پر ایمان رکھتا ہو اور ''ثواب کی اُمید رکھتے ہوئے'' (کے الفاظ سے مراد یہ ہے) کہ وہ اپنے اس عمل میں مخلص ہو۔

ذِكْرُ تَفَضُّلِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا بِمَغْفِرَةِ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذُنُوْبِ الْعَبْدِ بِصِيَامِهِ رَمَضَانَ اِذَا عَرَفَ حُدُوْدَهُ

اللہ تعالیٰ کا یہ فضل کرنے کا تذکرہ کہ جب بندہ رمضان کے روزے رکھتا ہے اور اس کی حدود کو پہچانتا ہے (یعنی ان پر عمل پیرا ہوتا ہے) تو اللہ تعالیٰ بندے کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت کردیتا ہے

3433 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوْسٰى، اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَيُّوْبَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُرْطٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، وَعَرَفَ حُدُوْدَهُ، وَتَحَفَّظَ مَا يَنْبَغِىْ اَنْ يَّتَحَفَّظَ، كَفَّرَ مَا قَبْلَهُ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص رمضان کے روزے رکھے اس کی حدود کی حفاظت کرے اور جس چیز کی حفاظت کرنا چاہیے اس کی حفاظت کرے' تو اس شخص کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہوجاتی ہے۔''

3432– إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو بكر الباهلي من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه ابن أبي شيبة 3/2، وأحمد 2/232، والبخاري "38" في الإيمان: باب صوم رمضان احتسابًا من الإيمان، والنسائي 4/157 في الصيام: باب ثواب من قام رمضان وصامه إيمانًا واحتسابًا، وابن ماجه "1641" في الصيام: باب ما جاء في فضل شهر رمضان، من طرق عن محمد بن فضيل، بهٰذا الإسناد. وأخرجه أحمد 2/385، والبيهقي 4/304 من طريقين عن أبي سلمة، به . وانظر "2537" و"3682".

3433– إسناده ضعيف، عبد الله بن قرط لَمْ يُوَثِّقْهُ غير المؤلّف 7/6، ولم يروِ عنه غير يحيى بن أيوب، وأورده ابن أبي حاتم 5/140 ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا، وقال الحسيني في "رجال المسند": مجهول . وباقي رجاله ثقات . عبد الله: هو ابن المبارك . وهو في "الزهد" له "98" زيادات نعيم بن حماد. ومن طريق ابن المبارك أخرجه أحمد 4/55، وأبو يعلى "1058"، والبيهقي 4/304.

ذِكْرُ فَتْحِ اَبْوَابِ الْجِنَانِ، وَغَلْقِ اَبْوَابِ النِّيرَانِ، وَتَصْفِيدِ الشَّيَاطِينِ فِيْ شَهْرِ رَمَضَانَ

رمضان کے مہینے میں جہنم کے دروازے کھول دیئے جانے اور جہنم کے دروازے بند کردیئے جانے اور شیاطین کو جکڑ دیئے جانے کا تذکرہ

3434 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ اَبِيْ اَنَسٍ، اَنَّ اَبَاهُ، حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): إِذَا كَانَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ لَهُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ، وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ جَهَنَّمَ، وَسُلْسِلَتِ الشَّيَاطِينُ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مدینہ منورہ) تشریف لائے' تو آپ نے یہودیوں کو پایا کہ وہ عاشورہ کے دن روزہ رکھتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: اس کی کیا وجہ ہے؟ انہوں نے بتایا: یہ ایک عظیم دن ہے' جس میں اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو نجات عطا کی تھی اور فرعون اور اس کے ماننے والوں کو ڈبودیا تھا' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لئے اس دن روزہ رکھا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے مقابلے میں ہم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیادہ قریب ہیں اور اس دن روزہ رکھنے کے زیادہ حقدار ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دن روزہ رکھا اور آپ نے اس دن روزہ رکھنے کا حکم بھی دیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ اَنَّ الْاَمْرَ بِصِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ اَمْرُ نَدْبٍ لَا حَتْمٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کا حکم استحباب کے طور پر ہے لازمی طور پر نہیں ہے

3626 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيٰى، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِيْ يُوْنُسُ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،

(متن حدیث): اَنَّ مُعَاوِيَةَ خَطَبَ بِالْمَدِيْنَةِ فِيْ قَدْمَةٍ قَدِمَهَا يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ، فَقَالَ: اَيْنَ عُلَمَاؤُكُمْ يَا اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ، سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: هٰذَا يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ، وَلَمْ يُكْتَبْ عَلَيْكُمْ صِيَامُهُ، وَاَنَا صَائِمٌ، فَمَنْ اَحَبَّ اَنْ يَّصُوْمَ فَلْيَصُمْ

3625– إسناده صحيح على شرط الشيخين، أيوب: هو ابن أبي تميمة السختياني، وابن سعيد: هو عبد الله .وأخرجه مسلم "1130" "128" في الصيام: باب صوم يوم عاشوراء، من طريق إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/291 و310، والبخاري "2004" في الصوم: باب صيام يوم عاشوراء، و "3397" في أحاديث الأنبياء : باب قول الله تعالى: (وَهَلْ آتَاكَ حَدِيثُ مُوْسَى) (طه: 9) (وَكَلَّمَ اللَّهُ مُوْسَى تَكْلِيماً) (النساء : من الآية 164)، ومسلم "1130" "128"، وابن ماجه "1734" في الصيام: باب صيام يوم عاشوراء، والبيهقي 4/286 من طرق عن أيوب، به .وأخرجه ابن أبي شيبة 3/56، والدارمي 2/22، والبخاري "4680" في التفسير: باب: (وَجَاوَزْنَا بِبَنِي إِسْرائيلَ الْبَحْرَ فَأَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَجُنُودُهُ بَغْياً وَعَدْواً) (يونس: من الآية90)، و"4737" باب (وَلَقَدْ أَوْحَيْنَا إِلَى مُوسَى أَنْ أَسْرِ بِعِبَادِي فَاضْرِبْ لَهُمْ طَرِيقاً فِي الْبَحْرِ يَبَساً) (طه: من الآية77)، ومسلم "1130" "127"، والطحاوي 2/75، الطبراني "12442"/12 البيهقي 4/289 من طريق شعبة، وأخرجه البخاري "3943" في مناقب الأنصار: باب إتيان اليهود النبي صلى الله عليه وسلم حين قدم المدينة، ومسلم "1130" ,"127" وأبو داوُد "2444" في الصوم: باب في صوم يوم عاشوراء، وابن خزيمة "2084"، والبغوي "1782" من طريق هشيم، كلاهما عن أبي بشر، عن سعيد بن جبير، به . وأخرجه الطبراني "12362"/12 من طريق حبيب بن أبي ثابت، عن سعيد بن جبيربه .

حمید بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ تشریف لائے۔ انہوں نے عاشورہ کے دن خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے اہل مدینہ! تمہارے علماء کہاں ہیں؟ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''یہ عاشورہ کا دن ہے اس دن روزہ رکھنا تم پر لازم قرار نہیں دیا گیا' لیکن میں نے روزہ رکھا ہوا ہے' تو جو شخص (اس دن میں) روزہ رکھنا پسند کرے وہ روزہ رکھ لے''۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِصِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ اِذِ الْيَهُوْدُ كَانَتْ تَتَّخِذُهٗ عِيْدًا فَلَا تَصُوْمُهٗ

عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کا حکم ہونے کا تذکرہ کیونکہ یہودی اس دن کو عید کے طور پر مناتے ہیں اور وہ اس دن روزہ نہیں رکھتے ہیں

3627 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِشْكَابَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِيْ، عَنْ اَبِيْ عُمَيْسٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَتْ يَهُوْدُ تَتَّخِذُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ عِيْدًا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: خَالِفُوْهُمْ، صُوْمُوْا اَنْتُمْ

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہودی عاشورہ کے دن کو عید قرار دیتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم لوگ ان کے برخلاف کرو تم لوگ (عاشورہ کے دن) روزہ رکھو۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُنْشِئَ الصَّوْمَ التَّطَوُّعَ بِالنَّهَارِ، وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ تَقَدَّمَ الْعَزْمُ لَهٗ مِنَ اللَّيْلِ مِنْهُ

3626– إسناده صحيح على شرط مسلم .وهو في "صحيحه" "1129" في الصيام: باب صوم يوم عاشوراء، من طريق حرملة بن يحيى، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن خزيمة "2085"، والطبراني "744"/19 من طريق يونس، به .وأخرجه مالك 1/299 في الصيام: باب صيام يوم عاشوراء، ومن طريقه الشافعي 1/265، البخاري "2003" في الصوم: باب صيام يوم عاشوراء، ومسلم "1129"، والطحاوي 2/77، والطبراني "749"/19، والبيهقي 4/290، والبغوي "1785" .

3627– إسناده صحيح على شرط البخاري، محمد بن إشكاب: هو محمد بن الحسين بن إبراهيم العامري، وأبو عميس: هو عتبة بن عبد الله بن عتبة الهذلي .وأخرجه أحمد 4/409، وابن أبي شيبة 3/55، والبخاري "2005" في الصوم: باب صيام يوم عاشوراء، و "3942" في مناقب الأنصار: باب إتيان اليهود النبي صلى الله عليه وسلم حين قدم المدينة، ومسلم "1131" في الصيام: باب صوم يوم عاشوراء، والبيهقي 4/289 من طريق حماد بن أسامة، عن أبي عميس، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم "1131" "130" من طريق حماد بن أسامة، عن صدقة بن أبي عمران، عن قيس، به .

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ دن کے وقت نفلی روزہ رکھنے کی نیت کر لے اگرچہ اس نے اس سے پہلے رات کے وقت اس کا پختہ ارادہ نہ کیا ہو

• **3628** - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ عَمَّتِهٖ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): دَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكِ شَيْءٌ؟، قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَاِنِّيْ صَائِمٌ، قَالَتْ: ثُمَّ اَتَانَا يَوْمًا اٰخَرَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اُهْدِيَ لَنَا حَيْسٌ فَخَبَّاْنَاهُ لَكَ، فَقَالَ: اَدْنِيْهِ، فَاَصْبَحَ صَائِمًا، ثُمَّ اَفْطَرَ

❀❀ اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے آپ نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کھانے کے لئے کچھ ہے۔ میں نے جواب دیا: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر میں روزہ رکھ لیتا ہوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسی دن میں دوسری مرتبہ میرے ہاں تشریف لائے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمیں "حیس" تحفے کے طور پر دیا گیا ہے وہ ہم نے آپ کے لئے سنبھال کر رکھا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے پیش کرو، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے روزہ رکھا ہوا تھا پھر آپ نے روزہ ختم کر دیا۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ اِنْشَاءِ الْمَرْءِ الصَّوْمَ التَّطَوُّعَ مِنْ غَيْرِ نِيَّةٍ تَتَقَدَّمُهُ مِنَ اللَّيْلِ

یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ رات کے وقت پہلے سے نیت نہ کرنے کے باوجود آدمی نفلی روزہ رکھ لے

3629 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ

3628– إسناده صحيح على شرط مسلم، طلحة بن يحيى: هو ابن طلحة بن عبيد الله التيمي المدني .وأخرجه أبو داوُد "2455" في الصوم: باب في الرخصة في ذلك، من طريق عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/207، ومسلم "1154" "170" في الصيام: باب جواز صوم النافلة بنية من النهار قبل الزوال، والترمذي "733" في الصوم: باب صيام المتطوع بغير تبييت، والنسائي 4/195 في الصيام: باب النية في الصيام ولاختلاف على طلحة بن يحيى في خبر عائشة فيه، وابن خزيمة "2143" من طريق وكيع به .وأخرجه الشافعي "706"/1، وعبد الرزاق "7793"، وأحمد 6/49و207، ومسلم "1154" "169"، وأبو داوُد "2455"، والترمذي "734"، والنسائي 4/194 و195، والطحاوي 2/109، وأبو يعلى "4563"، وابن خزيمة "2143"، والبيهقي 4/203، والبغوي "1745" من طريق طلحة بن يحيى، بِهِ .وأخرجه عبد الرزاق "7792"، والنسائي 4/195–196 من طريق إسرائيل عن سماك "وزاد النسائي: عن رجل " عن عائشة بنت طلحة، بِهِ .وأخرجه النسائي 4/193 و194و195، وأبو يعلى "4743" من طريق مجاهد عن عائشة .وأخرجه النسائي 4/195 من طريق أم كلثوم، عن عائشة . وأخرجه البيهقي 4/203 من طريق عكرمة، عن عائشة، وانظر الحديث رقم "3629"و "3630" .ولحيس: هو مخلوط من دقيق وسمن وتمر .وفي الحديث دليل جواز صوم التطوع بنية من النهار، وأن المتطوع بالصوم جائز له أن يفطر"

الصَّبَّاحِ، قَالَ: حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ طَعَامَنَا، فَجَاءَنَا يَوْمًا، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ ذٰلِكَ؟، فَقُلْتُ: لَا، فَقَالَ: اِنِّيْ صَائِمٌ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے کھانے کو پسند کرتے تھے۔ ایک دن آپ ہمارے پاس تشریف لائے آپ نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس (کچھ کھانے کے لئے) ہے؟ میں نے عرض کی: جی نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر میں روزہ رکھ لیتا ہوں۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اِذَا عَدِمَ غَدَائَهُ اَنْ يُنْشِءَ الصَّوْمَ يَوْمَئِذٍ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ اگر اسے کھانے کے لیے کچھ نہیں ملتا تو وہ اس دن میں روزہ رکھ لے

3630 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّوْلَابِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيْلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنْ طَلْحَةَ بْنِ يَحْيٰى، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَدْخُلُ عَلَيْنَا، فَيَقُوْلُ: اَصْبَحَ عِنْدَكُمْ شَيْءٌ؟، فَنَقُوْلُ: لَا، فَيَقُوْلُ: اِنِّيْ صَائِمٌ، قَالَتْ: وَدَخَلَ عَلَيْنَا ذَاتَ يَوْمٍ، فَقَالَ: هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ شَيْءٍ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، حَيْسٌ اُهْدِيَ لَنَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ اَصْبَحْتُ وَاَنَا صَائِمٌ ثُمَّ دَعَا بِهٖ فَطَعِمَ

اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لاتے آپ دریافت کرتے کیا تمہارے پاس (کھانے کے لئے) کچھ ہے؟ اگر ہم جواب دیتے: جی نہیں' تو آپ فرماتے پھر میں روزہ رکھ لیتا ہوں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے ہاں تشریف لائے۔ آپ نے دریافت کیا: کیا تمہارے پاس کچھ ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! ہمیں ''حیس'' تحفے کے طور پر دیا گیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح' تو میں نے روزہ رکھنے کی نیت کی تھی۔ پھر آپ نے کھانا منگوایا اور اسے کھالیا۔

ذِكْرُ مَغْفِرَةِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا لِلْمُسْلِمِ ذُنُوْبَ سَنَةٍ بِصِيَامِ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ، وَتَفَضُّلِهٖ جَلَّ وَعَلَا عَلَيْهِ بِمَغْفِرَةِ ذُنُوْبِ سَنَتَيْنِ بِصِيَامِ يَوْمِ عَرَفَةَ

3629– إسناده صحيح على شرط الصحيح، وهو في "صحيح ابن خزيمة" . وأخرجه ابن خزيمة "2141" من طريق أبي قلابة عبد الملك بن محمد الرقاشي، عن روح بن عبادة، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم "3628" و"3630" .

3630– إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في "مسند أبي يعلى" "4596" . وانظر الحديثين لسابقين .

اللہ تعالیٰ کا اس مسلمان کے ایک سال کے گناہوں کی مغفرت کرنے کا تذکرہ

جو عاشورہ کے دن روزہ رکھتا ہے اور اللہ تعالیٰ کا اپنے فضل وکرم کے تحت اس شخص کے دوسال کے گناہوں کی مغفرت کر دینا جو عرفہ کے دن روزہ رکھتا ہے

3631 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيْرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَصُوْمُ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ؟ قَالَ: ذَاكَ صَوْمُ سَنَةٍ، قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَصُوْمُ يَوْمَ عَرَفَةَ، قَالَ: يُكَفِّرُ السَّنَةَ، وَمَا قَبْلَهَا

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جو عاشورہ کے دن روزہ رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ سال بھر (روزہ رکھنے کے برابر ہے) اس نے دریافت کیا: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جو عرفہ کے دن روزہ رکھتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ایک سال کے اور اس سے پہلے کے ایک سال کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُكَفِّرُ السَّنَةَ وَمَا قَبْلَهَا يُرِيْدُ مَا قَبْلَهَا سَنَةً وَّاحِدَةً فَقَطْ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''وہ ایک سال اور اس سے پہلے کے

(گناہوں کو) ختم کر دیتا ہے'' اس سے آپ کی مراد یہ ہے کہ اس سے پہلے کے ایک سال (کے گناہوں کو ختم کرتا ہے)

3632 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰی، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِیُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيْرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

3631- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الله بن معبد- وهو الزماني- فمن رجال مسلم، سعيد: هو ابن أبي عروبة، وقتادة: هو ابن دعامة .وأخرجه عبد الرزاق "7826" و"7831"و"7865" من طريق معمر، والبيهقي 4/286 من طريق هشام، كلاهما عن قتادة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 5/308 و310 و311، والطحاوي 2/77، والبيهقي 4/286، وأبو داوُد "2426" في الصوم: باب في صوم الدهر تطوعاً، من طريق مهدي بن ميمون، وأحمد 5/297، ومسلم "1162" "197" في الصيام: باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفه وعاشوراء والاثنين والخميس، والطحاوي 2/72 و77، والبيهقي 4/286، والبغوي "1789" من طريق شعبة، والطحاوي 2/72و 77 من طريق جرير، ثلاثتهم عن غيلان بن جعفر، بِهِ .وأخرجه أحمد 5/296، وعلي بن الجعد في "مسنده" "1816" و"1817"، وعبد الرزاق "7827" و"7832"، وابن أبي شيبة 3/58 من طريق عن أبي قتادة .وأخرجه أحمد 5/296 من طريق أبي حرملة، عن أبي قتادة موقوفاً . وانظر الحديث الآتي .

(متن حدیث): صِيَامُ يَوْمِ عَرَفَةَ اِنِّىْ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِىْ قَبْلَهُ وَالسَّنَةَ الَّتِىْ بَعْدَهُ، وَصِيَامُ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ اِنِّىْ اَحْتَسِبُ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يُكَفِّرَ السَّنَةَ الَّتِىْ قَبْلَهُ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: عرفہ کے دن روزہ رکھنے کے بارے میں مجھے اللہ تعالیٰ سے یہ امید ہے کہ یہ اس سے پہلے کہ ایک سال کے اور اس کے بعد کے ایک سال کے (اور اس ایک سال کے) گناہوں کو ختم کر دیتا ہے اور عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کے بارے میں مجھے اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ امید ہے کہ یہ اس سے پہلے کے ایک سال کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔

ذِكْرُ الْاِسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّصُوْمَ يَوْمًا قَبْلَ يَوْمِ عَاشُوْرَاءَ لِيَكُوْنَ اٰخِذًا بِالْوَثِيقَةِ فِىْ صَوْمِهٖ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ عاشورہ کے دن سے پہلے ایک دن روزہ رکھے تاکہ وہ عاشورہ کے دن روزہ رکھنے میں مضبوط ہو جائے

3633 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، حَدَّثَنَا حَاجِبُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْاَعْرَجِ، قَالَ:

(متن حدیث): انْتَهَيْتُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَّهُوَ مُتَوَسِّدٌ رِدَائَهٗ عِنْدَ زَمْزَمَ، فَجَلَسْتُ اِلَيْهِ، وَنِعْمَ الْجَلِيْسُ كَانَ، فَسَاَلْتُهٗ عَنْ عَاشُوْرَاءَ؟، فَاسْتَوٰى جَالِسًا، ثُمَّ قَالَ: عَنْ اَىِّ بَابِهٖ تَسْاَلُ؟، قَالَ: قُلْتُ: عَنْ صِيَامِهٖ، اَىَّ يَوْمٍ

3632- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه مسلم "1162" "196" في الصيام: باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء والاثنين والخميس، والترمذي "752" في الصوم: باب ما جاء في الحث على صوم يوم عاشوراء، وأبو داوُد "2425" في الصوم: باب في صوم الدهر تطوعاً، وابن ماجه "1730" في الصيام: باب صيام يوم عرفة، و"1738" باب صيام يوم عاشوراء، والطحاوي 2/77، وابن خزيمة "2087"، والبيهقي 4/286، والبغوي "1790" من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد .وانظر لحديث السابق .

3633- إسناده صحيح على شرط مسلم . أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الباهلي أبو الوليد الطيالسي، والحكم بن الأعرج: هو الحكم بن عبدا لله بن إسحاق بن الأعرج البصري .وأخرجه أحمد 1/239 و280 و344، وابن أبي شيبة 3/58، ومسلم "1133" في الصيام: باب أي يوم يصام في عاشوراء، وأبو داوُد "2446" في الصوم: باب ما روى أن عاشوراء اليوم التاسع، والترمذي "754" في الصوم: باب ما جاء عاشوراء أي يوم هو، وابن خزيمة "2098"، والطحاوي 2/75، والبيهقي 4/287، والبغوي "1786" من طرق عن حاجب بن عمر، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/246- 247، ومسلم "1133"، وابن خزيمة "2096" من طريق معاوية بن عمرو، وعبد الرزاق "7940"، وأحمد 1/360 من طريق يونس بن عبيد، كلاهما عن الحكم، بِهِ . قال البيهقي في "السنن الكبرى" 4/278: وكأنه رضي الله عنه أراد صومه مع العاشر، وأراد بقوله في الجواب: "نعم" ما روى من عزمه صلى الله عليه وسلم على صومه، والذي يبين هذا . . . فذكر حديث ابن عباس موقوفاً: "صوموا التاسع والعاشر وخالفوا اليهود" - وأخرجه عبد الرزاق "7839" وحديثه عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: "لئن بقيت لآمرن بصيام يوم قبله أو يوم بعده" .

نَصُوْمُهُ؟، قَالَ: اِذَا رَاَيْتَ هِلَالَ الْمُحَرَّمِ فَاعْدُدْ، ثُمَّ اَصْبِحْ مِنْ تَاسِعِهِ صَائِمًا، قُلْتُ: اَكَذٰلِكَ كَانَ يَصُوْمُ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: نَعَمْ

❀❀ حکم بن اعرج بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا وہ اس وقت زمزم کے کنویں کے پاس اپنی چادر کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ میں ان کے پاس بیٹھ گیا وہ بڑے بہترین ہم نشین تھے میں نے ان سے عاشورہ کے بارے میں دریافت کیا: تو وہ سیدھے ہو کر بیٹھ گئے۔ پھر انہوں نے دریافت کیا: تم اس کے بارے میں کسی حوالے سے پوچھنا چاہتے ہو میں نے دریافت کیا: اس کے روزے کے بارے میں کہ کون سے دن ہمیں روزہ رکھنا چاہئے' تو انہوں نے فرمایا: جب تم محرم کا چاند دیکھ لو' تو گنتی شروع کر دو پھر تم اس کی نو تاریخ کو روزہ رکھنا میں نے کہا: کیا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی طرح روزہ رکھا کرتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

ذِكْرُ كِتْبَةِ اللّٰهِ صِيَامَ الدَّهْرِ لِمُعْقِبِ رَمَضَانَ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ

رمضان کے بعد شوال کے چھ روزے رکھنے کو' اللہ تعالیٰ کا ہمیشہ (سال بھر) روزہ رکھنے کے طور پر نوٹ کرنے کا تذکرہ

3634 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ سُلَيْمٍ، وَسَعْدُ بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، وَاَتْبَعَهُ بِسِتٍّ مِنْ شَوَّالٍ، فَذٰلِكَ صَوْمُ الدَّهْرِ

❀❀ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص رمضان کے روزے رکھے اور اس کے بعد شوال کے چھ روزے رکھے' تو یہ ہمیشہ (یعنی سال بھر) روزہ رکھنے

3634- إسناده صحيح على شرط مسلم . وسعد بن سعيد: هو ابن قيس بن عمرو الأنصاري، وهو وإن كان سيء الحفظ، قد تابعه عند المصنف صفوان بن سليم، وهو ثقة .وأخرجه الدارمي 2/21، وأبو داوُد "2433" في الصوم: باب في صوم ستة أيام من شوال، وابن خزيمة "2114" من طرق عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، بهذا الإسناد . "وقد تحرف في ابن خزيمة "سليم" إلى "سليمان" .وأخرجه ابن أبي شيبة 3/97، وعبد الرزاق "7918"، وأحمد 5/417 و 419، والطيالسي "594"، ومسلم "1164" في الصيام: باب استحباب صوم ستة أيام من شوال اتباعا لرمضان، والترمذي "759" في الصوم: باب ما جاء في صيام ستة أيام من شوال، وابن ماجه "1716" في الصيام: باب صيام ستة أيام من شوال، والطحاوي في "مشكل الآثار " 3/118، والبيهقي 4/292، والبغوي "1780" من طرق عن سعد بن سعيد، به .وأخرجه الطحاوي في "مشكل الآثار " 3/118 و119 من طريق صفوان بن سليم، وزيد بن أسلم، ويحيى بن سعيد الأنصاري، وعبد ربه بن سعيد الأنصاري، عن عمر بن ثابت، به .وفي الباب عن جابر عند أحمد 3/308 و 324 و 344، والبزار "1602"، والبيهقي 4/292 . وقال الهيثمي في "المجمع" 3/183: وفيه عمرو بن جابر وهو ضعيف .وعن أبي هريرة عند البزار "1060" وقال الهيثمي: رواه البزار وله طرق رجال بعضها رجال الصحيح .وعن ثوبان وهو الآتي .

کے مترادف ہے''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ عُمَرُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے کہ اس روایت کو ابوایوب کے حوالے سے نقل کرنے میں عمر بن ثابت نامی راوی منفرد ہے

3635 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الذِّمَارِيُّ، عَنْ اَبِيْ اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ ثَوْبَانَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ صَامَ رَمَضَانَ، وَسِتًّا مِنْ شَوَّالٍ، فَقَدْ صَامَ السَّنَةَ

✿✿ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص رمضان کے روزے رکھے اور شوال کے چھ روزے رکھے' تو اس نے سال بھر روزے رکھے''۔

ذِكْرُ الرَّغْبَةِ فِيْ صِيَامِ شَهْرِ الْمُحَرَّمِ اِذْ هُوَ مِنْ اَفْضَلِ الصِّيَامِ

محرم کے مہینے میں روزہ رکھنے کی ترغیب دینے کا تذکرہ کیونکہ یہ سب سے افضل (نفلی) روزے ہیں

3636 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْجُنَيْدِ، حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيْدٍ، حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ، عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3635– إسناده صحيح، أبو أسماء الرحبي: هو عمرو بن مرثد .وأخرجه أحمد 5/280، والدارمي 2/21، والطحاوي في "مشكل الآثار " 3/119–120، وابن ماجه "1715" في الصيام: باب صيام ستة أيام من شوال، والبيهقي 4/293، والنسائي في "الكبرى" "كما في "التحفة" "2/138"، والخطيب في تأريخه 2/362 من طرق عن يحيى بن الحارث الذماري، بهذا الإسناد .

3636– إسناده صحيح على شرط الشيخين، أبو عوانة: هو وضاح اليشكري، وأبو بشر: هو جعفر بن إياس .وأخرجه مسلم "1163" "202" في الصيام: باب فضل صوم المحرم، وأبو داوٗد "2429" في الصوم: باب في صوم المحرم، والنسائي 3/206–207 في قيام الليل: باب فضل صلاة الليل، والترمذي "438" في الصلاة: باب ماجاء في فضل صلاة الليل، والبيهقي 4/290–291 من طريق قتيبة بن سعيد، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوٗد "2429"، وأحمد 2/344، والدارمي 2/22، والبيهقي 4/290–291 من طرق عن أبي عوانة، بِه .وأخرجه أحمد 2/303 و 329 و342 و 535 "وسقط من سند الأخير: محمد بن المنتشر "، ومسلم "1163" "203"، وابن خزيمة "2076"، والطحاوي في "مشكل الآثار " 2/101، والبيهقي 4/291 من طرق عن عبد الملك بن عمير، عن محمد بن المنتشر، عن حميد بن عبد الرحمٰن، بِه .وأخرجه النسائي 3/207 من طريق شعبة، عن أبي بشر، عن حميد مرسلا .

(متن حدیث):اَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الْمُحَرَّمُ، وَاَفْضَلُ الصَّلَاةِ بَعْدَ الْفَرِيضَةِ صَلَاةُ اللَّيْلِ

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''رمضان کے مہینے کے بعد سب سے افضل روزے اللہ تعالیٰ کے مہینے محرم کے ہیں اور فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز رات کے وقت ادا کی جانے والی نماز ہے''۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّصُوْمَ مَرَّةً، وَيُفْطِرَ مَرَّةً

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ کبھی (نفلی روزے) رکھے اور کبھی نہ رکھے

3637 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ كَاسِبٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ لَبِيدٍ، عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ:

(متن حدیث):اَتَيْتُ عَائِشَةَ اَسْاَلُهَا عَنْ صِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ حَتّٰى نَقُوْلَ قَدْ صَامَ، ثُمَّ يُفْطِرُ حَتّٰى نَقُوْلَ قَدْ اَفْطَرَ، وَمَا رَاَيْتُهُ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ اَكْثَرَ صِيَامًا مِنْهُ فِيْ شَعْبَانَ، كَانَ يَصُوْمُهُ كُلَّهُ اِلَّا قَلِيْلًا

❀❀ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا' تاکہ ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روزہ رکھنے معمول کے بارے میں دریافت کروں' تو انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کسی مہینے میں) اتنے نفلی روزے رکھتے تھے کہ ہم یہ سوچتے تھے کہ آپ روزے ہی رکھتے رہیں گے پھر آپ (کسی مہینے میں) نفلی روزے ترک کر دیتے تھے' یہاں تک کہ ہم یہ سوچتے تھے کہ آپ روزہ نہیں رکھیں گے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو رمضان کے علاوہ اور کسی بھی مہینے میں شعبان سے زیادہ روزے رکھتے نہیں دیکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کے کچھ دنوں میں روزہ نہیں رکھتے تھے باقی پورا مہینہ روزہ رکھتے تھے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِصِيَامِ نِصْفِ الدَّهْرِ لِمَنْ قَوِيَ عَلٰى اَكْثَرَ مِنْ صِيَامِ اَيَّامِ الْبِيْضِ

جو شخص ایام بیض کے روزوں سے زیادہ روزے رکھنے کی طاقت رکھتا ہو اسے نصف عرصہ

3637– إسناده قوي، رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن كاسب –وهو يعقوب بن حميد بن كاسب– فروى له أصحاب السنن، وهو صدوق، وقد توبع .وأخرجه أحمد 6/39، وابن أبي شيبة 3/103، ومسلم "1156" "176" في الصيام: باب صيام النبي صلى الله عليه وسلم، والنسائي 4/151 في الصيام: باب ذكر اختلاف ألفاظ الناقلين لخبر عائشة فيه، وابن ماجه "1710" في الصيام: باب ماجاء في صيام النبي صلى الله عليه وسلم، من طريق سفيان بن عيينة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/128 و 143 و 165 و 189 و233 و268، وابن أبي شيبة 3/103، والبخاري "1970" في الصوم: باب صوم شعبان، ومسلم "782" ص 811، والنسائي 4/151 و199–200 باب صوم النبي صلى الله عليه وسلم بأبي هو وأمي وذكر اختلاف الناقلين للخبر، وابن خزيمة "2078" و "2079"، والبغوي "1777"، والبيهقي 4/292 من طرق عن أبي سلمة، به . وانظر الحديث رقم "3580" و"3648" .

(یعنی ایک دن چھوڑ کر ایک دن) روزہ رکھنے کے حکم ہونے کا تذکرہ

3638 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ، بِتُسْتَرَ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْوَلِيْدِ الْكَرْخِيُّ، حَدَّثَنَا عَفَّانُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مِيْنَاءٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو، بَلَغَنِي اَنَّكَ تَصُوْمُ النَّهَارَ وَتَقُوْمُ اللَّيْلَ، فَلَا تَفْعَلْ، فَاِنَّ لِجَسَدِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، وَاِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا، صُمْ وَاَفْطِرْ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، صَوْمُ الدَّهْرِ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنِّي اَجِدُ قُوَّةً، قَالَ: صُمْ صَوْمَ دَاوُدَ، صُمْ يَوْمًا وَاَفْطِرْ يَوْمًا، قَالَ: وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو يَقُوْلُ: يَا لَيْتَنِي كُنْتُ اَخَذْتُ الرُّخْصَةَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو! مجھے پتہ چلا ہے کہ تم روزانہ نفلی روزہ رکھ لیتے ہو۔ رات بھر نفل پڑھتے رہتے ہو۔ تم ایسا نہ کرو تمہارے جسم کا تم پر حق ہے۔ تمہاری جان کا تم پر حق ہے۔ تم (نفلی) روزہ رکھا بھی کرو اور چھوڑ بھی دیا کرو۔ تم ہر مہینے میں تین روزے رکھ لیا کرو' تو یہ ہمیشہ (یعنی پورا مہینہ) روزہ رکھنے کے مترادف ہو جائے گا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں قوت کو پاتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر تم حضرت داؤد علیہ السلام کے طریقے کے مطابق روزہ رکھو۔ تم ایک دن روزہ رکھا کرو اور ایک دن نہ رکھا کرو۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کاش میں نے رخصت کو اختیار کرلیا ہوتا۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ يَوْمٍ وَّاِفْطَارِ يَوْمٍ اِذْ هُوَ صَوْمُ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ، اَوْ صَوْمِ يَوْمٍ وَّاِفْطَارِ يَوْمَيْنِ لِمَنْ عَجَزَ عَنْ ذٰلِكَ

ایک دن روزہ رکھنے اور ایک دن روزہ نہ رکھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

کیونکہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا طریقہ ہے اور جو شخص ایسا نہیں کرسکتا ہے اس کے لیے ایک دن روزہ رکھنے اور دو دن روزہ نہ رکھنے (کے مستحب ہونے کا تذکرہ)

3639 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ غَيْلَانَ

3638– إسناده صحيح، أحمد بن الوليد الكرخي: ذكره المؤلف في "الثقات" 8/45 فقال: من أهل سامراء، يروى عن أبي نعيم والعراقيين، حدثنا عنه حاجب بن أركين وغيره . وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين . عفان: هو ابن مسلم الباهلي .وأخرجه أحمد 2/194 من طريق عفان، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/194، ومسلم "1159" "193" في الصيام: باب النهي عن صوم الدهر لمن تضرر به أو فوت به حقا أو لم يفطر العيدين والتشريق، من طريق عبد الرحمٰن بن مهدي، عن سليم بن حيان، بِهٖ . وانظر الحديث رقم "3571" و "3640" و "3658" و "3660" .

بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِىْ قَتَادَةَ،

(متنِ حدیث):اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِىَّ اللّٰهِ، كَيْفَ تَصُومُ؟، قَالَ: فَغَضِبَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا رَاَى ذٰلِكَ عُمَرُ، قَالَ: رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا، وَبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا، وَبِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَبِيًّا، نَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُوْلِهٖ، وَجَعَلَ يُرَدِّدُهَا حَتّٰى سَكَنَ مِنْ غَضَبِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا نَبِىَّ اللّٰهِ، كَيْفَ مَنْ يَّصُومُ يَوْمَيْنِ وَيُفْطِرُ يَوْمًا؟، قَالَ: وَيُطِيقُ ذٰلِكَ اَحَدٌ؟ ، قَالَ: فَكَيْفَ مَنْ يَّصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا، قَالَ: ذَاكَ صَوْمُ اَخِى دَاوُدَ ، قَالَ: فَكَيْفَ بِمَنْ يَّصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمَيْنِ؟، قَالَ: وَدِدْتُ اَنِّى طُوِّقْتُ ذَاكَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: لَمْ يَكُنْ غَضَبُ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ اَجْلِ مَسْاَلَةِ هٰذَا السَّائِلِ عَنْ كَيْفِيَّةِ الصَّوْمِ، وَاِنَّمَا كَانَ غَضَبُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ السَّائِلَ سَاَلَهُ، قَالَ: يَا نَبِىَّ اللّٰهِ كَيْفَ تَصُومُ؟، قَالَ: فَكَرِهَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتِخْبَارَهُ عَنْ كَيْفِيَّةِ صَوْمِهٖ مَخَافَةَ اَنْ لَوْ اَخْبَرَهُ يَعْجِزُ عَنْ اِتْيَانِ مِثْلِهٖ، اَوْ خَشِىَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى السَّائِلِ وَاُمَّتِهٖ جَمِيعًا اَنْ يُّفْرَضَ عَلَيْهِمْ ذٰلِكَ فَيَعْجِزُوا عَنْهُ

✿✿ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اس نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ کیسے روزہ رکھتے ہیں؟ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غصے میں آ گئے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ صورتحال دیکھی، تو انہوں نے عرض کی: ہم اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے سے راضی ہیں (یعنی اس پر ایمان رکھتے ہیں) اور ہم اللہ کے غضب اور اس کے رسول کے غضب سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسلسل یہ بات دہراتے رہے، یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا غصہ ختم ہوا۔ انہوں نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! ایسے شخص کا کیا حکم ہوگا جو دو دن روزہ رکھتا ہے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا کوئی ایسا کرسکتا ہے؟ انہوں نے دریافت کیا: ایسے شخص کا کیا حکم ہوگا جو ایک دن روزہ رکھتا ہے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میرے بھائی حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا طریقہ ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: ایسے شخص کا کیا حکم ہوگا جو ایک دن روزہ رکھتا ہے اور دو دن روزہ نہیں رکھتا، تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری یہ خواہش ہے کہ مجھ میں اس کی طاقت ہو۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس سائل کے روزے کی کیفیت کے بارے میں دریافت کرنے کی وجہ سے غضب ناک نہیں ہوئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات پر غضب ناک ہوئے تھے کہ اس سائل نے آپ سے یہ سوال کیا تھا کہ اے اللہ کے نبی آپ کیسے روزے رکھتے ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز کو ناپسند کیا کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روزے کی کیفیت کے

3639- إسناده صحيح على شرط مسلم .وأخرجه مسلم "1162" "196" في الصيام: باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء والاثنين والخميس، وأبو داؤد "2425" في الصوم: باب صوم الدهر تطوعا، وابن ماجه "1713" في الصيام: باب ما جاء في صيام داؤد عليه السلام، وابن خزيمة "2111" من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد . وانظر الحديث رقم "3642" .

بارے میں دریافت کرے۔ نبی اکرم ﷺ کو یہ اندیشہ تھا کہ اگر آپ نے اس کو اس بارے میں بتادیا تو وہ اس کی مانند روزہ نہیں رکھ سکے گا یا پھر نبی کو اس سائل اور آپ کی اُمت کے بارے میں یہ اندیشہ تھا کہ کہیں یہ ان لوگوں پر لازم نہ ہو جائے اور وہ اسے ادا نہ پائیں گے۔

ذِكْرُ الْإِخْبَارِ عَنِ اقْتِصَارِ الْمَرْءِ عَلٰى صِيَامِ نَبِيِّ اللّٰهِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ آدمی اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام کے روزہ رکھنے کے طریقے پر اکتفاء کرے

3640 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا شَبَابُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا خَالِدٌ، عَنْ خَالِدٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَحَدَّثَنَا،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذُكِرَ لَهُ صَوْمِي، فَدَخَلَ عَلَيَّ وَاَلْقَيْتُ وِسَادَةً مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهَا لِيفٌ، فَجَلَسَ عَلَى الْاَرْضِ، وَصَارَتِ الْوِسَادَةُ فِيمَا بَيْنِي وَبَيْنَهُ، فَقَالَ: اَمَا يَكْفِيكَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثٌ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: خَمْسٌ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: سَبْعٌ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: تِسْعٌ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: اِحْدَى عَشْرَةَ، قُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، قَالَ: لَا صَوْمَ فَوْقَ صَوْمِ دَاوُدَ، شَطْرُ الدَّهْرِ صِيَامُ يَوْمٍ، وَاِفْطَارُ يَوْمٍ

❀❀ ابوملیح بیان کرتے ہیں: میں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا‘ تو انہوں نے ہمیں یہ حدیث بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ کے سامنے میرے (نفلی) روزہ رکھنے کا ذکر کیا گیا‘ تو آپ میرے پاس تشریف لائے میں نے چمڑے کا بنا ہوا تکیہ پیش کیا جس میں پتے بھرے ہوئے تھے۔ نبی اکرم ﷺ زمین پر تشریف فرما ہوئے وہ تکیہ میرے اور آپ کے درمیان تھا آپ نے دریافت کیا: تمہارے لیے ہر مہینے میں تین روزے رکھنا کافی نہیں ہیں؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پانچ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: سات۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: گیارہ۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! (مزید کی اجازت دیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: حضرت داؤد علیہ السلام کے روزہ رکھنے کے طریقے سے زیادہ روزہ نہیں رکھا جا سکتا جو نصف زمانہ ہوگا۔ ایک دن روزہ ہوگا اور ایک دن روزہ نہیں ہوگا۔

3640- إسناده صحيح على شرط مسلم . خالد الأول: هو ابن عبد الله بن عبد الرحمٰن الطحان الواسطي، وخالد الآخر: هو ابن مهران الحذاء، وأبو قلابة: هو عبد الله بن زيد الجرمي، وأبو المليح: هو ابن أسامة بن عمير، اسمه عامر، وقيل: زيد، وقيل: زياد . وأخرجه البخاري "6277" في الاستئذان: باب من ألقي له وسادة، ومسلم "1159" "191" في الصيام: باب النهي عن صوم الدهر لمن تضرر به أو فوت به حقا، من طريق خالد بن عبد الله، بهذا الإسناد . وأخرجه الطحاوي 2/86 من طريق خالد الحذاء، به . وانظر الحديث "3571" و "3638" و "3658" و "3660" .

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّصُومَ مِنْ كُلِّ شَهْرٍ اَيَّامًا مَعْلُوْمَةً

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ وہ ہر مہینے میں متعین دنوں میں روزہ رکھ لے

3641 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ عَوْنٍ الرَّيَّانِیُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِیُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے کے تین چمکدار دنوں میں (یعنی تیرہ، چودہ، پندرہ تاریخ کو) روزہ رکھا کرتے تھے۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ، لِاَنَّ فِيهِ وُلِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفِيهِ اُنْزِلَ عَلَيْهِ ابْتِدَاءُ الْوَحْيِ

پیر کے دن روزہ رکھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ کیونکہ اس دن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت ہوئی تھی اس دن میں آپ پر وحی کے نزول کا آغاز ہوا تھا

3642 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوبَةَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ غَيْلَانَ بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَعْبَدٍ، عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ اَعْرَابِيًّا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ الدَّهْرِ؟ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا صَامَ وَلَا اَفْطَرَ اَوْ قَالَ: لَا اَفْطَرَ وَلَا صَامَ فَقَامَ غَيْرُهُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَصُومُ مِنْ

3641- إسناده حسن . رجاله رجال مسلم غير عاصم-وهو ابن بهدلة- فإن الشيخين رويا له مقرونا، وهو صدوق . أبو داوُد: هو الطيالسي، وشيبان: هو ابن عبد الرحمٰن النحوي .وهو في "مسند الطيالسي " "360" ومن طريقه أخرجه أبو داوُد "2450" في الصوم: باب في صوم الثلاثة من كل شهر، وابن خزيمة "2129"، والبيهقي 4/294 .وأخرجه أحمد 1/406، والترمذي "742" في الصوم: باب ما جاء في صوم يوم الجمعة، والبغوي "1803" من طرق عن شيبان، بِه . وقال الترمذي: حديث حسن غريب . انظر الحديث رقم "3645" .

3642- إسناده صحيح على شرط مسلم . عبد الله بن معبد: هو الزّماني .وأخرجه ابن خزيمة "2117" من طريق عبد الأعلى، عن سعيد بن أبي عروبة، بهذا الإسناد .وأخرجه البيهقي 4/286 من طريق هشام عن قتادة، به .وأخرجه أحمد 5/296-297 و310-311، وابن أبي شيبة 3/78، ومسلم "1162" "197" "198" في الصيام: باب استحباب صيام ثلاثة أيام من كل شهر وصوم يوم عرفة وعاشوراء والاثنين والخميس، وأبو داوُد "2426" في الصوم: باب في صوم الدهر تطوعا، والنسائي 4/207 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على غيلان بن جرير فيه، وابن خزيمة "2117" و"2126"، والبيهقي 4/286 و300، والبغوي "1789" و "1790" من طرق عن غيلان بن جرير، بِه . وانظر الحديث رقم "3639" .

كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ؟ قَالَ: ذَاكَ صَوْمُ الدَّهْرِ قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَصُومُ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ، قَالَ: ذَاكَ يَوْمٌ وُلِدْتُ فِيهِ، وَيَوْمٌ اُنْزِلَ عَلَيَّ قَالَ: اَرَاَيْتَ رَجُلًا يَصُومُ يَوْمًا وَيُفْطِرُ يَوْمًا؟ قَالَ: ذَاكَ صَوْمُ اَخِي دَاوُدَ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک دیہاتی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہمیشہ روزہ رکھنے (یعنی روزانہ نفلی روزہ رکھنے) کے بارے میں دریافت کیا: تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایسے شخص نے نہ روزہ رکھا اور نہ ہی روزہ چھوڑا (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) نہ اس نے روزہ چھوڑا اور نہ اس نے روزہ رکھا'' پھر ایک اور شخص کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ! ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو ہر مہینے میں تین روزے رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ہمیشہ (یعنی پورا مہینہ) نفلی روزہ رکھنے کے مترادف ہے۔ اس شخص نے عرض کی: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو پیر کے دن روزہ رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ دن ہے' جس میں میری پیدائش ہوئی تھی اور اسی دن میں مجھ پر (قرآن یا وحی) نازل کیا گیا اس شخص نے عرض کی: ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو ایک روزہ رکھتا ہے اور ایک دن روزہ نہیں رکھتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ میرے بھائی حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ رکھنے کا طریقہ ہے۔

ذِكْرُ تَحَرِّي الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اہتمام کے ساتھ پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھنا

3643 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَافَى الْعَابِدُ، بِصَيْدَا، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ، حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، حَدَّثَنَا رَبِيعَةُ بْنُ الْغَازِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنْ صِيَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَتْ: كَانَ يَصُومُ شَعْبَانَ كُلَّهُ حَتّٰى يَصِلَهُ بِرَمَضَانَ، وَكَانَ يَتَحَرّٰى صِيَامَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

ربیعہ بن غاز بیان کرتے ہیں: انہوں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (نفلی) روزہ رکھنے کے بارے میں دریافت کیا: تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شعبان کا تقریباً پورا مہینہ ہی نفلی روزے رکھتے تھے' یہاں تک کہ آپ اسے رمضان کے ساتھ ملا دیتے تھے' البتہ آپ اہتمام کے ساتھ پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔

3643- إسناده صحيح على شرط البخاري غير ربيعة، وهو ثقة .وأخرجه ابن ماجه "1739" في الصيام: باب صيام يوم الاثنين والخميس، من طريق هشام بن عمار عن يحيى، عن ثور، عن خالد، عن ربيعة بن الغاز، عن عائشة .وأخرجه النسائي 4/153 في الصيام: باب ذكر الاختلاف على خالد بن معدان في هذا الحديث، و 4/202-203 باب صوم النبي صلى الله عليه وسلم بأبي هو وأمي وذكر اختلاف الناقلين للخبر في ذلك، والترمذي "745" في الصوم: باب ما جاء في صوم يوم الاثنين والخميس، من طريق عمرو بن علي الفلاس، عن عبد الله بن داوُد، عن ثور بن يزيد، به . وقال الترمذي: حديث حسن غريب من هذا الوجه .وأخرجه أحمد 6/89، والنسائي 4/152-153 و202 من طريق بقية، عن بحير بن سعد، عن خالد بن معدان، عن جبير بن نفير، عن عائشة . وأخرجه أحمد 6/80 و106، والنسائي 4/203 من طريق سفيان، عن ثور، عن خالد بن معدان، عن عائشة .وأخرجه النسائي 4/203 من طريق أحمد بن سليمان، عن أبي داوُد، عن سفيان، عن منصور، عن خالد بن سعد، عن عائشة .

ذِكْرُ فَتْحِ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ فِيْ كُلِّ اثْنَيْنِ وَخَمِيْسٍ وَعَرْضِ اَعْمَالِ الْعِبَادِ عَلٰى بَارِئِهِمْ جَلَّ وَعَلَا فِيهِمَا

ہر پیر اور جمعرات کے دن جنت کے دروازے کھول دیئے جانے اور بندوں کے اعمال ان کے پروردگار کی بارگاہ میں ان دونوں میں پیش کیے جانے کا تذکرہ

3644 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى التَّمِيْمِيُّ، بِالْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَرْعَرَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِيْ صَالِحٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ، قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): تُفْتَحُ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ كُلَّ اثْنَيْنِ وَخَمِيْسٍ، وَتُعْرَضُ الْاَعْمَالُ فِيْ كُلِّ اثْنَيْنِ وَخَمِيْسٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"ہر پیر اور جمعرات کے دن جنت کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور ہر پیر اور جمعرات کے دن (لوگوں کے) اعمال (اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) پیش کیے جاتے ہیں"۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ عَلَى الدَّوَامِ مَقْرُوْنًا بِمِثْلِهِ

جمعہ کے دن باقاعدگی سے روزہ رکھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ جو اس کے مثل کے ہمراہ ملا ہوا ہے

3645 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ النَّضْرِ الْخُلْقَانِيُّ، بِمَرْوَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِيَ، يَقُوْلُ: اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَمْزَةَ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُوْمُ مِنْ غُرَّةِ كُلِّ شَهْرٍ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ، وَقَلَّمَا يُفْطِرُ

3644– حديث صحيح . إبراهيم بن محمد: هو ابن عرعرة بن البرند القرشي السامي ثقة من رجال مسلم والنسائي، وأبو عرعرة: قال الذهبي في "الميزان" 3/63: وثقه ابن حبان وغيره، وضعفه علي بن المديني، وقال الحافظ في "التقريب": صدوق يهم . وقد توبع، وباقي رجاله على شرط الصحيح .وهو في "المصنف" "7914"، ومن طريقه أخرجه أحمد 2/268 . وأخرجه مالك 2/908، في حسن الخلق: باب ماجاء في المهاجرة، وأحمد 2/329، والدارمي 2/20، ومسلم "2565" في البر والصلة: باب النهي عن الشحناء والتهاجر، والترمذي "747" في الصوم: باب ما جاء في صوم يوم الاثنين والخميس، وابن ماجه "1740" في الصيام: باب صيام يوم الاثنين والخميس، من طرق عن سهيل بن أبي صالح، بهذا الإسناد .وأخرجه مالك 2/909، ومن طريقه مسلم "2565" "36"، وابن خزيمة "2120"، وأخرجه عبد الرزاق "7915"، ومسلم "2565" "36" من طريق مسلم بن أبي مريم، عن أبي صالح، به .وأخرجه أحمد 2/483–484 من طريق يونس بن محمد، عن الخزرج بن عثمان السعدي، عن أبي أيوب، عن أبي هريرة .وفي الباب عن أسامة بن زيد عند عبد الرزاق "7917"، وابن أبي شيبة 3/42–43، وأبو داوُد "3436"، والنسائي 4/201و 201–202، وابن خزيمة "2119"، والبيهقي 4/293 .

يَوْمَ الْجُمُعَةِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر مہینے کے چمکدار دنوں میں تین روزے رکھا کرتے تھے اور بہت کم ایسا ہوتا کہ آپ جمعہ کے دن روزہ نہیں رکھتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّصُومَ يَوْمَ السَّبْتِ وَالْاَحَدِ اِذْ هُمَا عِيْدَانِ لِاَهْلِ الْكِتَابِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ ہفتے اور اتوار کے دن روزہ رکھے کیونکہ یہ دو دن اہل کتاب کی عید کے دن ہیں

3646 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلٰى ابْنِ عَبَّاسٍ، (متن حدیث): قَالَ: اَرْسَلَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ وَّنَاسٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ اَسْاَلَهَا: اَيُّ الْاَيَّامِ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرُهَا صَوْمًا؟، فَقَالَتْ: يَوْمُ السَّبْتِ وَيَوْمُ الْاَحَدِ، فَاَتَيْتُهُمْ فَاَخْبَرْتُهُمْ، فَاَنْكَرُوا ذٰلِكَ عَلَيَّ، فَظَنُّوا اَنِّي لَمْ اَحْفَظْ فَرَدُّونِي، فَقَالَتْ مِثْلَ ذٰلِكَ، فَاَخْبَرْتُهُمْ فَقَامُوا بِاَجْمَعِهِمْ، فَقَالُوا: اِنَّا اَرْسَلْنَا اِلَيْكِ فِي كَذَا وَكَذَا، فَزَعَمَ اَنَّكِ قُلْتِ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَتْ: صَدَقَ، كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ يَوْمَ السَّبْتِ وَيَوْمَ الْاَحَدِ اَكْثَرَ مَا كَانَ يَصُومُ مِنَ الْاَيَّامِ، وَيَقُولُ: اِنَّهُمَا عِيْدَانِ لِلْمُشْرِكِيْنَ، فَاُحِبُّ اَنْ اُخَالِفَهُمْ

❀❀ کریب بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند دیگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا' تاکہ میں ان سے یہ دریافت کروں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ تر کون سے دن میں روزہ رکھتے تھے' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: ہفتہ کے دن اور اتوار کے دن میں ان لوگوں کے پاس واپس آیا اور انہیں اس بارے میں بتایا' تو انہوں نے میری اس بات کو تسلیم نہیں کیا۔ انہوں نے یہ گمان کیا کہ شاید میں نے بات کو صحیح طرح سے یاد نہیں رکھا۔ انہوں نے دوبارہ مجھے بھیجا' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے اسی کی مانند جواب دیا میں نے ان لوگوں کو آکر بتایا' تو وہ سب لوگ خود اٹھے اور (سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے) انہوں نے بتایا: ہم نے اس مسئلے کے بارے میں (اس شخص کو) آپ کی

3645– إسناده حسن . عاصم –وهو ابن أبي النجود–: صدوق، وباقي رجاله ثقات . أبو حمزة: هو محمد بن ميمون المروزي السكري . وأخرجه النسائي 4/204 في الصيام: باب صوم النبي صلى الله عليه وسلم بأبي هو وأمي وذكر اختلاف الناقلين للخبر في ذلك، من طريق مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ شَقِيقٍ، بهذا الإسناد . وأخرجه البيهقي 4/294 من طريق العباس بن محمد الدوري عن علي بن الحسن بن شقيق، به . وأخرج القسم الأخير منه: الطيالسي "359"، وابن أبي شيبة 3/46، والبيهقي 4/294 من طريق شيبان عن عاصم، به . ولفظه: "مارأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم مفطراً يوم الجمعة" . وانظر الحديث رقم "3641" .

3646– إسناده حسن وقد تقدم برقم "3616" .

خدمت میں بھیجا تھا اس نے یہ بات بیان کی ہے کہ آپ نے یہ جواب دیا ہے' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ تر ہفتے کے دن اور اتوار کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔ آپ یہ فرماتے تھے: یہ دونوں مشرکین کے عید کے دن ہیں (وہ ان دنوں میں کھاتے پیتے ہیں) 'تو میں یہ چاہتا ہوں کہ میں ان کے برخلاف کروں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ عَالِمًا مِّنَ النَّاسِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ عَائِشَةَ وَابْنِ مَسْعُودٍ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس روایت کا تذکرہ جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ روایت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول ان روایات کے برخلاف ہے جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3647 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوسَى بْنِ مُجَاشِعٍ السَّخْتِيَانِيُّ، بِجُرْجَانَ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، قَالَ:

(متنِ حدیث): سَاَلْتُ اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ، قُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، كَيْفَ كَانَ عَمَلُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ يَخُصُّ شَيْئًا مِّنَ الْاَيَّامِ؟، قَالَتْ: لَا، كَانَ عَمَلُهُ دِيمَةً، وَاَيُّكُمْ يَسْتَطِيعُ مَا كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَطِيعُ؟

علقمہ بیان کرتے ہیں: میں نے اُمّ المومنین سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: میں نے کہا: اے اُمّ المومنین! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل کس طرح کا ہوتا تھا۔ کیا آپ کسی دن کو خاص کر لیتے تھے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل باقاعدگی سے ہوتا تھا اور تم میں سے کون شخص اس کی استطاعت رکھتا جس کی استطاعت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رکھتے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِالْاِيمَاءِ الَّذِي اَشَرْنَا اِلَيْهِ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اشارے کے ذریعے اس بات کی صراحت کرتی ہے جس کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے

3648 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي النَّضْرِ مَوْلَى عُمَرَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

3647– إسناده صحيح على شرط الشيخين . جرير: هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر، وإبراهيم: هو ابن يزيد النخعي، وعلقمة: هو ابن قيس .وأخرجه البخاري "6466" في الرقاق: باب القصد والمداومة على العمل، وأبو داوُد "1370" في الصلاة: باب ما يؤمر به من القصد في الصلاة، من طريق عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/43، ومسلم "783" في الصلاة المسافرين: باب فضيلة العمل الدائم من قيام الليل وغيره، من طريق جرير، به .وأخرجه أحمد 6/55 و174 و189، والطيالسي "1398"، والبخاري "1987" في الصوم: باب هل يخص شيئاً من الأيام، والبيهقي 4/299 من طرق عن منصور، به .

(متن حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُومُ حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يُفْطِرُ، وَيُفْطِرُ حَتّٰى نَقُوْلَ لَا يَصُومُ، وَمَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَكْمَلَ صِيَامَ شَهْرٍ قَطُّ اِلَّا رَمَضَانَ، وَمَا رَاَيْتُهُ اَكْثَرَ صِيَامًا مِّنْهُ فِيْ شَعْبَانَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (نفلی) روزے رکھا کرتے تھے یہاں تک کہ ہم یہ سوچتے تھے کہ آپ کوئی نفلی روزہ ترک نہیں کریں گے اور بعض اوقات آپ نفلی روزہ رکھنا چھوڑ دیتے تھے یہاں تک کہ ہم یہ سوچتے تھے کہ اب آپ کوئی نفلی روزے نہیں رکھیں گے۔ میں نے رمضان کے علاوہ اور کسی بھی مہینے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شعبان سے زیادہ روزے رکھتے ہوئے نہیں دیکھا۔

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ صَوْمِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ

ہر مہینے کے تین دن کے روزے رکھنے کے مستحب ہونے کا تذکرہ

3649 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيبٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ، اَنَّ مُطَرِّفًا مِّنْ بَنِيْ عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ حَدَّثَهُ:

(متن حدیث): اَنَّ عُثْمَانَ بْنَ اَبِي الْعَاصِ دَعَا بِلَبَنٍ لِيَسْقِيَهُ، فَقَالَ مُطَرِّفٌ: اِنِّيْ صَائِمٌ، فَقَالَ عُثْمَانُ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: الصِّيَامُ جُنَّةٌ كَجُنَّةِ اَحَدِكُمْ مِنَ الْقِتَالِ، وَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُوْلُ: صِيَامٌ حَسَنٌ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ

مطرف بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ نے دودھ منگوایا' تاکہ انہیں پلوائیں۔ مطرف نے کہا: میں نے' تو روزہ رکھا ہوا ہے' تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: روزہ ڈھال ہے' جس طرح کسی شخص کی جنگ میں حصہ لینے کے لئے ڈھال ہوتی ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

3648- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وأبو النضر: هو سالم بن أبي أمية .وأخرجه البغوي "1776" من طريق أبي مصعب أحمد ب بن أبي بكر، بهذا الإسناد .وهو في "الموطأ" 1/309 في الصيام: باب جامع الصيام، ومن طريقه أخرجه أحمد 6/107 و153 و242، والبخاري "1969" في الصوم: باب صوم شعبان، ومسلم "1156" "175" في الصيام: باب صيام النبي صلى الله عليه بأبي هو وأمي وذكر اختلاف الناقلين للخبر، والبيهقي 4/292 و299 . وانظر الحديث رقم "3580" و "3637" .

سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشادفرماتے ہوئے سنا ہے۔

”جو شخص مسجد اقصیٰ سے عمرے کا احرام باندھتا ہے اس کے گزشتہ گناہوں کی مغفرت ہوجاتی ہے“۔

راوی بیان کرتے ہیں:اس روایت کی راوی خاتون سیّدہ اُمّ حکیم رضی اللہ عنہا بیت المقدس تشریف لے گئی تھیں اور انہوں نے وہاں سے عمرے کا احرام باندھا تھا۔

ذِكْرُ الْبَیَانِ بِاَنَّ الْحَجَّ لِلنِّسَاءِ یَقُوْمُ مَقَامَ الْجِهَادِ لِلرِّجَالِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ خواتین کے لیے حج کرنا مردوں کے جہاد کرنے کے قائم مقام ہے

3702 - (سندحدیث):اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَی بْنِ مُجَاشِعٍ، حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِیْ شَیْبَةَ، حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ،

3701– إسناده ضعيف . أم حكيم: –واسمها حكيمة– لم يوثقها غير المؤلف، ولم يرو عنها غير يحيى بن أبي سفيان، وقال في "التقريب": مقبولة، ويحيى بن أبي سفيان: قال أبو حاتم: شيخ من شيوخ المدينة ليس بالمشهور، وذكره المؤلف في "الثقات"، وفي "التقريب": مستور، وقال المنذري في "مختصر سنن أبي داوٗد 2/285: اختلف الرواة في متنه وإسناده اختلافاً كثيراً . وقال ابن القيم: قال غير واحد من الحفاظ: إسناده ليس بالقويّ . وهو في "مسند أبي يعلى 325/2 .وأخرجه أحمد 6/299، والطبراني في "الكبير" 23/1006 من طريق محمد بن إسحاق، بهذا الإسناد . وتحرّف في المطبوع من مسند أحمد: آل حنين، إلى آل خيبر . وأخرجه ابن ماجه 3001 في المناسك: باب من أهلّ بعمرة من بيت المقدس، وأبو يعلى 319/2 عن ابن أبي شيبة، عن عبد الأعلى بن عبد الأعلى، عن ابن إسحاق، عن سليمان بن سحيم، عن أم حكيم، عن أم سلمة .وأخرجه أبو داوٗد 1741 في الحج: باب المواقيت، وأبو يعلى 321/2، والدارقطني 2/283، والطبراني 23/849، والبيهقي 5/30 من طريق عبد الله بن عبد الرحمٰن بن يُحَنِّس، عن يحيى بن أبي سفيان، عن جدته أم حكيم، عن أم سلمة .وعبد الله بن عبد الرحمٰن بن يُحَنِّس: ذكره المؤلف في "الثقات" وروى له مسلم في صحيحه، حديثاً واحداً في فضل المدينة . وأخرجه البخاري في "تاريخه" عن أبي يعلى محمد بن الصلت، عن ابن أبي فديك، عن محمد بن عبد الرحمٰن بن يُحَنِّس . . . أورده في ترجمة محمد 1/160–161 وقال: لا يتابع على حديثه .وأخرجه الدارقطني 2/283 .

3702– إسناده صحيح على شرط الشيخين، جرير: هو ابن عبد الحميد .وأخرجه النسائي 5/114–115 في الحج: باب فضل الحج، عن إسحاق بن إبراهيم، عن جرير، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/71–79، والبخاري 1520 في الحج: باب فضل الحج المبرور، و 1861 في جزاء الصيد: باب حج النساء، و 2784 في الجهاد: باب فضل الجهاد والسير، و 1876 باب حج النساء، وابن ماجه 2901 في المناسك: باب الحج جهاد النساء، وابن خزيمة 3074، والبيهقي 4/326، والبغوي 1848 من طرق عن حبيب بن أبي عمرة، به .وأخرجه عبد الرزاق 8811، والبخاري 2875 و 2876

عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): اَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ اُمُّ الْمُؤْمِنِينَ اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَلَا نُخْرِجُ، وَنُجَاهِدُ مَعَكَ، فَاِنِّي لَا اَرَى عَمَلًا فِي الْقُرْآنِ اَفْضَلَ مِنَ الْجِهَادِ، قَالَ: لَا، اِنَّ لَكُنَّ اَحْسَنَ الْجِهَادِ حَجُّ الْبَيْتِ حَجٌّ مَبْرُورٌ

❀❀ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا ہم بھی آپ کے ہمراہ نکلا نہ کریں اور جہاد میں حصہ نہ لیا کریں' کیونکہ میری رائے کے مطابق قرآن میں سب سے افضل عمل جہاد ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ سب سے بہترین جہاد بیت اللہ کا حج ہے۔ ایسا حج جو مبرور ہو۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ اِثْبَاتِ الْحِرْمَانِ لِمَنْ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ، ثُمَّ لَمْ يَزُرِ الْبَيْتَ الْعَتِيقَ فِي كُلِّ خَمْسَةِ اَعْوَامٍ مَرَّةً

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ ایسے شخص کے لیے محرومی ثابت ہو جاتی ہے جسے اللہ تعالیٰ نے گنجائش عطا کی ہو اور وہ ہر پانچ سال میں ایک مرتبہ بیت اللہ کی زیارت کے لیے نہ جائے

3703 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلَى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: قَالَ اللّٰهُ: اِنَّ عَبْدًا صَحَّحْتُ لَهُ جِسْمَهُ، وَوَسَّعْتُ عَلَيْهِ فِي الْمَعِيشَةِ يَمْضِي عَلَيْهِ خَمْسَةُ اَعْوَامٍ لَا يَفِدُ اِلَيَّ لَمَحْرُومٌ

❀❀ حضرت ابوسعید خدری' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: جب میں بندے کے جسم کو میں تندرست رکھوں اور میں اسے کشادگی عطا کروں اور پھر اس پر پانچ سال گزر جائیں اور وہ میری طرف نہ آئے' تو وہ محروم ہے''۔

3703- حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير خَلَف بن خليفة، فمن رجال مسلم، وقد اختُلِط قبل موته، لكن تابعه سفيان الثوري عند عبد الرزاق 1826 عن العلاء، عن أبيه أو عن رجل عن أبي سعيد، وفيه: "كل أربعة أعوام" . وأخرجه أبو يعلى 63/2، والخطيب في "تاريخه 8/328"، والبيهقي 5/262 من طرق عن خلف بن خليفة، بهذا الإسناد . وذكره الهيثمي في "المجمع" 3/206، وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في "الأوسط"، ورجال الجميع رجال الصحيح . وفي الباب عن أبي هريرة عند البيهقي 5/262، وابن عدي في "الكامل" 4/1396، والعقيلي في "الضعفاء 2/206"- 261 من طرق عن الوليد بن مسلم، عن صدقة بن يزيد .

بَابٌ فَرْضُ الْحَجِّ

باب: حج کا فرض ہونا

ذِكْرُ الْاَخْبَارِ الْمُفَسِّرَةِ لِقَوْلِهِ جَلَّ وَعَلَا (وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حَجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلًا) (آل عمران:97)

ان روایات کا تذکرہ جو اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وضاحت کرتی ہیں ''اور لوگوں پر یہ بات لازم ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کے لیے بیت اللہ کا حج کریں جو شخص وہاں تک جانے کی استطاعت رکھتا ہے''

3704 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عُبَيْدَةَ بْنُ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، وَيُوسُفُ بْنُ سَعْدٍ،

(متن حدیث): اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ ذَكَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ قَدِ افْتَرَضَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ، فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: اَكُلَّ عَامٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: فَسَكَتَ عَنْهُ حَتّٰى اَعَادَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، قَالَ: لَوْ قُلْتُ: نَعَمْ، لَوَجَبَتْ، وَلَوْ وَجَبَتْ مَا قُمْتُمْ بِهَا، ذَرُوْنِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ، فَاِنَّمَا هَلَكَ الَّذِيْنَ قَبْلَكُمْ بِكَثْرَةِ سُؤَالِهِمْ، وَاخْتِلَافِهِمْ عَلٰى اَنْبِيَائِهِمْ، فَاِذَا نَهَيْتُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوْهُ، وَاِذَا اَمَرْتُكُمْ بِشَيْءٍ، فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ، وَذَكَرَ اَنَّ هٰذِهِ الْاٰيَةَ الَّتِيْ فِي الْمَائِدَةِ نَزَلَتْ فِيْ ذٰلِكَ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَسْاَلُوْا عَنْ اَشْيَاءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ) (المائدة:101)

❀❀ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے لوگو!

3704– إسناده صحيح . أبو عبيدة بن فضيل بن عياض: وثقه الدارقطني كما في "الميزان"، وذكره المؤلف في "الثقات"، وذكره التقي الفاسي في "العقد الثمين" 8/69، وأرخ وفاته سنة 236هـ . ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح غير يوسف بن سعد، فقد روى له الترمذي والنسائي، وهو ثقة .وأخرج أحمد 2/508، ومسلم 1337 في الحج: باب فرض الحج مرة في العمر، والبيهقي 4/326 من طريق يزيد بن هارون، والنسائي 5/110–111 في المناسك: باب وجوب الحج، عن المغيرة بن سلمة، والدارقطني 2/281 عن النضر بن شميل، ثلاثتهم عن الربيع بن مسلم، بهذا الإسناد .وأخرجه الطبري 12804 من طريق عبد الرحيم بن سليمان والدارقطني 2/282 عن محمد بن فضيل، كلاهما عن إبراهيم بن مسلم الهجري وهو ضعيف عن ابي عياض، عن أبي هريرة، وقد تقدم مختصراً برقم 18 .

بے شک اللہ تعالیٰ نے تم پر حج کو فرض قرار دیا ہے۔ ایک شخص کھڑا ہوا۔ اس نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا ہر سال؟ راوی کہتے ہیں: تو نبی اکرم ﷺ نے اسے کوئی جواب نہیں دیا' یہاں تک کہ اس شخص نے تین مرتبہ اپنا سوال دہرایا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا' تو یہ لازم ہو جاتا اور اگر یہ لازم ہو جاتا' تو تم اسے ادا نہیں کر پاتے جن معاملات کے بارے میں' میں تمہیں بتاتا نہیں ہوں تم ان معاملات میں مجھے رہنے دیا کرو' کیونکہ تم سے پہلے کے لوگ اپنے انبیاء سے بکثرت (غیر ضروری) سوالات کرنے اور ان سے اختلاف رکھنے کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے تھے جب میں تم لوگوں کو کسی چیز سے منع کروں' تو اس سے اجتناب کرو اور جب میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو جہاں تک تم سے ہو سکے اس پر عمل کرو۔

انہوں نے یہ بات بھی ذکر کی کہ سورۃ مائدہ میں موجودہ آیت اس بارے میں نازل ہوئی تھی۔

''اے ایمان والو! ایسی چیزوں کے بارے میں دریافت نہ کرو کہ اگر انہیں تمہارے سامنے ظاہر کر دیا جائے' تو تمہیں برا لگے''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ فَرْضَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا الْحَجَّ عَلٰى مَنْ وَّجَدِ اِلَيْهِ سَبِيلًا فِيْ عُمْرِهٖ مَرَّةً وَاحِدَةً لَا فِيْ كُلِّ عَامٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ جو شخص وہاں تک جانے کی استطاعت رکھتا ہو اس پر اللہ تعالیٰ نے زندگی میں ایک مرتبہ حج کرنا فرض قرار دیا ہے ایسا نہیں ہے کہ ہر سال میں (حج کرنا اس پر فرض ہے)

3705 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متن حدیث): خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ، اِنَّ اللّٰهَ فَرَضَ عَلَيْكُمُ الْحَجَّ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: اَوَفِيْ كُلِّ عَامٍ؟ حَتّٰى قَالَ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ يَعْرِضُ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: لَوْ قُلْتُ: نَعَمْ، لَوَجَبَتْ، وَلَوْ وَجَبَتْ لَمَا قُمْتُمْ بِهٖ، ثُمَّ قَالَ: ذَرُوْنِيْ مَا تَرَكْتُكُمْ، فَاِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِسُؤَالِهِمْ، وَاخْتِلَافِهِمْ عَلٰى اَنْبِيَائِهِمْ، فَمَا اَمَرْتُكُمْ مِنْ شَيْءٍ، فَاْتُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ، وَمَا نَهَيْتُكُمْ مِنْ شَيْءٍ فَاجْتَنِبُوْهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ نے تم پر حج کو فرض قرار دیا ہے۔ ایک صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: کیا ہر سال میں' یہاں تک کہ انہوں نے تین مرتبہ یہ سوال کیا' لیکن نبی اکرم ﷺ نے ان سے اعراض کیا پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اگر میں ہاں کہہ دیتا' تو یہ لازم ہو جاتا اور اگر یہ لازم ہو جاتا' تو تم اسے ادا نہیں کر پاتے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جن معاملات میں' میں تمہیں ترک کر دیتا ہوں تم

3705- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو مكرر ما قبله .

ان میں مجھے رہنے دو' کیونکہ تم سے پہلے کے لوگ اپنے انبیاء سے (غیر ضروری) سوالات کرنے اور اختلاف رکھنے کی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے تھے میں تمہیں' جس چیز کے بارے میں حکم دوں جہاں تک تم سے ہو سکے اسے بجالاؤ جب میں تمہیں کسی چیز سے منع کر دوں' تو تم اس سے اجتناب کرو۔

3706 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا حَجَّ بِنِسَائِهِ قَالَ: اِنَّمَا هِيَ هٰذِهِ الْحِجَّةُ، ثُمَّ عَلَيْكُمْ بِظُهُوْرِ الْحُصُرِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: خِطَابُ هٰذَا الْخَبَرِ وَقَعَ عَلٰى بَعْضِ النِّسَاءِ، اَرَادَ بِهِ نِسَاءَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْقَصْدُ فِيهِ بَعْضُ الْاَحْوَالِ، وَهُوَ الْحَالُ الَّذِي لَا يَكُوْنُ عَلَيْهِنَّ اِقَامَةُ الْفَرَائِضِ فِيهِ كَالصَّلَاةِ، وَالْحَجِّ، وَمَا اَشْبَهَهُمَا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کے ہمراہ حج کیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: بے شک یہ حج ہے اور پھر تم پر گھر میں رہنا لازم ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): اس روایت کے الفاظ بعض خواتین کے لئے استعمال ہوئے ہیں اور اس سے مراد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج ہیں اور اس میں قصد بعض حالتوں کا کیا گیا ہے۔ اور یہ وہ حالت ہے کہ جب ان خواتین پر اس حالت کے دوران فرائض کو قائم کرنا لازم نہیں تھا جیسے نماز ادا کرنا اور اس جیسے دیگر امور۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يُؤَخِّرَ اَدَاءَ الْحَجِّ اِذَا فُرِضَ عَلَيْهِ عَنْ سَنَتِهِ تِلْكَ اِلٰى سَنَةٍ اُخْرٰى

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ حج کی ادائیگی کو، جب وہ اس پر فرض ہو جائے، اس سال سے دوسرے کسی سال تک موخر کر دے

3707 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ *، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ الرَّمَادِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ،

3706– إسناده ضعيف . عبد الله بن نافع: هو الصائغ، وفيه عاصم بن عمر وهو ابن حَفْصِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ– ضعيف .وأورده الهيثمي في "المجمع" 3/214، وقال: رواه الطبراني في الأوسط، وفيه عاصم بن بن عمر العمري، وثقه ابن حبان، وقال: يخطء، وضعفه الجمهور .وفي الباب عن أبي هريرة عند أحمد 2/446، والبزار 1077، والبيهقي 5/228 من طريق ابن أبي ذئب، عن صالح مولى التوأمة، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لما حج بنسائه، قال: "إنما هي هذه الحجة، ثم الزمن ظهور الحصر "، وابن أبي ذئب: سمع من صالح مولى التوأمة قبل اختلاطه، فالحديث صحيح . وأخرجه البزار 1078 من طريق إبراهيم بن سعد، عن صالح بن كيسان، عن صالح مولى التوأمة، عن أبي هريرة .

4

(متن حدیث): عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ فِیْ قَوْلِهٖ (بَرَاءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ) (التوبة:1) ، قَالَ: لَمَّا قَفَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ حُنَيْنٍ، اعْتَمَرَ مِنَ الْجِعْرَانَةِ ، ثُمَّ اَمَّرَ اَبَا بَكْرٍ عَلٰى تِلْكَ الْحِجَّةِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں نقل کرتے ہیں۔

''اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے اظہار لاتعلقی ہے''۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حنین سے واپس تشریف لائے' تو آپ ''جعرانہ'' سے عمرہ کیا تھا پھر آپ نے اس حج کے موقع پر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو امیر مقرر کیا تھا۔

3707– إسناده صحيح، أحمد بن منصور الرمادي روى له ابن ماجه، وهو ثقة، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وهو في صحيح ابن خزيمة 3078 .وأورده ابن كثير في تفسيره 2/345–346 عن عبد الرزاق بنفس السند والمتن، وذكره السيوطي في "الدر المنثور" وزاد نسبته إلى ابن المنذر، وابن أبي حاتم .

بَابٌ، فَضْلُ مَكَّةَ

باب: مکہ مکرمہ کی فضیلت

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَكَّةَ خَيْرُ اَرْضِ اللّٰهِ، وَاَحَبُّهَا اِلَى اللّٰهِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مکہ اللہ کی زمین کا سب سے بہتر حصہ اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک (زمین کا) سب سے محبوب حصہ ہے

3708 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ بْنِ زِيَادَةَ بْنِ الطُّفَيْلِ اللَّخْمِيُّ اَبُو الْعَبَّاسِ بِعَسْقَلَانَ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَهُ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَدِيِّ بْنِ حَمْرَاءَ الزُّهْرِيَّ قَالَ:

(متن حدیث): رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رَاحِلَتِهِ وَاقِفًا بِالْحَزْوَرَةِ يَقُوْلُ: وَاللّٰهِ اِنَّكِ لَخَيْرُ اَرْضِ اللّٰهِ، وَاَحَبُّ اَرْضِ اللّٰهِ اِلَى اللّٰهِ، وَلَوْلَا اَنِّي اُخْرِجْتُ مِنْكِ مَا خَرَجْتُ

حضرت عبداللہ بن عدی زہری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ اپنی سواری پر حزورہ کے مقام پر وقوف کئے ہوئے تھے اور یہ فرما رہے تھے۔

"(اے مکہ) اللہ کی قسم! بے شک تو اللہ کی سرزمین میں سب سے بہتر (حصہ) ہے اور تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک اللہ کی زمین میں سے سب سے پسندیدہ (جگہ ہے) اگر مجھے تجھ سے نکالا نہ گیا ہوتا' تو میں تجھ سے نہ نکلتا"۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَكَّةَ كَانَتْ اَحَبَّ الْاَرْضِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

3708- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عيسى بن حماد، فمن رجال مسلم، وعُقيل: هو ابن خالد بن عَقيل الأيلي .وأخرجه ابن ماجه 3108 في المناسك: باب فضل مكة، عن عيسى بن حماد، بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي 3925 في المناقب: باب في فضل مكة، والنسائي في الحج من "الكبرى" كما في "التحفة" 5/316، والحاكم 3/7 من طريق عن الليث، به . وقال الحاكم: صحيح الإسناد على شرط الشيخين ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 4/305، والحاكم 3/431 من طرق عن ابن شهاب الزهري، بهو أخرجه الحاكم 3/280 عن عبد العزيز بن محمد الدراوردي، عن ابن أخي ابن شهاب، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، عَنْ عبد الله بن عدى .وذكر هذه الرواية الحافظ المزي في "تحفة الأشراف" 5/316 .

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم ﷺ کے نزدیک مکہ روئے زمین میں سب سے زیادہ محبوب ہے

3709 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، وَاَبِي الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): مَا اَطْيَبَكِ مِنْ بَلْدَةٍ وَّاَحَبَّكِ اِلَيَّ، وَلَوْلَا اَنَّ قَوْمِي اَخْرَجُونِي مِنْكِ، مَا سَكَنْتُ غَيْرَكِ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے:

''(اے مکہ) تو کتنا پاکیزہ شہر ہے؟ اور مجھے کتنا محبوب ہے؟ اگر میری قوم نے مجھے تجھ سے نکالا نہ ہوتا' تو میں تیرے علاوہ اور کہیں رہائش نہ اختیار نہ کرتا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الرُّكْنَ، وَالْمَقَامَ يَاقُوتَتَانِ مِنْ يَّوَاقِيتِ الْجَنَّةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ رکن اور مقام ابراہیم (پر نصب پتھر) جنت کے یاقوتوں میں سے دو یاقوت ہیں

3710 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ بِسْطَامٍ بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا رَجَاءُ بْنُ صُبَيْحٍ الْحَرَشِيُّ، حَدَّثَنَا مُسَافِعُ بْنُ شَيْبَةَ الْحَجَبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ مُسْنِدٌ ظَهْرَهُ اِلَى الْكَعْبَةِ: الرُّكْنُ وَالْمَقَامُ يَاقُوتَتَانِ مِنْ يَّوَاقِيتِ الْجَنَّةِ، وَلَوْلَا اَنَّ اللّٰهَ طَمَسَ عَلٰى نُورِهِمَا لَاَضَاءَتَا مَا بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: آپ نے اپنی

3709- حديث صحيح . فضيل بن سليمان وإن احتج به مسلم، وروى له البخاري متابعة، ضعفه ابن معين وأبو حاتم والنسائي، لكنه قد توبع، وباقي السند ثقات رجاله رجال الصحيح . أبو الطفيل: هو عامر بن واثلة الصحابي رضي الله عنه . وأخرجه الطبراني في الكبير 10624 و 10633 من طريقين عن أبي كامل الجحدري، بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي 3926 في المناقب: باب في فضل مكة، عن محمد بن موسى البصري، عن فضيل بن سليمان، به . وقال: هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه .وأخرجه الحاكم 1/486 من طريق زهير، عن ابن خثيم، عن سعد بن جبير، عن ابن عباس . وقال: هذا حديث صحيح الإسناد على شرط الشيخين، ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي .

3710- رجاء بن صبيح: لم يوثقه غير المؤلف، وقد ضعفه ابن معين، وقال أبو حاتم: ليس بالقوي، لكن تابعه الزهري، وباقي رجاله ثقات، فالحديث حسن لغيره .وأخرجه أحمد 2/213-214، والترمذي 878 في الحج: باب ما جاء في فضل الحجر الأسود والركن والمقام، وابن خزيمة 2732، والحاكم 1/456 من طريقين عن رجاء، بهذا الإسناد . قال ابن خزيمة بإثره: لست أعرف رجاء هذا بعدالة ولا جرح، ولست أحتج بخبر مثله .وأخرجه ابن خزيمة 2731، والحاكم 1/456، ومن طريقه البيهقي 5/75، من طريقين عن أيوب بن سويد، عن يونس، عن الزهري، عن مسافع، به .

پشت خانہ کعبہ کے ساتھ لگائی ہوئی تھی۔

''حجر اسود اور مقام ابراہیم دونوں جنت کے یواقیت میں سے یاقوت ہیں اگر اللہ تعالیٰ نے ان کے نور پر پردہ نہ ڈالا ہوتا' تو یہ مشرق اور مغرب کے درمیان کی جگہ کو روشن کر دیتے''۔

ذِكْرُ اِثْبَاتِ اللِّسَانِ لِلْحَجَرِ الْاَسْوَدِ لِلشَّهَادَةِ لِمُسْتَلِمِهٖ بِالْحَقِّ

حجر اسود کے لیے زبان کے اثبات کا تذکرہ' جو اس شخص کے حق میں گواہی دینے کے لیے ہوگی جس نے حق کے ہمراہ اس کا استلام کیا ہوگا

3711 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى بِالْمَوْصِلِ، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوْسٰى، حَدَّثَنَا ثَابِتٌ اَبُوْ زَيْدٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اِنَّ لِهٰذَا الْحَجَرِ لِسَانًا وَشَفَتَيْنِ يَشْهَدُ لِمَنِ اسْتَلَمَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِحَقٍّ.

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''(قیامت کے دن) اس حجر اسود کی ایک زبان اور دو ہونٹ ہوں گے اور یہ قیامت کے دن ہر اس شخص کے بارے میں حق کے ہمراہ گواہی دے گا' جس نے اس کا استلام کیا تھا''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ اللِّسَانَ لِلْحَجَرِ، اِنَّمَا يَكُوْنُ فِي الْقِيَامَةِ لَا فِي الدُّنْيَا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حجر اسود کی زبان قیامت کے دن ہوگی دنیا میں نہیں ہوگی

3712 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ الْحُسَيْنِ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ سُلَيْمَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ خُثَيْمٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

3711- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله رجال الشيخين غير عبد الله بن خثيم، فمن رجال مسلم، وثابت أبو زيد: هو ابن يزيد الأحول، والحسن بن موسى: هو الأشيب، وهو في مسند أبي يعلى 2719 .وأخرجه أحمد 1/266، وابن خزيمة 2736، والحاكم 1/457 عن الحسن بن موسى، بهذا الإسناد . وقال الحاكم: صحيح الإسناد على شرط الشيخين ولم يخرجاه ووافقه الذهبي .وأخرجه أحمد 1/247 و 291 و 307، والدارمي 2/42، والترمذي 961 في الحج: باب ما جاء في الحجر الأسود، وابن ماجه 2944 في المناسك: باب استلام الحجر، وابن خزيمة 2736، وأبو نعيم في "الحلية" 6/243 من طرق عن ابن خثيم، بِه . وانظر الحديث الآتي .

3712- حديث صحيح، فضيل بن سليمان وإن كان كثير الخطأ، قد توبع، وباقي السند رجاله ثقات .وأخرجه ابن خزيمة 2735، عن بشر بن معاذ العقدي، عن فضيل بن سليمان، بهذا الإسناد .وأخرجه الترمذي 961 في الحج: باب ما جاء في الحجر الأسود، عن قتيبة بن سعيد، عن جرير بن عبد الحميد، عن ابن خثيم، بِه . وقال: هذا حديث حسن . وانظر ما قبله .

(متن حدیث): لَيَبْعَثَنَّ اللّٰهُ هٰذَا الرُّكْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لَهُ عَيْنَانِ يُبْصِرُ بِهِمَا، وَلِسَانٌ يَنْطِقُ بِهِ يَشْهَدُ لِمَنِ اسْتَلَمَهُ بِحَقٍّ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس حجر اسود کو ضرور ایسی حالت میں اٹھائے گا کہ اس کی دو آنکھیں ہوں گی' جن کی مدد سے وہ دیکھتا ہوگا اور ایک زبان ہوگی' جس کی مدد سے وہ کلام کرتا ہوگا اور یہ ہر اس شخص کے بارے میں حق کے ہمراہ گواہی دے گا' جس نے اس کا استلام کیا تھا''۔

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي اَخْرَجَ اللّٰهُ زَمْزَمَ وَاَظْهَرَهَا

اس وقت کا تذکرہ جس میں اللہ تعالیٰ نے زم زم کو نکالا اور اس کو ظاہر کیا

3713 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحِ الْبُخَارِيُّ بِبَغْدَادَ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ الشَّاعِرِ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا اَبِي قَالَ: سَمِعْتُ اَيُّوبَ يُحَدِّثُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ، (متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ جِبْرِيلَ حِينَ رَكَضَ زَمْزَمَ بِعَقِبِهِ جَعَلَتْ اُمُّ اِسْمَاعِيلَ تَجْمَعُ الْبَطْحَاءَ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ هَاجَرَ، لَوْ تَرَكَتْهَا كَانَتْ عَيْنًا مَعِينًا

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جب جبرائیل نے زمزم کے مقام پر اپنی ایڑی ماری' تو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی والدہ نے مٹی کو اکٹھا کرنا شروع کیا (تاکہ پانی کے گرد آڑ بنالیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ ہاجرہ پر رحم کرے' اگر وہ اسے ایسے ہی رہنے دیتی' تو یہ ایک بہتا ہوا بڑا چشمہ ہوتا ہے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ حَمْلِ السِّلَاحِ فِي حَرَمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ اللہ تعالیٰ کے حرم میں ہتھیار اٹھا کر (داخل ہوا جائے)

3713- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين، غير حجاج بن الشاعر، وهو ابن أبي يعقوب يوسف بن حجاج الثقفي البغدادي، فمن رجال مسلم، ووهب بن جرير: هو ابن حازم، وايوب: هو السختياني .وأخرجه أحمد 5/121عن حجاج بن الشاعر، بهذا الإسناد .وأخرجه النسائي في المناقب من "الكبرى" كما في التحفة 1/26 من طريقين عن وهب بن جرير، به .وأخرجه ضمن حديث مطول البخاري 2368 في المساقاة: باب من رأى أن صاحب الحوض والقربة أحق بمائه، و 3364 في أحاديث الأنبياء ن والبيهقي 5/98-99 من طريق عبد الرزاق عن معمر، عن أيوب وكثير بن كثير، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس .وأخرجه البخاري 3362 عن أحمد بن سعيد، عن وهب بن جرير، عن أبيه، عن أيوب، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس . وأخرجه الطبري مطولاً في "جامع البيان" 13/230-231 من طريق حماد بن سلمة، عن عطاء بن السائب، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس، وهذا سند قوي، فإن حماد بن سلمة سمع من عطاء بن السائب قبل الاختلاط .وأخرجه الطبري 13/229-230 مطولاً من طريقين عن إسماعيل بن عُلية عن أيوب قال: نُبئت عن سعيد بن جبير أنه حديث عن ابن عباس .

3714 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَعْيَنَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَعْقِلُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ الْجَزَرِيُّ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَّحْمِلَ السِّلَاحَ بِمَكَّةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''کسی بھی شخص کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ مکہ میں ہتھیار اٹھائے''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ اخْتِلَاءِ شَوْكِ حَرَمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا وَالْتِقَاطِ سَاقِطِهَا اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ الْمَرْءُ مُنْشِدًا

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ اللہ کے حرم کے کانٹے کو توڑا جائے یا گری ہوئی چیز کو اٹھایا جائے البتہ اگر آدمی نے اس کا اعلان کرنا ہو (تو اسے اٹھا سکتا ہے)

3715 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): لَمَّا فَتَحَ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا عَلٰى رَسُوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، قَتَلَتْ هُذَيْلُ رَجُلًا مِّنْ بَنِي لَيْثٍ بِقَتِيلٍ كَانَ لَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ، فَقَالَ: اِنَّ اللّٰهَ جَلَّ وَعَلَا حَبَسَ الْفِيلَ عَنْ مَكَّةَ، وَسَلَّطَ عَلَيْهَا رَسُوْلَهُ وَالْمُؤْمِنِينَ، وَاِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِاَحَدٍ كَانَ قَبْلِي، وَلَا تَحِلُّ لِاَحَدٍ بَعْدِي، وَاِنَّمَا اُحِلَّتْ لِي سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ، وَاِنَّهَا سَاعَتِي هٰذِهِ، ثُمَّ هِيَ حَرَامٌ، لَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا، وَلَا يُخْتَلٰى شَوْكُهَا، وَلَا يُلْتَقَطُ سَاقِطُهَا اِلَّا لِمُنْشِدٍ، وَمَنْ قُتِلَ لَهُ قَتِيلٌ، فَهُوَ بِخَيْرِ النَّظَرَيْنِ، اِمَّا اَنْ يَّقْتُلَ، وَاِمَّا اَنْ يَّفْدِيَ، فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْيَمَنِ يُقَالُ لَهُ: اَبُوْ شَاهٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اكْتُبُوْا لِي، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اكْتُبُوْا لِاَبِي شَاهٍ، ثُمَّ قَامَ الْعَبَّاسُ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِلَّا الْاِذْخِرَ، فَاِنَّا نَجْعَلُهُ فِي قُبُوْرِنَا، وَفِي بُيُوْتِنَا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِلَّا الْاِذْخِرَ

3714- إسناده صحيح على شرط مسلم، وهو في صحيحه 1356 في الحج: باب النهي عن حمل السلاح بمكة بلاحاجة، ومن طريقه أخرجه البغوي 2005 عن سلمة بن شبيب، بهذا الإسناد. وأخرجه البيهقي 5/155 من طريقين عن إبراهيم الصيدلاني، عن سلمة بن شبيب، به.

3715- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن إبراهيم، فمن رجال البخاري. والوليد: هو ابن مسلم القرشي. وأخرجه ابن ماجه مختصراً 2624 في الديات: باب من قتل له قتيل فهو بالخيار بين إحدى ثلاث، عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم، بهذا الإسناد.

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کے لئے مکہ کو فتح کر دیا' تو ہذیل نے بنولیث سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو اپنے ایک مقتول کے عوض میں قتل کر دیا یہ زمانہ جاہلیت کا معاملہ تھا اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی۔ آپ کھڑے ہوئے آپ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ہاتھیوں کو مکہ تک نہیں پہنچنے دیا' لیکن اس نے اپنے رسول اور اہل ایمان کو اس پر غلبہ عطا کیا مجھ سے پہلے کسی بھی شخص کے لئے یہ حلال نہیں ہوا تھا اور میرے بعد بھی یہ کسی کے لئے حلال نہیں ہوگا میرے لئے بھی دن کے ایک مخصوص حصے میں اسے حلال قرار دیا گیا اور یہ اب اس گھڑی کے بعد قابل احترام ہے یہاں کے درخت کو کاٹا نہیں جائے گا یہاں کے کانٹے کو توڑا نہیں جائے گا۔ یہاں کی گری ہوئی چیز کو اٹھایا نہیں جائے گا' البتہ اعلان کرنے کے لئے اٹھایا جا سکتا ہے' جس شخص کا کوئی عزیز قتل ہوا تھا اسے دو باتوں میں سے ایک بات کا اختیار ہوگا' تو وہ (قاتل کو) قتل کر دے یا پھر فدیہ وصول کر لے۔

(راوی بیان کرتے ہیں:) یمن سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کھڑے ہوئے جن کا نام ابوشاہ تھا۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ یہ مجھے لکھوا دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابوشاہ کو لکھ کر دے دو پھر حضرت عباس رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! صرف اذخر (کاٹنے کی اجازت دیں)' کیونکہ ہم اسے قبرستان میں استعمال کرتے ہیں اور گھروں میں بھی استعمال کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اذخر (کا حکم مختلف ہے یعنی اسے کاٹنے کی اجازت ہے)

ذِكْرُ لَعْنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْدَثَ فِيْ حَرَمِهٖ حَدَثًا، اَوْ اَخْفَرَ مُسْلِمًا ذِمَّتَهٗ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شخص پر لعنت کرنے کا تذکرہ جو حرم میں کوئی بدعت ایجاد کرتا ہے یا کسی مسلمان کی دی ہوئی پناہ کی بے حرمتی کرتا ہے

3716 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْقَطَّانُ بِالرَّقَّةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَكِيْمُ بْنُ سَيْفٍ

3716– إسناده حسن، حكيم بن سيف الرقي: قال أبو حاتم: شيخ صدوق لا بأس به، . . . . . يكتب حديثه ولا يحتج به، ليس بالمتين، وذكره المؤلف في "الثقات" وقال: مات بالرقة، بعد سنة خمس وثلاثين ومائتين، ووثقه الإمام الذهبي، وقال الحافظ في التقريب: صدوق، ثم هو متابع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين .عبيد الله بن عمرو: هو الرقيّ، وسليمان: هو الأعمش . وأخرجه أحمد 1/81، والبخاري 3172 في الجزية: باب ذمة المسلمين وجوارهم واحدة، و 6755 في الفرائض: باب إثم من تبرأ من مواليه، و 7300 في الاعتصام: باب ما يكره من التعمق والتنازع والغلو في الدين، ومسلم 1370 في الحج: باب فضل المدينة، و 2/1147 في العتق: باب تحريم تولي العتيق غير مواليه، والترمذي 2127 في الولاء والهبة: باب فيمن تولى غير مواليه أو ادعى إلى غير أبيه، وأبو يعلى 263 من طرق عن الأعمش، بِهِ .وأخرجه أحمد 1/151، والنسائي في الحج من "الكبرى" كما في التحفة 7/350 من طريق الحارث بن سويد، وأحمد 1/100، 116 من طريق طارق بن شهاب، وأحمد 1/118 و 152، ومسلم 1978 من طريق أبي الطفيل عامر بن وائلة، والحميدي 40، وأحمد 1/79، والبخاري 111 و 3047 و 6915، والترمذي 1412، وابن ماجه 2658، والدارمي 2/190، والنسائي 8/23، وابن الجارود 794، والبيهقي 8/28 من طريق أبي جحيفة، وأحمد 1/122، وأبو يعلى 338 و 628 من طريق قيس بن عباد، ستتهم عن علي بنحوه . وانظر ما بعده .

الرَّقِّيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِي اُنَيْسَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُولُ: مَا عِنْدَنَا كِتَابٌ نَقْرَؤُهُ اِلَّا كِتَابَ اللّٰهِ، وَصَحِيفَةٌ فِي قِرَابِ سَيْفِي، فَقَرَاَهَا عَلَيْنَا، فَاِذَا فِيهَا شَيْءٌ مِّنْ اَسْنَانِ الْاِبِلِ وَالْجِرَاحَاتِ، وَاِذَا فِيهَا مَنْ وَّالٰى قَوْمًا بِغَيْرِ اِذْنِ مَوَالِيهِ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَمَلَائِكَتِهِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفًا، وَلَا عَدْلًا، ذِمَّةُ الْمُسْلِمِينَ وَاحِدَةٌ، يَسْعَى بِهَا اَدْنَاهُمْ، فَمَنْ اَخْفَرَ مُسْلِمًا، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، وَلَا يُقْبَلُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفٌ، وَلَا عَدْلٌ، وَالْمَدِينَةُ حَرَامٌ مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا، فَمَنْ اَحْدَثَ فِيهَا حَدَثًا، اَوْ آوَى مُحْدِثًا، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

❁❁ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمارے پاس کوئی ایسی کتاب نہیں ہے جس کو ہم پڑھتے ہوں صرف اللہ کی کتاب ہے یا ایک صحیفہ ہے جو میری تلوار کی میان میں ہے۔ پھر انہوں نے اس صحیفے کو ہمارے سامنے پڑھا' اس میں اونٹوں کی دیت کے حوالے سے اور زخموں کی دیت کے حوالے سے کچھ احکام تھے اور اس میں ایک یہ بات موجود تھی جو (آزاد شدہ غلام) اپنے آقا کی بجائے کسی اور کی طرف خود کو منسوب کرے اس پر اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتوں' تمام لوگوں کی لعنت ہو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن ایسے شخص کی کوئی بھی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں کرے گا۔ تمام مسلمانوں کی دی ہوئی پناہ ایک جیسی حیثیت رکھتی ہے ان کا عام فرد بھی اسے پورا کرنے کی کوشش کرے گا اور جو کوئی شخص کسی مسلمان کو رسوا کرے گا' تو اس پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی ایسے شخص کی قیامت کے دن کوئی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں ہوگی اور مدینہ منورہ اپنے دونوں کناروں کے درمیان پورے کا پورا قابل احترام ہے جو شخص یہاں بدعت ایجاد کرے یا بدعتی کو پناہ دے' تو اس پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو ایسے شخص سے قیامت کے دن کوئی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں کی جائے گی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: مَا عِنْدَنَا كِتَابٌ نَقْرَؤُهُ اِلَّا كِتَابَ اللّٰهِ وَصَحِيفَةً فِي قِرَابِ سَيْفِي، اَرَادَ بِهِ مِمَّا كَتَبْنَاهُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کا یہ فرمان

''ہمارے پاس صرف کتاب اللہ ہے جس کی ہم تلاوت کرتے ہیں اور ایک صحیفہ ہے جو میری تلوار کی میان میں ہے''

اس سے ان کی مراد یہ تھی کہ یہ وہ چیز ہے جو ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نوٹ کی ہے

3717 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَلِيٍّ، ثُمَّ قَالَ:

(متن حدیث): مَا كَتَبْنَا، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الْقُرْآنَ، وَمَا فِي هٰذِهِ الصَّحِيفَةِ،

قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَلْمَدِيْنَةُ حَرَامٌ مَا بَيْنَ عِيرٍ اِلٰى ثَوْرٍ، فَمَنْ اَحْدَثَ حَدَثًا فِيهَا، اَوْ آوَى مُحْدِثًا فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ، ذِمَّةُ الْمُسْلِمِينَ وَاحِدَةٌ يَسْعَى بِهَا اَدْنَاهُمْ فَمَنْ اَخْفَرَ مُسْلِمًا، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ، وَمَنْ وَّالٰى قَوْمًا بِغَيْرِ اِذْنِ مَوَالِيهِ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ

✿✿ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے صرف قرآن کو نوٹ کیا گیا تھا یا وہ احکام ہیں جو صحیفے میں ہیں۔ انہوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''مدینہ عیر سے ثور تک حرم ہے جو شخص یہاں کوئی بدعت ایجاد کرے یا بدعتی کو پناہ دے' تو اس پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو ایسے شخص کی کوئی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں ہوگی۔ مسلمانوں کی دی ہوئی پناہ یکساں حیثیت رکھتی ہے۔ ان کا عام فرد بھی اسے پوری کرنے کی کوشش کرے گا جو شخص کسی مسلمان کو رسوا کرے گا اس پر اللہ تعالیٰ اور فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی ایسے شخص کی کوئی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں ہوگی اور جو شخص اپنے آقا کی بجائے خود کو کسی اور کی طرف منسوب کرے۔ اس پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہوگی''۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ قَتْلِ الْقُرَشِيِّ فِيْ حَرَمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا دُونَ ارْتِكَابِهِ مَا يُوجِبُ الْاِسْلَامُ قَتْلَهُ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ حرم کی حدود میں کسی بھی قریشی شخص کو قتل کیا جائے ماسوائے اس کے' کہ اس نے ایسی چیز کا ارتکاب کر دیا ہو' اسلام اس کے قتل کا حکم دیتا ہو

3718 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ زَكَرِيَّا، قَالَ: حَدَّثَنِي عَامِرٌ،

3717- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله .وأخرجه البخاري 3179 في الجزية والموادعة: باب إثم من عاهد ثم غدر، وأبو داؤد 3179 في الحج: باب في تحريم المدينة، والبيهقي 5/196 من طريق محمد بن كثير، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/126 عن عبد الرحمٰن بن مهدي، والبخاري 1870 في فضائل المدينة: باب حرم المدينة، والنسائي في الحج من "الكبرى" كما في التحفة 7/458 من طريقين عن عبد الرحمٰن بن مهدي، عن سفيان، به . 3718- إسناده صحيح على شرط الصحيح، يحي: هو ابن سعيد القطان، عند أحمد . والبخاري في الأدب المفرد، وعند الطبراني والطحاوي: ابن أبي زائدة، وعامر: هو الشعبي .وأخرجه البخاري في الأدب المفرد 826ن والطبراني في الكبير 20/693، من طريق مسدد عن يحيى، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/412 و 4/213 عن يحيى بن سعيد، والطحاوي في مشكل الآثار 2/227، والحاكم 4/275 من طريقين عن يحيى بن زكريا، عن زكريا، به . وقال الحاكم/ هذا حديث الإسناد ولم يخرجاه، ووافقه الذهبي .وأخرجه عبد الرزاق 9399، وأحمد 3/412 و 4/213، والحميدي 568، وابن أبي شيبة 14/490، ومسلم 1782 في الجهاد: باب لا يقتل قرشي صبراً، والدارمي 2/198، والطبراني 20/692، وابن سعد في الطبقات 5/450 من طرق عن زكريا بن أبي زائدة، به .وأخرجه أحمد 3/412 و 4/213، والط[illegible] مشكل الآثار 2/227 [illegible]

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ مُطِيعًا، يَقُوْلُ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: لَا يُقْتَلُ قُرَشِيٌّ صَبْرًا بَعْدَ هٰذَا الْيَوْمِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَلَمْ يُدْرِكِ الْمُسْلِمُوْنَ اَحَدًا مِّنْ كُفَّارِ قُرَيْشٍ غَيْرَ مُطِيعٍ، وَكَانَ اسْمُهُ الْعَاصِ، فَسَمَّاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُطِيعًا

حضرت مطیع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے فتح مکہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا:

''آج کے بعد قیامت کے دن تک کسی بھی قریشی کو باندھ کر قتل نہیں کیا جائے گا''۔

اس دن مسلمانوں کو کفار مکہ سے صرف حضرت مطیع رضی اللہ عنہ ہاتھ لگے تھے ان کا عاص تھا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انکا نام مطیع رکھا۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ الَّتِي كَانَتْ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفْكِ الدَّمِ فِي حَرَمِ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا سَاعَةً مَعْلُوْمَةً

اس بات کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے متعین وقت کے لیے اللہ کے حرم کی حدود میں خون بہانے کو مباح قرار دیا گیا تھا

3719 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْقَعْنَبِيُّ، وَالْحَجَبِيُّ، وَاَبُو الْوَلِيدِ، قَالُوا: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَخَلَ مَكَّةَ، وَعَلٰى رَاْسِهِ الْمِغْفَرُ، فَلَمَّا وَضَعَهُ، قِيلَ: هٰذَا ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: اقْتُلُوْهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں داخل ہوئے' تو آپ کے سر پر خود تھا' تو آپ نے اسے اتارا' تو آپ کی خدمت میں عرض کی گئی ابن خطل کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے قتل کر دو۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَكَّةَ اِنَّمَا اُحِلَّتْ لِلْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

3719- إسناده صحيح على شرطهما . رجاله ثقات رجال الشيخين غير الحجبي واسمه عبد الله بن عثمان- فمن رجال البخاري، وأبو الوليد: هو الطيالسي .وأخرجه مالك في الموطأ 1/423 في الحج: باب جامع الحج .وأخرجه البخاري 5808 في اللباس: باب المغفر، عن أبي الوليد الطيالسي، وأبو داوُد 2685 في الجهاد: باب قتل الأسير ولا يعرض عليه الإسلام، عن القعنبي، كلاهما عن مالك، بهذا الإسناد .وأخرجه ابن أبي شيبة 14/492، والدارمي 2/73-74 . والحميدي 1212، أحمد 3/109 و 164 و 186 و 231 و 132 و 233 و 240، والبخاري 1846 في جزاء الصيد: باب دخول الحرم ومكة بغير إحرام، و 3044 في الجهاد: باب قتل الأسير وقتل الصبر، و 4286 في المغازي: باب أين ركز النبي صلى الله عليه وسلم الراية يوم الفتح، ومسلم 1357 في الحج: باب جواز دخول مكة بغير إحرام، وفي السير من "الكبرى" كما في التحفة 1/389، وابن ماجه 2805 في الجهاد: باب السلاح، وأبو الشيخ في "اخلاق النبي" 143، والبيهقي 7/59 و 8/205، والبغوي 2006 من طرق عن مالك، به .

سَاعَةً وَاحِدَةً فَقَطْ، ثُمَّ حُرِّمَتْ حَرَامَ الْاَبَدِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ مکہ مکرمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے صرف ایک مخصوص وقت کے لیے مباح قرار دیا گیا تھا اس کے بعد اس کی حرمت ہمیشہ کے لیے واپس آ گئی تھی

3720 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْحُلْوَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُفَضَّلُ بْنُ مُهَلْهِلٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ: اِنَّ هٰذَا الْبَلَدَ حَرَامٌ، حَرَّمَهُ اللّٰهُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، لَا يُنَفَّرُ صَيْدُهُ، وَلَا يُعْضَدُ شَوْكُهُ، وَلَا تُلْتَقَطُ لُقَطَتُهُ اِلَّا مَنْ عَرَّفَهَا، وَلَا يُخْتَلٰى خَلَاؤُهُ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ: اِلَّا الْاِذْخِرَ، فَاِنَّهُ لِبُيُوْتِهِمْ، فَقَالَ: اِلَّا الْاِذْخِرَ، وَلَا هِجْرَةَ، وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَنِيَّةٌ، وَاِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوا

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ شہر قابل احترام ہے اللہ تعالیٰ نے اسے قیامت کے دن تک کے لئے قابل احترام قرار دیا ہے یہاں کہ شکار کو بھگایا نہیں جائے گا یہاں کے کانٹے کو توڑا نہیں جائے گا اور یہاں کی گری ہوئی چیز کو اٹھایا نہیں جائے گا' البتہ اعلان کرنے کے لئے اٹھایا جا سکتا ہے اور یہاں کے پودوں کو اکھیڑا نہیں جائے گا حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اذخر کی اجازت دے دیں وہ گھروں میں استعمال ہوتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اذخر کی اجازت ہے اب ہجرت باقی نہیں رہی' البتہ جہاد اور نیت باقی ہے اور جب تم سے (جہاد کے لئے) نکلنے کے لئے کہا جائے' تو تم نکل کھڑے ہو۔

3720- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مفضل بن مهلهل فمن رجال مسلم، ومنصور: هو ابن المعتمر .وأخرجه مطولاً ومختصراً مسلم 1353 في الحج: باب تحريم مكة وصيدها وخلاها، و 3/1488 في الإمارة: باب المبايعة بعد فتح مكة على الإسلام والجهاد والخير، والطبراني في الكبير 10943، والبيهقي 6/199 من طريقين عن يحيى بن آدم بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 1/315-316 عن مفضل بن مهلهل، به .وأخرجه مطولاً ومختصراً عبد الرزاق 9713، وأحمد 1/226 و 255 و 359، والبخاري 1587 في الحج: باب فضل الجهاد والسير، و 1834 في جزاء الصيد: باب لا يحل القتال بمكة، و 2783 في الجهاد والسير: باب فضل الجهاد والسير، و 2825 باب وجوب النفير، و 3189 في الجزية والموادعة: باب إثم الغادر للبرّ والفاجر، ومسلم 1353، وأبو داؤد 1353 في الحج: باب تحريم حرم مكة، و 2480 في الجهاد: باب الهجرة هل انقطعت، والترمذي 1590 في السير: باب ما جاء في الهجرة، والنسائي 5/203-204 في الحج: باب حرمة مكة، و 7/146 في البيعة: باب ذكر الاختلاف في انقطاع الهجرة، وفي السير من الكبرى كما في التحفة 5/26، والطبراني في الكبير 10944، والبيهقي 5/195 و 9/16، وابن الجارود 509، والبغوي 2003 من طرق عن منصور به .وأخرجه الطبراني 10898 من طريق عمرو بن دينار، عن طاووس، به .وأخرجه عبد الرزاق 9711، عن معمر عن ابن طاووس، عن أبيه مرسلاً .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ ابْنَ خَطَلٍ قُتِلَ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ لَمَّا اَمَرَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ ابن خطل کو اس دن میں قتل کیا گیا تھا کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے اس کو قتل کرنے کا حکم دیا تھا

3721 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ الْحَلَبِيُّ بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ الدِّمَشْقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ اَنَسٍ قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَعَلٰى رَاْسِهِ الْمِغْفَرُ، وَاَنَّهُمْ، قَالُوْا: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ، فَقَالَ: اُقْتُلُوْهُ، فَقُتِلَ

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم ﷺ مکہ میں داخل ہوئے آپ کے سر مبارک پر خود تھا لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ابن خطل کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اسے قتل کر دو، تو اسے قتل کر دیا گیا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوْهِمُ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ، اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا (اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ روایت حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول اس روایت کے برخلاف ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3722 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ. قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ

3721- إسناده صحيح، رجاله مَن فوق عبد السلام بن إسماعيل ثقات من رجال الشيخين، وهو مكرر 3719 .

3722-حديث صحيح، إسناده على شرط مسلم .وأخرجه أبو داوُد 4076 في اللباس: باب في العمائم، عن أبي الوليد الطيالسي، بهذا الإسناد .وأبو الزبير لم يصرح بالتحديث عند الجميع .وأخرجه علي بن الجعد 3439، وابن أبي شيبة 8/422 و 14/493، وأحمد 1/363، وأبو داوُد 4076، والترمذي 1735 في اللباس: باب ما جاء في العمامة السوداء، وفي "الشمائل" 107، والنسائي في الزينة من الكبرى كما في التحفة 2/294، وابن ماجه 2822 في الجهاد: باب لبس العمائم في الحرب، و 3585 في اللباس: باب العمامة السوداء، والبيهقي 5/177، والبغوي 2007 من طرق عن حماد بن سلمة، بِهِ .وأخرجه الدارمي 2/74، ومسلم 1358 في الحج: باب جواز دخول مكة بغير إحرام، والنسائي 5/201 في مناسك الحج: باب دخول مكة بغير إحرام، و 8/211 في الزينة: باب لبس العمائم السود، والبيهقي 5/177 من طرق عن معاوية بن عمار الدهني، عن أبي الزبير، بِهِ .وأخرجه أحمد 3/387، ومسلم 1358، والنسائي 8/211

الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ، وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ خَبَرِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ، وَعَلٰى رَاْسِهِ الْمِغْفَرُ، وَفِيْ خَبَرِ جَابِرٍ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ، وَعَلَيْهِ عِمَامَةٌ سَوْدَاءُ، وَلَمْ يَدْخُلْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ بِغَيْرِ اِحْرَامٍ اِلَّا مَرَّةً وَاحِدَةً، وَهُوَ يَوْمَ الْفَتْحِ، وَيُشْبِهُ اَنْ يَّكُوْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ كَانَ عَلٰى رَاْسِهِ الْمِغْفَرُ، وَقَدْ تَعَمَّمَ بِعِمَامَةٍ سَوْدَاءَ فَوْقَهُ، فَاِذَا جَابِرٌ ذَكَرَ الْعِمَامَةَ الَّتِيْ عَايَنَهَا، وَاِذَا اَنَسٌ ذَكَرَ الْمِغْفَرَ الَّذِيْ رَاٰهُ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَ الْخَبَرَيْنِ تَضَادٌّ اَوْ تَهَاتُرٌ

❁❁ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: فتح مکہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (مکہ میں) داخل ہوئے‘ تو آپ نے سیاہ عمامہ باندھا ہوا تھا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایت میں یہ بات مذکور ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے تھے تو آپ کے سر مبارک پر خود تھا جبکہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول روایت میں یہ بات مذکور ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں داخل ہوئے تھے تو آپ نے سیاہ عمامہ باندھا ہوا تھا‘ حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احرام کے بغیر مکہ میں صرف ایک مرتبہ داخل ہوئے تھے یہ فتح مکہ کا دن تھا تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ اس دن میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سر پر خود بھی رکھا ہوا اور اس پر سیاہ امامہ بھی باندھا ہو تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے عمامے کا ذکر کیا جسے انہوں نے دیکھا تھا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے خود کا ذکر کیا جو انہوں نے دیکھا تھا تو اس طرح ان دونوں روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں ہوگا۔

بَابُ فَضْلِ الْمَدِيْنَةِ

باب: مدینہ منورہ کی فضیلت کا تذکرہ

3723 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، سَمِعْتُ اَبَا الْحُبَابِ سَعِيْدَ بْنَ يَسَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): اُمِرْتُ بِقَرْيَةٍ تَاْكُلُ الْقُرٰى، يَقُوْلُوْنَ: يَثْرِبُ، وَهِىَ الْمَدِيْنَةُ تَنْفِى النَّاسَ كَمَا يَنْفِى الْكِيْرُ خَبَثَ الْحَدِيْدِ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: قَوْلُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُمِرْتُ بِقَرْيَةٍ تَاْكُلُ الْقُرٰى لَفْظَةُ تَمْثِيْلٍ، مُرَادُهَا اَنَّ الْاِسْلَامَ يَكُوْنُ ابْتِدَاؤُهُ مِنَ الْمَدِيْنَةِ، ثُمَّ يَغْلِبُ عَلٰى سَائِرِ الْقُرٰى وَيَعْلُو عَلٰى سَائِرِ الْمُلْكِ، فَكَاَنَّهَا قَدْ اَتَتْ عَلَيْهَا، لَا اَنَّ الْمَدِيْنَةَ تَاْكُلُ الْقُرٰى

❀❀ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"مجھے ایک ایسی بستی کے بارے میں حکم دیا گیا ہے جو تمام بستیوں کو اپنی لپیٹ میں لے گی۔ لوگ یہ کہتے ہیں: یہ یثرب ہے حالانکہ یہ مدینہ ہے یہ لوگوں کو یوں باہر نکال دے گا جیسے بھٹی لوہے کے زنگ کو ختم کر دیتی ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:): نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان "مجھے ایک بستی کے بارے میں حکم دیا گیا ہے جو دیگر بستیوں کو کھا جائے گی۔"

یہ مثال بیان کرنے کے الفاظ ہیں اور اس سے مراد یہ ہے: اسلام کا آغاز مدینہ منورہ سے ہوگا اور پھر وہ دیگر بستیوں پر غالب آجائے گا اور پورے ملک پر غالب آجائے گا تو یہ اس طرح ہوگا جیسے مدینہ پورے ملک پر غالب آ گیا۔ اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ مدینہ دیگر بستیوں کو کھا جائے گا۔

3723- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 2/887 في الجامع: باب في سكنى المدينة والخروج منها . وأخرجه أحمد 2/237، والبخاري 1871 في فضائل المدينة: باب فضل المدينة وأنها تنفي الناس، ومسلم 1382 في الحج: باب المدينة تنفي شرارها، والنسائي في التفسير من الكبرى كما في التحفة 10/76، والطحاوي في شرح مشكل الآثار 2/332-333، والبغوي 2016 من طريق مالكن بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 17165، والحميدي 1152، وأحمد 2/384، ومسلم 1382، والطحاوي 2/332-333، من طرق عن يحيى بن سعيد، به .

ذِكْرُ سُؤَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبَّهٗ اَنْ يُّحَبِّبَ اِلَيْهِ الْمَدِيْنَةَ كَحُبِّهٖ مَكَّةَ، اَوْ اَشَدَّ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے پروردگار سے یہ دعا مانگنا کہ وہ مدینہ منورہ کو ان کے نزدیک اسی طرح محبوب کردے جس طرح وہ مکہ سے محبت رکھتے ہیں بلکہ اس سے زیادہ محبوب کردے

3724 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ بِمَنْبِجَ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): لَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وُعِكَ اَبُوْ بَكْرٍ وَّبِلَالٌ، قَالَتْ: فَدَخَلْتُ عَلَيْهِمَا، فَقُلْتُ: يَا اَبَتِ كَيْفَ تَجِدُكَ، وَيَا بِلَالُ كَيْفَ تَجِدُكَ؟ قَالَتْ: وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِذَا اَخَذَتْهُ الْحُمَّى يَقُوْلُ:

كُلُّ امْرِءٍ مُصَبَّحٌ فِىْ اَهْلِهٖ وَالْمَوْتُ اَدْنٰى مِنْ شِرَاكِ نَعْلِهٖ

وَكَانَ بِلَالٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ اِذَا اُقْلِعَ عَنْهُ يَرْفَعُ عَقِيْرَتَهٗ وَيَقُوْلُ:

اَلَا لَيْتَ شِعْرِىْ هَلْ اَبِيْتَنَّ لَيْلَةً بِوَادٍ وَّحَوْلِىْ اِذْخِرٌ وَجَلِيْلٌ

وَهَلْ اَرِدَنْ يَوْمًا مِيَاهَ مَجَنَّةٍ وَهَلْ يَبْدُوَنْ لِىْ شَامَةٌ وَطَفِيْلٌ

قَالَتْ عَائِشَةُ: فَجِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَخْبَرْتُهٗ، فَقَالَ: اَللّٰهُمَّ حَبِّبْ اِلَيْنَا الْمَدِيْنَةَ كَحُبِّنَا مَكَّةَ اَوْ اَشَدَّ، وَصَحِّحْهَا لَنَا، وَبَارِكْ لَنَا فِىْ صَاعِهَا وَمُدِّهَا، وَانْقُلْ حُمَّاهَا وَاجْعَلْهَا بِالْجُحْفَةِ ،

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَلْعِلَّةُ فِىْ دُعَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَقْلِ الْحُمَّى اِلَى الْجُحْفَةِ، اَنَّ الْجُحْفَةَ حِيْنَئِذٍ كَانَتْ دَارَ الْيَهُوْدِ، وَلَمْ يَكُنْ بِهَا مُسْلِمٌ، فَمِنْ اَجْلِهٖ، قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَانْقُلْ حُمَّاهَا اِلَى الْجُحْفَةِ

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ان دونوں روایات میں جو الفاظ منقول ہیں اس کے بارے میں ہم اپنی کتابوں میں یہ بات بیان کر چکے ہیں کہ عرب اپنے محاورے میں بعض اوقات کسی مقصود چیز کا اسم اس کے سبب کے لئے استعمال کر لیتے ہیں۔ جب کوئی مسلمان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر کے پاس اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کر کے اس کا قرب حاصل کرتا ہے اور اس کی قبولیت کی امید ہوتی ہے اور اس کا ثواب جنت ملنے کی اُمید ہوتی ہے' تو یہاں مقصود کے اسم کو جو جنت ہے اس کے سبب کے لئے استعمال کیا گیا ہے

3750- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه أحمد 2/438، والبخاري 1888 في فضائل المدينة باب رقم 12، ومسلم 1391 في الحج باب ما بين القبر والمنبر روضة من رياض الجنة، من طرق عن يحيى القطان، بهذا الإسناد .وأخرجه عبد الرزاق 5243 وأحمد 2/376و 401، والبخاري 6588 في الرقاق باب الحوض، ومسلم 1391 والبيهقي 5/246، وابو نعيم في أخبار أصفهان 2/276 من طرق عن عبيد الله بن عمر، بِهٖ .وأخرجه أحمد 2/236 و 297، والبخاري 7335 في الاعتصام باب ما ذكر النبي صلى الله عليه وسلم وحض على اتفاق أهل العلم، وأبو نعيم في أخبار أصفهان 2/332 من طرق عن خبيب، بِهٖ .وأخرجه أحمد 2/297 و 412، والترمذي 3916 في المناقب باب فضل المدينة، وأبو نعيم 1/228 من طرق عن ابي هريرة .وأخرجه مالك 1/197 في القبلة باب ما جاء في مسجد النبي صلى الله عليه وسلم عن خبيب، عن حفص بن عاصم، عن ابي هريرة أو عن ابي سعيد، على الشك .ومن هذه الطريق أخرجه أحمد 2/465-466 و 533، والبغوي 452 .ولكن رواه أحمد والبخاري من طريق مالك عن خبيب عن حفص عن ابي هريرة .وحديث أبي سعيد أخرجه أبو نعيم في أخبار أصفهان 1/92 .وأخرجه الترمذي 3915 من طريق أبي سعيد المعلى عن علي وأبي هريرة .وقال: حديث حسن غريب من هذا الوجه من حديث علي .

اور وہ منبر ہے اسی طرح نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "جنت کے باغوں میں سے ایک باغ" اسی طرح نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان "میرا منبر میرے حوض پر ہے" اس سے مراد یہی ہے کہ آدمی کو یہ اُمید رکھنی چاہئے کہ وہ حوض کوثر سے مشروب حاصل کرے گا اور جنت کے باغات میں پہنچے گا۔ دنیا میں اس جگہ پر اطاعت وفرمانبرداری کرنے کی وجہ سے (وہاں پہنچے گا)

یہ نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کی مانند ہوگا "بیمار کی عیادت کرنے والا جنت کے باغ میں ہوتا ہے۔"

تو جب بیمار کی عیادت کرنے والا شخص اپنی عیادت کے وقت میں ایسی حالت میں ہوتا ہے کہ اس کے لئے جنت کے باغ میں پہنچنے کی اُمید کی جاسکتی ہے اور یہی مقصود ہے تو یہاں مقصود کا اسم اس کے سبب کے لئے استعمال ہوا ہے۔ اس کی مثال نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان ہے "جنت تلواروں کے سائے تلے ہے" اس کی اور بھی بہت سی مثالیں ہیں جنہیں ہم عنقریب اس کتاب میں آگے چل کر نقل کریں گے۔ اگر اللہ نے چاہا۔

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنِ الِاصْطِيَادِ بَيْنَ لَابَتَيِ الْمَدِينَةِ اِذِ اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا حَرَّمَهَا عَلٰى لِسَانِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ مدینہ منورہ کی حدود میں شکار کیا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کی زبانی اسے "حرم" قرار دیا ہے

3751 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): لَوْ رَاَيْتُ الظِّبَاءَ تَرْتَعُ بِالْمَدِيْنَةِ مَا ذَعَرْتُهَا، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ لَابَتَيْهَا حَرَامٌ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر میں مدینہ منورہ میں کسی ہرن کو چرتا ہوا دیکھوں تو اسے پکڑنے کی کوشش نہیں کروں گا کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: "یہ دونوں کناروں کے درمیان کی جگہ حرم ہے"۔

3751- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 2/889 في الجامع: باب ما جاء في تحريم المدينة .وأخرجه أحمد 2/236، والبخاري 1873 في فضائل المدينة باب لابتي المدينة، ومسلم 1372 في الحج باب فضل المدينة، والترمذي 3921 في المناقب باب ما جاء في فضل المدينة، والنسائي في الحج من الكبرى كما في التحفة 10/41، وابن الجارود 510، والبيهقي 5/196 من طرق عن مالك بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/256 و 487، ومسلم 1372 472، والبيهقي 5/196 من طريقين عن الزهري، به .وفي إحدى روايتي أحمد: "لو رأيت الأروى تجوس ما بين لا بتيها ما هجتها ولا مسستها . . ." .وأخرجه البخاري 1869 في فضائل المدينة باب حرم المدينة، من طريق عسيد المقبري عن أبي هريرة مرفوعاً بلفظ: "حُرِّمَ ما بين لابتي المدينة على لساني"، وليس فيه كلام أبي هريرة الأول .

ذِكْرُ الزَّجْرِ عَنْ اَنْ يُعْضَدَ شَجَرُ حَرَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اس بات کی ممانعت کا تذکرہ کہ اللہ کے رسول کے حرم کے درخت کو اکھاڑا جائے

3752 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ بُجَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ الْبُخَارِيُّ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِيْ اُوَيْسٍ، حَدَّثَنَا خَارِجَةُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِيْهِ الْحَارِثِ بْنِ رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ الْجُهَنِيِّ ثُمَّ الرَّبْعِيِّ

(متن حدیث): اَنَّهُ، سَاَلَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ، فَقَالَ: لَنَا غَنَمٌ وَغِلْمَانٌ، وَهُمْ يُخَبِّطُوْنَ عَلٰى غَنَمِهِمْ هٰذِهِ الثَّمَرَةَ الْحُبْلَةَ، وَهِيَ ثَمَرَةُ السَّمُرِ؟، فَقَالَ جَابِرٌ: لَا، ثُمَّ قَالَ: لَا يُخْبَطُ، وَلَا يُعْضَدُ مُحْرِمُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلٰكِنْ هُشُّوا هَشًّا، ثُمَّ قَالَ: اِنْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَنْهَانَا اَنْ نَقْطَعَ الْمَسَدَ وَمِرْوَدَ الْبَكَرَةِ.

❀❀ حارث بن رافع بیان کرتے ہیں: انہوں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا وہ بولے: ہماری بکریاں بھی ہیں اور بال بچے بھی ہیں' تو ان بال بچوں نے اپنی ان بکریوں کو پتے توڑ کر دینے ہوتے ہیں اور جو اس سمر کے درخت کے ہوتے ہیں' تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جی نہیں۔ پھر انہوں نے فرمایا: یہاں کے پتوں کو توڑا نہیں جائے گا اور یہاں کے (درخت کو) کاٹا نہیں جائے گا' کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حرم قرار دیا ہے' البتہ تم لوگ آرام سے جھاڑ سکتے ہو۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارُ عَنْ اِرَادَتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِجْلَاءَ اَهْلِ الْكِتَابِ مِنَ الْمَدِيْنَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارادہ کیا تھا کہ مدینہ منورہ سے اہل کتاب کو جلاوطن کر دیں

3753 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُؤَمَّلُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ عُمَرَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): لَئِنْ عِشْتُ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ لَاُخْرِجَنَّ الْيَهُوْدَ، وَالنَّصَارٰى مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ حَتّٰى لَا يَبْقٰى فِيْهَا اِلَّا مُسْلِمٌ

3752– إسناده ضعيف، إسماعيل بن ابی أويس رواية غير الخاری عنه ضعيفة، لكن تابعه عليه محمد بن خالد عن أبی داوٗد . والحارث بن رافع لم يوثقه غير المصنف، وقال ابن القطان: لا يعرف .وأخرجه البيهقی 5/200 من طريق الحسن بن علی بن زياد السرى، عن إسماعيل بن أبی أويس، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داوٗد 2039 فی المناسك باب فی تحريم المدينة، من طريق محمد بن خالد عن خارجة بن الحارث، ع اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عليه وسلم قال: "لا يخبط . . . ." .وفی الباب عن جابر مرفوعاً عند مسلم 1362 بلفظ: "وإن إبراهيم حرم مكة، وإنی حرمت المدينة ما بين لابيتها، لا يقطع عضاها ولا يُصاد صيدها" .

3753 - حضرت عمر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''اگر اللہ نے چاہا اور میں زندہ رہ گیا' تو میں یہودیوں اور عیسائیوں کو جزیرہ عرب سے نکال دونگا' یہاں تک کہ اس میں صرف مسلمان باقی رہ جائیں گے''۔

3753- حديث صحيح، مؤمل بن إسماعيل وإن كان كثير الخطأ- قد توبع، وسفيان: هو الثورى، وأبو الزبير صرح بالتحديث عن عبد الرزاق، ومسلم وغيرهما، فانتفت شبهة تدليسه .وأخرجه مسلم 1767 فى الجهاد والسير باب إخراج اليهود والنصارى من جزيرة العرب، والترمذى 1606 فى السير باب ما جاء فى إخراج اليهود والنصارى من جزيرة العرب، والنسائى فى السير من الكبرى كما فى التحفة 8/16، والطحاوى فى مشكل الآثار 4/12، والحاكم 4/274، والبيهقى 9/207 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد، وقال الحاكم: هذا حديث صحيح على شرط مسلم ولم يخرجاه .وأخرجه عبدرزاق 9985، وابن أبى شيبة 12/345، وأحمد 1/29 و 3/345، ومسلم 1767، وأبو داوُد 3030 فى الخراج والأمارة والفىء باب فى إخراج اليهود من جزيرة العرب، والترمذى 1607، والطحاوى 4/12، والبغوى 2756 من طرق عن أبى الزبير، بِهِ .وأخرجه أبو عبيدة فى الأموال 270 و 271 من طريق حماد، والطحاوى فى شرح مشكل الآثار 4/12، من طريق سفيانن كلاهما عن ابى الزبير عن جابر، ولم يذكر فيه عمر بن الخطاب .

بَابٌ مُقَدِّمَاتُ الْحَجِّ

باب: حج کے مقدمات کا بیان

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الْحَجِّ لِلرَّجُلِ عَلَى الرِّحَالِ وَاِنْ كَانَ مُوْسِرًا بِغَيْرِهَا

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ پالان پر (حج کے لیے جائے) اگرچہ وہ اتنا خوشحال ہو کہ کسی دوسری چیز پر جا سکتا ہو

3754 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، وَاَبُوْ يَعْلٰى مِنْ كِتَابِهٖ، قَالَا: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ بَكْرٍ الْمُقَدَّمِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَزْرَةُ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ،

(متن حدیث): قَالَ: حَجَّ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَلٰى رَحْلٍ، وَلَمْ يَكُنْ شَحِيحًا، وَحَدَّثَ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَجَّ عَلٰى رَحْلٍ، وَكَانَتْ زَامِلَتَهٗ

❀❀ ثمامہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے پالان پر بیٹھ کر (سفر کر کے) حج کیا وہ کنجوس آدمی نہیں تھے لیکن انہوں نے یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم ﷺ بھی پالان پر سوار ہو کر حج کے لئے گئے تھے وہ آپ کی سواری تھی۔ (زاملة اس اونٹنی کو کہا جاتا ہے جس پر ساز وسامان لادا جاتا ہے)۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّحُجَّ مَاشِيًا، وَاِنْ كَانَ قَادِرًا عَلَى الرُّكُوبِ اقْتِدَاءً بِكَلِيمِ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ

آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ پیدل حج کے لیے جائے

اگرچہ وہ سواری کرنے پر قدرت رکھتا ہو آدمی اللہ کے کلیم (یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام) کی اقتداء کرتے ہوئے ایسا کرے گا اللہ ہمارے نبی پر اور ان پر درود نازل کرے

3754- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البخاري 57 في الحج: باب الحج على الرحل، عن محمد بن أبي بكر بهذا الإسناد .وذكر الحافظ المزي في الأطراف 1/160 أن البخاري روى تعليقاً، وكذا أشار إلى ذلك البيهقي في "سننه" فقال: أخرجه البخاري في "الصحيح" فقال: وقال محمد بن أبي بكر . . . وقال الحافظ في "الفتح" 3/381: وكذا وقع في رواية أبي ذر ولغيره: "وقال محمد بن أبي بكر" وقد وصله الإسماعيلي، قال: حدثنا أبو يعلى والحسن بن سفيان وغيرهما قالوا: حدثنا محمد بن أبي بكر، به .وأخرجه البيهقي 4/332

3755 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجَنَدِيُّ بِمَكَّةَ، حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، قَالَ: وَحَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ،

(متن حدیث):اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلٰى مُوْسَى بْنِ عِمْرَانَ مُنْهَبِطًا مِّنْ ثَنِيَّةَ هَرْشَى مَاشِيًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''گویا کہ میں اس وقت بھی حضرت موسیٰ بن عمران علیہ السلام کی طرف دیکھ رہا ہوں جو ہرشی کی گھاٹی سے پیدل نیچے کی طرف اتر رہے ہیں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ حَجَّ الرَّجُلِ بِامْرَاَتِهِ الَّتِي وَجَبَ عَلَيْهَا فَرِيضَةُ الْحَجِّ، وَلَا مَحْرَمَ لَهَا غَيْرُهُ اَفْضَلُ مِنْ جِهَادِ التَّطَوُّعِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ آدمی کا اپنی بیوی کے ہمراہ حج کرنا

وہ بیوی جس پر حج کی ادائیگی فرض ہو چکی ہو اور اس شوہر کے علاوہ اور کوئی اس کا محرم نہ ہو تو آدمی کے لیے یہ بات نفلی جہاد سے افضل ہے

3756 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَحْمُوْدِ بْنِ مُقَاتِلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا مَعْبَدٍ، يَقُوْلُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُوْلُ:

(متن حدیث):سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَخْطُبُ، فَقَامَ اِلَيْهِ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اكْتُتِبْتُ فِيْ غَزَاةِ كَذَا وَكَذَا، وَخَرَجَتِ امْرَاَتِي حَاجَّةً، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَحُجَّ بِامْرَاَتِكَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو منبر پر خطبہ دیتے ہوئے یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ایک شخص آپ کے سامنے کھڑا ہوا اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا نام فلاں فلاں غزوے میں شرکت کے لئے نوٹ کر لیا گیا ہے جبکہ میری بیوی حج کے لئے روانہ ہونا چاہتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جاؤ اور اپنی بیوی کو حج کرواؤ۔

3755- علی زیاد اللحجی: ترجم له المصنف فی "ثقاته" 8/470 فقال: من أهل الیمن، سمع ابن عیینة، وكان راویاً لأبی قرة، حدثنا عن المفضل ابن محمد الجندی، مستقیم الحدیث، مات یوم عرفة سنة ثمان وأربعین ومئتین . واللَّحجی - بفتح اللام وسكون الحاء -: نسبة إلی لَحج، وهی قریة من بلاد الیمن نزلها بطن من حمیر، وهو لحج بن وائل بن الغوث . . . فنسبت إلیهم . وأبو قرة: هو موسی بن طارق الیمانی: ثقة روی له النسائی، ومن فوقه من رجال الشیخین . ویحی بن سعید: هو ابن قیس الأنصاری المدنی .وفی الباب عن ابن عباس عند مسلم 166 وسیرد عند المصنف برقم 3801 و 6186 ویخرج من هناك .

3756- إسناده صحیح علی شرط مسلم، رجاله رجال الشیخین غیر عبد الجبار بن العلاء فمن رجال مسلم، وقد تقدم برقم 2731 .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ خُرُوْجَ الْمَرْءِ مَعَ امْرَاَتِهٖ، اِذَا خَرَجَتْ مُؤَدِّيَةً لِفَرْضِهَا فِي الْحَجِّ اَفْضَلُ مِنْ خُرُوْجِهٖ فِيْ جِهَادِ التَّطَوُّعِ

اس بات کا تذکرہ کہ آدمی کا اپنی بیوی کے ہمراہ جانا جب عورت فرض حج کی ادائیگی کے لیے نکلتی ہے تو یہ آدمی کے لیے نفلی جہاد کے لیے نکلنے سے افضل ہے

3757 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْجَبَّارِ بْنُ الْعَلَاءِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ اَبِيْ مَعْبَدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا يَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا وَمَعَهَا ذُو مَحْرَمٍ، فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي اكْتُتِبْتُ فِيْ غَزْوَةِ كَذَا وَكَذَا وَانْطَلَقَتِ امْرَاَتِي حَاجَّةً، فَقَالَ: انْطَلِقْ فَحِجَّ مَعَ امْرَاَتِكَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''کوئی بھی شخص کسی عورت کے ساتھ تنہا ہرگز نہ ہو اس عورت کے ساتھ اس کا کوئی محرم بھی ہونا چاہئے۔ ایک صاحب کھڑے ہوئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا نام فلاں فلاں جنگ میں حصہ کے لئے نوٹ کرلیا گیا ہے' حالانکہ میری بیوی حج کے لئے جانا چاہتی ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم جاؤ اور اپنی بیوی کے ہمراہ حج کرو''۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الزَّجْرَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ اِنَّمَا هُوَ زَجْرُ تَحْرِيْمٍ لَا زَجْرُ تَاْدِيْبٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ یہ ممانعت جو ہم نے ذکر کی ہے یہ حرمت کے طور پر ممانعت ہے ادب سکھانے کے لیے نہیں ہے

3758 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيْمِ صَاعِقَةُ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

(متن حدیث): لَا يَحِلُّ لِامْرَاَةٍ اَنْ تُسَافِرَ اِلَّا مَعَ ذِيْ مَحْرَمٍ

✿✿ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''کسی بھی عورت کے لئے سفر کرنا جائز نہیں ہے' البتہ اس کا محرم ساتھ ہو' تو اس کا حکم مختلف ہے''۔

3757- إسناده صحيح على شرط مسلم . وهو مكرر ما قبله .

3758- إسناده حسن وقد تقدم برقم 2732 .

بَابُ مَوَاقِيتُ الْحَجِّ

باب: حج کے مواقیت کا بیان

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اَرَادَ الْحَجَّ اَوِ الْعُمْرَةَ اَنْ يُحْرِمَ مِنَ الْمَوَاقِيتِ

جو شخص حج یا عمرے کا ارادہ کرتا ہے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ مواقیت سے احرام باندھ لے

3759 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهٗ قَالَ:

(متن حدیث): اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ اَنْ يُهِلُّوْا مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَاَهْلَ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وَاَهْلَ نَجْدٍ مِّنْ قَرْنٍ ، قَالَ ابْنُ عُمَرَ: اَمَّا هٰؤُلَاءِ فَسَمِعْتُهُنَّ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُخْبِرْتُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَيُهِلُّ اَهْلَ الْيَمَنِ مَنْ يَلَمْلَمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اللہ کے رسول نے اہل مدینہ کو یہ حکم دیا ہے کہ وہ ذوالحلیفہ سے اور اہل شام جحفہ سے اور اہل نجد قرن سے احرام باندھیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: یہ وہ مقامات ہیں جن کے بارے میں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنا ہے مجھے یہ بات بتائی گئی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اہل یمن یلملم سے احرام باندھیں گے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3760 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ الْمَقَابِرِيُّ، حَدَّثَنَا

3759– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ " 1/330 في الحج: باب مواقيت الحج .وأخرجه الشافعي 1/279، والدارمي 2/30، والبيهقي 5/26 من طريق مالك، بهذا الإسناد .وأخرجه الشافعي 1/288، وأحمد 2/9و11و130و140و151، والبخاري 1522 في الحج: باب فرض مواقيت الحج والعمرة و 1527 و 1528 باب مهلّ أهل نجد، ومسلم 1182 في الحج: باب مواقيت الحج، والنسائي 5/125 في الحج: باب ميقات أهل نجد، وابن خزيمة 2589، والطحاوي 2/117و119، والبيهقي 5/26 من طرق عن سالم بن عبد الله، عن أبيه عبد الله بن عمر بنحوه . وانظر الحديث التالي .

إِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: وَأَخْبَرَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ أَنَّهُ، سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ:

(متن حدیث): أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهْلَ الْمَدِينَةِ أَنْ يُهِلُّوا مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَأَهْلَ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وَأَهْلَ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ: وَأُخْبِرْتُ أَنَّهُ قَالَ: وَيُهِلُّ أَهْلَ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مدینہ کو ذوالحلیفہ سے اہل شام کو جحفہ سے اہل نجد کو قرن سے احرام باندھنے کا حکم دیا ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: مجھے یہ بات بتائی گئی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اہل یمن اہل یلملم سے احرام باندھیں گے۔

ذِكْرُ الْمَوَاقِيتِ لِلْحَاجِّ، وَمَا يَلْبَسُ مِنَ اللِّبَاسِ، عِنْدَ إِحْرَامِهِ

حاجی کے لیے (مقرر کردہ) مواقیت کا تذکرہ (نیز اس بات کی وضاحت کہ وہ احرام باندھتے ہوئے کس طرح کا لباس پہنے گا؟

3761 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ بِنَسَا، وَأَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى التَّمِيمِيُّ بِالْمَوْصِلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ أَبُو الْفَضْلِ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ حَفْصٍ الْعُمَرِيُّ، أَخْبَرَنِي نَافِعٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): أَنَّ رَجُلًا نَادَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مِنْ أَيْنَ تَأْمُرُنَا أَنْ نُهِلَّ؟، فَقَالَ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُهِلُّ أَهْلُ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَيُهِلُّ أَهْلُ الشَّامِ مِنَ الْجُحْفَةِ، وَيُهِلُّ أَهْلُ نَجْدٍ مِنْ قَرْنٍ ، قَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ: وَيَزْعُمُونَ أَنَّهُ قَالَ: وَيُهِلُّ أَهْلُ الْيَمَنِ مِنْ يَلَمْلَمَ أَوْ أَلَمْلَمَ - شَكَّ يَحْيَى -

---

3760- إسناده صحيح على شرط مسلم . رجاله ثقات رجال الشيخين غير يحي بن أيوب فمن رجال مسلم، وهو مكرر ما قبله . وأخرجه مسلم 1182 15 في الحج: باب فرض مواقيت الحج: عن يحي بن أيوب، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم 1182، وابن خزيمة 2593 من طرق عن إسماعيل بن جعفر، به . وأخرجه أحمد 2/50و135، والبخارى 7344 في الاعتصام: باب ما ذكر النبي صلى الله عليه وسلم وحض على إتفاق أهل العلم، والطحاوى 2/117و118 من طرق عن سفيان، وأحمد 2/46و107عن شعبة، كلاهما عن عبد الله بن دينار، به .

3761- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرج القسم الأول منه: مالك 1/330331 في الحج: باب مواقيت الإهلال، والشافعي 1/289، وأحمد 2/3و47و48، والدرامى 2/29-30، والبخارى 133 في العلم: باب ذكر العلم والفتيا في المسجد، و 1525 في الحج: باب ميقات أهل المدينة، ومسلم 1182 في الحج: باب فرض مواقيت الحج، وأبو داوود 1737 في المناسك: باب في المواقيت, والترمذى 831 في الحج: باب ما جاء في مواقيت الإحرام لأهل الآفاق، والنسائى 5/22 في الحج: باب ميقات أهل المدينة، 5/22-23 باب ميقات أهل الشام، وفي العلم من "الكبرى" كما في التحفة" 6/201، وابن ماجة 2914 في المناسك: باب مواقيت الحج، والطحاوى 2/118 والبيهقي 5/26، والبغوى 1858 من طرق عن نافع، بهذا الإسناد . وأما القسم الثاني فسيرد عند المؤلف برقم 3784 ويخرج هناك .

وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا نَلْبَسُ مِنَ الثِّيَابِ اِذَا اَحْرَمْنَا، فَقَالَ: لَا تَلْبَسُوا الْقَمِيصَ، وَلَا السَّرَاوِيْلَاتِ، وَلَا الْعَمَائِمَ، وَلَا الْبَرَانِسَ، وَلَا الْخِفَافَ، اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ الرَّجُلُ لَيْسَتْ لَهُ نَعْلَانِ، فَلْيُقْطَعِ الْخُفَّيْنِ اَسْفَلَ مِنَ الْكَعْبَيْنِ، وَلَا يَلْبَسُ ثَوْبًا مَسَّهُ زَعْفَرَانٌ، اَوْ وَرْسٌ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:۔ایک شخص نے بلند آواز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کرتے ہوئے دریافت کیا۔آپ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں کہ ہم کہاں سے احرام باندھیں؟ تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اہل مدینہ ذوالحلیفہ سے اہل شام جحفہ سے اہل نجد قرن سے احرام باندھیں گے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: لوگ یہ کہتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات بھی ارشاد فرمائی ہے اہل یمن' اہل یلملم سے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہے) ایلملم سے احرام باندھیں گے یہ شک یحییٰ نامی راوی کو ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: ہم احرام باندھیں' تو ہم کون سے کپڑے پہنیں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم قمیض شلوار' عمامہ' ٹوپی موزے نہ پہنو' البتہ اگر کسی کے پاس جوتے نہ ہوں' تو وہ ٹخنوں سے نیچے اپنے موزے کاٹ لے اور (احرام والا شخص) ایسا کوئی کپڑا نہیں پہنے گا' جس پر زعفران یا ورس لگا ہوا ہو۔

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِى كَانَ يُهِلُّ الْحَاجُّ مِنْهُ، اِذَا كَانَ طَرِيْقُهُ عَلَى الْمَدِيْنَةِ، اَوْ نَوَاحِيهَا

اس جگہ کا تذکرہ جہاں سے حاجی تلبیہ پڑھنا شروع کرے گا جبکہ اس کا راستہ مدینہ منورہ سے ہو یا اس کے آس پاس کے علاقوں سے ہو

3762 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ

(متن حدیث): اَنَّهُ، سَمِعَ اَبَاهُ يَقُوْلُ: بَيْدَاؤُكُمْ هٰذِهِ الَّتِى تَكْذِبُوْنَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا مَا اَهَلَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا مِنْ عِنْدِ الْمَسْجِدِ، يَعْنِىْ مَسْجِدَ ذِى الْحُلَيْفَةِ

✿✿ سالم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا: یہ بیداء وہ جگہ ہے' جس کے بارے میں تم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف غلط بات منسوب کرتے ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کے پاس سے تلبیہ پڑھا تھا (ان کی مراد) مسجد ذوالحلیفہ تھی۔

3762- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو فى الموطأ 1/332 فى الحج: باب العمل فى الإهلال . وأخرجه البخارى 1541 فى الحج: باب الإهلال عند مسجد ذى الحليفة، ومسلم 1886 فى الحج: باب أمر أهل المدينة بالإحرام من عند مسجد ذى الحليفة, وأبو داوود 1771 فى المناسك: باب فى وقت الإحرام، والنسائى 5/162-163 فى الحج: باب العمل فى الإهلال، والطحاوى 2/122 والبغوى 1869 من طرق عن مالك، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/10، والحميدى 659 والبخارى 1541، ومسلم 1186 24 والترمذى 818 فى الحج: باب ما جاء من أى الموضعين أحرم النبى صلى الله عليه وسلم، وابن خزيمة 2611 من طرق عن سفيان، عن موسى بن عقبة، به .

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي يُهِلُّ الْمَرْءُ فِيهِ، إِذَا عَزَمَ عَلَى الْحَجِّ، وَهُوَ بِمَكَّةَ

اس وقت کا تذکرہ جہاں سے آدمی تلبیہ پڑھنا شروع کرتا ہے

جب وہ حج کا پختہ ارادہ کر لے اور وہ مکہ میں موجود ہو

3763 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ،

(متن حدیث): اَنَّهُ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ رَاَيْتُكَ تَصْنَعُ اَرْبَعًا لَمْ اَرَ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِكَ يَصْنَعُهَا، قَالَ: مَا هِيَ يَا ابْنَ جُرَيْجٍ قَالَ: رَاَيْتُكَ لَا تَمَسُّ مِنَ الْاَرْكَانِ اِلَّا الْيَمَانِيَّيْنِ، وَرَاَيْتُكَ تَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ، وَرَاَيْتُكَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَةِ، وَرَاَيْتُكَ اِذَا كُنْتَ بِمَكَّةَ اَهَلَّ النَّاسُ اِذَا رَاَوُا الْهِلَالَ وَلَمْ تُهِلَّ اَنْتَ حَتّٰى يَكُونَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ، فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ: اَمَّا الْاَرْكَانُ، فَاِنِّي لَمْ اَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَلِمُ اِلَّا الْيَمَانِيَّيْنِ، وَاَمَّا النِّعَالُ السِّبْتِيَّةُ، فَاِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ الَّتِي لَيْسَ فِيهَا شَعَرٌ، وَيَتَوَضَّاُ فِيهَا، فَاَنَا اُحِبُّ اَنْ اَلْبَسَهَا، وَاَمَّا الصُّفْرَةُ، فَاِنِّي رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصْبُغُ بِهَا، وَاَمَّا الْاِهْلَالُ، فَاِنِّي لَمْ اَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُهِلُّ حَتّٰى تَنْبَعِثَ بِهِ رَاحِلَتُهُ

❀❀ سعید بن ابوسعید مقبری بیان کرتے ہیں: عبید بن جریج نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا: اے ابوعبدالرحمٰن! میں نے آپ کو چار کام کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ جو میں نے آپ کے ساتھیوں میں سے کسی کو کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ انہوں نے دریافت کیا: اے ابن جریج! وہ کون سے کام ہیں۔ ابن جریج نے کہا: میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ دو یمانی ارکان کو چھوتے ہیں اور میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ آپ سبتی جوتے پہنتے ہیں۔ میں نے آپ کو دیکھا کہ آپ زرد رنگ سے رنگتے ہیں اور میں نے آپ کو دیکھا ہے کہ جب آپ مکہ میں مقیم ہوں، تو لوگ پہلی کا چاند دیکھنے کے ساتھ ہی تلبیہ پڑھنا شروع کر دیتے ہیں،

3763– إسناده صحيح على شرط الشيخين ـ وهو في "الموطأ" 1/333 في الحج: باب العمل في الإهلال . وأخرجه مطولاً ومفرقاً البخاري 166 في الوضوء : باب غسل الرجلين في النعلين ولا يمسح على النعلين، و 5851 في اللباس: باب النعال السبتية وغيرها، ومسلم 1187 في الحج: باب الإهلال من حيث تنبعث الراحلة، وأبو داؤد 1772 في المناسك: باب في وقت الإحرام، والترمذي في "الشمائل" "47"، والنسائي 1/80–81 في الطهارة: باب الوضوء في النعل، و 5/163–164 في الحج باب العمل في الإهلال، و 5/232 باب ترك استلام الركنين الإخرين، والطحاوي 2/184، وأبو الشيخ في "أخلاق النبي" ص36، والبيهقي 5/31و76، والبغوي 1870 من طرق عن مالك .وأخرجه الحميدي 651 وابن أبي شيبة 8/443، وأحمد 2/17–18، والنسائي 1/80–81 و 5/163–164و232، وابن ماجة 3626 مقطعاً من طرق عن سعيد المقبري، بِهِ . وأخرجه مسلم 1187 26 من طريق ابن قسيط عن عبيد الله بن جريج، بِهِ .وأخرجه الدارمي 1/71، وأحمد 2/29و36و 37، والبخاري 1514 في الحج: باب قول الله تعالى: (يَاْتُوكَ رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ . . .) (الحج: 27) .و 1552 باب من اَهَلَّ حين استوت به راحلته قائماً، ومسلم 1187 والنسائي 5/162–163و 232، وابن خزيمة 2725، والبيهقي 5/76 مقطعاً من طريقين عَنِ ابْنِ عُمَرَ به .

لیکن آپ تلبیہ کے دن تلبیہ پڑھنا شروع کرتے ہیں' تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: جہاں تک ارکان کا تعلق ہے' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو صرف دو یمانی ارکان کا استلام کرتے ہوئے دیکھا ہے جہاں تک سبتی جوتے پہننے کا تعلق ہے میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو سبتی جوتے پہنتے ہوئے دیکھا ہے جن پر بال نہیں ہوتے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم انہیں پہن کر ہی وضو کر لیتے تھے اس لئے میں بھی انہیں پہننا پسند کرتا ہوں جہاں تک زرد رنگ کا تعلق ہے' تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ رنگ استعمال کرتے ہوئے دیکھا ہے جہاں تک تلبیہ پڑھنے کا تعلق ہے تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی وقت تلبیہ پڑھتے ہوئے دیکھا تھا جب آپ کی سواری چلنے کے لئے تیار ہوگئی تھی۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُعْتَمِرِ، اَنْ يَّعْتَمِرَ فِيْ ذِی الْقَعْدَةِ

عمرہ کرنے والے کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ ذیقعدہ کے مہینہ میں عمرہ کر لے

3764 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، قَالَ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرٍ، كُلُّهُنَّ فِيْ ذِی الْقَعْدَةِ: عُمْرَةُ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ ذِی الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَةٌ مِّنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِيْ ذِی الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَةٌ مِّنَ الْجِعْرَانَةِ حِينَ قَسَّمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ فِيْ ذِی الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَةٌ مَعَ حَجَّتِهِ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے کئے ہیں وہ سب ذیقعدہ کے مہینے میں تھے۔ایک عمرہ حدیبیہ سے کیا تھا جو ذیقعدہ کے مہینے میں ہوا۔ایک اس سے اگلے سال ذیقعدہ کے مہینے میں کیا تھا۔ایک عمرہ جعرانہ سے کیا تھا جب آپ نے غزوہ حنین کے مال غنیمت کو تقسیم کیا تھا یہ بھی ذیقعدہ میں ہوا تھا ایک عمرہ آپ نے حج کے ہمراہ کیا تھا۔

3765 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ سَهْلٍ الْجَعْفَرِيُّ،

3764- إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه البيهقي 5/10 من طريق الحسن بن سفيان، بهذا الإسناد .وأخرجه البخاري 4148 في المغازي: باب غزوة الحديبية، ومسلم 1253 في الحج: باب بيان عدد عُمَرِ النبي صلى الله عليه وسلم وأزمانها، وأبو داؤد 1994 في المناسك: باب العمرة، والبيهقي 5/10، والبغوي 1846 من طرق عن هدبة بن خالد، به .وأخرجه أحمد 3/134و256، والبخاري 1778 و 1779 في العمرة: باب كم اعتمر النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم 1253 .

3765- الحسن بن سهل: ذكره المؤلف في "الثقات" 8/177، وروى عن أبي خالد الأحمر، والكوفيين، وروى عنه أبو زرعة، والحسن بن أبي سفيان وغيرهم، وهو متابع .وقوله: "الجعفري" كذا وقع الأصل و "التقاسيم" و "الجرح والتعديل" 3/17، ووقع في المطبوع من ثقات المؤلف "الجعفي" .وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين غير ابن إسحاق، فقد روى له مسلم مقروناً، وهو صدوق، وابن أبي زائدة هو يحيى بن زكريا، بهذا الإسناد .وأخرجه أبو داؤد 1987 في المناسك: باب العمرة، والبيهقي 4/344-345، والطبراني 10907 من طريقين عن يحيى عن زكريا، بهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 2/252 والبخاري 1564 في الحج: باب التمتع والقران وغلإفراد بالحج، و 3832 في مناقب الأنصار: باب أيام الجاهلية، ومسلم 1240 في الحج: باب جواز العمرة في أشهر الحج، والنسائي 5/180-181 .

قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي زَائِدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، وَابْنُ إِسْحَاقَ، عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): وَاللّٰهِ مَا أَعْمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذِي الْحِجَّةِ إِلَّا لِيَقْتَطِعَ بِذٰلِكَ أَمْرَ أَهْلِ الشِّرْكِ، فَإِنَّ هٰذَا الْحَيَّ مِنْ قُرَيْشٍ، وَمَنْ دَانَ دِيْنَهُمْ، كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ: إِذَا عَفَا الْوَبَرُ وَبَرَأَ الدَّبَرُ، وَدَخَلَ صَفَرُ، فَقَدْ حَلَّتِ الْعُمْرَةُ لِمَنِ اعْتَمَرَ، وَكَانُوْا يُحَرِّمُونَ الْعُمْرَةَ حَتّٰى يَنْسَلِخَ ذُو الْحِجَّةِ، فَمَا أَعْمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَائِشَةَ إِلَّا لِيَنْقُضَ ذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهِمْ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اللہ کی قسم! اللہ کے رسول نے ذوالحج کے مہینے میں عمرہ اس لئے نہیں کیا' تا کہ اس کے ذریعے اہل شرک کی روایت کو ختم کریں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ قریش اور ان کے دین کے پیروکار لوگ کہا کرتے تھے جب اونٹ کے بال بڑھ جائیں اور اس کی پشت پر موجود زخم ٹھیک ہو جائے' (یعنی حاجی کے پالان رکھنے کی وجہ سے جو زخم بنتا ہے) اور صفر کا مہینہ شروع ہو جائے تو عمرہ کرنے والے کے لئے عمرہ کرنا جائز ہو جاتا ہے وہ لوگ ذوالحج کے مہینے میں عمرہ کرنے کو حرام قرار دیتے تھے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو عمرہ اسی لئے کروایا تھا' تا کہ ان لوگوں کے اس قول کے برخلاف کریں۔

بَابُ الْاِحْرَامِ

باب: احرام کا بیان

ذِكْرُ اسْتِحْبَابِ التَّطَيُّبِ لِلْاِحْرَامِ اقْتِدَاءً بِالْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

احرام کے لیے خوشبو لگانے کے مستحب ہونے کا تذکرہ تا کہ نبی اکرم ﷺ کی پیروی کی جائے

3766 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيْسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّهَا قَالَتْ: كُنْتُ اُطَيِّبُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاِحْرَامِهٖ قَبْلَ اَنْ يُحْرِمَ وَلِحِلِّهٖ قَبْلَ اَنْ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ

❀❀ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے خود نبی اکرم ﷺ کے احرام باندھنے سے پہلے آپ کے احرام پر اور نبی اکرم ﷺ کے بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے آپ کے احرام کھولنے کے وقت نبی اکرم ﷺ کو خوشبو لگائی تھی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُحْرِمَ مُبَاحٌ لَهٗ، اَنْ يَّبْقٰى عَلَيْهِ اَثَرُ طِيْبِهٖ بَعْدَ اِحْرَامِهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ احرام والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہے کہ اس کے احرام باندھنے کے بعد بھی اس پر خوشبو کا نشان باقی ہو

3767 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ،

3766– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 1/328 في الحج: باب ماجاء في الطيب في الحج. وأخرجه الشافعي 1/297، والبخاري 1539 في الحج: باب الطيب عند الإحرام، ومسلم 1189 133 في الحج: باب الطيب للمحرم عند الإحرام، وأبو داؤد 1745 في المناسك: باب الطيب عند الإحرام، والطحاوي 2/130 والبيهقي 5/34، والبغوي 1863 من طريق مالك، بهذا الإسناد. وأخرجه الشافعي 1/297، والدارمي 2/33، والحميدي 210 و 211 و 212، وأحمد 6/39 و 181 و 214و236، والبخاري 1754 في الحج: باب تطيب المرأة لزوجها، والنسائي 5/137–138، وابن ماجه 2926 في المناسك: باب الطيب عند الإحرام، وابن خزيمة 2580 و 2581، وأبو يعلى 4712، وابن الجارود 414. والطحاوي 2/130، والبيهقي 5/34 من طرق عن عبد الرحمٰن بن القاسم به. وأخرجه الشافعي 1/298، وأحمد 6/107و 186و237و258.

3767– إسناده صحيح على شرط الشيخين. وقد تقدم برقم 1377و1378 وسيأتي برقم 3769.

عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلٰى وَبِيصِ الطِّيبِ فِيْ رَاْسِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مانگ میں خوشبو کی چمک کا منظر گویا کہ آج بھی میری نگاہ میں ہے۔ آپ اس وقت (احرام باندھے) ہوئے تھے۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ، اَنْ يَّبْقٰى عَلَيْهِ اَثَرُ الطِّيبِ بَعْدَ اِحْرَامِهٖ

احرام والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ اس کے احرام کے بعد بھی اس پر خوشبو کا نشان باقی ہو

3768 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيٰى زَحْمَوَيْهِ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ، عَنْ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): طَيَّبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ اِحْرَامِهٖ، فَرَاَيْتُ الطِّيبَ فِيْ مَفْرِقِ رَاْسِهٖ بَعْدَ ثَلَاثٍ، وَهُوَ مُحْرِمٌ

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام باندھنے کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگائی تھی، تو میں نے تین دن گزرنے کے بعد آپ کی مانگ میں خوشبو کا نشان دیکھا تھا آپ اس وقت (احرام باندھے) ہوئے تھے۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ التَّطَيُّبِ لِمَنْ اَرَادَ الْاِحْرَامَ بِالْمِسْكِ

جو شخص احرام باندھنے کا ارادہ کرتا ہے اس کیلئے مشک کو بطور خوشبو لگانے کے مباح ہونے کا تذکرہ

3769 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحَسَنِ الْمَدَائِنِيُّ بِمِصْرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ سِنَانٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ اِبْرَاهِيْمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

3768- حديث صحيح، وهو مكرر 3766 . زكريا بن يحي زحمويه: ترجم له المؤلف في "الثقات" 8/253 وقال حدثنا عنه شيوخنا الحسن بن سفيان وغيره، وكان من المتقنين، وترجم له ابن أبي حاتم في "الجرح والتعديل" 3/101 وقال: روى عن صالح بن عمر وفرج بن فضالة وزياد البكائي . روى عنه أبو زرعة . وشريك: هو ابن عبد الله النخعي، سيء الحفظ، لكنه توبع، وأبو إسحاق: هو السبيعي .وأخرجه النسائي 5/140 141 في المناسك: باب موضع الطيب، عن علي بن حجر، عن شريك، وبهذا الإسناد .وأخرجه أحمد 6/209، والبخاري 2/129-130 من طرق عن إسرائيل بن يونس، عن أبي لإسحاق السبيعي، به . وأخرجه أحمد 6/186 من طريق إبراهيم بن يزيد النخعي، عن الأسود، به .

3769- إسناده صحيح . يزيد بن سنان: هو القزاز البصري، وروى له النسائي . ومن فوقه ثقات من رجال الصحيح . أبو عامر هو عبد الملك بن عمرو القيسي العقدي وهو مكرر 1377 و 1378 و 3767 .

(متن حدیث): كَاَنِّي اَنْظُرُ اِلٰى وَبِيصِ الْمِسْكِ فِيْ مَفْرِقِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ مُحْرِمٌ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ کی مانگ میں خوشبو کی چمک کا منظر گویا کہ آج بھی میری نگاہ میں ہے آپ اس وقت احرام باندھے ہوئے تھے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3770 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ عَوْنٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ كَاسِبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): طَيَّبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ يُحْرِمَ، وَيَوْمَ النَّحْرِ قَبْلَ اَنْ يَطُوْفَ بِالْبَيْتِ بِطِيبٍ فِيهِ مِسْكٌ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کے احرام باندھنے سے پہلے آپ کو خوشبو لگائی تھی اور قربانی کے دن آپ کے بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے آپ کو خوشبو لگائی تھی جس میں مشک ملی ہوئی تھی۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَتَطَيَّبَ لِاِحْرَامِهٖ

جو شخص اپنے احرام کے لیے خوشبو لگاتا ہے اس کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ

3771 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): طَيَّبْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَرَمِهٖ حِينَ يُحْرِمُ وَلِحِلِّهٖ قَبْلَ اَنْ يَطُوفَ بِالْبَيْتِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے جب احرام باندھا تھا اس وقت اور جب آپ نے بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے احرام کھولا تھا اس وقت میں نے نبی اکرم ﷺ کو خوشبو لگائی تھی۔

3770- إسناده حسن . يعقوب بن حميد بن كاسب: صدوق ربما وهم، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وهو مكرر 3766 و 3768 .وأخرجه أحمد 6/186، ومسلم 1191 في الحج: باب الطيب للمحرم عند الإحرام، والترمذي 1917 في الحج: باب ما جاء في الطيب عند الإحلال قبل الزيارة، والنسائي 5/138 في المناسك: باب إباحة الطيب عند الإحرام، وابن خزيمة 2583 من طرق عن هشيم، بهذا الإسناد .

3771- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله . أبو الوليد هو هشام بن عبد الملك الطيالسي . وأخرجه أحمد 6/186 عن شعبة، والطحاوي 2/130 من طريق بشر بن عمر، عن شعبة، بهذا الإسناد . وانظر ما بعده .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَ عَائِشَةَ حِينَ يُحْرِمُ اَرَادَتْ بِهِ قَبْلَ اَنْ يُحْرِمَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ فرمان: ''جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا تھا'' اس سے مراد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام باندھنے سے پہلے ایسا ہوا تھا

3772 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلَّانَ بِاَذَنَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الزِّمَّانِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَيُّوبُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): كُنْتُ اُطَيِّبُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَرَمِهِ قَبْلَ اَنْ يُحْرِمَ وَلِحِلِّهِ قَبْلَ اَنْ يُفِيضَ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام باندھنے سے پہلے اور آپ کے طواف افاضہ کرنے سے پہلے احرام کھولنے کے وقت میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو لگائی تھی۔

ذِكْرُ اِبَاحَةِ الِاشْتِرَاطِ فِي الْاِحْرَامِ لِمَنْ بِهِ عِلَّةٌ

جسے کوئی بیماری لاحق ہو اس کیلئے احرام باندھتے وقت کوئی شرط عائد کرنے کے مباح ہونے کا تذکرہ

3773 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُسَدَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ اِسْحَاقَ الْقُلُوسِيُّ بِنَصِيبِينَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو هَمَّامٍ الصَّلْتُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِضُبَاعَةَ: حُجِّي، وَاشْتَرِطِي اَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي

3772- إسناده صحيح . محمد بن يحي الزماني: ذكره المؤلف في "الثقات" ووثقه الدارقطني، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . عبد الوهاب الثقفي: هو ابن عبد المجيد، وأيوب: هو السختياني . وأخرجه الشافعي 1/296- 297، والدارمي 2/32و33، وأحمد 6/130و161و162و200، والبخاري 5928 في اللباس: باب ما يستحب من الطيب، 5930 باب الذّريرة، ومسلم 1189 في الحج: باب الطيب للمحرم عند الإحرام، والنسائي 5/138 في مناسك الحج: باب إباحة الطيب عند الإحرام، والطحاوي 2/130، وأبو يعلى 4391، والبيهقي 5/34 من طرق عن عروة بن الزبير، بهذا الإسناد .

3773- إسناده صحيح . يعقوب بن إسحاق الفُلُوسي أبو يوسف ذكره المؤلف في "الثقات" 9/286، وقال الخطيب في "التاريخ" 14/285- 286: كان حافظاً ثقة ضابطاً، ولي قضاء نصيبين . ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين غير أبي همام الصلت بن محمد، فإنه من رجال البخاري . وأخرجه الدارقطني 2/235 من طرق عن أبي يوسف يعقوب بن إسحاق الفلوسي، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد أحمد 6/360و419-420و420، وابن ماجه 2937، والطبراني في "الكبير" 24/837 و 840 و 841 و 842، والبيهقي 5/22 عن ضباعة . وأخرجه الطبراني 24/836، والبيهقي 5/222عن جابر . وأخرجه أحمد 6/349، والطبراني 24/773، وابن ماجة 2936 من طريق أبي بكر بن عبد الله بن الزبير، عن جدته أسماء بنت أبي بكر أو سعدى بنت عوف وانظر ما بعده . وضباعة: هي بنت الزبير بن عبد المطلب .

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ ضباعہ رضی اللہ عنہا سے یہ فرمایا تھا: تم حج کرو اور یہ شرط عائد کرو کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی وہاں احرام کھول دوں گی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّمَا اَبَاحَ لِضُبَاعَةَ اَنْ تَشْتَرِطَ فِيْ حَجِّهَا، لِاَنَّهَا كَانَتْ شَاكِيَةً

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیّدہ ضباعہ رضی اللہ عنہا کے لیے یہ چیز مباح قرار دی تھی کہ وہ حج کے موقع پر شرط عائد کرلیں جس کی وجہ یہ تھی کہ وہ بیمار تھیں

3774 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى ضُبَاعَةَ بِنْتِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَهِيَ شَاكِيَةٌ، فَقَالَ لَهَا: حُجِّي وَاشْتَرِطِي، اَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیّدہ ضباعہ بنت زبیر بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے وہ بیمار تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا: تم (حج کا احرام باندھ لو) اور یہ شرط عائد کرو کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی وہاں احرام کھول دونگی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالِاشْتِرَاطِ لِمَنْ اَرَادَ الْحَجَّ وَهُوَ شَاكِي

جو شخص بیمار ہو اور وہ حج کا ارادہ کرلے اسے شرط عائد کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ

3775 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي السَّرِيِّ، حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ، اَنَّ طَاوُسًا اَخْبَرَهُ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰى ضُبَاعَةَ، وَهِيَ شَاكِيَةٌ، فَقَالَتْ: اِنِّي اُرِيْدُ الْحَجَّ، وَاَنَا شَاكِيَةٌ؟، فَقَالَ لَهَا: حُجِّي وَاشْتَرِطِي، اَنَّ مَحِلِّي حَيْثُ حَبَسْتَنِي

3774– حديث صحيح . ابن السرى، وهو محمد بن المتوكل قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه أحمد 6/164، ومسلم 1207 15 في الحج: باب جواز اشتراط المحرم التحلل بعرض المرض ونحوه، والنسائي 5/68 في مناسك الحج: باب الاشتراط في الحج، والدارقطني 2/234– 235، وابن الجارود في "المنتقى" 240، والطبراني في "الكبير" 24/833، والبيهقي 5/221من . طرق عبد الرزاق، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/202، والبخاري 5089 في النكاح: باب الأكفاء في الدين، ومسلم 1207، والنسائي 5/168، والطبراني 24/834 و 835 والبغوي 2000 من طريقين عن هشام بن عروة، عن أبيه . وأخرجه الشافعي 1/382، والبيهقي 5/221 من طريق هشام بن عروة، عن أبيه أبيه مرسلاً، وانظر "شرح السنة" 7/287–289 .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سیدہ ضباعہ رضی اللہ عنہا کے ہاں تشریف لے گئے وہ بیمار تھیں۔ انہوں نے عرض کی: میں حج کرنا چاہتی ہوں اور میں بیمار ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم حج (کا احرام باندھ لو) اور یہ شرط عائد کرو کہ جہاں میں آگے جانے کے قابل نہ رہی وہاں احرام کھول دوں گی۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْحَاجِّ اَنْ يُهِلَّ بِاِهْلَالِ اَخِيهِ، وَاِنْ لَمْ يَسْمَعْ اِهْلَالَهُ بِاُذُنِهِ بَعْدَ اَنْ يَّعْلَمَ اَنَّ ذٰلِكَ بَعْدَهُ

حاجی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ اپنے کسی بھائی کی نیت کے مطابق تلبیہ پڑھ سکتا ہے اگرچہ اس نے اپنے کانوں کے ذریعے (اس دوسرے شخص) کا تلبیہ نہ سنا ہو اس کے بعد کہ اسے یہ بات علم ہو کہ یہ اس کے بعد ہوگا

3776 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ اَسَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُلَيْمُ بْنُ حَيَّانَ، قَالَ: سَمِعْتُ مَرْوَانَ الْاَصْفَرَ يُحَدِّثُ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ عَلِيًّا قَدِمَ مِنَ الْيَمَنِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِمَ اَهْلَلْتَ؟ ، قَالَ: اَهْلَلْتُ بِمَا اَهَلَّ بِهِ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَاِنِّي لَوْلَا اَنَّ مَعِيَ الْهَدْيَ لَحَلَلْتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے تشریف لائے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا: تم نے کیا احرام باندھا ہے (یعنی کیا نیت کی ہے) انہوں نے جواب دیا: میں نے وہی احرام باندھا ہے جو اللہ کے نبی نے باندھا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر میرے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہوتا تو میں احرام کھول دیتا۔

3775- صحيح . ابن أبي السّري قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وقد صرح ابن جريج، وأبو الزبير بالسماع فانتفت شبهة تدليسهما . وأخرجه النسائي 5/168 في الحج: باب الإشتراط في الحج، عن عمران بن يزيد، عن شعيب بن إسحاق، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ طاووس وعكرمة، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/337 ومسلم 1208 في الحج: باب اشتراط المحرم التحلل بعرض المرض ونحوه، وابن ماجة 2938 في الحج: باب الشرط في الحج، والدارقطني 2/235، والبيهقي 5/221 من طرق عن ابن جريج، به وفيه طاوس وعكرمة . وأخرجه الطبراني 11/12023 من طريق عبد الكريم الجزري عن طاوس وعكرمة به . وأخرجه الدارمي 2/34-35، وأحمد 1/330 و 352، ومسلم 1208 106 و107، وأبو داؤد 1776 في المناسك: باب الاشتراط في الحج، والترمذي 1914 في الحج: باب ماجاء في الاشتراط في الحج، وابن الجارود 1415، والطبراني في "الكبير" 11/1909 و 11947، و 24/827 و828 و 829 و 830 و 831 و 832 والبيهقي 5/221 و222 من طرق عن ابن عباس، به .

3776- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو "مسند أحمد" 3/185 . وأخرجه مسلم 1250 في الحج: باب إهلال النبي صلى الله عليه وسلم وهديه، عن عبد الله بن هاشم، عن بهز بن أسد، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 1558 في الحج: باب من أهلّ من زمن النبي صلى الله عليه وسلم كإهلال النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم 1250، والترمذي 956 في الحج: باب رقم 109، والبيهقي 5/15 من طرق عن عبد الصمد بن عبد الوارث، عن سليم بن حيان به .

ذِكْرُ وَصْفِ اِهْلَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِىْ ذَكَرْنَاهُ

نبی اکرم ﷺ کے تلبیہ پڑھنے کی صفت کا تذکرہ جس کا ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3777 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِىْ كَرِيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ اَبِىْ اُنَيْسَةَ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ، قَالَ:

(متن حدیث): حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ اَبِىْ طَالِبٍ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ حَاجًّا، وَخَرَجْتُ اَنَا مِنَ الْيَمَنِ، قُلْتُ: لَبَّيْكَ اِهْلَالًا كَاِهْلَالِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاِنِّىْ اَهْلَلْتُ بِالْعُمْرَةِ، وَالْحَجِّ جَمِيْعًا

❀❀ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ حج کے لئے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے۔ میں یمن سے روانہ ہوا۔ میں نے (نیت کی) کہ میں اسی احرام کے ہمراہ حاضر ہوں جو نبی اکرم ﷺ نے باندھا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے حج اور عمرے دونوں کا ایک ساتھ احرام باندھا ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ اَحْرَمَ فِىْ قَمِيْصِهٖ، اَنْ يَّنْزِعَهٗ نَزْعًا ضِدَّ قَوْلِ مَنْ اَمَرَ بِشَقِّهٖ

جو شخص قمیص پہن کر احرام باندھتا ہے اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ اسے اتار دے یہ بات اس شخص کے موقف کے خلاف ہے جس نے اسے پھاڑنے کا حکم دیا ہے

3778 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ مَوْهَبٍ، حَدَّثَنِى اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَدْ اَحْرَمَ بِعُمْرَةٍ، وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ، وَهُوَ مُتَخَلِّقٌ، فَاَمَرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْزِعَهَا نَزْعًا، وَيَغْتَسِلَ مَرَّتَيْنِ، اَوْ ثَلَاثًا، وَقَالَ: مَا كُنْتَ فَاعِلًا فِىْ حَجَّتِكَ، فَاصْنَعْهُ فِىْ عُمْرَتِكَ

❀❀ صفوان بن یعلی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عمرے کا احرام باندھا ہوا تھا اور جبہ پہنا ہوا تھا اور خوشبو لگائی ہوئی تھی۔ نبی اکرم ﷺ نے اسے یہ ہدایت کی وہ جبہ کو اتار دے اور

3777– إسناده قوی . محمد بن وهب بن أبی كريمة الحرانی: صدوق لا بأس به، روى له النسائی، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . محمد بن سلمة: هو الحران، وأبو عبد الرحيم . هو خالد بن أبی يزيد بن موهب، وعبد الملك بن ميسرة هو الهلالی . وانظر ما قبله .

3778– إسناد صحيح . يزيد بن وهب ثقة، ومن فوقه رجال الشيخين . وأخرجه أبو داؤد 1821 فی المناسك: باب الرجل يحرم فی ثيابه، ومن طريقة البيهقی 5/57 عن يزيد بن موهب، بهذا الإسناد . وانظر ما بعده .

اسے دو یا تین مرتبہ دھوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو کچھ تم حج میں کرتے ہو وہی عمرے میں کرو (یعنی اسی طرح کا احرام باندھو)

ذِكْرُ الْوَقْتِ الَّذِي سَالَ هٰذَا السَّائِلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّا سَالَ

اس وقت کا تذکرہ جس وقت میں نبی اکرم ﷺ سے اس شخص نے اس بارے میں سوالات کیے تھے

3779 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوْخٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا عَطَاءٌ، عَنْ صُفْوَانَ بْنِ يَعْلٰى بْنِ اُمَيَّةَ، عَنْ اَبِيْهِ، قَالَ:

يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، اِنَّ النَّاسَ يَرْمُونَهَا مِنْ فَوْقِهَا ، فَقَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: هٰذَا وَالَّذِي لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ مَقَامُ الَّذِي اُنْزِلَتْ عَلَيْهِ سُورَةُ الْبَقَرَةِ

اعمش بیان کرتے ہیں: میں نے حجاج بن یوسف کو منبر پر یہ بات کہتے ہوئے سنا تم قرآن کو اسی طرح پڑھو جس طرح حضرت جبرائیل نے اسے پڑھا تھا (یعنی یہ کہو) وہ سورۃ جس میں گائے کا ذکر ہے وہ سورۃ جس میں آل عمران کا ذکر ہے وہ سورۃ جس میں خواتین کا ذکر ہے۔

اعمش کہتے ہیں: پھر میری ملاقات ابراہیم نخعی سے ہوئی میں نے انہیں اس بارے میں بتایا' تو انہوں نے حجاج کو برا کہا پھر ابراہیم نخعی نے بتایا: عبدالرحمٰن بن یزید نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ وہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھے اس وقت جب انہوں نے جمرہ عقبہ کو کنکریاں ماری تھیں۔ وہ وادی کے نشیبی حصے میں کھڑے ہوئے تھے۔ انہوں نے وادی کے نشیبی حصے سے سات کنکریاں ماریں ہر کنکری کے ہمراہ تکبیر کہی میں نے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن! لوگ تو وادی کے اوپر والے حصے سے انہیں کنکریاں مارتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے یہ اس ہستی کے کھڑے ہونے کی جگہ ہے جن پر سورۃ بقرہ نازل ہوئی تھی۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَّخْطُبَ النَّاسَ عِنْدَ رَمْيِ الْجَمْرَةِ عَلٰى رَاحِلَتِهٖ اِذَا كَانَ اِمَامًا يَاْمُرُ النَّاسَ وَيَنْهَاهُمْ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب وہ امام ہو

تو جمرہ کو کنکریاں مارنے کے وقت اپنی سواری پر لوگوں سے خطاب کرے اور انہیں (کچھ کاموں کو کرنے کا) حکم دے اور (کچھ کاموں کو کرنے سے) منع کرے

3874 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ اِسْمَاعِيْلَ بْنِ اَبِيْ خَالِدٍ، عَنْ اَخِيهِ، عَنْ اَبِيْ كَاهِلٍ،

3873- حديث صحيح، عبد الغفار بن عبد الله: ذكره المؤلف في الثقات 8/421 فقال: من أهل الموصل، كنيته أبو نصر، يروي عن علي بن مسهر، حدثنا عنه الحسن بن إدريس الأنصاري والمواصلة، مات سنة أربعين ومئتين أو قبلها أو بعدها بقليل، وذكره ابن أبي حاتم في الجرح والتعديل 6/54 وقال: روى عن علي بن مسهر، وعبد الله بن عطارد الطائي المغربي، روى عنه إبراهيم بن يوسف الهِسِنْجاني، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين، وهو في مسند أبي يعلى 5067 وقد تقدم برقم 3870 . وأخرجه مسلم 1296 306 في الحج باب رمي جمرة العقبة من بطن الوادي، والبيهقي 5/129 من طريق منجاب بن الحارث، عن علي بن مسهر، بهذا الإسناد . وأخرجه الحميدي 111 والبخاري 1750 في الحج باب يكبر مع كل حصاة، والنسائي 5/274 في مناسك الحج باب المكان الذي ترمى منه جمرة العقبة، وابن خزيمة 2879 والبغوي 1949 من طرق عن الأعمش، به . ولم يقصد الرواية عن الحجاج، فإنه لم يكن بأهل لذلك، وإنما أراد أن يحكي القصة، ويوضح خطأ الحجاج فيها بما ثبت عمن يرجع إليه في ذلك بخلاف الحجاج، وكان لا يرى إضافة السورة إلى الاسم، فرد عليه إبراهيم النخعي بما رواه عن ابن مسعود من الجواز .

(متن حدیث): قَالَ اِسْمَاعِيلُ: وَقَدْ رَأَيْتُ اَبَا كَاهِلٍ، قَالَ: رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ يَوْمَ عِيدٍ عَلٰى نَاقَةٍ لَهُ خَرْمَاءَ وَحَبَشِيٌّ مُمْسِكٌ بِخِطَامِهَا

اسمٰعیل بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابوکاہل رضی اللہ عنہ کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے وہ کہتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ عید کے دن لوگوں کو خطبہ دے رہے تھے آپ ایک اونٹنی پر سوار تھے جس کے کان (کا کچھ حصہ) کٹا ہوا تھا ایک سیاہ فام شخص نے اس اونٹنی کی لگام کو پکڑا ہوا تھا۔

ذِكْرُ جَوَازِ خِطْبَةِ الْمَرْءِ عَلَى الرَّاحِلَةِ فِي الْاَوْقَاتِ

آدمی کا مختلف اوقات میں اپنی سواری پر (بیٹھ کر) خطبہ دینے کے جائز ہونے کا تذکرہ

3875 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي الْهِرْمَاسُ بْنُ زِيَادٍ الْبَاهِلِيُّ، قَالَ:

(متن حدیث): اَبْصَرْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبِي، وَاَنَا مُرْدِفٌ وَرَاءَهُ عَلٰى جَمَلٍ، وَاَنَا صَبِيٌّ صَغِيرٌ، فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ النَّاسَ عَلٰى نَاقَتِهِ الْعَضْبَاءِ بِمِنًى

حضرت ہرماس بن زیاد باہلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اور میرے والد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے میں اس وقت اونٹ پر اپنے والد کے پیچھے سوار تھا۔ میں کم سن بچہ تھا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو منیٰ میں اپنی اونٹنی عضباء پر (سوار ہو کر) لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے دیکھا ہے۔

3874- رجاله رجال الشيخين غير أخي إسماعيل بن أبي خالد الأحمسي، واسمه سعيد، روى له النسائي وابن ماجه، ووثقه العجلي والمؤلف، وأبو كاهل رضي الله عنه: اسمه قيس بن عائذ، وقيل: عبد الله بن مالك الأحمسي، روى له النسائي وابن ماجه أيضاً هذا الحديث فقط. وأخرجه أحمد 4/306، وابن ماجه 1284 في الصلاة: ما جاء في الخطبة في العيدين، والطبراني في الكبير 18/924، والبيهقي 3/298 من طرق عن وكيع، بهذا الإسناد. وأخرجه النسائي 3/158 في الصلاة باب الخطبة على البعير، وفي الحج من الكبرى كما في التحفة 9/273، والطبراني 18/925، وابن الأثير في أسد الغابة 6/260 من طرق عن إسماعيل بن أبي خالد، به. وعلقه البخاري في تاريخ الكبير 7/142 من طريقين عن إسماعيل، به. وأخرجه ابن ماجه 1285 عن محمد بن عبد الله بن نمير، حدثنا محمد بن عبيد، حدثنا إسماعيل بن أبي خالد، عن أبي كاهل قيس بن عائذ، فذكره.

3875- إسناده حسن، عكرمة بن عمار وإن كان من رجال مسلم- لا يرقى حديثه إلى رتبة الصحيح. أبو الوليد: هو هشام بن عبد الملك الطيالسي. وأخرجه أبو داوُد 1954 في المناسك باب من قال: خطب يوم النحر عن هارون بن عبد الله، عن أبي الوليد، بهذا الإسناد. وأخرجه أحمد 3/485 و 5/7، والنسائي في المناسك من الكبرى كما في التحفة 9/69، والبيهقي 5/140، والطبراني في الكبير 22/393 من طرق عن عكرمة، به. وأخرجه البخاري في التاريخ الكبير 8/246 قال: قال لنا عاصم: حدثنا عكرمة بن عمار، فذكره.

بَابُ الْحَلْقِ وَالذَّبْحِ

باب: سر منڈوانا اور ذبح کرنا

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْحَاجِّ اَنْ يَّذْبَحَ قَبْلَ الرَّمْيِ، اَوْ يَحْلِقَ قَبْلَ الذَّبْحِ مِنْ غَيْرِ حَرَجٍ يَلْزَمُهُ فِيْ ذٰلِكَ الْفِعْلُ

حاجی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ رمی کرنے سے پہلے قربانی کر لے یا قربانی کرنے سے پہلے سر منڈوا لے اس میں کوئی حرج نہیں ہے جو اس فعل کو کرنے سے لازم آئے

3876 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زُهَيْرٍ بِتُسْتَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدَّوْرَقِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ حَلَقَ قَبْلَ اَنْ يَّذْبَحَ، اَوْ ذَبَحَ قَبْلَ اَنْ يَّرْمِيَ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَا حَرَجَ

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا: جو ذبح

3876- إسناده صحيح على شرط الشيخين، هيثم: هو ابن بشير السلمي، وقد صرح بالتحديث عند البخاري وغيره، منصور: هو ابن زاذان الواسطي، وعطاء: هو ابن أبي رباح. وأخرجه أحمد 1/216، والبخاري 1721 في الحج باب الذبح قبل الحلق، والطبراني في الكبير 11350، والطحاوي 2/236، والبيهقي 5/143 من طرق عن هيثم، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 1722 و 6666 في الأيمان باب إذا حنث ناسياً في الأيمان، والطبراني 11417، والبيهقي 5/143 من طرق عن عطاء، به. وأخرجه أحمد 1/216و 310-311، والبخاري 84 في العلم باب من أجاب الفتيا بإجابة اليد والرأس، و 1723 في الحج باب الذبح قبل الحلق، و 1735 باب إذا رمى بعدما أمسى، والنسائي 5/ 272 في مناسك الحج باب الرمي بعد المساء، وابن ماجه 3050 في المناسك باب من قدم نسكاً قبل نسك، والطبراني 11780 و 11967، والبيهقي 5/142-143، والبغوي 1964 من طريقين عن عكرمة، عن ابن عباس وأخرجه أحمد 1/358، والبخاري 1734، ومسلم 1307 في الحج باب من حلق قبل النحر أو نحر قبل الحلق، والطبراني 10909 من طرق عن وهيب عن ابن طاووس، عن أبيه، عن ابن عباس. وعلقه البخاري بإثر حديث 1822 فقال: وقال عفان: أراه عن وهيب، عن ابن خثيم، عن سعيد بن جبير، عن ابن عباس. ووصله أحمد 1/328 عن عفان، حدثنا وهيب،، عن عبد الله بن عثمان بن خثيم فذكره. وعلقه أيضاً عن عبد الرحيم الرازي، عن ابن خثيم، عن عطاء، ووصله الإسماعيلي من طريق احسن بن حماد عنه.

کرنے سے پہلے سر منڈ والیتا ہے یا رمی کرنے سے پہلے جانور ذبح کر لیتا ہے نبی اکرم ﷺ یہی فرماتے رہے کوئی گناہ نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ بِالذَّبْحِ، وَالرَّمْيِ لِمَنْ قَدَّمَ الْحَلْقَ، وَالنَّحْرَ عَلَيْهِمَا مَعَ اِسْقَاطِ الْحَرَجِ عَنْ فَاعِلِ ذٰلِكَ

جو شخص پہلے سر منڈ والیتا ہے یا قربانی کر لیتا ہے اسے بعد میں ذبح کرنے اور رمی کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ اور اس کے مرتکب شخص سے حرج کے ساقط ہونے کا تذکرہ

3877 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانِ الطَّائِيُّ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عِيسَى بْنِ طَلْحَةَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ:

(متنِ حدیث): وَقَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ بِمِنًى لِلنَّاسِ، يَسْاَلُوْنَهُ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ لَمْ اَشْعُرْ، فَحَلَقْتُ قَبْلَ اَنْ اَذْبَحَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ، فَجَاءَهُ رَجُلٌ اٰخَرُ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، لَمْ اَشْعُرْ فَنَحَرْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِيَ، فَقَالَ: ارْمِ وَلَا حَرَجَ، فَمَا سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شَيْءٍ قُدِّمَ وَلَا اُخِّرَ اِلَّا قَالَ: افْعَلْ وَلَا حَرَجَ

✿✿ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم ﷺ منیٰ میں لوگوں کے لئے وقوف کئے ہوئے تھے۔ لوگ آپ سے مسائل دریافت کر رہے تھے۔ ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! مجھے پتہ نہیں تھا میں نے جانور ذبح کرنے سے پہلے ہی سر منڈ والیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اب ذبح کر لو کوئی حرج نہیں ہے ایک اور شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ! مجھے پتہ نہیں تھا میں نے رمی کرنے سے پہلے ہی قربانی کر لیا' تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم اب رمی کر لو کوئی حرج نہیں ہے (راوی کہتے ہیں:) اس دن نبی اکرم ﷺ سے کسی بھی چیز کے پہلے یا بعد میں کیے جانے کے بارے میں پوچھا جاتا' تو آپ یہی فرماتے: تم اب کر لو کوئی حرج نہیں ہے۔

3877- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 1/421 في الحج باب جامع الحج ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 1/378، وأحمد 2/192، والدارمي 2/64-65، والبخاري 83 في العيم باب الفتيا وهو واقف على الدابة وغيرها، و 1736 في الحج باب الفتيا على الدابة عند الجمرة، ومسلم 1306 في الحج باب من حلق قبل النحر أو نحر قبل الحلق، وأبوداؤد 2014 في المناسك باب فيمن قدم شيئاً قبل شيء في حجه، والطحاوي 2/237، والبيهقي 5/140-141، والبغوي 1963 . وأخرجه الطيالسي 2285، وأحمد 2/155و 160 و 202و 210و 217، والدارمي 2/64، والحميدي 580، والبخاري 1737و 1738، ومسلم 1306، والترمذي 916 في الحج باب ما جاء فيمن حلق قبل أن يذبح أو نرح قبل أن يرمي، وابن ماجه 3051 في المناسك باب من قدم نسكاً قبل نسك، وابن الجارود 487و 488، والطحاوي 2/237، والبيهقي 5/140و 141 و 142 من طرق عن الزهري، به

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ الْحَلْقَ قَبْلَ الذَّبْحِ وَالذَّبْحَ قَبْلَ الرَّمْيِ

احرام والے شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ ذبح کرنے سے پہلے سرمنڈوالے یا رمی کرنے سے پہلے ذبح کرلے

3878 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِیُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَيْسِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): اَنَّ رَجُلًا، قَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ذَبَحْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِىَ، فَقَالَ: ارْمِ وَلَا حَرَجَ، فَقَالَ اٰخَرُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، حَلَقْتُ قَبْلَ اَنْ اَذْبَحَ، قَالَ: اذْبَحْ وَلَا حَرَجَ، فَقَالَ اٰخَرُ: طُفْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِىَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، فَقَالَ: ارْمِ وَلَا حَرَجَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے رمی کرنے سے پہلے ذبح کرلیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اب رمی کرلو کوئی حرج نہیں ہے دوسرے صاحب نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے ذبح کرنے سے پہلے سرمنڈوالیا ہے' آپ نے فرمایا: تم اب ذبح کرلو کوئی حرج نہیں ہے ایک اور شخص نے دریافت کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے رمی کرنے سے پہلے طواف کرلیا ہے' آپ نے فرمایا: تم اب رمی کرلو کوئی حرج نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْءَ فِي الْحَلْقِ يَجِبُ اَنْ يَّبْدَاَ بِالْاَيْمَنِ مِنْ رَاْسِهِ ثُمَّ بِالْاَيْسَرِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ سرمنڈوانے کے بارے میں یہ بات ضروری ہے کہ وہ پہلے دائیں طرف کے حصے سے آغاز کرے اور پھر بائیں طرف کو (منڈوالے)

3879 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيْفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِىْ عُمَرَ الْعَدَنِىُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: سَمِعْتُ هِشَامَ بْنَ حَسَّانَ يُخْبِرُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ:

3878– إسناده صحيح على شرط مسلم، حماد بن سلمة وقيس بن سعد وهو المكي– من رجال مسلم، وباقي السند على شرطهما . وأخرجه أحمد3/185، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 2/241، والطحاوي 2/236، والبيهقي 5/143 من طرق عن حماد بن سلمة، بهذا الإسناد . وقال البخاري بإثر حديث ابن عباس 1722 في الحج باب الذبح قبل الحج: وقال حماد عن قيس بن سعد وعباد بن منصور، عن عطاء، عن جابر رضي الله عنه، عن النبي صلى الله عليه وسلم . وهذه الطريق وصلها البيهقي 5/143، وابن حجر في تعليق التعليق 3/96 من طريقين عن حماد بن سلمة، به . وقال الحافظ في الفتح 3/560: وصلها النسائي والطحاوي والإسماعيلي وابن حبان من طرق عن حماد بن سلمة . وأخرجه أحمد 3/326، وابن ماجه 3052 في المناسك باب من قدم نسكاً دون نسك، والطحاوي 2/237، والبيهقي 5/143 من طرق عن أسامة بن زيد، عن عطاء، به . وقال البوصيري في مصباح الزجاجة ورقة191/1: إسناده صحيح ورجاله ثقات .

(متن حدیث): لَمَّا رَمَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ، وَنَحَرَ نُسُكَهُ نَاوَلَ الْحَلَّاقَ شِقَّهُ الْاَيْمَنَ فَحَلَقَهُ، ثُمَّ نَاوَلَ اَبَا طَلْحَةَ الْاَنْصَارِيَّ فَاَعْطَاهُ اِيَّاهُ، ثُمَّ نَاوَلَهُ الشِّقَّ الْاَيْسَرَ، فَقَالَ: اَحْلِقْهُ، فَحَلَقَهُ، فَاَعْطَاهُ اَبَا طَلْحَةَ، وَقَالَ: اقْسِمْهُ بَيْنَ النَّاسِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ کی رمی کر لی اور اپنی قربانی کو قربان کر لیا' تو آپ نے اپنے سر کا دایاں حصہ حجام کی طرف بڑھایا اس نے اسے مونڈ دیا پھر آپ نے (اپنے بال) حضرت ابوطلحہ انصاری رضی اللہ عنہ کو دیئے پھر آپ نے (دوسرا حصہ حجام کی طرف) بڑھایا اور فرمایا: اسے مونڈ دو اس نے اسے منڈ دیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس حصے کے بال بھی) حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کو عطا کر دیئے اور فرمایا: انہیں لوگوں کے درمیان تقسیم کر دو۔

ذِكْرُ دُعَاءِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَغْفِرَةِ لِلْمُحَلِّقِينَ اَكْثَرَ مِمَّا دَعَا لِلْمُقَصِّرِينَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سر منڈوانے والوں کے لیے اس سے زیادہ مرتبہ مغفرت کی دعا کرنے کا تذکرہ جو دعا آپ نے بال چھوٹے کروانے والوں کے لیے کی تھی

3880 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِينَ، قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: اللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْمُحَلِّقِينَ، قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: وَالْمُقَصِّرِينَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگی۔

''اے اللہ! سر منڈوانے والوں پر رحمت کر' لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! بال چھوٹے کروانے والوں کے

3879- إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد تقدم برقم 1372، ابن أبي عمر العدني: اسمه محمد بن يحيى صدوق من رجال مسلم، وباقي رجاله رجال الشيخين، سفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه مسلم 1305 326 في الحج: باب بيان أن السنة يوم النحر أن يرمي ثم ينحر ثم يحلق، والترمذي 912 في الحج: باب ما جاء بأي جانب الرأس يبدأ في الحلق، عن ابن أبي عمر، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/111، والحميدي 1220، وأبوداؤد 1982 في المناسك: باب الحلق والتقصير، والترمذي 912، والنسائي في الحج من الكبرى كما في التحفة 1/371، وابن خزيمة 2928 من طرق عن سفيان، به . وأخرجه أحمد 3/208، ومسلم 1305، وأبوداؤد 1981، وابن الجارود 484، والبيهقي 5/103، والبغوي1962 من طرق عن هشام بن حسان، به .

3880- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في الموطأ 1/395 في الحج: باب الحلاق . وأخرجه أحمد 2/79، والبخاري 1727 في الحج: باب الحلق والتقصير عند الإحلال، ومسلم 1301 317 في الحج: باب تفضيل الحلق على التقصير وجواز التقصير، وأبوداؤد 1979 في المناسك: باب الحلق والتقصير، والبغوي1963، والبيهقي 5/103 من طريق مالك بهذا الإسناد . وأخرجه الطيالسي 1835، والدارمي 2/64، ومسلم 1301 316و 318، والترمذي 913 في الحج: باب ماجاء في الحلق والتقصير، وابن ماجه 3043 في المناسك: باب الحلق، وابن خزيمة2929، وابن الجارود 485 والبيهقي 5/103 من طرق عن نافع، به .

لئے (دعائے رحمت کیجئے) نبی اکرم ﷺ نے دعا کی: اے اللہ! سر منڈوانے والو پر رحم کر لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! بال چھوٹے کروانے والوں (کے لئے بھی دعا کیجئے) نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اور بال چھوٹے کروانے والوں (پر بھی رحم کر)"۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلْمُحْرِمِ إِذَا أَرَادَ طَوَافَ الزِّيَارَةِ، أَنْ يَتَطَيَّبَ بِمِنًى قَبْلَ إِفَاضَتِهِ

محرم شخص کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ جب وہ طواف زیارت کا ارادہ کرے تو روانہ ہونے سے پہلے منیٰ میں خوشبو لگا لے

3881 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الْعَابِدُ بِالْبَصْرَةِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): قَالَتْ عَائِشَةُ: طَيَّبْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِنًى قَبْلَ أَنْ يَزُورَ الْبَيْتَ

❁❁ سالم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بیان کی ہے: میں نے منیٰ میں نبی اکرم ﷺ کو خوشبو لگائی تھی اس سے پہلے کہ آپ بیت اللہ کی زیارت کرتے (یعنی حج سے فارغ ہونے کے بعد ایسا کرتے)

ذِكْرُ وَصْفِ الْإِفَاضَةِ مِنْ مِنًى لِطَوَافِ الزِّيَارَةِ

منیٰ سے طواف زیارت کے لیے روانہ ہونے کے طریقے کا تذکرہ

3882 - (سند حدیث): أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَرْعَرَةَ بْنِ الْبِرِنْدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنَا نَافِعٌ،

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عُمَرَ، أَنَّهُ كَانَ يُفِيضُ يَوْمَ النَّحْرِ، ثُمَّ يَرْجِعُ فَيُصَلِّي الظُّهْرَ بِمِنًى، وَيُذْكَرُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَفْعَلُهُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ قربانی کے دن روانہ ہو جاتے تھے پھر واپس آتے تھے اور ظہر کی نماز منیٰ میں ادا کرتے تھے وہ یہ بات ذکر کرتے تھے کہ نبی اکرم ﷺ بھی ایسا ہی کیا تھا۔

3881- إسناده صحيح على شرط مسلم . محمد بن عبيد بن حساب من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه النسائي 5/136 في مناسك الحج باب إباحة الطيب عند الإحرام، وابن خزيمة 2934 من طرق عن حماد بن زيد، بهذا الإسناد . وانظر الاحاديث: 3766 3770 3771 3772 .

3882- إسناده صحيح على شرط مسلم . إبراهيم بن محمد بن عرعرة من رجال مسلم، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . وأخرجه مسلم 1308 في الحج: باب استحباب طواف الإفاضة يوم النحر، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 6/155، وابن الجارود 486، وابن خزيمة كما في تغليق التعليق 3/101، والحاكم 1/475، والبيهقي 5/144 من طرق عن عبد الرزاق بهذا الإسناد . وصححه الحاكم على شرط الشيخين . وانظر ما بعده .

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ رَفَعَ هٰذَا الْخَبَرِ وَهُمٌ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کیا جو اس بات کا قائل ہے کہ اس روایت کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل کرنا وہم ہے

3883 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَاضَ يَوْمَ النَّحْرِ، ثُمَّ رَجَعَ فَصَلَّى الظُّهْرَ بِمِنًى

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کے دن تشریف لے گئے پھر آپ واپس تشریف لے آئے اور آپ نے ظہر کی نماز منیٰ میں ادا کی۔

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدْ يُوهِمُ غَيْرَ الْمُتَبَحِّرِ فِيْ صِنَاعَةِ الْعِلْمِ اَنَّهُ مُضَادٌّ لِخَبَرِ ابْنِ عُمَرَ الَّذِيْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) کہ یہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے منقول اس روایت کے خلاف ہے جسے ہم نے پہلے ذکر کیا ہے

3884 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اَبِيْ، عَنْ جَدِّيْ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ، عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ، وَالْعَصْرَ، وَالْمَغْرِبَ، وَالْعِشَاءَ، وَرَقَدَ رَقْدَةً بِمِنًى، ثُمَّ رَكِبَ اِلَى الْبَيْتِ، فَطَافَ بِهِ

3883– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله . وهو في المسند 2/34 . ومن طريقه أخرجه ابوداؤد 1998 في المناسك: باب الإفاضة في الحج .

3884– إسناده صحيح، رجاله رجال الصحيح غير شعيب بن الليث، وهو ثقة، روى له أبوداؤد والنسائي . خالد بن يزيد: هو الجمحي المصري . وأخرجه البخاري 1756في الحج باب طواف الوداع، تعليقاً عن الليث، ووصله الدارمي 2/55، والبزار في مسنده كما في الفتح 3/58، وتغليق التعليق 3/111، وسمويه في فوائده كما في هدى السارى ص 38، والتغليق، والطبراني في الأوسط كما في هدى السارى، والفتح والتغليق، ومن طريقه الحافظ في التغليق 3/110–111 من طريق عبد الله بن صالح كاتب الليث، عن الليث، به .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي خَبَرِ ابْنِ عُمَرَ: اَنَّهُ كَانَ يُفِيضُ يَوْمَ النَّحْرِ، ثُمَّ يَرْجِعُ، فَيُصَلِّي الظُّهْرَ بِمِنًى، وَفِي خَبَرِ اَنَسٍ اَنَّهُ صَلَّى الظُّهْرَ، وَالْعَصْرَ، وَالْمَغْرِبَ، وَالْعِشَاءَ، وَرَقَدَ رَقْدَةً بِمِنًى، ثُمَّ رَكِبَ اِلَى الْبَيْتِ، فَطَافَ بِهِ، فَجَعَلَ اَنَسٌ طَوَافَهُ لِلزِّيَارَةِ بِاللَّيْلِ، وَاَخْبَرَنَا ابْنُ عُمَرَ اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَافَ الزِّيَارَةَ قَبْلَ الظُّهْرِ، وَتِلْكَ حَجَّةٌ وَاحِدَةٌ، وَطَوَافٌ وَاحِدٌ لِلزِّيَارَةِ وَالَّذِي يَجْمَعُ بَيْنَ الْخَبَرَيْنِ بِهِ، اَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى جَمْرَةَ الْعَقَبَةِ، وَنَحَرَ، ثُمَّ تَطَيَّبَ لِلزِّيَارَةِ، ثُمَّ اَفَاضَ، فَطَافَ بِالْبَيْتِ طَوَافَ الزِّيَارَةِ، ثُمَّ رَجَعَ اِلٰى مِنًى، فَصَلَّى الظُّهْرَ بِهَا وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ وَرَقَدَ رَقْدَةً بِهَا، ثُمَّ رَكِبَ اِلَى الْبَيْتِ ثَانِيًا، فَطَافَ بِهَا طَوَافًا اٰخَرَ بِاللَّيْلِ دُونَ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَ الْخَبَرَيْنِ تَضَادٌّ اَوْ تَهَاتُرٌ

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر مغرب اور عشاء کی نمازیں ادا کیں پھر آپ منٰی میں تھوڑی دیر کے لئے سو گئے۔ پھر آپ سوار ہو کر بیت اللہ کی طرف آئے اور اس کا طواف کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی نقل کردہ روایت میں یہ بات مذکور ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کے دن روانہ ہوئے تھے پھر آپ واپس تشریف لے آئے تھے اور آپ نے منٰی میں ظہر کی نماز ادا کی تھی جب کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے منقول روایات میں یہ بات مذکور ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کی نماز ادا کی تھیں پھر آپ منٰی میں تھوڑی دیر کے لئے سو گئے تھے پھر آپ سوار ہو کر بیت اللہ گئے پھر آپ نے اس کا طواف کیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف زیارت رات کے وقت کیا تھا جب کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف زیارت ظہر سے پہلے کیا تھا تو یہ ایک ہی حج کی بات ہے اور ایک ہی مرتبہ طواف زیارت کیا تھا تو جن حضرات نے ان دونوں روایات کو جمع کیا ہے انہوں نے یہ بات بیان کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمرہ عقبٰی کی رمی کی، قربانی کی پھر آپ نے طواف زیارت کیا اور خوشبو لگائی پھر آپ روانہ ہوئے آپ نے بیت اللہ کا طواف زیارت کیا پھر آپ منٰی تشریف لے آئے وہاں آپ نے ظہر کی نماز ادا کی۔ عصر، مغرب اور عشاء کی نمازیں ادا کیں پھر وہاں کچھ دیر کے لئے سو گئے۔ پھر آپ سوار ہو کر دوبارہ بیت اللہ کی طرف گئے اور وہاں آپ نے رات کے وقت دوسری مرتبہ طواف کیا تو اس طرح ان دونوں روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف باقی نہیں رہے گا۔

ذِكْرُ الِاسْتِحْبَابِ لِمَنْ اَفَاضَ، مِنْ مِنًى اَلَّا يُصَلِّيَ الظُّهْرَ اِلَّا بِهَا

جو شخص منٰی سے روانہ ہوتا ہے اس کے لیے یہ بات مستحب ہونے کا تذکرہ کہ وہ ظہر کی نماز وہیں ادا کرے

3885 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَنْبَلٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا

3885– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر 3883 .

عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَاضَ يَوْمَ النَّحْرِ، ثُمَّ رَجَعَ، فَصَلَّى الظُّهْرَ بِمِنًى

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قربانی کے دن تشریف لے گئے پھر آپ واپس تشریف لائے اور آپ نے منیٰ میں ظہر کی نماز ادا کی۔

بَابٌ، رَمْيُ الْجِمَارِ اَيَّامَ التَّشْرِيقِ

باب: ایام تشریق میں جمرہ کی رمی کرنا

ذِكْرُ وَصْفِ رَمْيِ الْجِمَارِ اَيَّامَ مِنًى

ایام منیٰ میں رمی کرنے کے طریقے کا تذکرہ

3886 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ، عَنْ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِيْ الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَمٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ ضُحًى، ثُمَّ رَمٰى سَائِرَهُنَّ عِنْدَ الزَّوَالِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کے دن چاشت کے وقت جمرہ کو کنکریاں ماریں' آپ نے باقی دنوں میں زوال کے وقت کنکریاں ماری تھیں۔

ذِكْرُ وَصْفِ رَمْيِ الْمَرْءِ الْجِمَارَ، وَوُقُوفِهِ حِينَئِذٍ اِلٰى اَنْ يَّرْمِيهَا

آدمی کے جمرہ کے رمی کرنے کے طریقے کا تذکرہ اور جب وہ رمی کر رہا ہو اس وقت ٹھہرنے کا تذکرہ

3887 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا طَلْحَةُ بْنُ يَحْيَى، عَنْ يُوْنُسَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ سَالِمٍ،

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ كَانَ يَرْمِي الْجَمْرَةَ الْاُوْلٰى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ، ثُمَّ

3886- إسناده صحيح على شرط مسلم، رجاله ثقات رجال الشيخين غير أبي الزبير، فقد روى له البخاري مقروناً، وقد صرح هو وابن جريج بالتحديث عند مسلم وغيره، فانتفت شبهة تدليسهما . وأخرجه أحمد 3/312-313، والنسائي 5/270 في مناسك الحج باب وقت رمي جمرة العقبة يوم النحر، وابن خزيمة 2968، والدارقطني 2/275 من طرق عن ابن إدريس، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/119، والدارمي 5/85، وأبو داوٗد 1971 في المناسك باب رمي الجمار، والترمذي 894 في الحج باب ما جاء في رمي يوم النحر ضحى، وقال: هذا حديث حسن صحيح وابن حزيمة 2876 2968، وابن الجارود 474، والطحاوي 2/220، والدارقطني 2/275، والبيهقي 5/131و 148-149، والبغوي 1967، وأبو نعيم في المستخرج، ومن طريقه ابن حجر في تغليق التعليق 3/107 من طرق عن ابن جريج، به وذكره البخاري في الحج باب رمي الجمار، في ترجمة الباب

يَتَقَدَّمُ فَيَقُومُ مُسْتَقْبِلًا الْقِبْلَةَ قِيَامًا طَوِيلًا فَيَدْعُو، وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ ثُمَّ يَرْمِي الْجَمْرَةَ ذَاتَ الْعَقَبَةِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ، وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا، ثُمَّ يَنْصَرِفُ، وَيَقُولُ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں یہ بات منقول ہے: وہ پہلے جمرہ کو سات کنکریاں مارتے تھے ہر کنکری کے ہمراہ تکبیر کہتے تھے پھر آگے بڑھ جاتے اور قبلہ کی طرف رخ کر کے کھڑے ہو جاتے وہ طویل قیام کرتے تھے اور دعا مانگتے تھے۔ دونوں ہاتھوں کو بلند کرتے تھے پھر ذات عقبہ والے جمرہ کو وادی کے نشیبی حصے سے کنکریاں مارتے تھے وہ اس کے پاس ٹھہرتے نہیں تھے پھر واپس آ جاتے تھے اور یہ کہتے تھے: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ الْإِبَاحَةِ لِلرِّعَاءِ بِمَكَّةَ، اَنْ يَّجْمَعُوا رَمْىَ الْجِمَارِ فَيَرْمُوْهُ الْيَوْمَيْنِ فِيْ يَوْمٍ

مکہ میں موجود چرواہوں کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ جمرہ کی رمی کو جمع کر لیں اور دو دن کی رمی ایک ہی دن میں کر لیں

3888 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ اَبِي الْبَدَّاحِ بْنِ عَدِيٍّ، عَنْ اَبِيْهِ،

3887– حديث صحيح، إسناده قوي، طلحة بن يحيى وهو ابن النعمان بن أبي عياش الزرقي– وثقه يحيى بن معين، وعثمان بن أبي شيبة وأبو داوٗد، وقال أحمد: مقارب الحديث، وقال أبو حاتم: ليس بالقوي، وقد روى له البخاري مقروناً، واحتج به مسلم، وأبو داوٗد، والنسائي، وابن ماجه، وقد توبع، وباقي رجاله ثقات رجال الشيخين، يونس: هو ابن يزيد الأيلي . وأخرجه البخاري 1751 في الحج باب إذا رمى الجمرتين يقوم مستقل القبلة، ومن طريقه البغوى 1968 عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد . وأخرخه ابن ماجه 3032 في المناسك باب إذا رمى جمرة العقبة لم يقف عندها، عن عثمان بن أبي شيبة، به مختصراً . وأخرجه الدارمي 2/63، والبخاري 1753 باب الدعاء عند الجمرتين، وابن خزيمة 2972، والنسائي 5/276–277 في مناسك الحج باب الدعاء بعد رمي الجمار، والدارقطني 2/275، والحاكم 1/478، والبيهقي 5/148 من طرق عن عثمان بن عمر، عن يونس، بِهِ . وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي . وأخرجه البخاري 1752 عن سليمان هو ابن بلال– عن يونس، بِهِ .

3888– إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيحين غير أبي البدّاح، وهو ابن عاصم بن عدى، ونسب هنا إلى جده، فقد روى له أصحاب السُّنن، وهو ثقة . عبد الله بن أبي بكر: هو ابن محمد بن عمرو بن حزم . وأخرجه أحمد 5/450، والحميدى 854، والترمذى 954 في الحج باب الرخصة في رمي الجمار، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حزم، عن ابيه أن أبا البداح بن عاصم بن عدى، أخبره عن أبيه، ومن طريقه أخرجه أحمد 5/450، والدارمي 2/61–62، والبخاري في التاريخ الكبير 6/477 تعليقاً، وأبو داوٗد 1975 في الحج باب رمي الجمار، والترمذى 955، والنسائي 5/273، وفي الكبرى كما في التحفة 4/226 وابن ماجه 3037 في الحج باب تأخير رمي الجمار من عذر، وأبو يعلى في المسند 315/1، وابن خزيمة 2975و2979، وابن الجارود في المنتقى 478 والحاكم 1/478، والبيهقي 5/150، والبغوى 1970 وقال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح . وأخرجه ابن خزيمة 2976 و2978 من طريقين عن عبد الله بن أبي بكر، بِهِ . وأخرجه ابن ماجه 3036، وابن خزيمة 2977 من طريقين عن ابن عيينة، عن عبد الله بن أبي بكر، عن عبد الملك بن أبي بكر، عن أبي البداح، بِهِ . وأخرجه ابو داوٗد 1976 ومن طريقه البيهقي 5/151 عن مسدد، حدثنا سفيان، عن عبد الله ومحمد ابني أبي بكر، عن أبيهما، عن أبي البداح، بِهِ . وأخرجه أحمد 5/450، والطحاوى 2/222، والبيهقي 5/150–151 من طرق عن ابن جريج، عن محمد بن ابى بكر، عن أبيه، عن أبي البداح، بِهِ .

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلرِّعَاءِ، اَنْ يَّرْمُوْا يَوْمًا، وَيَدَعُوا يَوْمًا

ابوالبداح اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے (اونٹوں کے) چرواہوں کو اس بات کی اجازت دی تھی کہ وہ ایک دن کنکریاں ماریں اور ایک دن نہ ماریں۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْعَبَّاسِ، وَاَهْلِهِ اَنْ يُبَيِّتُوا بِمَكَّةَ لَيَالِي مِنًى مِنْ اَجْلِ سِقَايَتِهِمْ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ اور ان کے اہل خانہ کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ کہ وہ منیٰ کی راتیں مکہ میں بسر کریں کیونکہ انہوں نے (حاجیوں کو آب زم زم پلانا ہوتا ہے)

3889 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِي، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: حَدَّثَنِي نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اسْتَاْذَنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّبِيتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِنْ اَجْلِ سِقَايَتِهِ فَاَذِنَ لَهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے اس بات کی اجازت مانگی کہ وہ منیٰ کی راتیں مکہ میں بسر کریں اس کی وجہ یہ تھی۔ انہوں نے (حاجیوں کو) پانی پلانا ہوتا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں اجازت دے دی۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ هٰذَا الْاَمْرِ لِلْعَبَّاسِ، اِنَّمَا هُوَ اَمْرُ رُخْصَةٍ، وَنَدْبٍ دُوْنَ اَنْ يَّكُوْنَ حَتْمًا وَاِيجَابًا

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ کے لیے یہ حکم رخصت اور استحباب کے طور پر ہے لازمی اور ایجاب کے طور پر نہیں ہے

3890 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ يُوْنُسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لِلْعَبَّاسِ اَنْ يَّبِيتَ بِمَكَّةَ اَيَّامَ مِنًى مِنْ اَجْلِ سِقَايَتِهِ

3889- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه البخاري 1745 في الحج باب هل يبيت أصحاب السقاية أو غيرهم بمكة ليالي منى، عن محمد بن عبد الله بن نمير، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/22 عن عبد الله بن نمير، ومسلم 1315 346 في الحج باب وجوب المبيت بمنى أيام التشريق والترخص في تركه لأهل السقاية، وأبو داؤد 1959 في المناسك باب يبيت بمكة ليالي منى، وابن ماجه 3065 في المناسك باب البيتوتة بمكة ليالي منى، وابو نعيم في المستخرج كما في تغليق التعليق 3/106، والبيهقي 5/153 من طرق عن عبد الله بن نمير، بِه . وانظر ما بعده .

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو اس بات کی اجازت دی تھی کہ وہ منیٰ کے دنوں کی راتیں مکہ میں بسر کرے کیونکہ انہوں نے حاجیوں کو (آب زمزم) پلانا ہوتا ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِإِبَاحَةِ مَا تَقَدَّمَ ذِكْرِنَا لَهَا

اس دوسری روایت کا تذکرہ جو اس چیز کے مباح ہونے کی صراحت کرتی ہے جسے ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3891 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْجَنَدِيُّ بِمَكَّةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ زِيَادٍ اللَّحْجِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ قُرَّةَ مُوسَى بْنُ طَارِقٍ السَّكْسَكِيُّ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اسْتَاْذَنَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّبِيتَ بِمَكَّةَ لَيَالِيَ مِنًى مِنْ اَجْلِ سِقَايَتِهِ، فَاَذِنَ لَهُ مِنْ اَجْلِ السِّقَايَةِ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بات کی اجازت مانگی کہ وہ منیٰ کی راتیں مکہ میں بسر کرے کیونکہ انہوں نے (حاجیوں کو آب زمزم) پلانا ہوتا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پلانے کی خدمت کی وجہ سے انہیں اس بات کی اجازت دے دی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنْ وَّصْفِ اَيَّامِ مِنًى، وَاِسْقَاطِ الْحَرَجِ عَمَّنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ مِنْهَا

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ جو منیٰ کے ایام کے بارے میں ہے اور اس شخص سے حرج ساقط ہونے کے بارے میں ہے جو دو دن گزرنے کے بعد وہاں سے پہلے ہی چلا جاتا ہے

3892 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الشَّرْقِيِّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْمَرَ الدِّيلِيِّ،

3890- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله . وأخرجه مسلم 1315، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 6/163 عن إسحاق بن إبراهيم، والبيهقي 5/153 من طريق أحمد بن سهل، عن إسحاق بن إبراهيم، بهذا الإسناد . وأخرجه الدارمي 2/75، والبخاري 1743، من طريقين عن عيسى بن يونس، به . وأخرجه الشافعي 1/361، وأحمد 2/19 و 29، والدارمي 2/75، والبخاري 1634 في الحج باب سقاية الحاج، و 1744، ومسلم 1315، وأبو داوُد 1959، وابن خزيمة 2957، وابن الجارود 490، والبيهقي 5/153، والبغوي 1969 من طرق عن عبيد الله بن عمر، به . وانظر ما بعده .

3891- حديث صحيح، وهو مكرر ما قبله، علي بن زياد اللحجي: ذكره المؤلف في الثقات 8/470، وقال: من أهل اليمامة، سمع ابن عيينة، وكان راوياً لأبي قرة، حدثنا عنه المفضل بن محمد الجندي، مستقيم الحديث، مات سنة ثمان واربعين ومئتين . وأبو قرة موسى بن طارق: روى له النسائي، وهو ثقة، ومن فوقهما ثقات من رجال الشيخين .

قَالَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ:

(متن حدیث): اَلْحَجُّ عَرَفَاتٌ، فَمَنْ اَدْرَكَ عَرَفَةَ لَيْلَةَ جَمْعٍ قَبْلَ اَنْ يَّطْلُعَ الْفَجْرُ، فَقَدْ اَدْرَكَ، اَيَّامُ مِنًى ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ، فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ، وَمَنْ تَاَخَّرَ، فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ

قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ: فَقُلْتُ لِسُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ: لَيْسَ عِنْدَكُمْ بِالْكُوفَةِ حَدِيثٌ اَشْرَفُ وَلَا اَحْسَنُ مِنْ هٰذَا

❀❀ حضرت عبدالرحمٰن بن یعمر دیلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: حج عرفات (میں وقوف کا نام) ہے' جو شخص مزدلفہ کی رات صبح صادق ہونے سے پہلے عرفہ پہنچ جاتا ہے وہ منیٰ کے ایام جو تین دن ہیں۔ انہیں پالیتا ہے' جو شخص دو دنوں کے بعد پہلے چلا جائے' تو اسے بھی کوئی گناہ نہیں ہے اور جو ٹھہرا رہے اور تین دن کے بعد جائے اسے بھی کوئی گناہ نہیں ہے۔

ابن عیینہ کہتے ہیں: میں نے سفیان ثوری سے کہا: آپ لوگوں کے پاس کوفہ میں کوئی ایسی حدیث نہیں ہوگی جو اس حدیث سے زیادہ معزز اور عمدہ ہو۔

ذِكْرُ وَصْفِ صَلَاةِ الْحَاجِّ بِمِنًى اَيَّامَ مَقَامِهِ بِهَا

حاجی کے منیٰ میں قیام کے دوران نماز ادا کرنے کے طریقے کا تذکرہ

3893 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ وَاَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعُثْمَانُ، ثُمَّ صَلَّى عُثْمَانُ بَعْدَ اَرْبَعًا، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي مَعَ الْاِمَامِ بِصَلَاتِهِ، فَاِذَا صَلَّى وَحْدَهُ صَلَّى اَرْبَعًا

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ میں دو رکعات ادا کرتے تھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ

3892– إسناده صحيح على شرط الشيخين غير صحابية، فقد أخرج حديثه هذا أصحاب السنن وأخرجه البيهقي 5/116: أخبرنا أبو الحسن محمد بن الحسين بن داوٗد العلوى، حدثنا أبو حامد أحمد بن الحسن، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْحَكَمِ، بهذا الإسناد وأخرجه البغوى 2001 من طريق محمد بن سهل بن عبد الله القهستانى، حدثنا عبد الرحمٰن بن بشر، بِهٖ . وأخرجه الحميدى 899عن سفيان، والترمذى 890 فى الحج باب ما جاء فيمن أدرك الإمام بجمع فقد أدرك الحج، عن ابن أبى عمر، عن سفيان، بِهٖ . وأخرجه أحمد 4/309–310، والبخارى تعليقاً فى التاريخ الكبير 5/243، وأبو داوٗد 1949 فى المناسك باب من لم يدرك عرفة، والترمذى 889، والنسائى 5/164–165 فى مناسك الحج باب فى من لم يدرك صلاة الصبح مع الإمام بالمزدلفة، وابن ماجه 3015 فى الحج باب من أتى عرفة قبل الفجر من جمع، وابن خزيمة 2822، والطحاوى 2/209–210، والدارقطنى 2/240، والحاكم 1/464، والبيهقى 5/152و 173، من طرق عن سفيان الثورى، عن بكير، بِهٖ . وأخرجه الطيالسى 1309و 1310، وأحمد 4/309و 310، والدارمى 2/59، والطحاوى 2/210، والدارقطنى 2822، والحاكم 2/278، والبيهقى 5/73 من طرق عن شعبة عن بكير بن عطاء، بِهٖ . وصححه الحاكم على شرط الشيخين ووافقه الذهبى .

3893– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وقد تقدم برقم 2758 .

اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور عثمان بھی (دو رکعات ہی ادا کرتے تھے) پھر اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے یہاں چار رکعات ادا کرنا شروع کر دیں۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما امام کی اقتداء میں اس کی نماز کے مطابق نماز ادا کرتے تھے جب تنہا نماز ادا کرتے تھے' تو چار رکعات ادا کرتے تھے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اِبَاحَةِ التِّجَارَةِ لِلْحَاجِّ وَالْمُعْتَمِرِ

اس روایت کا تذکرہ جو اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ حاجی اور عمرہ کرنے والے شخص کے لیے تجارت کرنا مباح ہے

3894 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ الصَّبَّاحِ الْبَزَّارُ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): عُكَاظُ وَذُو الْمَجَازِ اَسْوَاقٌ كَانَتْ لَهُمْ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَلَمَّا جَاءَ اللّٰهُ بِالْإِسْلَامِ كَاَنَّهُمْ تَاَثَّمُوا، اَنْ يَّتَّجِرُوا فِي الْحَجِّ، فَسَاَلُوا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَتْ (لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ) (البقرة: 198) فِيْ مَوَاسِمِ الْحَجِّ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں:- عکاظ' ذوالجاز یہ زمانہ جاہلیت کے بازار تھے (جو حج کے موقع پر لگا کرتے تھے) جب اللہ تعالیٰ نے اسلام (کو غلبہ عطا کر دیا)' تو لوگوں نے حج کے موقع پر تجارت کرنے کو گناہ سمجھا لوگوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا: تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''تم لوگوں پر کوئی گناہ نہیں ہے' اگر تم اپنے پروردگار کا فضل تلاش کرتے ہو''۔

(اس سے مراد یہ ہے) کہ حج کے موقع پر ایسا کرتے ہو۔

3894- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير الحسن بن الصباح، فمن رجال البخاري سفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه البخاري 2050 في البيوع باب ما جاء في قوله عز وجل: (فَإِذَا قُضِيَتِ الصَّلَاةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ) (الجمعة: 10)، و 2098 باب الأسواق التي كانت في الجاهلية فتبايع الناس بها في الإسلام، و 4519 في التفسير باب (لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ) (البقرة: 198)، والطبراني 11213، والبيهقي 4/333، والبغوي في التفسير 1/173-174 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 1770 في الحج باب التجارة أيام المواسم والبيع في الأسواق، والطبري في جامع البيان 13769، والواحدي في أسباب النزول ص 38 من طرق عن ابن جريج، عن عمرو بن دينار، به . وأخرجه أبو داوُد 1734 في الحج باب الكرى، والبيهقي 4/333-334 من طريق ابن أبي ذئب، عن عطاء بن أبي رباح، عن عبيد بن عمير، عن ابن عباس، به .

بَابٌ، الْإِفَاضَةُ مِنْ مِنًى لِطَوَافِ الصَّدْرِ

باب: منیٰ سے طواف صدر کے لیے روانہ ہونا

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْحَاجِّ نُزُولُ الْمُحَصَّبِ لَيْلَةَ النَّفْرِ

اس بات کا تذکرہ کہ حاجی کیلئے یہ بات مستحب ہے کہ روانگی کی رات وادی محصب میں پڑاؤ کرے

3895 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ عَبْدِ الْجَبَّارِ الصُّوفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ مَعِينٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَمَعْمَرٌ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ كَانُوْا يَنْزِلُوْنَ الْمُحَصَّبَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ وادی محصب میں پڑاؤ کیا کرتے تھے۔

ذِكْرُ مَا يُسْتَحَبُّ لِلْحَاجِّ اِذَا اَرَادَ الْقُفُولَ اَنْ يَّتَحَصَّبَ لَيْلَتَئِذٍ لِيَكُوْنَ اَسْهَلَ لِظَعْنِهِ

اس بات کا تذکرہ کہ حاجی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ جب وہ واپسی کا ارادہ کرے تو وہ اس رات کو وادی محصب میں پڑاؤ کرے تاکہ اس کے لیے نکلنا آسان ہو

3896 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَامِدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ شُعَيْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ،

(متن حدیث): اَنَّ اَسْمَاءَ، وَعَائِشَةَ كَانَتَا لَا تُحَصِّبَانِ، قَالَتْ عَائِشَةُ: اِنَّمَا نَزَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّهُ كَانَ اَسْمَحَ لِخُرُوْجِهِ

3895– إسناده صحيح على شرط الشيخين .وأخرجه الترمذي 921 في الحج باب ما جاء في نزول الأبطح، وابن ماجه 3069 في المناسك باب نزول المحصب، وابن خزيمة 2990 من طرق عن عبد الرزاق، عن معمر، عن أيوب، به .والمحصَّب: اسم مفعول من الحصباء أو الحصب، وهو الرمي بالحصى، وهو موضع فيما بين مكة ومنى، وهو إلى منى أقرب .وقد نقل ابن المنذر الاختلاف في استحبابه مع الاتفاق على أنه ليس من المناسك، وانظر الفتح 3/592 .

ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔سیّدہ اسماء رضی اللہ عنہا اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا وادی محصب میں پڑاؤ نہیں کیا کرتی تھیں۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی تھیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہاں اس لئے پڑاؤ کیا تھا' کیونکہ یہ روانگی کے لئے زیادہ آسان تھا۔

3896- إسناده صحيح على شرط الشيخين، سفيان: هو الثورى . وأخرجه البخارى 1765في الحج باب المحصب، والبيهقى 5/161 من طريق أبى نعيم عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/41و 190 و 207 و 230، ومسلم 1311في الحج باب النزول بالمحصب يوم النفر والصلاة به وابو داؤد 2008 فى المناسك باب التحصيب، والترمذى 923 فى الحج باب من نزل بالأبطح، وابن ماجه 3067 فى المناسك باب نزول المحصب، والبيهقى 5/161 من طرق عن هشام بن عروة، بِهِ . وأخرجه أحمد6/225 من طريق معمر، عن الزهرى، عن عروة، بِهِ . وليس عندهم ذكر الأسماء . وأخرج أحمد 6/245 من طريق ابن أبى مليكة عن عائشة قالت: ثم ارتحل حتى نزل الحصبة، قالت: والله ما نزلها إلا من أجلى .

فَصْلٌ

فصل

3897 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ، عَنْ طَاؤسٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ النَّاسُ يَنْفِرُونَ مِنْ كُلِّ وَجْهٍ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَنْفِرَنَّ اَحَدٌ حَتّٰى يَكُوْنَ اٰخِرَ عَهْدِهِ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پہلے لوگ کسی بھی سمت سے روانہ ہو جایا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی شخص اس وقت تک واپس روانہ نہ ہو جب تک وہ سب سے آخر میں بیت اللہ کا طواف نہ کرے۔

ذِكْرُ الرُّخْصَةِ لِبَعْضِ النِّسَاءِ فِيْ اسْتِعْمَالِ هٰذَا الشَّيْءِ الْمَزْجُورِ عَنْهُ

بعض خواتین کے لیے اس بات کی رخصت کا تذکرہ کہ وہ اس ممنوعہ چیز پر عمل کر سکتی ہیں

3898 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ، عَنِ ابْنِ طَاؤسٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ:

(متن حدیث): رَخَّصَ لِلْحَائِضِ اَنْ تَنْفِرَ اِذَا حَاضَتْ، قَالَ: وَسَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ، يَقُوْلُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ لَهُنَّ

3897– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري . سفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه الشافعي 1/362، والحميدي 502، وأحمد 1/222، والدارمي 2/72، ومسلم 1327 في الحج باب وجوب طواف الوداع وسقوطه عن الحائض، وأبو داؤد 2002 في المناسك باب الوداع، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 5/8، وابن خزيمة 2999و 3000، والطحاوي 2/233، وابن الجارود 495، والطبراني 1986، والبيهقي 5/161 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد . وانظر الحديث التالي .

3898– إسناده صحيح . إبراهيم بن الحجاج السامي: ثقة روى له النسائي ومن فوقه من رجال الشيخين . وأخرجه الدارمي 2/72، والبخاري 329 في الحيض باب المرأة تحيض بعد الإفاضة، و 1760 في الحج باب إذا حاضت المرأة بعدما أفاضت، من طريقين عن وهيب بهذا الإسناد . وأخرجه الشافعي 1/364، والحميدي 502، والبخاري 1755 في الحج باب طوا الوداع، والنسائي في الكبرى كما في التحفة 5/12، والطحاوي 2/233، والبيهقي 5/161 من طريق سفيان عن ابن طاووس، به . وأخرجه الشافعي 1/364، والحميدي 502 من طريق سفيان عن سليمان الأحول، عن طاوس، به .

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے) حیض والی خواتین کو اس بات کی اجازت دی ہے کہ جب اسے حیض آیا ہو تو وہ (بیت اللہ کا طواف کرنے سے پہلے) روانہ ہو سکتی ہے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: بے شک اللہ کے رسول نے ان خواتین کو اس بات کی رخصت دی ہے۔

3899 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُسَرِّحٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَمِّي الْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مُسَرِّحٍ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، قَالَ:

(متن حدیث): مَنْ حَجَّ الْبَيْتَ فَلْيَكُنْ اٰخِرَ عَهْدِهٖ بِالْبَيْتِ، اِلَّا الْحُيَّضَ رَخَّصَ لَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جو شخص حج کرے اسے سب سے آخر میں بیت اللہ کا طواف کرنا چاہئے البتہ حیض والی خواتین کا حکم مختلف ہے۔ اللہ کے رسول نے انہیں رخصت دی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمَرْاَةَ الْحَائِضَ اِنَّمَا رَخَّصَ لَهَا اَنْ تَنْفِرَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّكُوْنَ عَهْدُهَا بِالْبَيْتِ اِذَا كَانَتْ طَافَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ کہ حیض والی عورت کے لیے اس بات کی رخصت ہے کہ وہ سب سے آخر میں بیت اللہ کا طواف کیے بغیر واپس روانہ ہو سکتی ہے جبکہ وہ اس سے پہلے طواف کر چکی ہو

3900 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ،

3899- إسناده قوى، رجاله رجال الشيخين غير الوليد بن عبد الملك بن مسرح، فقد ذكره المؤلف في الثقات 9/227، وقال عنه: مستقيم الحديث، وقال أبو حاتم فيما نقله عنه ابنه 9/10: صدوق . عيسى بن يونس: هو ابن أبي إسحاق السبيعي . وأخرجه ابن خزيمة 3001، والترمذي 944 في الحج باب ما جاء في المرأة تحيض بعد الإفاضة، والطحاوي 2/235، والطبراني في الكبير 13393، والحاكم 1/469-470 من طرق عن عيسى بن يونس، بهذا الإسناد . وقال الترمذي: حسن صحيح وصححه الحاكم على شرط الشيخين . وأخرجه ابن ماجه 3071 في المناسك باب طواف الوداع، من طريق طاووس عَنِ ابْنِ عُمَرَ بنحوه .

3900- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه أحمد 6/192-193 عن يحيى القطان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 6/99 عن محمد بن عبيد، عن عبيد الله بن عمر، بِهِ . وأخرجه أحمد 6/207، ومسلم 1211 384 في الحج: باب وجوب طواف الوداع وسقوطه عن الحائض، والطحاوي 2/234 من طرق عن أفلح عن القاسم به . وأخرجه مالك 1/412 في الحج: باب إفاضة الحج، ومن طريقه البخاري 328 في الحيض: باب المرأة تحيض بعد الإفاضة، ومسلم 1211 385 والنسائي 1/194 في الحيض: باب المرأة تحيض بعد الإفاضة، والطحاوي 2/234، والبيهقي 5/165 عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حزم، عن عمرة، عن عائشة . وأخرجه أحمد 6/122، و175، و223، و224، و253، والدارمي 2/568، ومسلم 1211 387 وابن ماجه 3073 في الحج: باب الحائض تنفر قبل أن تودع، والطحاوي 2/233-234، والبيهقي 5/162-163، والبغوي 1975 من طرق عن إبراهيم النخعي، عن الأسود، عن عائشة . وأنظر الحديث رقم 3902 و 3903 و 3904 و 3905 .

قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ،
(متن حدیث): قَالَتْ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَرَى صَفِيَّةَ اِلَّا حَابِسَتَنَا، قَالَ: مَا شَاْنُهَا؟، قُلْتُ: حَاضَتْ، قَالَ: اَمَا كَانَتْ طَافَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ؟، قُلْتُ: بَلٰى وَلٰكِنَّهَا حَاضَتْ، قَالَ: فَلَا حَبْسَ عَلَيْهَا فَلْتَنْفِرْ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا خیال ہے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی وجہ سے ہمیں رکنا پڑے گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اسے کیا ہوا ہے؟ ہم نے عرض کی: انہیں حیض آ گیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ پہلے طواف نہیں کر چکی ہے؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں' لیکن انہیں حیض آ گیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اس کا رکنا ضروری نہیں ہے وہ روانہ ہو سکتی ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ حُكْمَ النُّفَسَاءِ حُكْمُ الْحَائِضِ فِيْ هٰذَا الْفِعْلِ، اِذِ اسْمِ النِّفَاسِ يَقَعُ عَلَى الْحَيْضِ، وَالْعِلَّةُ فِيهِمَا وَاحِدَةٌ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، اس فعل میں نفاس والی عورت کا حکم بھی

حیض والی عورت کی مانند ہے۔ کیونکہ لفظ ''نفاس'' حیض کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے، اور دونوں میں علت ایک ہی ہے۔

3901 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ،
(متن حدیث): اَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ اُمِّ سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ، اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ، حَدَّثَتْهَا، قَالَتْ: بَيْنَمَا اَنَا مُضْجِعَةٌ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْخَمِيلَةِ، اِذْ حِضْتُ فَانْسَلَلْتُ، فَاَخَذْتُ ثِيَابَ حِيضَتِي، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَفِسْتِ، قُلْتُ: نَعَمْ، فَدَعَانِي فَاضْطَجَعْتُ مَعَهُ فِي الْخَمِيلَةِ

سیّدہ زینب بنت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے انہیں یہ بات بتائی: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ لحاف میں لیٹی ہوئی تھی اسی دوران مجھے حیض آ گیا میں اٹھ کر آ گئی میں نے اپنے حیض کے کپڑے رکھے (اور واپس آئی) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے دریافت کیا: کیا تمہیں حیض آ گیا تھا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا میں آپ کے ساتھ لحاف میں لیٹ گئی۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَنِ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْاَةِ الْحَائِضِ اَنْ تَنْفِرَ اِذَا كَانَتْ طَافَتْ طَوَافَ الزِّيَارَةِ قَبْلَ رُؤْيَتِهَا الدَّمَ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، حیض والی عورت اگر خون دیکھنے سے پہلے طواف زیارت کر چکی ہو

3901- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وقد تقدم برقم 1363 .

تو اس کے لیے (واپس) روانہ ہونا مباح ہے۔

3902 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاضَتْ، فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَحَابِسَتُنَا هِيَ؟، فَقِيلَ لَهُ: اِنَّهَا قَدْ اَفَاضَتْ، قَالَ: فَلَا اِذًا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو حیض آ گیا اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اس کی وجہ سے ہمیں رکنا پڑے گا؟ آپ کو بتایا گیا کہ وہ طواف افاضہ کر چکی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر کوئی حرج نہیں ہے۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِلْمَرْاَةِ اِذَا حَاضَتْ بَعْدَ الْاِفَاضَةِ اَنْ تَنْفِرَ

عورت کو اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ، جب اسے طواف افاضہ کے بعد حیض آئے، تو (حکم یہ ہے کہ وہ) روانہ ہو جائے

3903 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ مَوْهَبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، وَعُرْوَةَ، اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): حَاضَتْ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ بَعْدَمَا طَافَتْ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَذَكَرْتُ حَيْضَتَهَا لِرَسُولِ اللّٰهِ

3902- إسناده صحيح على شرط الشيخين وهو في "الموطأ" 1/412 في الحج: باب إفاضة الحج ومن طريقه أخرجه البخاري 1757 في الحج: باب إذا حاضت بعد ما أفاضت والطحاوي 2/234، والبيهقي 5/162 والبغوي 1974 . وأخرجه الشافعي 1/367، وأحمد 6/39، ومسلم 1211 في الحج: باب وجوب طواف الوداع وسقوطه عن الحائض، والترمذي 943 في الحج: باب ما جاء في المرأة تحيض بعد الإفاضة، من طرق عبد الرحمٰن بن القاسم، به . وأنظر ما بعده .

3903- إسناده صحيح رجاله ثقات رجال الشيخين غير يزيد بن موهب وهو يزيد بن خالد بن موهب وهو ثقة روى له أبو داؤد والنسائي . وأخرجه أحمد 6/82، ومسلم 1211 في الحج: باب وجوب طواف الوداع وسقوطه عن الحائض، من طرق عن الليث بن سعد، بهذا الإسناد . وأخرجه البخاري 4401 في المغازي: باب حجة الوداع، ومسلم 1211 383 من طريقين عن الزهري، به . وأخرجه الشافعي 1/367 وأحمد 6/38 وابن ماجة 3072 في المناسك: باب الحائض تنفر قبل أن تودع، وابن خزيمة 3002 وابن الجارد 496 والبيهقي 5/ 162 من طرق عن سفيان بن عيينة، وأحمد 6/164 من طريق معمر، والبيهقي 5/ 162 من طريق شعيب، والطحاوي 2/234، والبيهقي 5/162 من طريق يونس، أربعتهم عن الزهري، عن عروة عن عائشة وأخرجه أحمد 6/202 و 207 و 213، ومالك في "الموطأ" 1/413 في الحج: باب إفاضة الحج، ومن طريقه أخرجه: الشافعي 1/366، وأبو داؤد 2003 في المناسك: باب الحائض تخرج بعد الإفاضة، والطحاوي 2/234، والبيهقي 5/ 162، من طريق هشام بن عروة، عن أبيه، عن عائشة . وأخرجه أحمد 6/85، والبخاري 1733 في الحج: باب الزيارة يوم النحر، ومسلم 1211 386 من طريقين عن أبي سلمة، عن عائشة .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَابِسَتُنَا هِيَ قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهَا قَدْ كَانَتْ اَفَاضَتْ وَطَافَتْ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ حَاضَتْ بَعْدَ الْإِفَاضَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلْتَنْفِرْ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کو طواف کرنے کے بعد حیض آ گیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ان کے حیض کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اس کی وجہ سے ہمیں رکنا پڑے گا؟ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ طواف افاضہ کر چکی ہے اس کے بعد انہیں حیض آیا ہے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر وہ روانہ ہو سکتی ہے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْحَائِضَ اِنَّمَا رَخَّصَ لَهَا اَنْ تَنْفِرَ، وَاِنْ لَمْ يَكُنْ اٰخِرَ عَهْدِهَا بِالْبَيْتِ، اِذَا كَانَتْ طَافَتْ قَبْلَ ذٰلِكَ طَوَافَ الزِّيَارَةِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، حیض والی عورت کے لیے یہ رخصت ہے کہ وہ روانہ ہو جائے، اگرچہ اس نے سب سے آخر میں بیت اللہ کا طواف نہ کیا ہو۔ اور وہ اس سے پہلے طواف زیارت کر چکی ہو

3904 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ

(متن حدیث): اَنَّهَا قَالَتْ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَرَى صَفِيَّةَ اِلَّا حَابِسَتَنَا، قَالَ: وَمَا شَاْنُهَا؟، قَالَتْ: حَاضَتْ، قَالَ: اَمَا كَانَتْ اَفَاضَتْ؟، قُلْتُ: بَلٰى وَلٰكِنَّهَا حَاضَتْ، قَالَ: فَلَا حَبَسَ عَلَيْهَا فَلْتَنْفِرْ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا خیال ہے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی وجہ سے ہمیں رکنا پڑے گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: اسے کیا ہوا ہے؟ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: انہیں حیض آ گیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا وہ طواف افاضہ کر چکی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں' لیکن انہیں حیض آ گیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر اس کا رکنا ضروری نہیں ہے وہ روانہ ہو سکتی ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3905 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ، قَالَ: حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، وَاَبِي سَلَمَةَ،

3904– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر 3900 .

3905– إسناده صحيح على شرط الشيخين وهو مكرر 3903 .

(متن حدیث):اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ: حَاضَتْ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيّ بَعْدَمَا اَفَاضَتْ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَذَكَرْتُ حَيْضَتَهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَحَابِسَتُنَا هِيَ؟ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اِنَّهَا قَدْ اَفَاضَتْ، وَطَافَتْ بِالْبَيْتِ، ثُمَّ حَاضَتْ بَعْدَ الْاِفَاضَةِ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلْتَنْفِرْ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سیّدہ صفیہ بنت حیی رضی اللہ عنہا کو طواف افاضہ کرنے کے بعد حیض آ گیا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ان کے حیض کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا اس کی وجہ سے ہمیں رکنا پڑے گا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! وہ طواف افاضہ کر چکی ہیں طواف افاضہ کرنے کے بعد انہیں حیض آیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پھر وہ روانہ ہو سکتی ہے۔

ذِكْرُ الْاِخْبَارِ عَمَّا يُقِيمُ الْمُهَاجِرُ بَعْدَ الْاِفَاضَةِ

اس بات کی اطلاع کا تذکرہ، باہر سے (حج کے لیے) آنے والا شخص افاضہ کے بعد کتنا عرصہ (مکہ میں) قیام کر سکتا ہے؟

3906 - (سند حدیث):اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ:

(متن حدیث):سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ، يَسْاَلُ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ: مَا سَمِعْتَ فِيْ سُكْنٰى مَكَّةَ فَقَالَ: حَدَّثَنِي الْعَلَاءُ بْنُ الْحَضْرَمِيّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِلْمُهَاجِرِ ثَلَاثًا بَعْدَ الصَّدَرِ

عبدالرحمٰن بن حمید بیان کرتے ہیں: میں نے عمر بن عبدالعزیز کو سائب بن یزید سے یہ سوال کرتے ہوئے سنا: مکہ میں رہائش اختیار کرنے کے بارے میں آپ نے کیا سنا ہے' تو انہوں نے بتایا: علاء بن حضرمی نے مجھے یہ حدیث سنائی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

''باہر سے آنا والا شخص طواف صدر کرنے کے بعد تین دن تک (مکہ میں ٹھہر سکتا ہے)''۔

3906– إسناده صحيح على شرط الشيخين .يحيى بن سعيد: هو القطان، وسفيان: هو ابن عيينة . وأخرجه الشافعي 1/368 وأحمد 4/339 والحميدي 844 ومسلم 1352 442 في الحج: باب جواز الإقامة بمكة للمهاجر منها بعد فراغ الحج والعمرة ثلاثة أيام بلا زيارة، والترمذي 949 في الحج: باب ما جاء أن يمكث المهاجر بمكة بعد الصدر ثلاثا والنسائي 3/122 في تقصير الصلاة: باب المقام الذي يقصر بمثله الصلاة، والطبراني في الكبير 18/171 والبيهقي 3/147 من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 5/52 والبخاري 3933 في مناقب الأنصار: باب إقامة المهاجر بمكة بعد قضاء نسكه، وأبو داوٗد 2022 في المناسك: باب الإقامة بمكة، والنسائي 3/121–122 وفي الحج من "الكبرى" كما في التحفة 8/248 وابن ماجة 1073 في إقامة الصلاة: باب كم يقصر الصلاة المسافر إذا أقام ببلدة، والطبراني 18/169 و170 و172 و173، والبيهقي 3/147 من طرق عن عبد الرحمٰن بن حميد به .

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ قَوْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِلْمُهَاجِرِ ثَلَاثًا بَعْدَ الصَّدَرِ اَرَادَ بِهِ الْمُكْثَ بِمَكَّةَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، نبی اکرم ﷺ کا باہر سے آنے والے شخص کے لیے یہ فرمان کہ

وہ طواف صدر کے بعد تین (دن) رہ سکتا ہے اس سے آپ کی مراد یہ ہے کہ وہ (تین دن تک) مکہ مکرمہ میں ٹھہر سکتا ہے

3907 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنْ يَحْيَى، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حُمَيْدٍ، عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيدَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:

(متن حدیث): يَمْكُثُ الْمُهَاجِرُ ثَلَاثًا بَعْدَ قَضَاءِ نُسُكِهِ

❀❀ حضرت علاء بن حضرمی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''باہر سے آنے والا شخص اپنے حج کے مناسک ادا کرنے کے بعد تین دن تک (مکہ میں) ٹھہر سکتا ہے''۔

ذِكْرُ الثَّنِيَّةِ الَّتِي يُسْتَحَبُّ لِلْحَاجِّ اَنْ يَكُوْنَ خُرُوْجُهُ مِنْ مَكَّةَ مِنْهَا

اس گھاٹی کا تذکرہ، حاجی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہاں سے مکہ سے باہر جائے

3908 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا يَحْيَى الْقَطَّانُ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ نَافِعٌ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاتَ بِذِي طُوًى حَتّٰى صَلَّى الصُّبْحَ، ثُمَّ دَخَلَ مَكَّةَ، وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ، وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ مِنْ كَدَاءِ الثَّنِيَّةِ الْعُلْيَا الَّتِي بِالْبَطْحَاءِ، وَخَرَجَ مِنْ ثَنِيَّةِ السُّفْلٰى

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ذی طویٰ میں رات بسر کی پھر آپ نے صبح کی نماز ادا کی اس کے بعد مکہ میں داخل ہوئے۔

3907- إسناده صحيح على شرط البخاري وهو مكرر ما قبله .

3908- إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه مفرقا أحمد 2/16 و22، والدارمي 2/70، والبخاري 1576في الحج: باب من أين يخرج من مكة، و 1574 باب دخول مكة نهارا أو ليلا، ومسلم 1257 في الحج: باب استحباب دخول مكة من الثنية العليا والخروج منها من الثنية السفلى، والنسائي 5/200 في مناسك الحج: باب من أين يدخل مكة، وابن خزيمة 961 والبيهقي 5/71-72 من طرق عن يحيى بن سعيد القطان، بهذا الإسناد . وأخرجه مفرقا أيضا أحمد 2/14، والدارمي 2/71، ومسلم 1257 223 وابن ماجه 2940 في المناسك: باب دخول مكة، والبيهقي 5/71 من طرق عن عبيد الله به . وأخرجه مالك 1/324 في الحج: باب غسل المحرم، وأحمد 2/47-48، والبخاري 1575في الحج: باب من أين يدخل مكة، ومسلم 1259 227 وأبو داوٗد 1865 و 1866 في المناسك: باب دخول مكة، والبيهقي5/72، من طرق عن نافع، به .

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں بطحا میں موجود بالائی گھاٹی کداء کی طرف سے داخل ہوئے تھے اور (واپس جاتے ہوئے) آپ زیریں گھاٹی کی طرف سے تشریف لے گئے تھے۔

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي يُسْتَحَبُّ اَنْ يَّكُوْنَ رُجُوعُ الْمَرْءِ مِنْ مَكَّةَ اِلٰى بَلَدِهِ عَلَيْهِ

اس جگہ کا تذکرہ، آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ مکہ سے اپنے شہر کی طرف واپس جاتے ہوئے اس جگہ سے ہو کر جائے

3909 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَرُوبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُوْسَى الْفَرْوِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ الْجُمَحِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اَبِي الزِّنَادِ، عَنِ الْاَعْرَجِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ:

(متنِ حدیث): كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ مِنْ مَكَّةَ خَرَجَ مِنْ طَرِيْقِ الشَّجَرَةِ، وَاِذَا رَجَعَ رَجَعَ مِنْ طَرِيْقِ الْمُعَرَّسِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ سے باہر تشریف لے گئے تھے تو آپ شجرہ کے راستے سے تشریف لے گئے تھے اور جب آپ واپس تشریف لائے تھے تو آپ معرس کے راستے سے تشریف لائے تھے۔

3909– إسناده حسن . هارون بن موسى الفروى لا بأس به، وعبد الله بن الحارث الجمحي: هو عبد الله بن الحارث بن محمد بن حاطب الحاطبي الجمحي، صدوق، وباقي السند ثقات من رجال الشيخين .

بَابُ الْقِرَانِ

حج قران کا بیان

ذِكْرُ خَبَرٍ قَدِ احْتَجَّ بِهٖ بَعْضُ اَئِمَّتِنَا فِيْ اسْتِحْبَابِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ بِهٖ

اس روایت کا تذکرہ جس کے ذریعے ہمارے بعض ائمہ نے حج کے لیے، عمرے کے ہمراہ فائدہ حاصل کرنے، (یعنی حج تمتع کے) مستحب ہونے پر استدلال کیا ہے

3910 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِيْ لُبَابَةَ، عَنْ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ، عَنِ الصَّبِيِّ بْنِ مَعْبَدٍ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ اَهَلَّ بِحَجٍّ وَعُمْرَةٍ، فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِعُمَرَ، فَقَالَ: هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

❁❁ صبی بن معبد بیان کرتے ہیں: انہوں نے حج اور عمرے کا احرام ایک ساتھ باندھ لیا۔ انہوں نے (بعد میں) اس بات کا تذکرہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کیا' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تمہاری رہنمائی تمہارے نبی کی سنت کی طرف کی گئی ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ اِهْلَالِ الصُّبَيِّ بْنِ مَعْبَدٍ بِمَا اَهَلَّ بِهٖ

احرام (یا تلبیہ) کی اس صفت کا تذکرہ، جس کے مطابق صبی بن معبد نے احرام باندھا (یا تلبیہ پڑھا) تھا

3911 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَلِيْفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِيْ لُبَابَةَ، عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ شَقِيْقِ بْنِ سَلَمَةَ،

3910- إسناده صحيح، رجاله ثقات رجال الشيخين غير الصبي بن معبد، فقد روى له أصحاب السنن إلا الترمذي، وهو ثقة . وانظر ما بعده .

3911- إسناده صحيح وهو مكرر ما قبله . وأخرجه أحمد 1/25، وابن ماجه 2970 في المناسك: باب من قرن الحج والعمرة، والبيهقي 5/ 16من طرق عن سفيان، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 1/ 14 و 34 و 37 و 53، وأبو داوُد 1799 في المناسك: باب الإقران، والنسائي 5/146-147، و 147- 148، وابن ماجه 2970 وابن خزيمة 3069 والبيهقي 4/352 و354 من طرق عن شقيق بن سلمة، به .

(متن حدیث): قَالَ: كَثِيرًا مَا كُنْتُ آتِي الصُّبَيَّ بْنَ مَعْبَدٍ اَنَا وَمَسْرُوقٌ نَسْاَلُهُ عَنْ هٰذَا الْحَدِيثِ، قَالَ: كُنْتُ امْرَاً نَصْرَانِيًّا، فَاَسْلَمْتُ، فَاَهْلَلْتُ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَسَمِعَنِي سَلْمَانُ بْنُ رَبِيعَةَ وَزَيْدُ بْنُ صُوحَانَ، وَاَنَا اُهِلُّ بِهِمَا بِالْقَادِسِيَّةِ، فَقَالَا: لَهٰذَا اَضَلُّ مِنْ بَعِيرِ اَهْلِهِ، فَكَاَنَّمَا حُمِلَ عَلَيَّ بِكَلِمَتِهِمَا جَبَلٌ حَتّٰى قَدِمْتُ مَكَّةَ فَاَتَيْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، وَهُوَ بِمِنًى، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ، فَاَقْبَلَ عَلَيْهِمَا، فَلَامَهُمَا، وَاَقْبَلَ عَلَيَّ، فَقَالَ: هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتَيْنِ

ابووائل شقیق بن سلمہ بیان کرتے ہیں: میں اکثر صبی بن معبد کی خدمت میں حاضر ہوا کرتا تھا۔ میں اور مسروق ان سے ان کے واقعہ کے بارے میں دریافت کرتے تھے انہوں نے بتایا: میں ایک عیسائی شخص تھا۔ میں نے اسلام قبول کیا میں نے حج اور عمرے کا احرام باندھ لیا۔ سلیمان بن ربیعہ اور زید بن صوحان نے مجھے (حج اور عمرے کا ایک ساتھ) تلبیہ پڑھتے ہوئے سا' میں (قادسیہ) میں ان دونوں کا تلبیہ پڑھ رہا تھا' تو ان دونوں نے کہا: یہ شخص اپنے گھر کے اونٹ سے زیادہ گمراہ ہے' تو ان دونوں کی اس بات سے گویا میرے اوپر پہاڑ جتنا وزن آ گیا' یہاں تک کہ جب میں مکہ آیا' تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا وہ اس وقت منیٰ میں موجود تھے میں نے اس بات کا تذکرہ ان کے سامنے کیا' تو انہوں نے ان دونوں کو ملامت کی اور میری طرف رخ کیا اور بولے: تمہاری تمہارے نبی کی سنت کی طرف رہنمائی کی گئی ہے یہ بات انہوں نے دومرتبہ ارشاد فرمائی۔

ذِكْرُ الْاَمْرِ لِمَنْ سَاقَ الْهَدْيَ اَنْ يَّجْعَلَ اِهْلَالَهُ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ مَعًا

جو شخص قربانی کا جانور ساتھ لے کر جاتا ہے، اسے اس بات کا حکم ہونے کا تذکرہ کہ وہ حج اور عمرہ دونوں کا ایک ساتھ تلبیہ پڑھے

3912 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا قَالَتْ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَاَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُهْلِلْ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، ثُمَّ لَا يَحِلُّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا، قَالَتْ: فَطَافَ الَّذِينَ اَهَلُّوا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ اَحَلُّوا، ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا آخَرَ

3912– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وقد تقدم برقم 3792 و3795 و3834 و3835 . وأخرجه من طريق مالك: البخاري 1556 في الحج: باب كيف تهل الحائض والنفساء، و1638 باب طواف القارن، و4395 في المغازي: باب حجة الوداع، ومسلم 1211 في الحج: باب بيان وجوه الإحرام، وأبوداؤد 1781 في المناسك: باب إفراد الحج، وابن خزيمة 2607 وابن الجارود 422، والبيهقي 4/346 و353 . وأخرجه الحميدي 203، والبخاري 316 في الحيض: باب امتشاط المرأة عند غسلها من الحيض، و319 باب كيف تهل الحائض بالحج والعمرة، ومسلم 1211، وابن خزيمة 2605 والبيهقي 1/182، وابن الجارود 421 من طرق عن الزهري، به . وأخرجه البخاري 1562 في الحج: باب التمتع والقران والإفراد بالحج، والطحاوي 2/104، والبيهقي 5/109 من طريق عن مالك، عن أبي الأسود يتيم عروة، عن عروة، به– وانظر 3927 .

بَعْدَ اَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى لِحَجِّهِمْ، وَاَمَّا الَّذِينَ اَهَلُّوا بِالْحَجِّ، وَجَمَعُوا بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَاِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا، قَالَتْ: فَقَدِمْتُ مَكَّةَ، وَاَنَا حَائِضٌ، لَمْ اَطُفْ بِالْبَيْتِ وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: انْقُضِي رَأْسَكِ وَامْتَشِطِي وَاَهِلِّي بِالْحَجِّ، وَدَعِي الْعُمْرَةَ، قَالَتْ: فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ اَرْسَلَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ اِلَى التَّنْعِيمِ، فَاعْتَمَرْتُ، فَقَالَ: هٰذِهِ مَكَانُ عُمْرَتِكِ

❁❁ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہم نے عمرے کا احرام باندھا ہوا تھا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور موجود ہو وہ حج اور عمرے کا تلبیہ پڑھے اور وہ اس وقت احرام نہیں کھولے گا' جب تک وہ ان دونوں سے فارغ نہیں ہو جاتا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جن لوگوں نے عمرے کا احرام باندھا تھا (یا جو عمرے کا تلبیہ پڑھ رہے تھے) انہوں نے بیت اللہ کا طواف کرنے اور صفا و مروہ کی سعی کرنے کے بعد احرام کو کھول دیا جب وہ لوگ منیٰ سے واپس آئے' تو انہوں نے اپنے حج کے لئے دوسری مرتبہ طواف کیا' البتہ جن لوگوں نے حج کا تلبیہ پڑھا تھا انہوں نے حج اور عمرے کو جمع کر دیا تھا' تو انہوں نے ایک ہی مرتبہ طواف کیا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں مکہ آئی' تو مجھے حیض آ چکا تھا میں بیت اللہ کا طواف بھی نہیں کر سکی اور صفا و مروہ کی سعی بھی نہیں کر سکی میں نے اس بات کی شکایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے بالوں کو کھول دو کنگھی کر لو اور حج کا تلبیہ پڑھو اور عمرے کو چھوڑ دو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ایسا ہی کیا جب میں نے حج مکمل کر لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عبدالرحمٰن بن ابوبکر کے ہمراہ تنعیم بھیجا' تو وہاں سے میں نے (عمرے کا تلبیہ پڑھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارے اس عمرے کی جگہ ہو گیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُتَمَتِّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ يُجْزِئُهُ اَنْ يَّطُوفَ طَوَافًا وَاحِدًا، وَيَسْعَى سَعْيًا وَاحِدًا لِعُمْرَتِهٖ وَحَجِّهٖ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، عمرہ کے ساتھ حج کرنے والے شخص کے لیے یہ بات جائز ہے کہ وہ اپنے عمرہ اور حج کے لیے ایک ہی مرتبہ طواف کرے، اور ایک ہی سعی کرے

3913 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ اِبْرَاهِيمَ مَوْلٰى ثَقِيفٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي عُمَرَ

3913– إسناده صحيح على شرط مسلم . ابن أبي عمر العدني: اسمه محمد بن يحيى بن أبي عمر، وهو من رجال مسلم، ومن فوقه من رجال الشيخين . سفيان: هو ابن عيينة، وأيوب بن موسى: هو ابن عمر بن سعيد بن العاص . وأخرجه النسائي 5/226 في مناسك الحج: باب طواف القارن، عن علي بن ميمون الرقي، عن سفيان، عن أيوب بن موسى، وإسماعيل بن أمية، وعبيد الله بن عمر بهذا الإسناد . وأخرجه النسائي 5/225–226، وابن خزيمة 2743، والطحاوي 2/297 من طرق عن سفيان، عن أيوب بن موسى، عن نافع، به . وأخرجه البخاري 1640 في الحج: باب طواف القارن، و1693 باب من اشترى الهدى من الطريق، من طريقين عن أبي أيوب السختياني به . وأخرجه مسلم 1230 181 .

الْعَدَنِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسٰى، وَاَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ،

(متن حدیث): عَنِ ابْنِ عُمَرَ، اَنَّهُ جَمَعَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، وَطَافَ لَهُمَا سَبْعًا، وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ سَبْعًا، وَقَالَ: هٰكَذَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ

نافع بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے حج اور عمرے کو جمع کیا۔ انہوں نے ان دونوں کے لئے سات مرتبہ طواف کیا اور سات مرتبہ سعی کی اور یہ بات بیان کی: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسی طرح کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ طَوَافِ الْقَارِنِ اِذَا قَرَنَ بَيْنَ حَجِّهِ وَعُمْرَتِهِ

حج قران کرنے والے کے طواف کی صفت کا تذکرہ، جب اس نے حج اور عمرہ کو ملا لیا ہو

3914 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ مُوسٰى بِعَسْكَرِ مُكْرَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَعْمَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو عَاصِمٍ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): لَمْ يَطُفِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ اِلَّا طَوَافًا وَاحِدًا لِحَجَّتِهِ وَعُمْرَتِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفا اور مروہ کا طواف صرف ایک مرتبہ کیا تھا جو آپ کے حج اور عمرے (دونوں) کے لئے تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْقَارِنَ يَطُوفُ طَوَافَيْنِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے: حج قران کرنے والا دو مرتبہ طواف کرے گا

3915 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، وَالْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْجَنَدِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الزُّهْرِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ،

3914– إسناده صحيح على شرط مسلم، وقد تقدم برقم 3819، وقد صرح ابن جريج وأبو الزبير في تلك الرواية بالتحديث .

3915– إسناده ضعيف فإن حديث الدراوردي– وهو عبد العزيز بن محمد– عن عبد الله بن عمر منكر كما قال النسائي . وأخرجه البيهقي 5/107 من طرق عن أحمد بن أبي بكر الزهري، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 2/67، والدارمي 2/43، والترمذي 948 في الحج: باب ما جاء أن القارن يطوف طوافا واحدا، وابن ماجه 2975 في المناسك: باب طواف القارن، والدار القطني 2/97 والطحاوي 2/197 من طرق عن الدراوردي به . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح غريب، تفرد به الدراوردي، وقد رواه غير واحد عن عبيد الله بن عمر ولم يرفعوه، وهو أصح .

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَمَعَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ طَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا، ثُمَّ لَمْ يَحِلَّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْ حَجَّتِهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص حج اور عمرے کو جمع کر لے وہ ان دونوں کے لئے ایک مرتبہ طواف کرے گا اور وہ اس وقت تک احرام نہیں کھولے گا' جب تک اس سے فارغ نہیں ہو جاتا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْقَارِنَ يَطُوفُ طَوَافَيْنِ وَيَسْعَى سَعْيَيْنِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے:

حج قران کرنے والا دو مرتبہ طواف اور دو مرتبہ سعی کرے گا

3916 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السَّامِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ حَمْزَةَ الزُّبَيْرِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا الدَّرَاوَرْدِيُّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ جَمَعَ الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ كَفَاهُ لَهُمَا طَوَافٌ وَاحِدٌ، وَلَا يَحِلَّ حَتّٰى يَوْمِ النَّحْرِ، ثُمَّ يَحِلُّ مِنْهُمَا جَمِيعًا

❁❁ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

''جو شخص حج اور عمرے کو اکٹھا کر لے تو ایک ہی طواف ان دونوں کے لئے کافی ہو گا اور ایسا شخص اس وقت تک احرام نہیں کھولے گا' جب تک قربانی کا دن نہیں آ جاتا پھر وہ ان دونوں کا احرام ایک' ہی دفعہ کھولے گا''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْقَارِنَ يَطُوفُ طَوَافَيْنِ، وَيَسْعَى سَعْيَيْنِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے:

حج قران کرنے والا دو مرتبہ طواف اور دو مرتبہ سعی کرے گا

3917 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ الطَّائِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَاَهْلَلْنَا بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُهِلَّ بِالْحَجِّ مَعَ الْعُمْرَةِ، ثُمَّ لَا يَحِلَّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا

3916– إسناده ضعيف وهو مكرر ما قبله

3917– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو مكرر 3912 .

جَمِيعًا ، قَالَتْ: فَقَدِمْتُ مَكَّةَ وَاَنَا حَائِضٌ لَمْ اَطُفْ بِالْبَيْتِ، وَلَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: انْقُضِي رَأْسَكِ، وَامْتَشِطِي، وَاَهِلِّي بِالْحَجِّ، وَدَعِي الْعُمْرَةَ ، قَالَتْ: فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا قَضَيْنَا الْحَجَّ، اَرْسَلَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ اِلَى التَّنْعِيمِ، فَاعْتَمَرْتُ، فَقَالَ: هٰذِهِ مَكَانُ عُمْرَتِكِ ، قَالَتْ: فَطَافَ الَّذِينَ اَهَلُّوْا بِالْعُمْرَةِ بِالْبَيْتِ وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ حَلُّوْا، ثُمَّ طَافُوا طَوَافًا اٰخَرَ بَعْدَ اَنْ رَجَعُوا مِنْ مِنًى بِحَجِّهِمْ، وَاَمَّا الَّذِينَ كَانُوْا اَهَلُّوْا بِالْحَجِّ وَجَمَعُوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ، فَاِنَّمَا طَافُوا طَوَافًا وَاحِدًا

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہم نے عمرے کا تلبیہ پڑھا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور موجود ہو وہ عمرے کے ساتھ حج کا بھی تلبیہ پڑھے پھر وہ اس وقت تک احرام نہیں کھولے گا' جب تک وہ ان دونوں سے فارغ نہیں ہو جاتا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب میں مکہ آئی' تو مجھے حیض آ گیا میں نے بیت اللہ کا طواف بھی نہیں کیا اور صفا و مروہ کی سعی بھی نہیں کی۔ میں نے اس بات کی شکایت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کی' تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اپنے بال کھول کر ان میں کنگھی کر لو اور حج کا تلبیہ پڑھنا شروع کر دو اور عمرے کو چھوڑ دو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ایسا ہی کیا جب ہم نے حج مکمل کر لیا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عبدالرحمٰن بن ابوبکر کے ہمراہ تنعیم بھیجا وہاں سے میں نے عمرہ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارے عمرے کی جگہ ہو گیا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جن لوگوں نے عمرے کا تلبیہ پڑھا تھا انہوں نے بیت اللہ کا طواف اور صفا و مروہ کی سعی کرنے کے بعد احرام کھول دیا۔ پھر انہوں نے منیٰ سے واپس آنے کے بعد حج کے لئے دوسری مرتبہ طواف کیا جہاں تک ان لوگوں کا تعلق ہے جنہوں نے حج کا تلبیہ پڑھا تھا انہوں نے حج اور عمرے کو جمع کر لیا تھا' تو انہوں نے ایک ہی مرتبہ طواف کیا تھا۔

ذِكْرُ الْمَوْضِعِ الَّذِي اَمَرَهُمُ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا وَصَفْنَا فِيهِ بَعْدَ تَقَدُّمَتِهِمُ الْاِهْلَالَ بِعُمْرَةٍ

اس مقام کا تذکرہ، جہاں مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان (صحابہ کرام) کو اس بات کا حکم دیا، جس کا ذکر ہم نے کیا ہے، حالانکہ پہلے وہ حضرات عمرہ کا تلبیہ پڑھ رہے تھے

3918 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْحَنَفِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَفْلَحُ بْنُ حُمَيْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ اَشْهُرِ الْحَجِّ، وَلَيَالِي الْحَجِّ، وَحَرَمِ

3918– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر 3795 . أبو بكر الحنفي: هو عبد الكبير بن عبد المجيد البصري .

الْحَجِّ حَتّٰى نَزَلْنَا بِسَرِفٍ، قَالَتْ: فَخَرَجَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ، فَقَالَ: مَنْ لَّمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْىٌ، وَاَحَبَّ اَنْ يَّجْعَلَهَا عُمْرَةً، فَلْيَفْعَلْ، وَمَنْ كَانَ مَعَهُ الْهَدْىُ، فَلَا ، قَالَتْ: فَالْاٰخِذُ بِهَا، وَالتَّارِكُ لَهَا مِنْ اَصْحَابِهٖ، قَالَتْ: فَاَمَّا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَرِجَالٌ مِّنْ اَصْحَابِهٖ، فَكَانُوْا اَهْلَ قُوَّةٍ، فَكَانَ مَعَهُمُ الْهَدْىُ، فَلَمْ يَقْدِرُوا عَلَى الْعُمْرَةِ، قَالَتْ: فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَنَا اَبْكِي، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا يُبْكِيكِ يَا هَنْتَاهُ؟ ، قُلْتُ: قَدْ سَمِعْتُ قَوْلَكَ لِاَصْحَابِكَ، فَمُنِعْتُ الْعُمْرَةَ، قَالَ: وَمَا شَاْنُكِ؟ ، قَالَتْ: لَا اُصَلِّي، قَالَ: فَلَا يَضُرُّكِ، اِنَّمَا اَنْتِ امْرَاَةٌ مِّنْ بَنَاتِ آدَمَ، كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْكِ مَا كَتَبَ عَلَيْهِنَّ، فَكُوْنِيْ فِيْ حَجَّتِكِ، فَعَسَى اَنْ تُدْرِكِيهَا ، قَالَتْ: فَخَرَجْنَا فِيْ حَجِّهٖ حَتّٰى قَدِمْنَا مِنًى، فَطَهَرْتُ ثُمَّ خَرَجْتُ مِنْ مِنًى فَاَفَضْتُ الْبَيْتَ، قَالَتْ: ثُمَّ خَرَجْتُ مَعَهُ فِي النَّفْرِ الْاٰخِرِ حَتّٰى نَزَلَ الْمُحَصَّبُ، وَنَزَلْنَا مَعَهُ، فَدَعَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اخْرُجْ بِاُخْتِكَ مِنَ الْحَرَمِ، فَلْتُهِلَّ بِعُمْرَةٍ، ثُمَّ افْرُغَا، ثُمَّ ائْتِيَا هُنَا، فَاِنِّي اَنْظُرُكُمَا حَتّٰى تَاْتِيَانِيْ ، قَالَتْ: فَخَرَجْتُ لِذٰلِكَ حَتّٰى فَرَغْتُ، وَفَرَغْتُ مِنَ الطَّوَافِ، ثُمَّ جِئْتُهُ سَحَرًا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ فَرَغْتُمْ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: فَاَذِنَ بِالرَّحِيلِ فِيْ اَصْحَابِهٖ، فَارْتَحَلَ النَّاسُ، فَمَرَّ بِالْبَيْتِ قَبْلَ صَلَاةِ الصُّبْحِ، فَطَافَ بِهٖ، ثُمَّ خَرَجَ، فَرَكِبَ، ثُمَّ انْصَرَفَ مُتَوَجِّهًا اِلَى الْمَدِيْنَةِ

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم حج کے مہینوں میں حج کی راتوں میں حج کے قابل احترام (مخصوص موسم میں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے جب ہم نے سرف کے مقام پر پڑاؤ کیا' تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے پاس تشریف لے گئے' تو آپ نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے پاس قربانی کا جانور موجود نہ ہو اور وہ اسے عمرے میں تبدیل کرنا چاہتا ہو وہ ایسا کرلے اور جس کے پاس قربانی کا جانور موجود ہو وہ ایسا نہیں کرسکتا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: کچھ لوگوں نے اسے موقوف کردیا اور کچھ لوگوں نے اسے ترک کردیا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور کچھ افراد کا تعلق تھا جو صاحب حیثیت تھے اور ان کے ساتھ قربانی کا جانور موجود تھا وہ عمرہ (کر کے احرام نہیں کھول) سکتے تھے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے' تو میں رو رہی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: تم کیوں رو رہی ہو' تو میں نے عرض کی: میں نے آپ کا وہ فرمان سنا ہے' جو آپ نے اپنے اصحاب سے ارشاد فرمایا ہے' لیکن میں عمرہ نہیں کرسکتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیوں تمہیں کیا ہوا؟ میں نے عرض کی: میں نماز ادا نہیں کرسکتی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں کوئی نقصان نہیں ہے۔ تم آدم کی بیٹیوں سے تعلق رکھنے والی ایک عورت ہو۔ اللہ تعالیٰ نے تم پر بھی وہی چیز مقرر کی ہے' جو ان پر مقرر کی ہے۔ تم اپنے حج کو جاری رکھو۔ عنقریب تم اسے (یعنی عمرے کو) پالوگی۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہم لوگ حج کے لئے روانہ ہوئے' یہاں تک کہ ہم منیٰ آ گئے اور میں پاک ہوگئی۔ پھر میں منیٰ سے نکلی میں نے بیت اللہ کا طواف افاضہ کیا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ آخری روانگی میں نکلی' یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وادی

محصب میں پڑاؤ کیا۔آپ کے ہمراہ ہم نے بھی پڑاؤ کیا۔ نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رَضِيَ اللهُ عَنْهُ کو بلایا اور ارشاد فرمایا: تم اپنی بہن کو حرم سے باہر لے جاؤ اسے عمرے کا احرام بندھوالاؤ۔ تم دونوں فارغ ہو کر یہاں آجانا میں تم دونوں کا انتظار کروں گا' جب تک تم آنہیں جاتے۔ سیّدہ عائشہ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا بیان کرتی ہیں: اس موقع پر میں نکلی' یہاں تک کہ میں (عمرہ کر کے فارغ ہوگئی) اور میں طواف کر کے فارغ ہوئی پھر میں سحری کے وقت آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی' نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ فارغ ہوگئے ہو؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں پھر نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے اپنے ساتھیوں کو روانگی کا حکم دیا۔ ہم نے روانگی کی تیاری کر لی نبی اکرم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کا گزر بیت اللہ کے پاس سے' صبح کی نماز سے پہلے ہوا آپ نے اس کا طواف کیا پھر (مکہ مکرمہ سے) تشریف لے گئے اور مدینہ منورہ کی طرف چل پڑے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَمَرَهُمْ مَا وَصَفْنَا قَبْلَ دُخُولِهِمْ مَكَّةَ مَرَّةً اُخْرٰى مِثْلَ مَا اَمَرَهُمْ بِهٖ بِسَرِفٍ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، مصطفیٰ کریم صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے ان (صحابہ کرام) کے مکہ میں داخل ہونے

سے پہلے دوسری مرتبہ اس بات کا حکم دیا، جس کا ہم نے ذکر کیا ہے، اور یہ حکم اس حکم کی مانند تھا جو آپ نے ان حضرات (صحابہ کرام) کو "سرف" کے مقام پر دیا تھا

3919 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا الْمُلَائِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ آدَمَ، قَالَا: حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ اَبُوْ خَيْثَمَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهِلِّينَ بِالْحَجِّ، وَمَعَنَا النِّسَاءُ وَالذَّرَارِيُّ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ طُفْنَا بِالْبَيْتِ، وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ ، فَقُلْنَا: اَيُّ الْحِلِّ؟ فَقَالَ: الْحِلُّ كُلُّهُ ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ اَهْلَلْنَا بِالْحَجِّ، قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اشْتَرِكُوا فِي الْاِبِلِ وَالْبَقَرِ، كُلُّ سَبْعَةٍ فِي بَدَنَةٍ ، قَالَ: فَجَاءَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ عُمْرَتَنَا هٰذِهِ لِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِلْاَبَدِ؟، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا بَلْ لِلْاَبَدِ ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، بَيِّنْ لَنَا دِيْنَنَا، كَاَنَّمَا خُلِقْنَا الْاٰنَ، اَرَاَيْتَ الْعَمَلَ الَّذِي نَعْمَلُ بِهٖ، اَفِيمَا جَفَّتْ بِهِ الْاَقْلَامُ، وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ، اَمْ مِمَّا نَسْتَقْبِلُ؟، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا بَلْ فِيمَا جَفَّتْ بِهِ الْاَقْلَامُ، وَجَرَتْ بِهِ الْمَقَادِيرُ ، قُلْتُ: فَفِيمَ الْعَمَلُ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اعْمَلُوا، فَكُلٌّ مُيَسَّرٌ

3919– حديث صحيح رجاله ثقات الملائي: هو أبو نعيم الفضل بن دكين، وإسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه . وقد تقدم برقم 3791 ورواه مسلم مختصرا، وصرح عنده ابن الزبير بالتحديث . وأخرجه أحمد 3/292–293 عن يحيى بن آدم، بهذا الإسناد . وأخرجه مسلم1318 351 في الحج: باب الإشتراك في الهدي، من طريقين، عن أبي خيثمة، به مختصرا . وأخرجه أحمد3/388 مطولا. ومسلم 1318 مختصرا من طرق عن أبي الزبير به . وأنظر 3921 و3924 .

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِيْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا فِيْ اِفْرَادِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَجَّ، وَقِرَانِهِ وَتَمَتُّعِهِ بِهِمَا مِمَّا تَنَازَعَ فِيهَا الْاَئِمَّةُ مِنْ لَدُنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى يَوْمِنَا هٰذَا، وَيُشَنِّعُ بِهِ الْمُعَطِّلَةُ، وَاَهْلُ الْبِدَعِ عَلٰى اَئِمَّتِنَا، وَقَالُوا: رَوَيْتُمْ ثَلَاثَةَ اَحَادِيثَ مُتَضَادَّةً فِيْ فِعْلٍ وَّاحِدٍ، وَرَجُلٍ وَّاحِدٍ، وَحَالَةٍ وَّاحِدَةٍ وَّزَعَمْتُمْ اَنَّهَا ثَلَاثَتُهَا صِحَاحٌ مِّنْ جِهَةِ النَّقْلِ، وَالْعَقْلُ يَدْفَعُ مَا قُلْتُمْ، اِذْ مُحَالٌ اَنْ يَكُوْنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ كَانَ مُفْرِدًا قَارِنًا مُتَمَتِّعًا، فَلَمَّا صَحَّ اَنَّهُ لَمْ يَكُنْ فِيْ حَالَةٍ وَّاحِدَةٍ قَارِنًا مُتَمَتِّعًا مُفْرِدًا صَحَّ اَنَّ الْاَخْبَارَ يَجِبُ اَنْ يُقْبَلَ مِنْهَا مَا يُوَافِقُ الْعَقْلَ، وَمَهْمَا جَازَ لَكُمْ اَنْ تَرُدُّوا خَبَرًا يَصِحُّ، ثُمَّ لَا تَسْتَعْمِلُوهُ، اَوْ تُؤْثِرُوا غَيْرَهُ عَلَيْهِ كَمَا فَعَلْتُمْ فِيْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ الثَّلَاثَةِ، يَجُوزُ لِخِصْمِكُمْ اَنْ يَّاْخُذَ مَا تَرَكْتُمْ وَيَتْرُكَ مَا اَخَذْتُمْ، وَلَوْ تَمَلَّقَ قَائِلٌ هٰذَا فِي الْخَلْوَةِ اِلَى الْبَارِءِ جَلَّ وَعَلَا وَسَاَلَهُ التَّوْفِيقَ لِاِصَابَةِ الْحَقِّ وَالْهِدَايَةِ لِطَلَبِ الرُّشْدِ فِي الْجَمْعِ بَيْنَ الْاَخْبَارِ، وَنَفْيِ التَّضَادِ عَنِ الْاٰثَارِ لَعَلِمَ بِتَوْفِيقِ الْوَاحِدِ الْجَبَّارِ، اَنَّ اَخْبَارَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَضَادَ بَيْنَهَا وَلَا تَهَاتُرَ، وَلَا يُكَذِّبُ بَعْضُهَا بَعْضًا اِذَا صَحَّتْ مِنْ جِهَةِ النَّقْلِ، لَعَرِفَهَا الْمَخْصُوصُونَ فِي الْعِلْمِ، الذَّابُّونَ عَنِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكَذِبَ، وَعَنْ سُنَّتِهِ الْقَدَحَ، الْمُؤْثِرُونَ مَا صَحَّ عَنْهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى قَوْلِ مَنْ بَعْدَهُ مِنْ اُمَّتِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَالْفَصْلُ بَيْنَ الْجَمْعِ فِيْ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ حَيْثُ اَحْرَمَ، كَذٰلِكَ قَالَهُ مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، فَخَرَجَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُهِلُّ بِالْعُمْرَةِ وَحْدَهَا حَتّٰى بَلَغَ سَرِفَ، اَمَرَ اَصْحَابَهُ بِمَا ذَكَرْنَا فِيْ خَبَرِ اَفْلَحَ بْنِ حُمَيْدٍ، فَمِنْهُمْ مَنْ اَفْرَدَ حِينَئِذٍ، وَمِنْهُمْ مَنْ اَقَامَ عَلٰى عُمْرَتِهِ، وَلَمْ يَحِلَّ، فَاَهَلَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهِمَا مَعًا حِينَئِذٍ اِلٰى اَنْ دَخَلَ مَكَّةَ، وَكَذٰلِكَ اَصْحَابُهُ الَّذِينَ سَاقُوا مَعَهُمُ الْهَدْيَ، وَكُلُّ خَبَرٍ رُوِيَ فِيْ قِرَانِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اِنَّمَا كَانَ ذٰلِكَ حَيْثُ رَاٰوْهُ يُهِلُّ بِهِمَا بَعْدَ اِدْخَالِهِ الْحَجَّ عَلَى الْعُمْرَةِ اِلٰى اَنْ دَخَلَ مَكَّةَ، فَلَمَّا دَخَلَ مَكَّةَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَطَافَ وَسَعٰى، اَمَرَ ثَانِيًا مَنْ لَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ، وَكَانَ قَدْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ اَنْ يَّتَمَتَّعَ وَيَحِلَّ، وَكَانَ يَتَلَهَّفُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَا فَاتَهُ مِنَ الْاِهْلَالِ، حَيْثُ كَانَ سَاقَ الْهَدْيَ حَتّٰى، اِنَّ بَعْضَ اَصْحَابِهِ مِمَّنْ لَمْ يَسُقِ الْهَدْيَ لَمْ يَكُوْنُوْا يُحِلُّوْنَ حَيْثُ رَاَوَا الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَحِلَّ حَتّٰى كَانَ مِنْ اَمْرِهِ مَا وَصَفْنَاهُ مِنْ دُخُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عَائِشَةَ وَهُوَ غَضْبَانُ، فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ، وَاَحْرَمَ الْمُتَمَتِّعُونَ خَرَجَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى مِنًى، وَهُوَ يُهِلُّ بِالْحَجِّ مُفْرَدًا، اِذِ الْعُمْرَةُ الَّتِي قَدْ اَهَلَّ بِهَا فِيْ اَوَّلِ الْاَمْرِ قَدِ انْقَضَتْ عِنْدَ دُخُولِهِ مَكَّةَ بِطَوَافِهِ بِالْبَيْتِ وَسَعْيِهِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَحَكٰى ابْنُ عُمَرَ وَعَائِشَةُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْرَدَ الْحَجَّ اَرَادَ مِنْ خُرُوجِهِ اِلٰى مِنًى مِنْ مَكَّةَ مِنْ غَيْرِ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَ هٰذِهِ الْاَخْبَارِ تَضَادٌّ اَوْ تَهَاتُرٌ، وَفَّقَنَا اللّٰهُ لِمَا يُقَرِّبُنَا اِلَيْهِ، وَيُزْلِفُنَا لَدَيْهِ مِنَ الْخُضُوعِ عِنْدَ وُرُودِ السُّنَنِ اِذَا صَحَّتْ، وَالْاِنْقِيَادِ لِقَبُولِهَا وَاتِّهَامِ

الْاَنْفُسِ وَالْزَاقِ الْعَيْبِ بِهَا اِذَا لَمْ نُوَفَّقْ لِاِدْرَاكِ حَقِيقَةِ الصَّوَابِ دُونَ الْقَدْحِ فِي السُّنَنِ وَالتَّعَرُّجِ عَلَى الْاٰرَاءِ الْمَنْكُوسَةِ وَالْمَقَايَسَاتِ الْمَعْكُوسَةِ، اِنَّهُ خَيْرُ مَسْؤُولٍ

❀❀ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حج کا تلبیہ پڑھتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ ہمارے ساتھ خواتین اور بچے بھی تھے جب ہم مکہ آئے' تو ہم نے بیت اللہ کا طواف کیا اور صفا و مروہ کی سعی کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور موجود نہ ہو وہ احرام کھول دے۔ ہم نے کہا: کس حد تک حلال ہونا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکمل طور پر۔

جب تلبیہ کا دن آیا' تو ہم نے حج کا احرام باندھ لیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے فرمایا: تم لوگ ایک اونٹ اور ایک گائے میں حصے دار بن جاؤ۔ سات آدمیوں کی طرف سے ایک قربانی ہو۔ راوی کہتے ہیں: حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ آئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہمارے اس عمرے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ کیا یہ اس سال کے لئے مخصوص ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ ہمیشہ کے لئے ہے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ ہمارے سامنے دینی احکام کو یوں بیان کیجئے جس طرح ہم ابھی پیدا ہوئے ہیں۔ عمل کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے' جو آدمی کرتا ہے کیا اس بارے میں قلم خشک ہو چکا ہے اور تقدیر کا فیصلہ جاری ہو چکا ہے یا یہ از سر نو کچھ ہوتا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جی نہیں بلکہ اس بارے میں قلم خشک ہو چکے ہیں اور تقدیر کا فیصلہ جاری ہو چکا ہے؟ میں نے دریافت کیا: پھر عمل کیوں کیا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم عمل کرو' کیونکہ ہر شخص کے لئے وہ چیز آسان کر دی جاتی ہے (جس کے لئے اسے پیدا کیا گیا ہے)

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) وہ روایات جو ہم نے ذکر کی ہیں۔ ان میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج افراد کرنے، یا حج تمتع یا حج قران کرنے کا تذکرہ ہے۔ اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس سے لے کر ہمارے آج کے دن تک ائمہ کے درمیان اختلاف رہا ہے۔ معطلہ فرقے کے افراد اور دیگر اہل بدعت اس حوالے سے ہمارے ائمہ پر طعن و تشنیع کرتے ہوئے یہ کہتے ہیں:

آپ لوگوں نے ایک ہی فعل، ایک ہی فرد اور ایک ہی حالت کے بارے میں تین متضاد روایات نقل کی ہیں اور آپ لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ نقل کے اعتبار سے یہ تینوں روایات صحیح ہیں حالانکہ عقل آپ کے موقف کو تسلیم نہیں کرتی کیونکہ یہ بات ناممکن ہے کہ حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد بھی کیا ہو، حج قران بھی کیا ہو اور حج تمتع بھی کیا ہو۔ تو جب یہ بات درست (طور پر ثابت) ہو گئی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی حالت میں حج قران، تمتع اور افراد کرنے والے نہیں تھے تو یہ بات بھی ثابت ہو جائے گی کہ ان روایات کو قبول کرنا ضروری ہے جو عقل کے موافق ہوں۔

بعض اوقات آپ کے لئے یہ بات جائز ہوتی ہے کہ آپ کسی صحیح حدیث کو اختیار نہ کریں، آپ اس پر عمل نہ کریں، یا کسی دوسری روایت کو اس پر ترجیح دیں، جس طرح آپ نے ان تین روایات کے بارے میں کیا ہے، تو پھر آپ کے مخالف فریق کے لئے بھی یہ بات جائز ہوگی کہ وہ اس روایت کو اختیار کر لے جسے آپ نے ترک کر دیا اور اس روایت کو ترک کر دے جسے آپ نے اختیار کیا ہو۔

(ابن حبان کہتے ہیں) اس بات کا قائل شخص اگر خلوت میں اپنے پروردگار کی بارگاہ میں گریہ وزاری کرتا اور اس سے یہ دعا مانگتا کہ (اللہ تعالیٰ اسے) حق اور ہدایت تک پہنچا دے، تاکہ وہ شخص "ایک" اور "غالب" (معبود) کی عطا کردہ توفیق کے ذریعے روایات کے درمیان تطبیق دینے، اور آثار میں تضاد کی نفی کرنے کے لئے رہنمائی کا طلب گار رہوتا۔ (تو اسے پتہ چل جاتا) نبی اکرم ﷺ سے منقول روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف نہیں پایا جاتا ہے۔ اور نہ ہی ان میں سے کوئی روایت کسی دوسری روایت کی تکذیب کرتی ہے جبکہ وہ نقل کے اعتبار سے مستند طور پر ثابت ہو۔ جس سے علم حدیث کے ماہرین آگاہ ہوں اور نبی اکرم ﷺ کی طرف (منسوب کی جانے والی) جھوٹی باتوں اور آپ ﷺ کی سنت (پر کئے جانے والے اعتراضات کو) پرے کرنے والے (حضرات محدثین) جو نبی اکرم ﷺ سے مستند طور پر منقول حدیث کو آپ کے بعد آنے والے آپ کی امت کے کسی بھی دوسرے شخص کے قول پر ترجیح دیتے ہیں۔

ان روایات کے درمیان تطبیق دینے کی صورت یوں ہوگی۔ جب نبی اکرم ﷺ نے احرام باندھا تو آپ نے عمرہ کا تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔

امام مالک نے زہری، عروہ کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

جب نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے تو آپ صرف عمرہ کا تلبیہ پڑھتے رہے، یہاں تک کہ جب آپ "سرف" کے مقام پر پہنچے تو آپ نے اپنے اصحاب کو وہ حکم دیا، جس کا ذکر ہم نے افلح بن حمید کے حوالے سے منقول روایت میں کیا ہے۔

تو اس وقت صحابہ کرام میں سے بعض حضرات نے حج افراد کا تلبیہ پڑھنا شروع کیا، بعض حضرات اپنے عمرہ کے تلبیہ پر برقرار رہے، (انہوں نے کوئی تبدیلی نہیں کی)

اس موقع پر نبی اکرم ﷺ نے (حج اور عمرہ) دونوں کا ایک ساتھ تلبیہ پڑھا۔ یہاں تک کہ آپ مکہ میں داخل ہوگئے۔ آپ کے وہ اصحاب جو اپنے ساتھ قربانی کا جانور لے کر آئے تھے ان کی بھی یہی حالت تھی۔

نبی اکرم ﷺ کے حج قران کے بارے میں جو بھی روایات نقل کی گئی ہیں۔ یہ اس وقت کے بارے میں ہیں جب صحابہ کرام نے نبی اکرم ﷺ کو عمرہ کے ساتھ حج کو شامل کر کے ان دونوں کا ایک ساتھ تلبیہ پڑھتے ہوئے دیکھا۔ یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ مکہ مکرمہ تشریف لے آئے۔

جب نبی اکرم ﷺ مکہ تشریف لے آئے، آپ ﷺ نے (بیت اللہ کا) طواف کر لیا (صفا و مروہ کی) سعی کر لی، تو جو لوگ قربانی کا جانور ساتھ نہیں لائے تھے اور عمرہ کا تلبیہ پڑھتے رہے تھے۔ آپ نے انہیں دوسری مرتبہ یہ حکم دیا کہ وہ تمتع کر کے احرام کھول دیں۔

نبی اکرم ﷺ نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ قربانی کا جانور ساتھ لانے کی وجہ سے آپ کا تلبیہ رہ گیا، یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ کے بعض اصحاب جو اپنے ساتھ قربانی کا جانور نہیں لائے تھے۔ انہوں نے احرام ختم نہیں کیا کیونکہ انہوں نے یہ دیکھا کہ نبی اکرم ﷺ نے احرام ختم نہیں کیا۔ یہاں تک کہ یہ صورتحال ہوئی کہ نبی اکرم ﷺ غصے کے عالم میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس

تشریف لائے جس کا ذکر ہم کر چکے ہیں۔

جب ترویہ کا دن آیا تو تمتع کرنے والوں نے (نئے سرے سے حج کا) احرام باندھا' نبی اکرم ﷺ منیٰ کی طرف روانہ ہوئے۔ آپ اس وقت صرف حج کا تلبیہ پڑھ رہے تھے، آپ آغاز میں جو عمرہ کا تلبیہ پڑھ رہے تھے، وہ تو آپ ﷺ کے مکہ مکرمہ تشریف لانے کے بعد خانہ کعبہ کا طواف کرنے، صفا و مروہ کی سعی کرنے سے ادا ہو چکا تھا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ اور سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جو یہ بات بیان کی ہے: نبی اکرم ﷺ نے صرف حج (کا تلبیہ پڑھا) اس سے ان کی مراد وہ وقت ہوگا جب نبی اکرم ﷺ مکہ مکرمہ سے منیٰ کی طرف تشریف لے گئے تھے۔

اس طرح ان روایات میں کوئی تضاد اور اختلاف باقی نہیں رہے گا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس بات کی توفیق عطا کرے جو اس کی بارگاہ کا قرب دلاتی ہے اور اس کے قریب کرتی ہے۔ (یعنی) جب احادیث مستند طور پر ثابت ہو جائیں، تو ان کے سامنے جھک جائیں، اور انہیں قبول کرنے کے لئے سر تسلیم خم کر دیں اور جب ہمیں صحیح حقیقت کے ادراک کی توفیق نصیب نہ ہو تو ہم احادیث پر اعتراض کرنے، غلط آراء اور غلط قیاس کی پیروی کرنے کی بجائے اپنے آپ پر الزام عائد کریں اور اپنے آپ کے ساتھ عیب کو لاحق کریں۔ (یعنی اسے اپنی ذاتی خامی سمجھیں) بے شک وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) سب سے بہتر مسئول ہے۔

بَابٌ، التَّمَتُّعُ

باب: حج تمتع کا بیان

ذِكْرُ الْأَمْرِ بِالتَّمَتُّعِ لِمَنْ اَرَادَ الْحَجَّ وَاسْتِحْبَابِهِ، وَاِيْثَارِهِ عَلَى الْقِرَانِ وَالْإِفْرَادِ مَعًا

جو شخص حج کا ارادہ کرے، اسے حج تمتع کرنے کا حکم ہونے کا تذکرہ، اس (حج تمتع کا) مستحب ہونا، اسے حج قران اور حج افراد دونوں پر ترجیح حاصل ہونے (کا بیان)

3920 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْمُقْرِءُ، حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، وَذَكَرَ اَبُوْ يَعْلٰى اٰخَرَ مَعَهُ، قَالَا: سَمِعْنَا يَزِيدَ بْنَ اَبِیْ حَبِيبٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِي اَبُوْ عِمْرَانَ،

(متن حدیث): اَنَّهُ حَجَّ مَعَ مَوَالِيهِ، قَالَ: فَاَتَيْتُ اُمَّ سَلَمَةَ اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، فَقُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، اِنِّی لَمْ اَحُجَّ قَطُّ فَبِاَيِّهِمَا اَبْدَاُ بِالْعُمْرَةِ، اَمْ بِالْحَجِّ، قَالَتِ: ابْدَاْ بِاَيِّهِمَا شِئْتَ، قَالَ: ثُمَّ اَتَيْتُ صَفِيَّةَ اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ، فَسَاَلْتُهَا، فَقَالَتْ لِي مِثْلَ مَا قَالَتْ، قَالَ: ثُمَّ جِئْتُ اُمَّ سَلَمَةَ، فَاَخْبَرْتُهَا بِقَوْلِ صَفِيَّةَ، فَقَالَتْ لِي اُمُّ سَلَمَةَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَا آلَ مُحَمَّدٍ مَنْ حَجَّ مِنْكُمْ فَلْيُهِلَّ بِعُمْرَةٍ فِي حَجَّةٍ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ: اَبُوْ عِمْرَانَ هٰذَا اسْمُهُ اَسْلَمُ اَبُوْ عِمْرَانَ مِنْ ثِقَاتِ اَهْلِ مِصْرَ

ابوعمران بیان کرتے ہیں: انہوں نے اپنے غلاموں کے ہمراہ حج کیا وہ بیان کرتے ہیں: میں اُمّ المومنین سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کی: اے اُمّ المومنین! میں نے کبھی حج نہیں کیا تھا' تو کیا میں عمرے سے آغاز کروں یا پہلے حج کرلوں؟ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: تم ان دونوں میں سے جسے چاہو پہلے کرلو۔ وہ بیان کرتے ہیں: پھر میں اُمّ المومنین سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا: انہوں نے بھی مجھے وہی جواب دیا

3920- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير أبی عمران، فقد روى له أصحاب السنن، وهو ثقة، وثقه المؤلف، والنسائی، والعجلی، وقال ابن يونس: كان وجيها بمصر . والحديث عند أبی يعلى فی مسنده 325/1 . والآخر الذی ذكره أبو يعلى هو ابن لهيعة . وأخرجه أحمد 6/317 عن عبد الله بن يزيد المقرئ بهذا الإسناد . وأخرجه الطبرانی فی " الكبير " 23/791 عن هارون بن مملوك المصری، عن المقرئ، عن حيوة بن شريح، به . وأخرجه الطبرانی 23/790 من طريق بن المبارك عن حيوة به . وأخرجه أحمد 6/297-298، والطبرانی 23/792، والبيهقی 4/355 من طرق عن الليث بن سعد، عن يزيد بن أبی حبيب، به . وذكره الهيثمی فی " المجمع" 3/235 وقال: رواه أحمد وأبويعلى والطبرانی فی الكبير ورجال أحمد ثقات . وأنظر 3922 .

جو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا تھا۔

وہ کہتے ہیں: پھر میں سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا' میں نے انہیں سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے بیان کے بارے میں بتایا' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے مجھ سے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اے محمد کے گھر والو! تم میں سے جو شخص حج کرے وہ حج میں عمرے کا بھی ذکر کرے (یعنی تلبیہ پڑھتے ہوئے ایسا کرے)۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) ابوعمران نامی راوی کا نام اسلم ابوعمران ہے اور یہ مصر سے تعلق رکھنے والے ثقہ راوی ہیں۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ اسْتِحْبَابَ التَّمَتُّعِ لِمَنْ قَصَدَ الْبَيْتَ الْعَتِيقَ، وَاِيثَارَهُ عَلَى الْقِرَانِ وَالْاِفْرَادِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے: جو شخص بیت عتیق کا قصد کرتا ہے اس کے لیے حج تمتع کرنا مستحب ہے، اور اسے حج قران اور حج افراد پر ترجیح حاصل ہے

3921 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا ابْنُ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَهْلَلْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ خَالِصًا، لَا نَخْلِطُ بِغَيْرِهِ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ لِاَرْبَعِ لَيَالٍ خَلَوْنَ مِنْ ذِي الْحِجَّةِ، فَلَمَّا طُفْنَا بِالْبَيْتِ، وَسَعَيْنَا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَاَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَجْعَلَهَا عُمْرَةً، وَاَنْ نَحِلَّ اِلَى النِّسَاءِ، فَقُلْنَا بَيْنَنَا: لَيْسَ بَيْنَنَا وَبَيْنَ عَرَفَةَ اِلَّا خَمْسٌ، فَنَخْرُجُ اِلَيْهَا، وَمَذَاكِيْرُنَا تَقْطُرُ مَنِيًّا، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنِّي لَاَبَرُّكُمْ وَاَصْدَقُكُمْ، وَلَوْلَا الْهَدْيُ لَاَحْلَلْتُ، فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، اَمُتْعَتُنَا هٰذِهِ لِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِلْاَبَدِ؟، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ لِلْاَبَدِ

✿✿ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ صرف حج کا تلبیہ پڑھا اس میں کوئی دوسری چیز شامل نہیں کی ذوالحج کی چار تاریخ کو ہم لوگ مکہ آ گئے۔ جب ہم نے بیت اللہ کا طواف کر لیا اور صفا و مروہ کی سعی کر لی' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں حکم دیا کہ ہم اسے عمرے میں تبدیل کر لیں اور ہم اپنی خواتین کے لئے حلال ہو جائیں ہم نے آپس میں یہ کہا: ہمارے اور عرفہ میں صرف پانچ دن باقی رہ گئے ہیں ہم جب عرفہ کی طرف جائیں گے' تو ہماری شرمگاہوں سے منی کے قطرے

3921- إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير عبد الرحمٰن بن إبراهيم، فمن رجال البخاري . وتقدم برقم 3791 من طريق ابن جريج، عن عطاء . وأخرجه ابن ماجة 2980 في المناسك: باب فسخ الحج، عن عبد الرحمٰن بن ابراهيم الدمشقي، بهذا الإسناد . وأخرجه أبو داؤد 1787 في المناسك: باب إفراد الحج، عن الوليد بن مزيد، عن الأوزاعي، بِهِ . وانظر 3924 .

ٹھیک رہے ہوں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تم سب سے زیادہ نیکوکار اور تم سب سے زیادہ سچا ہوں۔ اگر قربانی کا جانور ساتھ نہ ہوتا تو میں بھی احرام کھول دیتا۔ حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا یہ سہولت اس سال کے لئے ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کے لئے ہے۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اسْتِحْبَابِ اِهْلَالِ الْمَرْءِ بِالتَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ، وَالْاِيْثَارِ عَلَى الْقِرَانِ وَالْاِفْرَادِ مَعًا

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، آدمی کے لیے یہ بات مستحب ہے کہ وہ حج تمتع کا تلبیہ پڑھے اور اسے حج قران اور حج افراد دونوں پر ترجیح دے

3922 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ خُزَيْمَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَيْوَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ اَبِيْ حَبِيبٍ، يَقُوْلُ: حَدَّثَنِيْ اَبُوْ عِمْرَانَ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ حَجَّ مَعَ مَوَالِيهِ، قَالَ: فَاَتَيْتُ اُمَّ سَلَمَةَ، فَقُلْتُ: يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِينَ اِنِّي لَمْ اَحُجَّ قَطُّ، فَبِاَيِّهِمَا اَبْدَاُ، بِالْحَجِّ اَمْ بِالْعُمْرَةِ فَقَالَتْ: اِنْ شِئْتَ فَاعْتَمِرْ قَبْلَ اَنْ تَحُجَّ، وَاِنْ شِئْتَ بَعْدَ اَنْ تَحُجَّ، فَذَهَبْتُ اِلٰى صَفِيَّةَ، فَقَالَتْ لِي مِثْلَ ذٰلِكَ، فَرَجَعْتُ اِلٰى اُمِّ سَلَمَةَ، فَاَخْبَرْتُهَا بِقَوْلِ صَفِيَّةَ، فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: يَا آلَ مُحَمَّدٍ مَنْ حَجَّ مِنْكُمْ فَلْيُهِلَّ بِعُمْرَةٍ فِيْ حَجٍّ

ابوعمران بیان کرتے ہیں: انہوں نے اپنے غلاموں کے ہمراہ حج کیا وہ بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میں نے عرض کی: اے اُمّ المومنین! میں نے پہلے حج نہیں کیا' تو اب میں پہلے حج کروں یا عمرہ کروں؟ سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اگر تم چاہو' تو حج کرنے سے پہلے عمرہ کرلو اور اگر چاہو' تو حج کرنے کے بعد عمرہ کر لینا پھر میں سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہوں نے بھی مجھ سے یہی بات ارشاد فرمائی میں واپس سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا۔ انہیں سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کے بیان کے بارے میں بتایا' تو سیّدہ اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

''اے محمد کے گھر والو! تم میں سے جو شخص حج کرے وہ حج میں عمرے کا بھی تلبیہ پڑھے''۔

ذِكْرُ الْاِبَاحَةِ لِلْمَرْءِ اَنْ يَتَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ، اِذَا قَصَدَ الْبَيْتَ الْعَتِيقَ

آدمی کے لیے یہ بات مباح ہونے کا تذکرہ، وہ حج (سے پہلے) عمرہ کے ذریعے تمتع کرے جب وہ بیت عتیق کا قصد کرتا ہے

3922- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين غير أبي عمران، وهو ثقة . وقد تقدم برقم 3920 .

3923 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ بْنِ قُتَيْبَةَ بِعَسْقَلَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نَوْفَلٍ:

(متن حدیث): اَنَّهٗ سَمِعَ الضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ فِيْ حَجَّةِ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ يَقُوْلُ: لَا يَفْتِيْ بِالتَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ اِلَّا مَنْ جَهِلَ اَمْرَ اللّٰهِ جَلَّ وَعَلَا، فَقَالَ لَهٗ سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ: بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ اَخِيْ، فَوَاللّٰهِ لَقَدْ فَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَفَعَلْنَاهُ مَعَهٗ

✿✿ محمد بن عبداللہ بیان کرتے ہیں:۔ انہوں نے ضحاک بن قیس کو سنا یہ اس موقع کی بات ہے جب حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ (اپنے عہد خلافت میں) حج کے لئے آئے تھے ضحاک یہ کہہ رہے تھے حج کے ہمراہ عمرہ کو شامل کرنے کی سہولت کا فتویٰ وہ شخص دیگا جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ناواقف ہوگا اس پر حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میرے بھتیجے تم نے بہت غلط بات کہی ہے اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا تھا آپ کے ہمراہ ہم نے بھی ایسا کیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ الْهَدْيُ بِكُلِّ الْاِحْلَالِ لَا بِالْبَعْضِ مِنْهُ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، جن حضرات (صحابہ کرام) کے ہمراہ قربانی کا جانور نہیں تھا،

انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکمل طور پر احرام ختم کرنے کا حکم دیا تھا، اس کے بعض (احکام ختم کرنے کا) حکم نہیں دیا تھا

3924 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ مَعْشَرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحِيْمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِيْ اُنَيْسَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهِلِّيْنَ بِالْحَجِّ، فَقَدِمْنَا مَكَّةَ، فَطُفْنَا بِالْبَيْتِ، وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، ثُمَّ قَامَ فِيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ مِنْكُمْ سَاقَ هَدْيًا فَلْيَحْلِلْ وَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً، فَقُلْنَا: حِلٌّ مِّنْ ذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟، قَالَ: الْحِلُّ كُلُّهٗ، فَوَاقَعْنَا النِّسَاءَ، وَلَبِسْنَا، وَتَطَيَّبْنَا بِالطِّيْبِ، فَقَالَ اُنَاسٌ: مَا هٰذَا الْاَمْرُ، نَاْتِيْ عَرَفَةَ، وَاُيُوْرُنَا تَقْطُرُ مَنِيًّا؟، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَامَ فِيْنَا كَالْمُغْضَبِ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ اَنِّيْ اَتْقَاكُمْ، وَلَوْ عَلِمْتُ اَنَّكُمْ تَقُوْلُوْنَ هٰذَا مَا سُقْتُ الْهَدْيَ، فَاسْمَحُوْا

3923– رجاله ثقات رجال الصحيح غير محمد بن عبد الله بن نوفل، وهو مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، لم يوثقه غير المؤلف 5/355 ولا يعرف إلا برواية الزهري عنه . وأخرجه الدارمي 2/35–36 من طريق ابن إسحاق عن الزهري، بهذا الإسناد، وسيأتي برقم 3939 . وأخرجه مسلم 1225 في الحج: باب جواز التمتع، من طرق عن سليمان التيمي، عن غنيم بن قيس قال: سألت سعد بن وقاص رضي الله عنه عن المتعة، فقال فعلناها وهذا يومئذ كافر بالعرش يعني بيوت مكة يقصد معاوية بن أبي سفيان .

3924– حديث صحيح، رجاله ثقات رجال الصحيح . وقد تقدم برقم 3919 من طريق زهير بن حرب، عن أبي الزبير . محمد بن سلمة: هو ابن عبد الله الحرّاني، وأبو عبد الرحيم: هو خالد بن يزيد الحراني، وهما ثقتان من رجال مسلم .

بِمَا تُؤْمَرُونَ بِهِ ، فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، عُمْرَتُنَا هٰذِهِ الَّتِي اَمَرْتَنَا بِهَا اَلِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِلْاَبَدِ؟، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَلْ لِلْاَبَدِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ حج کا تلبیہ پڑھتے ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے اور مکہ آ گئے ہم نے بیت اللہ کا طواف کیا صفا اور مروہ کی سعی کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا: تم میں سے جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں ہے وہ احرام کھول دے اور اسے عمرے میں تبدیل کر دے۔ ہم نے کہا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم کس حد تک احرام ختم کریں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مکمل طور پر (راوی کہتے ہیں) ہم نے اپنی بیویوں کے ساتھ صحبت بھی کی' سلے ہوئے کپڑے بھی پہن لئے' خوشبو بھی لگا لی کچھ لوگوں نے یہ بات کہی۔ اب تو یہ ہوگا' جب ہم عرفہ کی طرف جائیں گے' تو ہماری شرمگاہوں سے منی کے قطرے ٹپک رہے ہوں گے۔ اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی آپ ہمارے درمیان یوں کھڑے ہوئے جیسے غصے کے عالم میں ہوں۔ آپ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم! تم لوگ یہ بات جانتے ہو کہ میں تم سب سے زیادہ پرہیزگار ہوں اور مجھے پتہ چلا ہے کہ تم نے یہ بات کہی ہے۔ اگر میں نے قربانی کا جانور ساتھ نہ لیا ہوتا (تو میں بھی احرام کھول دیتا) تمہیں' جس چیز کا حکم دیا جائے اس کی پیروی کیا کرو حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! عمرے کے بارے میں حکم اس سال کے لئے خاص ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ ہمیشہ کے لئے ہے۔

ذِكْرُ السَّبَبِ الَّذِي مِنْ اَجْلِهِ اَمَرَهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْاِحْلَالِ وَلَمْ يَحِلَّ هُوَ بِنَفْسِهِ

اس سبب کا تذکرہ، جس کی وجہ سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں (یعنی صحابہ کرام کو) احرام ختم کرنے کا حکم دیا تھا لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود احرام ختم نہیں کیا تھا

3925 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، عَنْ حَفْصَةَ،

(متن حدیث): اَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَاْنُ النَّاسِ، حَلُّوا وَلَمْ تَحِلَّ اَنْتَ مِنْ

3925– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وهو في "الموطأ" 1/394 في الحج: باب ما جاء في النحر في الحج . ومن طريق مالك أخرجه الشافعي 1/375، والبخاري 1566 في الحج: باب التمتع والقران والإفراد بالحج، و 1725 باب من لبد رأسه عند الإحرام وحلق، و 5916 في اللباس: باب التلبيد، ومسلم 1229 في الحج: باب بيان أن القارن لا يتحلل إلا في وقت تحلل الحاج المفرد، وأبو داؤد 1806 في المناسك: باب القران، والبيهقي 5/12، والبغوي 1885 . وأخرجه أحمد 6/283 و285، والبخاري 1697 في الحج: باب فتل القلائد للبدن والبقر، و 4398 في المغازي: باب حجة الوداع، والنسائي 5/136 في مناسك الحج: باب التلبيد عند الإحرام، وابن ماجة 3046 في المناسك: باب من لبد رأسه، والطبراني في "الكبير " 23/ 311 و312 و313 و314 و315 و316، والبيهقي 5/12–13 و13 و134 من طرق عن نافع، به .

عُمْرَتِكَ؟، فَقَالَ: إِنِّي لَبَّدْتُ رَأْسِي، وَقَلَّدْتُ هَدْيِي، فَلَا اَحِلُّ حَتّٰى اَنْحَرَ

❀❀ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ کیا وجہ ہے کہ لوگوں نے احرام کھول دیا ہے اور آپ نے عمرے کے بعد احرام نہیں کھولا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اپنے سر کے بالوں کو جمایا ہوا ہے اور قربانی کا جانور ساتھ رکھا ہوا ہے اس لئے جب تک میں قربانی نہیں کرتا اس وقت تک احرام نہیں کھولوں گا۔

ذِكْرُ اَمْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْحَابَهُ الَّذِينَ اَحَلُّوْا بِالْعُمْرَةِ، وَلَمْ يَسُوقُوا هَدْيًا اَنْ يَّحِلُّوْا

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے ان اصحاب کو احرام ختم کرنے کا حکم دینا، جنہوں نے عمرہ کا احرام باندھا تھا اور ان کے ساتھ قربانی کا جانور نہیں تھا

3926 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ مُوسٰى، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متنِ حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِحَجٍّ، وَمِنَّا مَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَّاَهْدَى، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ، فَلَمْ يُهْدِ فَلْيَحِلَّ، وَمَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ فَاَهْدَى، فَلَا يَحِلَّ، وَمَنْ اَهَلَّ بِحَجٍّ، فَلْيُتِمَّ حَجَّهُ ، قَالَتْ عَائِشَةُ: وَكُنْتُ مِمَّنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہم میں سے کوئی صرف حج کا تلبیہ پڑھ رہا تھا اور کوئی صرف عمرے کا تلبیہ پڑھ رہا تھا اور اس نے قربانی کا جانور بھی ساتھ رکھا ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص عمرے کا تلبیہ پڑھ رہا ہے اور اس نے قربانی کا جانور ساتھ نہیں رکھا وہ احرام کھول دے اور جو شخص عمرے کا تلبیہ پڑھ رہا تھا۔ اور اس نے قربانی کا جانور ساتھ رکھا ہوا ہے' تو وہ احرام نہ کھولے جو شخص حج کا تلبیہ پڑھ رہا تھا وہ اپنے حج کو مکمل کرے۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں ان لوگوں میں شامل تھی جو عمرے کا تلبیہ پڑھ رہے تھے۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِاِدْخَالِ الْحَجِّ عَلَى الْعُمْرَةِ مَنْ اَهَلَّ بِهَا، وَمَنْ سَاقَ الْهَدْيَ قَبْلَ ذٰلِكَ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو عمرہ کے ہمراہ حج کو شامل کرنے کا حکم دیا

3926– إسناده صحيح على شرط الشيخين . عبد الله هو ابن المبارك، ويونس بن يزيد هو الإيلي، وقد تقدم الحديث برقم 3912 و 3917 من طرق عن الزهري، بهذا الإسناد . وانظر ما بعده .

تھا، جس نے اس کا تلبیہ پڑھا تھا اور وہ اس سے پہلے قربانی کا جانور بھی ساتھ لایا تھا

3927 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، قَالَ: اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ:

(متنِ حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَاَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ، وَلَمْ اَكُنْ سُقْتُ الْهَدْيَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ مِنْكُمْ قَدْ سَاقَ هَدْيًا فَلْيُهِلَّ بِحَجٍّ مَعَ عُمْرَتِهٖ، ثُمَّ لَا يَحِلَّ حَتّٰى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيْعًا، قَالَتْ: فَحِضْتُ لَيْلَةَ عَرَفَةَ، فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَيْفَ اَصْنَعُ فِيْ حَجَّتِيْ قَالَ: امْتَشِطِيْ، وَدَعِي الْعُمْرَةَ وَاَهِلِّيْ بِالْحَجِّ، قَالَتْ: فَحَجَجْتُ، فَبَعَثَ مَعِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، فَاَعْمَرَنِيْ مَكَانَ عُمْرَتِي الَّتِيْ تَرَكْتُهَا

سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ میں نے عمرے کا تلبیہ پڑھا میں قربانی کا جانور ساتھ نہیں لے جاسکی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں سے جو شخص قربانی کا جانور ساتھ لایا ہوا سے عمرے کے ہمراہ حج کا تلبیہ بھی پڑھنا چاہئے پھر وہ اس وقت تک احرام نہیں کھولے گا۔ جب تک وہ ان دونوں سے فارغ نہیں ہو جاتا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: عرفہ کی رات مجھے حیض آ گیا میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اب میں اپنے حج کے بارے میں کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے بالوں میں کنگھی کرلو اور عمرے کو چھوڑ دو اور حج کا تلبیہ پڑھو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے حج کر لیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کو میرے ہمراہ بھیجا۔ انہوں نے میرے اس عمرے کی جگہ مجھے عمرہ کروایا جو رہ گیا تھا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ الْاِحْلَالِ، اِنَّمَا اُبِيحَ لِمَنْ لَمْ يَسُقِ الْهَدْيَ مَعَهُ فِي الْاِبْتِدَاءِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، احرام ختم کرنا اس شخص کے لیے مباح قرار دیا گیا تھا جو آغاز سے ہی اپنے ہمراہ قربانی کا جانور نہیں لایا تھا

3928 - (سندِ حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: اَخْبَرَنَا

3927– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وقد تقدم برقم 3792 و 3795 و3835 و 3912 و 3917 من طرق عن عائشة . وأخرجه مسلم 1211 113 في الحج: باب بيان وجوه الحج، والبيهقي 4/353 من طرق عن عبد الرزاق، بهذا الإسناد . وأخرجه مالك1/335 في الحج: باب إفراد الحج، وأحمد 6/245، والحميدي204 205، والبخاري1561 في الحج: باب التمتع والقران والإفراد بالحج، و 1762 باب إذا حاضت المرأة بعد ما أفاضت، و 1772 باب الإدلاج من المحصب، و 1787 في العمرة: باب أجر العمرة على قدر النصب، و 2984 في الجهاد: باب إرداف المرأة خلف أخيها، و 4408 في المغازي: باب حجة الوداع ومسلم 1211، وأبو داوٗد 1783في المناسك: باب إفراد الحج، والنسائي 5/146 في مناسك الحج: باب إفراد الحج، والبيهقي5/6 من طرق عن عائشة، به . وانظر ما بعده .

جَرِيْرٌ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَخِي عَمْرَةَ، عَنْ عُمْرَةَ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِى الْقَعْدَةِ، فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ طَافَ بِالْبَيْتِ اَنْ يَّحِلَّ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ سَاقَ هَدْيًا ، قَالَتْ: وَاُتِيْنَا بِلَحْمِ بَقَرٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟، قَالُوْا: ذَبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَزْوَاجِهِ

❀❀ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب ذیقعدہ ختم ہونے میں پانچ دن رہ گئے تھے۔ تو ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا جو شخص بیت اللہ کا طواف کر چکا ہو وہ احرام کھول دے البتہ وہ شخص نہیں کھولے گا' جس کے ساتھ قربانی کا جانور موجود ہے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہمارے پاس گائے کا گوشت آیا' تو میں نے دریافت کیا: یہ کہاں سے آیا ہے؟ لوگوں نے بتایا: اللہ کے رسول نے اپنی ازواج کی طرف سے (گائے) ذبح کی ہے۔

ذِكْرُ وَصْفِ مَا يَعْمَلُ الْمُتَمَتِّعُ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ عِنْدَ دُخُوْلِ مَكَّةَ

اس بات کا تذکرہ، حج تمتع کرنے والا شخص مکہ میں داخل ہونے پر کیا طرزِ عمل اختیار کرے گا؟

3929 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ، عَنْ عُمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّهَا، سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُوْلُ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِخَمْسِ لَيَالٍ بَقِيْنَ مِنْ ذِى الْقَعْدَةِ، لَا نَرَى اِلَّا اَنَّهُ الْحَجُّ، فَلَمَّا دَنَوْنَا مِنْ مَكَّةَ، اَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْىٌ، اِذَا طَافَ بِالْبَيْتِ، وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، اَنْ يَّحِلَّ ، قَالَتْ عَائِشَةُ: فَدَخَلَ عَلَيْنَا يَوْمَ النَّحْرِ بِلَحْمِ بَقَرٍ، فَقُلْتُ: مَا هٰذَا؟ قَالَ: نَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَزْوَاجِهِ قَالَ يَحْيٰى: فَذَكَرْتُ هٰذَا الْحَدِيْثَ لِلْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ، فَقَالَ: اَتَتْكَ وَاللّٰهِ بِالْحَدِيْثِ عَلٰى وَجْهِهِ

❀❀ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ذیقعدہ ختم ہونے میں پانچ دن باقی رہ گئے تھے' تو ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہمارا ارادہ صرف حج کرنے کا تھا جب ہم مکہ کے قریب پہنچے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا کہ جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور موجود نہیں ہے جب وہ بیت اللہ کا طواف کر لے اور صفا اور مروہ کی سعی کر لے' تو احرام کھول دے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی

3928– إسناده صحيح على شرط الشيخين ـ جرير: هو ابن حازم، ويحيى بن سعيد: هو الأنصارى ـ وانظر ما بعده ـ

3929– إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو مكرر ما قبله ـ وهو فى "الموطأ" 1/393 فى الحج باب ما جاء فى النحر فى الحج ـ ومن طريق مالك أخرجه الشافعى 1/369، والبخارى 1709 فى الحج باب ذبح الرجل البقر عن نسائه من غير أمرهن، و 2952 فى الجهاد: باب الخروج آخر الشهر، والنسائى فى "الكبرى" كما فى التحفة 12/423 ـ وأخرجه الشافعى 1/368، والبخارى 1720 فى الحج: باب ما يأكل من البدن وما يتصدق، ومسلم 1211 125 فى الحج: باب بيان وجوه الحج، والنسائى 5/178 فى مناسك الحج: باب إباحة فسخ الحج، وفى "الكبرى" كما فى التحفة 2/423 وابن ماجه 2981 فى المناسك: باب فسخ الحج، والبيهقى 5/5 من طرق عن يحيى بن سعيد، به ـ

ہیں: قربانی کے دن ہمارے پاس گائے کا گوشت آیا' تو میں نے دریافت کیا: یہ کہاں سے آیا ہے؟ لوگوں نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کی طرف سے (گائے) قربان کی ہے۔

یحییٰ نامی راوی کہتے ہیں: میں نے یہ روایت قاسم بن محمد کے سامنے ذکر کی' تو انہوں نے فرمایا: اللہ کی قسم! تم نے حدیث کو صحیح طور پر بیان کیا ہے۔

بَابٌ، مَا جَاءَ فِيْ حَجِّ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاعْتِمَارِهِ

باب: نبی اکرم ﷺ کے حج اور آپ کے عمرہ کرنے کے بارے میں جو کچھ منقول ہے

3930 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُسَدَّدُ بْنُ مُسَرْهَدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ اِسْحَاقَ، عَنْ اَنَسٍ،

(متن حدیث): اَنَّهٗ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَبَّيْكَ عَمْرَةً وَحَجًّا

✿✿ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ کہتے ہوئے سنا:

''میں عمرہ اور حج کرنے کے لئے حاضر ہوں''۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُصَرِّحِ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ قَارِنًا فِيْ حَجَّتِهٖ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات کی صراحت کرتی ہے: مصطفیٰ کریم ﷺ نے حج قران کیا تھا

3931 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ مَسْعَدَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْاَشْعَثُ، اَنَّ الْحَسَنَ حَدَّثَهُمْ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَنَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، وَقَرَنَ الْقَوْمُ مَعَهٗ

✿✿ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے حج اور عمرے کو جمع کر دیا تھا اور آپ کے ہمراہ کچھ

3930– إسناده صحيح على شرط البخاري، رجاله ثقات رجال الشيخين غير مسدد، فمن رجال البخاري . وأخرجه أحمد 3/282، ومسلم 1251 في الحج: باب إهلال النبي صلى الله عليه وسلم، وأبو داوُد 1795 في المناسك: باب الإقران، والنسائي 5/150 في مناسك الحج: باب القران، وابن ماجه 2968 في المناسك: باب من قرن الحج والعمرة، والبيهقي 5/9، من طرق عن يحيى بن أبي إسحاق، بهذا الإسناد . وأخرجه أحمد 3/111، و 182، و 187، 266و 282، ومسلم 1251، وأبو داوُد 1795، والنسائي 5/150، والترمذي 821 في الحج: باب ما جاء في الجمع بين الحج والعمرة، وابن ماجه 2996، والحاكم 1/472، والبيهقي 5/9و 40، وابن الجارود 430، والبغوي 1881، و 1882، من طرق عن حميد، عن أنس، وصححه الحاكم على شرط الشيخين، ووافقه الذهبي . وأخرجه الطيالسي 2121، وأحمد 3/183 و 280، ومسلم 1251 وأبو داوُد 1795والنسائي 5/150، والبيهقي 5/29، من طرق عن أنس . وانظر ما بعده .

3931– رجاله ثقات رجال الصحيح غير الأشعث، وهو ابن عبد الملك الحمراني، وهو ثقة روى له أصحاب السنن، والحسن: هو البصري . وأخرجه النسائي 5/226 في الحج: باب البيداء، و 5/162 باب العمل في الإهلال، عن إسحاق بن إبراهيم، عن نضر بن شميل، عن الأشعث، بهذا الإسناد .

لوگوں نے بھی ان دونوں کو جمع کیا۔

ذِكْرُ الْبَيَانِ بِاَنَّ مَا وَصَفْنَا كَانَ مِنَ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ

اس بات کے بیان کا تذکرہ، ہم نے جو چیز ذکر کی ہے، وہ نبی اکرم ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقعہ پر کی تھی

3932 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَعُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): اِنَّا عِنْدَ ثَفِنَاتِ نَاقَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْمَسْجِدِ، فَلَمَّا اسْتَوَتْ بِهٖ قَالَ: لَبَّيْكَ بِحَجَّةٍ وَّعُمْرَةٍ مَعًا - وَذٰلِكَ فِىْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ -

❁❁ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں اس وقت نبی اکرم ﷺ کی اونٹنی کے پاس موجود تھا جو مسجد کے پاس موجود تھی، جب وہ کھڑی ہوئی، تو نبی اکرم ﷺ نے کہا: میں حج اور عمرہ ایک ساتھ کرنے کے لئے حاضر ہوں (راوی کہتے ہیں یہ حجۃ الوداع کے موقع کی بات ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ اَوْهَمَ مَنْ لَّمْ يُحْكِمْ صِنَاعَةَ الْحَدِيْثِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِخَبَرِ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الَّذِىْ ذَكَرْنَاهُ

اس روایت کا تذکرہ، جس نے اس شخص کو غلط فہمی کا شکار کیا، جو علم حدیث میں مہارت نہیں رکھتا

(اور وہ اس بات کا قائل ہے) یہ روایت حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے منقول اس روایت کی متضاد ہے، جسے ہم ذکر کر چکے ہیں

3933 - (سندحدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ الشَّيْبَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ،

3932– إسناده صحيح على شرط الصحيح وأخرجه ابن ماجه 2917 في المناسك: باب من قرن الحج والعمرة، عن عبد الرحمٰن بن إبراهيم الدمشقي بهذا الإسناد . وقال البوصيري في "مفتاح الزجاجة" ورقة 186: هذا إسناد صحيح، رجاله ثقات . وأخرجه أحمد 3/225 من طريق محمد بن مصعب، عن الأوزاعي، به . والثفنات: جمع ثفنة، والثفنة من البعير والناقة: الركبة، وقيل: هو ما يقع على الأرض من أعضائه إذا استناخ، وغلظ كالركبتين وغيرهما، وقيل: هو كل ما ولي الأرض من كل ذي أربع إذا برك أو ربض .

3933– إسناده صحيح . رجاله رجال الشيخين، غير إبراهيم بن المنذر الحزامي، فمن رجال البخاري . أبو ضميرة: هو أنس بن عياض . وأخرجه أحمد 3/99–100، ومسلم 1232 185في الحج: باب الإفراد والقران بالحج والعمرة، والنسائي 5/150في الحج: باب القران، والبيهقي 5/9 من طرق عن هشيم، عَنْ حُمَيْدٍ الطَّوِيلِ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أنس وأخرجه ابن الجارود 431، والبيهقي 5/40 من طريق يزيد بن هارون، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ، عَنْ أنس .

قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ ضَمْرَةَ، عَنْ حُمَيْدِ الطَّوِيْلِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ:

(متن حدیث): سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ: لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَّحَجَّةٍ قَالَ حُمَيْدٌ: حَدَّثَنِيْ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ، اَنَّهُ ذَكَرَ حَدِيْثَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، لِابْنِ عُمَرَ، فَقَالَ: وَهَلْ اَنَسٌ اُفْرِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَجَّ، قَالَ: فَذَكَرْتُ قَوْلَ ابْنِ عُمَرَ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، فَقَالَ: مَا يَحْسَبُ ابْنُ عُمَرَ اِلَّا اَنَّا صِبْيَانٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے ہوئے سنا: میں حج اور عمرہ کرنے کے لئے حاضر ہوں۔

حمید نامی راوی بیان کرتے ہیں: بکر بن عبداللہ مزنی نے مجھے یہ بات بتائی ہے۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی حدیث میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو سنائی' تو انہوں نے فرمایا: کیا میں بھول گیا ہوں؟ (میں تو یہ سمجھتا ہوں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف حج کیا تھا راوی کہتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ قول حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو بتایا' تو انہوں نے فرمایا: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما یہ سمجھتے ہیں کہ ہم بچے ہیں۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِصِحَّةِ مَا ذَكَرْنَاهُ

اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو ہمارے ذکر کردہ مفہوم کے صحیح ہونے کی صراحت کرتی ہے

3934 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ، وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْوَهَّابِ الْحَجَبِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْرَدَ الْحَجَّ

عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذَا الْخَبَرَ تَفَرَّدَ بِهٖ مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے، جو اس بات کا قائل ہے:

3935 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا حَاجِبُ بْنُ اَرْكِيْنَ بِدِمَشْقَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ،

3934- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 1/335 في الحج: باب إفراد الحج . وأخرجه الشافعي 1/376، والدارمي 2/35، وأبو داؤد 1777، في الحج، وابن ماجه 2964 في المناسك: باب الإفراد بالحج، والبيهقي 5/3، والبغوي 1873 من طريق مالك، بهذا الإسناد . وانظر ما بعده .

3935- إسناده حسن . اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ: صدوق يهم، روى له أصحاب السنن، وما فوقه من رجال الصحيح، وهو مكرر ما قبله، وانظر الحديث التالي .

قَالَ: حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، قَالَ: حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْرَدَ الْحَجَّ

❀❀ عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد کے حوالے سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ هٰذِهِ اللَّفْظَةَ تَفَرَّدَ بِهَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے: جو اس بات کا قائل ہے، ان الفاظ کو نقل کرنے میں قاسم بن محمد منفرد ہیں

3936 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ سِنَانٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِيْ بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ، عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ عَائِشَةَ،

(متن حدیث): اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْرَدَ الْحَجَّ

❀❀ عروہ بن زبیر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج افراد کیا تھا۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ اَوْهَمَ عَالِمًا مِّنَ النَّاسِ اَنَّهٗ مُضَادٌّ لِلْخَبَرَيْنِ الْاَوَّلَيْنِ اللَّذَيْنِ ذَكَرْنَاهُمَا

اس تیسری روایت کا تذکرہ، جس نے ایک عالم کو اس غلط فہمی کا شکار کیا کہ یہ ان دو روایات کی متضاد ہے، جنہیں ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں

3937 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ اُسَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، قَالَ: حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ دُرَيْكٍ،

3936- إسناده صحيح على شرط الشيخين، وهو في "الموطأ" 1/335، في الحج: باب إفراد الحج. ومن طريق مالك أخرجه ابن ماجه 2965 في المناسك: باب الإفراد بالحج، والبيهقي 5/2. وأخرجه الشافعي 1/376، والدارقطني 2/238 من طريقين عن عروة عن عائشة.

3937- إسناده صحيح، رجاله ثقات. عبد الرحمٰن بن إبراهيم: هو ابن عمرو العثماني، الملقب بدحيم. وأخرجه الطبراني في "الكبير" 18/255 من طريق يحيى بن عبد الله البابلتي، وعن الأوزاعي، بهذا الإسناد. وانظر ما بعده. وقوله: رأى رجل رأيه عني به عمر، انظر "الفتح" 3/433.

(متن حدیث): اَنَّ مُطَرِّفًا عَادَ عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، فَقَالَ لَهُ: اِنِّي مُحَدِّثُكَ حَدِيثًا، فَاِنْ بَرِئْتُ مِنْ وَّجَعِي، فَلَا تُحَدِّثْ بِهِ، وَلَوْ مَضَيْتُ لِشَانِي، فَحَدِّثْ بِهِ، اِنْ بَدَا لَكَ: اِنَّا اسْتَمْتَعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ لَمْ يَنْهَنَا عَنْهُ حَتّٰى مَاتَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، رَاَى رَجُلٌ رَاْيَهُ

❁❁ خالد بن دریک بیان کرتے ہیں۔ مطرف حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی عیادت کے لئے گئے' تو حضرت عمران رضی اللہ عنہ نے ان سے فرمایا: میں تمہیں ایک ایسی حدیث بیان کرنے لگا ہوں کہ اگر میں اس بیماری سے صحت یاب ہو گیا تو تم نے وہ حدیث کسی کو بیان نہیں کرنی اور اگر میرا انتقال ہو گیا' تو تمہیں مناسب لگے' تو وہ حدیث بیان کر دینا ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حج تمتع کیا تھا پھر آپ نے ہمیں اس سے منع نہیں کیا' یہاں تک کہ جب آپ کا وصال ہو گیا' تو ایک صاحب نے اپنی رائے کے مطابق (اس سے منع کیا)

ذِكْرُ وَصْفِ الِاسْتِمْتَاعِ الَّذِي ذَكَرَهُ خَالِدُ بْنُ دُرَيْكٍ فِي هٰذَا الْخَبَرِ

تمتع کرنے کے طریقہ کا تذکرہ، جس کو خالد بن دریک نے اس روایت میں ذکر کیا ہے

3938 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنّٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ يَحْيَى بْنُ كَثِيرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ،

(متن حدیث): قَالَ: قَالَ لِي عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ: اَلَا اُحَدِّثُكَ حَدِيثًا لَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَّنْفَعَكَ بِهِ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ الْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، وَلَمْ يَنْهَ عَنْهُ، وَلَمْ يَنْزِلْ فِيهِ، وَلَمْ يُحَرِّمْهُ، وَكَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ، فَلَمَّا اكْتَوَيْتُ ذَهَبَ، اَوْ رُفِعَ عَنِّي، فَلَمَّا تَرَكْتُهُ رَجَعَ اِلَيَّ

❁❁ مطرف بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے مجھ سے فرمایا: میں تمہیں ایک حدیث نہ سناؤں۔ ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے ذریعے تمہیں فائدہ دے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اور عمرے کو ایک ساتھ ادا کیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع نہیں کیا تھا اور اس بارے میں آپ پر کوئی وحی نازل نہیں ہوئی تھی اور نہ ہی آپ نے اسے حرام قرار دیا

3938– حديث صحيح، موسى بن محمد بن حيان وإن كان ضعيفاً– قد توبع، ومن فوقه ثقات من رجال الشيخين . يحيى بن كثير: هو ابن درهم العنبري، مولاهم البصري . وأخرجه الطيالسي 827 وأحمد 4/427 ومسلم 1226 167 في الحج: باب جواز التمتع، والنسائي 5/149، في مناسك الحج: باب القران، والطبراني في "الكبير" 18/348، والبيهقي 5/14 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد . والقسم الأخير من الحديث لم يرد عن النسائي والطبراني . وأخرجه أحمد 4/228، والدارمي 2/35، والبخاري مختصراً 1571 في الحج: باب التمتع عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ومسلم 1226، والنسائي 5/149، و 155، وابن ماجه 1977، في المناسك: باب التمتع بالعمرة إلى الحج، والطبراني /18 231 و 232، و 133، و 134و 135 و 136 و 143 و 249 و252، وأبو نعيم في "الحلية" 2/355، والبيهقي 5/20 من طرق عن مطرف، به . وورد عند أحمد والدارمي القسم الأخير من الحديث . وأخرجه احمد 4/226، والبخاري 4518 في التفسير: باب فمن تمتع بالعمرة إلى الحج –مختصراً– ومسلم 1226 172 و 173، والطبراني 18/283 من طرق عن عمران القصير، عن عمران بن الحصين .

(مطرف بیان کرتے ہیں:) وہ (یعنی حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ) مجھے سلام کیا کرتے تھے جب میں نے داغ لگوائے، تو آپ تشریف لے گئے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہے) میرے پاس سے اٹھ گئے جب میں نے داغ لگوانے ترک کر دیئے، تو وہ میرے پاس پھر آنا جانا شروع ہو گئے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَالِثٍ يُصَرِّحُ بِاسْتِعْمَالِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفِعْلَ الَّذِى ذَكَرْنَاهُ

اس تیسری روایت کا تذکرہ، جو اس بات کی صراحت کرتی ہے، مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس فعل پر عمل کیا تھا، جس کا ہم نے ذکر کیا ہے

3939 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِدْرِيسَ الْاَنْصَارِيُّ، قَالَ: اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَبِى بَكْرٍ، عَنْ مَالِكٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ،

(متن حدیث): اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ اَبِى وَقَّاصٍ، وَالضَّحَّاكَ بْنَ قَيْسٍ، عَامَ حَجَّ مُعَاوِيَةُ بْنُ اَبِى سُفْيَانَ، وَهُمَا يَذْكُرَانِ التَّمَتُّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ، فَقَالَ الضَّحَّاكُ: لَا يَصْنَعُ ذٰلِكَ اِلَّا مَنْ جَهِلَ اَمْرَ اللّٰهِ، فَقَالَ سَعْدُ بْنُ اَبِى وَقَّاصٍ: بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا ابْنَ اَخِى، فَقَالَ الضَّحَّاكُ: كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَدْ نَهٰى عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ سَعْدٌ: وَقَدْ صَنَعَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَصَنَعْنَاهَا مَعَهُ

محمد بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور ضحاک بن قیس کو اس سال سنا، جس سال حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ نے حج کیا تھا۔ یہ دونوں حضرات عمرے کو حج کے ساتھ شامل کر کے حج تمتع کرنے کا تذکرہ کر رہے تھے۔ ضحاک نے کہا: یہ کام وہ شخص کر سکتا ہے، جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے ناواقف ہو، تو حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے میرے بھتیجے تم نے بہت غلط بات کہی ہے ضحاک نے کہا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ اس سے منع کیا کرتے تھے، تو حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے کہا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا ہے اور آپ کے ہمراہ ہم نے بھی ایسا کیا ہے۔

ذِكْرُ الْعِلَّةِ الَّتِى مِنْ اَجْلِهَا كَانَ يَنْهٰى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ عَنِ التَّمَتُّعِ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ

3939- رجاله ثقات رجال الشيخين، غير محمد بن عبد الله بن الحارث، فقد روى له الترمذى والنسائى، وذكره المؤلف فى "الثقات"، وقد تقد الحديث برقم 3923، وهو فى "الموطأ" 1/344، فى الحج: باب ما جاء فى التمتع . وأخرجه الشافعى 1/372-373، وأحمد 1/174، والترمذى 823 فى الحج: باب ما جاء فى الجمع بين الحج والعمرة، والنسائى 5/152 فى مناسك الحج: باب التمتع، والبخارى فى التأريخ الكبير 1/125 تعليقاً، وأبو يعلى 805 والبيهقى 5/17 من طريق مالك بهذا الإسناد .

اس علت کا تذکرہ، جس کی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ حج (سے پہلے) عمرہ کرکے، تمتع کرنے سے منع کرتے تھے

3940 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْهَمْدَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا، مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، قَالَ: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا نَضْرَةَ، يُحَدِّثُ قَالَ:

(متن حدیث): كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَاْمُرُنَا بِالْمُتْعَةِ، وَكَانَ ابْنُ الزُّبَيْرِ يَنْهَى عَنْهَا، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِجَابِرٍ، فَقَالَ: عَلٰى يَدِي دَارَ الْحَدِيثُ: تَمَتَّعْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ كَانَ يَحِلُّ لِنَبِيِّهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا شَاءَ لَمَّا شَاءَ، وَاِنَّ الْقُرْآنَ قَدْ نَزَلَ مَنَازِلَهُ، فَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ كَمَا اَمَرَكُمُ اللّٰهُ، وَاَبِتُّوا نِكَاحَ هٰذِهِ النِّسَاءِ، فَلَا اُوتٰى بِرَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَةً اِلٰى اَجَلٍ اِلَّا رَجَمْتُهُ بِالْحِجَارَةِ

❁❁ ابونضرہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ہمیں حج تمتع کی ہدایت کرتے تھے جبکہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما اس سے منع کیا کرتے تھے میں نے اس بات کا تذکرہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے کیا' تو انہوں نے فرمایا: اب میرے ذریعے بات کی تحقیق مکمل ہوگی۔ ہم لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حج تمتع کیا ہے جب حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا' تو انہوں نے یہ فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کے لئے جو چاہا اور جتنا چاہا حلال قرار دیا اور قرآن کے اپنے مخصوص احکامات ہیں تم لوگ حج اور عمرے کو مکمل کرو جس طرح اللہ تعالیٰ نے تمہیں حکم دیا ہے اور تم لوگ نکاح متعہ کرنے سے باز رہو میرے پاس جو بھی ایسا شخص لایا جائے جس نے کسی عورت کے ساتھ کسی متعین مدت کے لئے نکاح کیا ہو' تو میں اسے پتھروں کے ذریعے سنگسار کردوں گا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الدَّالِّ عَلٰى اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ مُتَمَتِّعًا فِي حَجَّتِهِ

اس روایت کا تذکرہ، جو اس بات پر دلالت کرتی ہے، مصطفیٰ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے حج میں تمتع نہیں کیا تھا

3941 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْاَزْدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، قَالَ: حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، وَوَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَا: حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ ذَكْوَانَ مَوْلٰى عَائِشَةَ، عَنْ عَائِشَةَ،

3940- إسناده صحيح على شرط مسلم، أبو نضرة: هو المنذر بن مالك بن قُطعة .وأخرجه الطيالسي 1792، ومسلم 1217 في الحج: باب في المتعة بالحج والعمرة، والبيهقي 5/21 و 7/206 من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .وأخرجه مسلم 1405 17 في النكاح: باب نكاح المتعة، من طريق عبد الواحد بن زياد عن عاصم، عن أبي نضرة، به مختصراً .

3941- إسناده صحيح على شرط الشيخين .إسحاق بن إبراهيم: هو ابن راهويه، ووهب بن جرير: هو ابن أبي حازم، وعلى بن الحسين: هو ابن على بن أبي طالب الملقب بزين العابدين .وأخرجه مسلم 1211 130 و 131 في الحج: باب بيان وجوه الإحرام، والطيالسي 1540 وابن خزيمة 2606 والبيهقي 5/19، من طرق عن شعبة، بهذا الإسناد .وانظر الحديث التالي .

(متن حدیث): قَالَتْ: دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ لِأَرْبَعٍ لَيَالٍ خَلَوْنَ، أَوْ خَمْسٍ مِّنْ ذِي الْحِجَّةِ فِي حَجَّتِهِ، وَهُوَ غَضْبَانُ، قَالَتْ: فَقُلْتُ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، مَنْ أَغْضَبَكَ أَدْخَلَهُ اللّٰهُ النَّارَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمَا شَعَرْتِ أَنِّي أَمَرْتُهُمْ بِأَمْرٍ، وَهُمْ يَتَرَدَّدُونَ فِيهِ، وَلَوْ كُنْتُ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ، وَلَا اشْتَرَيْتُهُ حَتّٰى أَحِلَّ كَمَا حَلُّوا

توضیح مصنف: قَالَ أَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: فِي قَوْلِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَلَوْ كُنْتُ اسْتَقْبَلْتُ مِنْ أَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ مَا سُقْتُ الْهَدْيَ حَتّٰى أَحِلَّ أَبْيَنُ الْبَيَانِ بِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ مُتَمَتِّعًا فِي حَجَّتِهِ، إِذْ لَوْ كَانَ مُتَمَتِّعًا لَأَحَلَّ كَمَا حَلُّوا، وَلَمْ يَتَلَهَّفْ عَلٰى مَا فَاتَهُ مِنْ ذٰلِكَ حَيْثُ سَاقَ الْهَدْيَ وَأَمَّا الْأَخْبَارُ الَّتِي ذَكَرْنَاهَا قَبْلَ التَّمَتُّعِ فَإِنَّهَا مِمَّا نَقُوْلُ فِي كُتُبِنَا: إِنَّ الْعَرَبَ تُنْسِبُ الْفِعْلَ إِلَى الْآمِرِ، كَمَا تَنْسِبُهُ إِلَى الْفَاعِلِ، فَلَمَّا أَذِنَ لَهُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي التَّمَتُّعِ، وَقَالَ: مَنْ أَهَلَّ بِعُمْرَةٍ وَّلَمْ يَكُنْ سَاقَ الْهَدْيَ فَلْيَحِلَّ، كَانَ فِيهِ إِبَاحَةُ التَّمَتُّعِ لِمَنْ شَاءَ، فَنُسِبَ هٰذَا الْفِعْلُ إِلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى سَبِيلِ الْأَمْرِ بِهِ، لَا أَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ مُتَمَتِّعًا، وَلِذٰلِكَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لِلصُّبَيِّ ابْنِ مَعْبَدٍ، حَيْثُ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ، فَقَالَ: هُدِيتَ لِسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

✿✿ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ ذوالحج کی چار تاریخ یا پانچ تاریخ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے یہ آپ کے حج کے موقع کی بات ہے۔ آپ غصے کے عالم میں تھے۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جو شخص آپ کو غصہ دلائے۔ اللہ تعالیٰ اسے جہنم میں داخل کرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں پتہ نہیں چلا۔ میں نے ان لوگوں کو ایک بات کا حکم دیا اور وہ لوگ اس بارے میں تردّد کا شکار ہو رہے ہیں مجھے بعد میں جس چیز کا خیال آیا' اگر پہلے آجاتا' تو میں قربانی کا جانور ساتھ نہ لاتا' میں اسے خریدتا بھی نہیں' یہاں تک کہ میں بھی اب اسی طرح احرام کھول دیتا جس طرح ان لوگوں نے کھولنا ہے۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ''مجھے بعد میں جس چیز کا خیال آیا اگر پہلے آجاتا تو میں قربانی کا جانور ساتھ نہ لے آتا اور احرام کھول دیتا۔''

یہ اس بات کا واضح بیان موجود ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس حج میں حج تمتع نہیں کیا تھا کیونکہ اگر آپ نے حج تمتع کیا ہوتا تو آپ بھی اسی طرح احرام کھول دیتے جس طرح دیگر لوگوں نے کھول دیا تھا اور آپ اس چیز کے رہ جانے کا اظہار نہ کرتے جو آپ کے قربانی کا جانور ساتھ لے جانے کی وجہ سے رہ گئی تھی۔ جہاں تک ان روایات کا تعلق ہے' جنہیں ہم اس سے پہلے تمتع کے بارے میں ذکر کر چکے ہیں تو ہم اپنی کتابوں میں یہ بات بیان کر چکے ہیں عرب بعض اوقات کسی فعل کی نسبت حکم دینے والے کی طرف کر دیتے ہیں۔ جس طرح وہ فعل کی نسبت کرنے والے کی طرف کرتے ہیں تو جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو حج تمتع کرنے کی اجازت دی تو آپ نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے عمرے کا تلبیہ پڑھا ہے اور وہ قربانی کا جانور ساتھ نہیں لایا وہ احرام کھول دے تو

اس میں اس شخص کے لئے حج تمتع کو مباح قرار دیا گیا' جو ایسا کرنا چاہتا ہے' تو اس فعل کی نسبت نبی اکرم ﷺ کی طرف اس اعتبار سے کی کیونکہ آپ نے اس کا حکم دیا ہے اس سے یہ مراد نہیں ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے خود حج تمتع کیا تھا۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے صبی بن معبد سے یہ کہا تھا جب انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ بتایا تھا کہ اس نے حج اور عمرہ دونوں کا تلبیہ ہے' تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا: تمہاری رہنمائی تمہارے نبی کی سنت کی طرف کی گئی ہے۔

ذِكْرُ خَبَرٍ ثَانٍ يُصَرِّحُ بِاَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ مُتَمَتِّعًا فِىْ حَجَّتِهٖ

اس دوسری روایت کا تذکرہ، جو اس بات کی صراحت کرتی ہے: مصطفیٰ کریم ﷺ نے اپنے حج میں تمتع نہیں کیا تھا

3942 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبِى، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ:

(متن حدیث): خَرَجْنَا مُوَافِيْنَ لِهِلَالِ ذِى الْحِجَّةِ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يُهِلَّ بِعُمْرَةٍ فَلْيُهِلَّ، فَاِنِّى لَوْلَا اَنِّى اَهْدَيْتُ لَاَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ، فَاَهَلَّ بِهٖ بَعْضُ اَصْحَابِهٖ بِحَجَّةٍ، وَبَعْضُهُمْ بِعُمْرَةٍ، قَالَتْ: وَكُنْتُ فِيْمَنْ اَهَلَّ بِعُمْرَةٍ فَاَدْرَكَنِىْ يَوْمُ عَرَفَةَ، وَاَنَا حَائِضٌ، لَمْ اَحِلَّ مِنْ عُمْرَتِىْ، فَشَكَوْتُ ذٰلِكَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعِىْ عُمْرَتَكِ، وَانْقُضِىْ رَاْسَكِ وَامْتَشِطِىْ وَاَهِلِّىْ بِالْحَجِّ، قَالَتْ: فَفَعَلْتُ حَتّٰى اِذَا كَانَتْ لَيْلَةُ الْحَصْبَةِ، اَرْسَلَ مَعَهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ، فَاَرْدَفَهَا، فَخَرَجَتْ اِلَى التَّنْعِيْمِ، فَاَهَلَّتْ بِعُمْرَةٍ مَكَانَ عُمْرَتِهَا، فَطَافَتْ بِالْبَيْتِ، وَبَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَقَضَى اللّٰهُ حَجَّهَا وَعُمْرَتَهَا، وَلَمْ يَكُنْ فِىْ شَىْءٍ مِّنْ ذٰلِكَ صَوْمٌ، وَلَا هَدْىٌ، وَلَا صَدَقَةٌ

❀❀ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ذوالحج کا چاند نظر آنے والا تھا۔ جب ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ (حج کرنے کے لئے) روانہ ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جو شخص عمرے کا تلبیہ پڑھنا چاہے وہ اس کا پڑھ لے۔ اگر میں نے قربانی کا جانور ساتھ نہ رکھا ہوتا' تو میں بھی عمرے کا تلبیہ پڑھ لیتا' تو نبی اکرم ﷺ کے بعض اصحاب نے حج کا تلبیہ پڑھا اور بعض نے عمرے کا تلبیہ پڑھا۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں ان لوگوں میں شامل تھی جنہوں نے عمرے کا تلبیہ پڑھا تھا۔ عرفہ کے دن مجھے حیض آ گیا میں اپنے عمرے کا احرام نہیں کھول سکی۔ میں نے اس بات کی شکایت نبی اکرم ﷺ سے کی' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم عمرے کو چھوڑ دو اور اپنے بالوں کو کھول کر ان میں کنگھی کرلو اور حج کا تلبیہ پڑھنا شروع کر دو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان

3942– إسناده صحيح على شرط الشيخين . وأخرجه مسلم 1211 116 في الحج: باب بيان وجوه الإحرام، عن أبي كريب، عن ابن نمير، عن هشام، بهذا الإسناد . وقد تقدم تخريجه برقم: 3792، من طرق عن هشام بهذا الإسناد . وانظر 3795 و 3835 , و3912 , و 3917 و 3918 و 3919 و 3926 و 3927 و 3928 .

کرتی ہیں: میں نے ایسا ہی کیا' یہاں تک کہ جب حصبہ کی رات آئی' تو نبی اکرم ﷺ نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ان کے ہمراہ بھیجا اور انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنے پیچھے بٹھایا اور انہیں ساتھ لے کر تنعیم چلے گئے۔ وہاں سے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اپنے عمرے کی جگہ عمرے کا احرام باندھا۔ انہوں نے بیت اللہ کا طواف کیا صفا اور مروہ کی سعی کی یوں اللہ تعالیٰ نے ان کے حج اور عمرے کو مکمل کر دیا اور اس بارے میں (روزہ رکھنے یا قربانی دینے یا صدقہ دینے کی صورت میں فدیہ ادا نہیں کرنا پڑا)

ذِكْرُ وَصْفِ حَجَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم ﷺ کے حج کے طریقہ کا تذکرہ

3943 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا اَبُوْ يَعْلٰى، قَالَ: حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، قَالَ:

(متن حدیث): اَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعًا بِالْمَدِيْنَةِ، لَمْ يَحُجَّ، ثُمَّ اَذَّنَ فِي النَّاسِ بِالْخُرُوْجِ، فَلَمَّا جَاءَ ذَا الْحُلَيْفَةِ صَلَّى بِذِي الْحُلَيْفَةِ، وَوَلَدَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِيْ بَكْرٍ، فَاَرْسَلَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اغْتَسِلِي، وَاسْتَثْفِرِي بِثَوْبٍ وَّاَهِلِّي، قَالَ: فَفَعَلَتْ، فَلَمَّا اطْمَاَنَّ صَدْرُ رَاحِلَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ظَهْرِ الْبَيْدَاءِ، اَهَلَّ وَاَهْلَلْنَا، لَا نَعْرِفُ اِلَّا الْحَجَّ، وَلَهُ خَرَجْنَا، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا، وَالْقُرْآنُ يَنْزِلُ عَلَيْهِ، وَهُوَ يَعْرِفُ تَاْوِيْلَهُ، وَاِنَّمَا يَفْعَلُ مَا اُمِرَ بِهِ قَالَ جَابِرٌ: فَنَظَرْتُ بَيْنَ يَدَيَّ، وَمِنْ خَلْفِي، وَعَنْ يَّمِينِي، وَعَنْ شِمَالِي مَدَّ بَصَرِي، وَالنَّاسُ مُشَاةٌ وَرُكْبَانٌ، فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُلَبِّي: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، اِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا مَكَّةَ، بَدَاَ فَاسْتَلَمَ الرُّكْنَ، ثُمَّ سَعَى ثَلَاثَةَ اَطْوَافٍ، وَمَشَى اَرْبَعًا، فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ طَوَافِهِ انْطَلَقَ اِلَى الْمَقَامِ، فَقَالَ: قَالَ اللّٰهُ: (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) (البقرة: 125)، فَصَلَّى خَلْفَ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْطَلَقَ اِلَى الرُّكْنِ فَاسْتَلَمَهُ، ثُمَّ انْطَلَقَ اِلَى الصَّفَا، فَقَالَ: نَبْدَاُ بِمَا بَدَاَ اللّٰهُ بِهِ (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ) (البقرة: 158)، فَرَقِيَ عَلَى الصَّفَا حَتّٰى بَدَا لَهُ الْبَيْتُ، فَكَبَّرَ ثَلَاثًا، وَقَالَ: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِي وَيُمِيتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ثَلَاثًا، ثُمَّ دَعَا، ثُمَّ هَبَطَ مِنَ الصَّفَا، فَمَشَى حَتّٰى اِذَا تَصَوَّبَتْ قَدَمَاهُ فِي بَطْنِ الْمَسِيلِ سَعَى حَتّٰى اِذَا صَعِدَتْ قَدَمَاهُ مِنْ بَطْنِ الْمَسِيلِ، مَشَى اِلَى الْمَرْوَةِ، فَرَقِيَ عَلَى الْمَرْوَةِ حَتّٰى بَدَا لَهُ الْبَيْتُ، فَقَالَ مِثْلَ مَا قَالَ عَلَى الصَّفَا، فَطَافَ سَبْعًا، وَقَالَ: مَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ، وَمَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيُقِمْ عَلٰى اِحْرَامِهِ، فَاِنِّي لَوْلَا اَنَّ مَعِيَ هَدْيًا لَتَحَلَّلْتُ، وَلَوْ اَنِّي اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِي مَا اسْتَدْبَرْتُ لَاَهْلَلْتُ بِعُمْرَةٍ قَالَ: وَقَدِمَ عَلِيٌّ مِّنَ الْيَمَنِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِاَيِّ شَيْءٍ

3943– إسناده صحيح على شرط مسلم، وانظر 3791 و 3842 وانظر ما بعده .

اَهْلَلْتَ يَا عَلِيُّ؟ ، قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَهِلُّ بِمَا اَهَلَّ بِهٖ رَسُوْلُكَ، قَالَ: فَاِنَّ مَعِيَ هَدْيًا، فَلَا تَحِلَّ ، قَالَ عَلِيٌّ: فَدَخَلْتُ عَلٰى فَاطِمَةَ وَقَدِ اكْتَحَلَتْ، وَلَبِسَتْ ثِيَابَ صِبْغٍ، فَقُلْتُ: مَنْ اَمَرَكِ بِهٰذَا؟، فَقَالَتْ لِي: اَمَرَنِيْ اَبِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: فَكَانَ عَلِيٌّ يَقُوْلُ بِالْعِرَاقِ: فَانْطَلَقْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحَرِّشًا عَلٰى فَاطِمَةَ مُسْتَثْبِتًا فِي الَّذِي، قَالَتْ: فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَتْ، اَنَا اَمَرْتُهَا ، قَالَ: وَنَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةَ بَدَنَةٍ مِّنْ ذٰلِكَ بِيَدِهٖ ثَلَاثًا وَسِتِّيْنَ، وَنَحَرَ عَلِيٌّ مَا غَبَرَ، ثُمَّ اَخَذَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ قِطْعَةً فَطَبَخَ جَمِيْعًا، فَاَكَلَا مِنَ اللَّحْمِ، وَشَرِبَا مِنَ الْمَرَقِ، فَقَالَ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ جُعْشُمٍ: اَلِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِلْاَبَدِ؟، قَالَ: لَا بَلْ لِلْاَبَدِ، دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ وَشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَلْعِلَّةُ فِيْ نَحْرِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا وَسِتِّيْنَ بَدَنَةً بِيَدِهٖ دُوْنَ مَا وَرَاءَ هٰذَا الْعَدَدِ اَنَّ لَهٗ فِيْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ كَانَتْ ثَلَاثًا وَسِتِّيْنَ سَنَةً، وَنَحَرَ لِكُلِّ سَنَةٍ مِّنْ سِنِيْهِ بَدَنَةً بِيَدِهٖ، وَاَمَرَ عَلِيًّا بِالْبَاقِي، فَنَحَرَهَا

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نو برس تک مدینہ منورہ میں مقیم رہے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس دوران حج نہیں کیا پھر آپ نے روانگی کا لوگوں میں اعلان کروا دیا۔ جب آپ ذوالحلیفہ تشریف لائے' تو آپ نے نماز ادا کی وہاں سیّدہ اسماء بنت عمیس نے حضرت محمد بن ابوبکر کو جنم دیا۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغام بھجوایا' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم غسل کر کے کپڑا باندھ لو اور احرام باندھ لو۔ راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے ایسا ہی کیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری میدان میں کھڑی ہوئی' تو آپ نے تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔ آپ کے ہمراہ ہم نے بھی تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔ ہمارے ذہن میں صرف حج کا خیال تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم بھی روانہ ہوئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے۔ قرآن آپ پر نازل ہو رہا تھا۔ آپ اس کی تفسیر کو جانتے تھے اور آپ وہی کرتے تھے جس کا آپ کو حکم دیا گیا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے اپنے سامنے اپنے پیچھے اپنے دائیں طرف اپنے بائیں طرف جہاں تک نگاہ جاتی تھی لوگوں کا ہجوم دیکھا جو پیدل بھی تھے اور سوار بھی تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تلبیہ پڑھنا شروع کیا۔

''میں حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں' میں حاضر ہوں تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔ بے شک حمد اور نعمت تیرے مخصوص ہے اور بادشاہی بھی' تیرا کوئی شریک نہیں ہے''۔

جب ہم مکہ آئے' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سب سے پہلے حجر اسود کا استلام کیا۔ پھر آپ نے طواف کے تین چکروں میں دوڑ کر طواف کیا اور چار چکروں میں عام رفتار سے چلے۔ جب آپ طواف کر کے فارغ ہوئے' تو آپ مقام ابراہیم کے پاس تشریف لائے' آپ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے:

''تم لوگ مقام ابراہیم کو جائے نماز بنا لو''

نبی اکرم ﷺ نے مقام ابراہیم کے پاس دو رکعات نماز ادا کی پھر آپ حجر اسود کی طرف تشریف لے گئے۔ آپ نے اس کا استلام کیا۔ پھر آپ صفا کی طرف تشریف لے گئے۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا: ہم اس سے آغاز کریں گے جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے پہلے کیا ہے (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''بے شک صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہے''۔

نبی اکرم ﷺ صفا پر چڑھے جب آپ کے سامنے خانہ کعبہ آیا' تو آپ نے تین مرتبہ تکبیر کہی اور یہ کلمات پڑھے۔

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے بادشاہی اسی کے لئے مخصوص ہے حمد اسی کے لئے مخصوص ہے وہ زندگی دیتا ہے اور وہ موت دیتا ہے تمام بھلائی اسی کے دست قدرت میں ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے''۔

یہ کلمات آپ نے تین مرتبہ پڑھے پھر آپ نے دعا مانگی پھر آپ صفا سے نیچے اترے اور عام رفتار سے چلتے رہے' یہاں تک کہ جب آپ کے قدم وادی کے نشیبی حصے میں پہنچے' تو آپ دوڑنے لگے' یہاں تک کہ جب آپ کے قدم نشیبی حصے سے اوپر کی طرف چڑھنے لگے' تو آپ عام رفتار سے چلتے ہوئے مروہ کی طرف تشریف لے آئے آپ مروہ پر چڑھے جب خانہ کعبہ آپ کے سامنے آیا' تو آپ نے وہی کلمات پڑھے جو آپ نے صفا پر پڑھے تھے آپ نے اس کا سات مرتبہ چکر لگایا اور یہ بات ارشاد فرمائی:

جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہو وہ احرام کھول دے اور جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور ہو وہ اپنے احرام میں باقی رہے' اگر میں نے اپنے ساتھ قربانی کا جانور نہ رکھا ہوتا' تو میں بھی احرام کھول دیتا مجھے بعد میں جس چیز کا خیال آیا' اگر پہلے آجاتا' تو میں عمرے کا تلبیہ پڑھتا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے تشریف لائے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان سے دریافت کیا: اے علی! تم نے کس چیز کا تلبیہ پڑھا ہے؟ انہوں نے عرض کی: میں نے یہ کہا تھا: اے اللہ! میں اسی چیز کا تلبیہ پڑھتا ہوں جس کا تیرے رسول نے تلبیہ پڑھا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرے ساتھ' تو قربانی کا جانور ہے تم احرام نہ کھولو۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے پاس گیا' تو انہوں نے سرمہ لگایا ہوا تھا اور رنگین کپڑے پہنے ہوئے تھے۔ میں نے کہا: تمہیں اس بات کا کس نے حکم دیا ہے؟ انہوں نے مجھے جواب دیا: میرے والد نے مجھے اس بات کا حکم دیا ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ عراق میں یہ بات ارشاد فرمائی: پھر میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گیا' تا کہ فاطمہ کی شکایت لگاؤں اور انہوں نے جو بات بیان کی ہے اس معاملے کی تحقیق کروں' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس نے سچ بات بیان کی ہے میں نے ہی اسے اس بات کی ہدایت کی تھی۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ایک سو اونٹوں کی قربانی دی جس میں سے **63** اونٹوں کو آپ نے اپنے دست مبارک سے نحر کیا اور باقی بچ جانے والوں کو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے نحر کیا پھر ان میں سے ہر ایک جانور کا کچھ گوشت لے کر ان سب کو ملا کر پکایا گیا' تو ان دونوں حضرات نے اس کا گوشت کھایا اور اس کا شوربہ پیا۔

حضرت سراقہ بن مالک رضی اللہ عنہ نے عرض کی: کیا یہ حکم اس سال کے لئے خاص ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جی نہیں بلکہ ہمیشہ کے لئے ہے۔ عمرہ حج میں شامل ہو گیا ہے۔ آپ نے اپنی انگلیوں کو ایک دوسرے میں ڈال کر یہ بات ارشاد فرمائی۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے **63** اونٹ اپنے ہاتھوں سے قربان کرنے میں علت یہ ہے: اس وقت آپ کی عمر مبارک بھی **63** سال تھی تو آپ نے اپنی عمر شریف کے ہر سال کے عوض میں اپنے دست مبارک کے ذریعے ایک اونٹ قربان کیا اور باقی جانوروں کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو انہوں نے ان کو قربان کیا۔

ذِكْرُ وَصْفِ حَجَّةِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي اَمَرَنَا اللّٰهُ جَلَّ وَعَلَا بِاتِّبَاعِهٖ، وَاتِّبَاعِ مَا جَاءَ بِهٖ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کے طریقہ کا تذکرہ، (وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) جن کی (پیروی کرنے) اور جن کی لائی ہوئی تعلیمات کی پیروی کرنے کا اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے

3944 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَلْمٍ، قَالَ: حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَمَّارٍ، وَاَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ سُفْيَانَ، قَالَ: حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيْلَ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ اَبِيْهِ

(متن حدیث): قَالَ: دَخَلْنَا عَلٰى جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، فَسَاَلَ عَنِ الْقَوْمِ حَتّٰى انْتَهٰى اِلَيَّ، فَقُلْتُ اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ فَاَهْوٰى بِيَدِهٖ اِلٰى رَاْسِيْ، فَنَزَعَ زِرِّيَ الْاَعْلٰى، ثُمَّ نَزَعَ زِرِّيَ الْاَسْفَلَ، ثُمَّ وَضَعَ كَفَّهٗ بَيْنَ ثَدْيَيَّ، وَاَنَا غُلَامٌ يَوْمَئِذٍ شَابٌّ، فَقَالَ: مَرْحَبًا يَا ابْنَ اَخِيْ سَلْ عَمَّا شِئْتَ، فَسَاَلْتُهٗ وَهُوَ اَعْمٰى، وَجَاءَ وَقْتُ الصَّلَاةِ، فَقَامَ فِيْ نِسَاجَةٍ مُلْتَحِفٍ بِهَا، كُلَّمَا وَضَعَهَا عَلٰى مَنْكِبَيْهِ رَجَعَ طَرَفَاهَا اِلَيْهِ مِنْ صِغَرِهَا، وَرِدَاؤُهٗ اِلٰى جَنْبِهٖ عَلَى الْمِشْجَبِ، فَصَلّٰى بِنَا، فَقُلْتُ: اَخْبِرْنِيْ عَنْ حَجَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بِيَدِهٖ وَعَقَدَ تِسْعًا، وَقَالَ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَثَ تِسْعَ سِنِيْنَ لَمْ يَحُجَّ، ثُمَّ اَذَّنَ فِي النَّاسِ فِي الْعَاشِرِ، اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاجٌّ، فَقَدِمَ الْمَدِيْنَةَ بَشَرٌ كَثِيْرٌ، كُلُّهُمْ يَلْتَمِسُ اَنْ يَاْتَمَّ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَيَعْمَلَ مِثْلَ عَمَلِهٖ، فَخَرَجْنَا مَعَهٗ حَتّٰى اَتَيْنَا ذَا الْحُلَيْفَةِ، فَوَلَدَتْ اَسْمَاءُ بِنْتُ عُمَيْسٍ مُحَمَّدَ بْنَ اَبِيْ بَكْرٍ، فَاَرْسَلَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ اَصْنَعُ، فَقَالَ: اغْتَسِلِيْ، وَاسْتَثْفِرِيْ بِثَوْبٍ، وَاَحْرِمِيْ، فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ، ثُمَّ رَكِبَ

3944– إسناده صحيح على شرط مسلم . وهو في مصنف ابن أبي شيبة ص 377–381، ورواه مسلم في صحيحه 1218 في الحج: باب حجة النبي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ اَبِيْ بَكْرٍ ابن أبي شيبة، واسحاق بن إبراهيم، كلاهما عن حاتم بن إسماعيل، بهذا الإسناد، وانظر ما قبله .

الْقَصْوَاءَ حَتّٰى إِذَا اسْتَوَتْ بِهِ نَاقَتُهُ عَلَى الْبَيْدَاءِ، نَظَرْتُ إِلٰى مَدِّ بَصَرِى بَيْنَ يَدَيْهِ مِنْ رَاكِبٍ وَّمَاشِى، وَعَنْ يَّمِينِهِ مِثْلُ ذٰلِكَ، وَعَنْ يَّسَارِهِ مِثْلُ ذٰلِكَ، وَمِنْ خَلْفِهِ مِثْلُ ذٰلِكَ، وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ اَظْهُرِنَا، وَعَلَيْهِ يَنْزِلُ الْقُرْآنُ، وَهُوَ يَعْرِفُ تَاْوِيْلَهُ، وَمَا عَمِلَ بِهِ مِنْ شَىْءٍ عَمِلْنَا بِهِ، فَاَهَلَّ بِالتَّوْحِيدِ: لَبَّيْكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ وَالنِّعْمَةَ لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيكَ لَكَ ، وَاَهَلَّ النَّاسُ بِهٰذَا الَّذِى يُهِلُّوْنَ بِهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ شَيْئًا، وَلَزِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلْبِيَتَهُ .

قَالَ جَابِرٌ: لَسْنَا نَنْوِى إِلَّا الْحَجَّ، لَسْنَا نَعْرِفُ الْعُمْرَةَ حَتّٰى اَتَيْنَا الْبَيْتَ مَعَهُ، اسْتَلَمَ الرُّكْنَ فَرَمَلَ ثَلَاثًا، وَمَشٰى اَرْبَعًا، ثُمَّ تَقَدَّمَ إِلٰى مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ، فَقَرَاَ (وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى) (البقرة:125) ، فَجَعَلَ الْمَقَامَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ، فَكَانَ اَبِى يَقُوْلُ:- وَلَا اَعْلَمُهُ ذَكَرَهُ إِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - اِنَّهُ كَانَ يَقْرَاُ فِى الرَّكْعَتَيْنِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُونَ ثُمَّ رَجَعَ إِلَى الرُّكْنِ فَاسْتَلَمَهُ، ثُمَّ خَرَجَ مِنَ الْبَابِ إِلَى الصَّفَا، فَلَمَّا دَنَا مِنَ الصَّفَا قَرَاَ (إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ) (البقرة:158) اَبْدَاُ بِمَا بَدَاَ اللّٰهُ بِهِ ، فَبَدَاَ بِالصَّفَا، فَرَقِىَ عَلَيْهِ حَتّٰى رَاَى الْبَيْتَ، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، وَوَحَّدَ اللّٰهَ، وَكَبَّرَهُ، وَقَالَ: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيرٌ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، نَجَزَ وَعْدَهُ، وَنَصَرَ عَبْدَهُ، وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ ، ثُمَّ دَعَا بَيْنَ ذٰلِكَ، قَالَ مِثْلَ هٰذَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، ثُمَّ نَزَلَ إِلَى الْمَرْوَةِ حَتّٰى انْصَبَّتْ قَدَمَاهُ إِلٰى بَطْنِ الْوَادِى، سَعٰى، حَتّٰى إِذَا صَعِدَ مَشٰى حَتّٰى اَتَى الْمَرْوَةَ، فَفَعَلَ عَلَى الْمَرْوَةِ كَمَا فَعَلَ عَلَى الصَّفَا، حَتّٰى إِذَا كَانَ آخِرَ طَوَافٍ عَلَى الْمَرْوَةِ قَالَ: لَوْ اَنِّى اسْتَقْبَلْتُ مِنْ اَمْرِى مَا اسْتَدْبَرْتُ لَمْ اَسُقِ الْهَدْىَ، وَجَعَلْتُهَا عُمْرَةً، فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ لَيْسَ مَعَهُ هَدْىٌ فَلْيَحِلَّ وَلْيَجْعَلْهَا عُمْرَةً ، فَقَامَ سُرَاقَةُ بْنُ جُعْشُمٍ، فَقَالَ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلِعَامِنَا هٰذَا اَمْ لِلْاَبَدِ؟، قَالَ: فَشَبَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصَابِعَهُ وَاحِدَةً فِى الْاُخْرٰى، وَقَالَ: دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِى الْحَجِّ مَرَّتَيْنِ، لَا بَلْ لِاَبَدِ الْاَبَدِ، لَا بَلْ لِاَبَدِ الْاَبَدِ ، وَقَدِمَ عَلِىٌّ مِنَ الْيَمَنِ بِبُدْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوَجَدَ فَاطِمَةَ مِمَّنْ قَدْ حَلَّ، وَلَبِسَتْ ثِيَابَ صِبْغٍ، وَاكْتَحَلَتْ، فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ عَلَيْهَا، فَقَالَتْ: اَبِى اَمَرَنِى بِهٰذَا، قَالَ: فَكَانَ عَلِىٌّ يَقُوْلُ بِالْعِرَاقِ، فَذَهَبْتُ إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحَرِّشًا عَلٰى فَاطِمَةَ لِلَّذِى صَنَعَتْ وَاَخْبَرْتُهُ اَنِّى اَنْكَرْتُ ذٰلِكَ عَلَيْهَا، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَتْ، مَا قُلْتَ حِينَ فَرَضْتَ الْحَجَّ قَالَ: قُلْتُ: اللّٰهُمَّ إِنِّى اُهِلُّ بِمَا اَهَلَّ بِهِ رَسُوْلُكَ، قَالَ: فَإِنَّ مَعِىَ الْهَدْىَ، فَلَا تَحِلَّ ، قَالَ: فَكَانَ جَمَاعَةُ الْهَدْىِ الَّذِى قَدِمَ بِهِ عَلِىٌّ مِّنَ الْيَمَنِ وَالَّذِى اَتٰى بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِائَةً، قَالَ: فَحَلَّ النَّاسُ كُلُّهُمْ، وَقَصَّرُوا إِلَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْىٌ.

فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ التَّرْوِيَةِ، تَوَجَّهُوا إِلٰى مِنًى، فَاَهَلُّوْا بِالْحَجِّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلّٰى بِهَا الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ وَالصُّبْحَ، ثُمَّ مَكَثَ قَلِيلًا حَتّٰى طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَاَمَرَ بِقُبَّةٍ مِّنْ شَعَرٍ

فَضُرِبَتْ لَهُ بِنَمِرَةَ، فَسَارَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا تَشُكُّ قُرَيْشٌ اِلَّا اَنَّهُ وَاقِفٌ عِنْدَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ كَمَا كَانَتْ قُرَيْشٌ تَصْنَعُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَاَجَازَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتٰى عَرَفَةَ، فَوَجَدَ الْقُبَّةَ، قَدْ ضُرِبَتْ لَهُ بِنَمِرَةَ، فَنَزَلَ بِهَا، حَتّٰى اِذَا زَاغَتِ الشَّمْسُ اَمَرَ بِالْقَصْوَاءِ، فَرُحِلَتْ لَهُ، فَاَتٰى بَطْنَ الْوَادِيْ، يَخْطُبُ النَّاسَ، ثُمَّ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ دِمَاءَ كُمْ وَاَمْوَالَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ يَوْمِكُمْ هٰذَا فِيْ شَهْرِكُمْ هٰذَا فِيْ بَلَدِكُمْ هٰذَا، اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مِّنْ اَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ تَحْتَ قَدَمَيَّ مَوْضُوْعٌ، وَدِمَاءُ الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعَةٌ، وَاِنَّ اَوَّلَ دَمٍ اَضَعُ مِنْ دِمَائِنَا دَمُ ابْنِ رَبِيعَةَ بْنِ الْحَارِثِ، وَكَانَ مُسْتَرْضَعًا فِيْ بَنِيْ لَيْثٍ، فَقَتَلَتْهُ هُذَيْلٌ، وَرِبَا الْجَاهِلِيَّةِ مَوْضُوْعٌ، وَاَوَّلُ رِبًا اَضَعُ رِبَا الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَاِنَّهُ مَوْضُوْعٌ كُلُّهُ، فَاتَّقُوا اللّٰهَ فِي النِّسَاءِ، فَاِنَّكُمْ اَخَذْتُمُوْهُنَّ بِاَمَانِ اللّٰهِ، وَاسْتَحْلَلْتُمْ فُرُوْجَهُنَّ بِكَلِمَةِ اللّٰهِ، وَلَكُمْ عَلَيْهِنَّ اَنْ لَا يُوْطِئْنَ فُرُشَكُمْ اَحَدًا تَكْرَهُوْنَهُ، فَاِنْ فَعَلْنَ ذٰلِكَ فَاضْرِبُوْهُنَّ ضَرْبًا غَيْرَ مُبَرِّحٍ، وَلَهُنَّ عَلَيْكُمْ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ، وَقَدْ تَرَكْتُ فِيكُمْ مَا لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُ اِنِ اعْتَصَمْتُمْ بِهِ: كِتَابَ اللّٰهِ.

وَاَنْتُمْ تُسْاَلُوْنَ عَنِّي فَمَا اَنْتُمْ قَائِلُوْنَ، قَالُوْا: نَشْهَدُ اَنْ قَدْ بَلَّغْتَ وَاَدَّيْتَ وَنَصَحْتَ، فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاُصْبُعِهِ السَّبَّابَةِ، يَرْفَعُهَا اِلَى السَّمَاءِ وَيَنْكُتُهَا اِلَى النَّاسِ: اَللّٰهُمَّ اشْهَدْ - ثَلَاثَ مَرَّاتٍ - ثُمَّ اَذَّنَ، ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الظُّهْرَ، ثُمَّ اَقَامَ فَصَلَّى الْعَصْرَ، وَلَمْ يُصَلِّ بَيْنَهُمَا شَيْئًا، ثُمَّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَتَى الْمَوْقِفَ فَجَعَلَ بَاطِنَ نَاقَتِهِ الْقَصْوَاءِ اِلَى الصَّخَرَاتِ، وَجَعَلَ حَبْلَ الْمُشَاةِ بَيْنَ يَدَيْهِ، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتّٰى غَرَبَتِ الشَّمْسُ، وَذَهَبَتِ الصُّفْرَةُ قَلِيلًا، وَغَابَ الْقُرْصُ، اَرْدَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُسَامَةَ خَلْفَهُ، وَدَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ شَنَقَ لِلْقَصْوَاءِ الزِّمَامَ، حَتّٰى اِنَّ رَاْسَهَا لَيُصِيبُ مَوْرِكَ رَحْلِهِ، وَيَقُوْلُ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى: اَيُّهَا النَّاسُ السَّكِيْنَةَ السَّكِيْنَةَ كُلَّمَا اَتٰى حَبْلًا مِّنَ الْحِبَالِ اَرْخٰى لَهَا قَلِيلًا حَتّٰى تَصْعَدَ، حَتّٰى اَتَى الْمُزْدَلِفَةَ فَصَلّٰى بِهَا الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِاَذَانٍ وَّاحِدٍ وَّاِقَامَتَيْنِ، وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا شَيْئًا، ثُمَّ اضْطَجَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى طَلَعَ الْفَجْرُ، فَصَلَّى الْفَجْرَ، حَتّٰى تَبَيَّنَ لَهُ الصُّبْحُ بِاَذَانٍ وَّاِقَامَةٍ، ثُمَّ رَكِبَ الْقَصْوَاءَ حَتّٰى اَتَى الْمَشْعَرَ الْحَرَامَ، فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ، فَدَعَاهُ وَكَبَّرَهُ وَهَلَّلَهُ وَوَحَّدَهُ، فَلَمْ يَزَلْ وَاقِفًا حَتّٰى اَسْفَرَ جِدًّا، دَفَعَ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ، وَاَرْدَفَ الْفَضْلَ بْنَ الْعَبَّاسِ وَكَانَ رَجُلًا حَسَنَ الشَّعْرِ اَبْيَضَ وَسِيمًا، فَلَمَّا دَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّتْ ظُعُنٌ يَجْرِيْنَ، فَطَفِقَ الْفَضْلُ يَنْظُرُ اِلَيْهِنَّ، فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ عَلٰى وَجْهِ الْفَضْلِ، فَحَوَّلَ الْفَضْلُ وَجْهَهُ مِنَ الشِّقِّ الْاٰخَرِ، فَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ اِلَى الشِّقِّ الْاٰخَرِ عَلٰى وَجْهِ الْفَضْلِ، فَصَرَفَ وَجْهَهُ مِنَ الشِّقِّ الْاٰخَرِ حَتّٰى اَتٰى مُحَسِّرًا، فَحَرَّكَ قَلِيلًا، ثُمَّ سَلَكَ الطَّرِيْقَ الْوُسْطٰى الَّتِي تَخْرُجُ اِلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرٰى، حَتّٰى اَتَى الْجَمْرَةَ فَرَمَاهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ، يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ مِّنْهَا مِثْلَ حَصَا الْخَذْفِ، رَمٰى مِنْ بَطْنِ الْوَادِيْ، ثُمَّ

انْصَرَفَ اِلَى الْمَنْحَرِ، فَنَحَرَ ثَلَاثًا وَسِتِّيْنَ بِيَدِهٖ، ثُمَّ اَعْطٰى عَلِيًّا، رِضْوَانُ اللّٰهِ عَلَيْهِ، فَنَحَرَ مَا غَبَرَ مِنْهَا، وَاَشْرَكَهٗ فِيْ هَدْيِهٖ، وَاَمَرَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِبَضْعَةٍ، فَجُعِلَتْ فِيْ قِدْرٍ، فَطُبِخَتْ، فَاَكَلَا مِنْ لَحْمِهَا، وَشَرِبَا مِنْ مَرَقِهَا، ثُمَّ رَكِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَفَاضَ اِلَى الْبَيْتِ فَصَلَّى بِمَكَّةَ الظُّهْرَ، فَاَتٰى بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ يَسْتَقُوْنَ عَلٰى زَمْزَمٍ، فَقَالَ: انْزِعُوْا يَا بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَوْلَا اَنْ يَّغْلِبَكُمُ النَّاسُ عَلٰى سِقَايَتِكُمْ لَنَزَعْتُ مَعَكُمْ، فَنَاوَلُوْهُ دَلْوًا، فَشَرِبَ مِنْهُ لَفْظُ الْخَبَرِ لِاَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: هٰذَا النَّوْعُ لَوِ اسْتَقْصَيْنَاهُ لَدَخَلَ فِيْهِ ثُلُثُ السُّنَنِ، وَفِيْمَا اَوْمَانَا اِلَيْهِ مِنَ الْاَشْيَاءِ الَّتِيْ فُرِضَتْ عَلَى الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلٰى اُمَّتِهٖ جَمِيْعًا مِّنَ الْوُضُوْءِ وَالتَّيَمُّمِ وَالِاغْتِسَالِ مِنَ الْجَنَابَةِ وَالصَّلَاةِ وَالْحَجِّ وَمَا اَشْبَهَ هٰذِهِ الْاَشْيَاءَ مَا فِيْهَا غَنِيَّةٌ عَنِ الْاِمْعَانِ وَالْاِكْثَارِ فِيْهَا لِمَنْ وَّفَّقَهُ اللّٰهُ لِلصَّوَابِ، وَهُدَاهُ لِسُلُوْكِ الرَّشَادِ

امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ اپنے والد (امام محمد باقر رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ہم لوگ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ انہوں نے تمام لوگوں سے تعارف دریافت کیا: یہاں تک کہ جب میری باری آئی' تو میں نے بتایا: میں محمد بن علی بن حسین بن علی بن ابوطالب ہوں۔ انہوں نے اپنا ہاتھ میرے سر کی طرف بڑھایا اور میرا اوپر والا بٹن کھولا پھر اس کے نیچے والا بٹن کھولا۔ پھر انہوں نے اپنی ہتھیلی میرے سینے پر رکھی۔ میں ان دنوں نوجوان آدمی تھا۔ انہوں نے فرمایا: اے میرے بھتیجے تمہیں خوش آمدید تم جو چاہو دریافت کرو' تو میں نے ان سے سوال کیا وہ اس وقت نابینا ہو چکے تھے نماز کا وقت آیا' تو وہ اپنی چادر کی طرف بڑھے۔ انہوں نے اسے لحاف کے طور پر لپیٹ لیا جب بھی وہ اسے اپنے کندھے پر رکھنے کی کوشش کرتے' تو اس کا ایک کنارہ واپس آ جاتا' کیونکہ وہ چادر چھوٹی تھی' حالانکہ ان کی بڑی چادر ان کے پہلو میں کھونٹی پر لٹکی ہوئی تھی۔ انہوں نے ہمیں نماز پڑھائی' تو میں نے ان سے کہا: آپ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کے بارے میں بتائیں' تو انہوں نے اپنے ہاتھ کے ذریعے اشارہ کرتے ہوئے نو کا عدد بنایا اور بولے:

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نو سال تک ٹھہرے رہے۔ آپ نے اس دوران حج نہیں کیا۔ پھر آپ نے دسویں سال لوگوں میں حج کا اعلان کروادیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حج کے لئے تشریف لے جارہے ہیں' تو بہت سے لوگ مدینہ منورہ آ گئے وہ سب اس بات کے خواہش مند تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کریں اور آپ کے عمل کی مانند عمل کریں ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے' یہاں تک کہ جب ہم ذوالحلیفہ پہنچے' تو وہاں سیّدہ اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا نے حضرت محمد بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کو جنم دیا۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغام بھجوایا میں کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم غسل کر کے کپڑا باندھ لو اور احرام باندھ لو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ذوالحلیفہ کی مسجد میں نماز ادا کی پھر آپ اپنی اونٹنی قصواء پر سوار ہوئے' یہاں تک کہ جب میدان میں آپ کی اونٹنی سیدھی کھڑی ہوئی اور میں نے حد نگاہ تک دیکھا' تو مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے پیدل اور سوار لوگ نظر آئے۔ آپ کے دائیں طرف بھی اسی طرح تھے بائیں طرف بھی اسی طرح تھے۔ آپ کے پیچھے بھی اسی طرح تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے آپ پر قرآن نازل ہوتا تھا۔ آپ اس کی

تفسیر کو جانتے تھے آپ نے جو بھی عمل کیا ہم نے بھی ویسا ہی عمل کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کا اعتراف کرنے کا تلبیہ پڑھتے ہوئے یہ پڑھا۔

''اے اللہ! میں حاضر ہوں' میں حاضر ہوں' تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔ میں حاضر ہوں۔ بے شک حمد اور نعمت تیرے لئے مخصوص ہے اور بادشاہی بھی' تیرا کوئی شریک نہیں ہے''۔

لوگ بھی یہی تلبیہ پڑھتے رہے نبی اکرم ﷺ نے انہیں اس پر کچھ نہیں کہا نبی اکرم ﷺ نے اسی تلبیے کو جاری رکھا''۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہماری نیت صرف حج کرنے کی تھی۔ عمرے کا ہمارے ذہن میں نہیں تھا' یہاں تک کہ جب ہم نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ بیت اللہ آئے' تو نبی اکرم ﷺ نے حجر اسود کا استلام کیا اور آپ نے طواف کے تین چکروں میں دوڑ کے طواف کیا اور چار چکروں میں عام رفتار سے چل کر کیا پھر آپ مقام ابراہیم کی طرف بڑھ گئے آپ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''تم لوگ ابراہیم کے کھڑے ہونے کی جگہ کو جائے نماز بنالو''۔

تو نبی اکرم ﷺ نے مقام ابراہیم کو اپنے اور بیت اللہ کے درمیان رکھا۔

(امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں:) میرے والد یہ فرمایا کرتے تھے' میرا خیال ہے انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ بات بھی ذکر کی تھی: نبی اکرم ﷺ نے ان دو رکعات میں سورہ اخلاص اور سورہ الکفرون کی تلاوت کی تھی۔

پھر نبی اکرم ﷺ حجر اسود کی طرف واپس آئے آپ نے اس کا استلام کیا اور پھر آپ اس دروازے سے نکل کر صفا کی طرف تشریف لے گئے۔ جب آپ صفا کے قریب پہنچے' تو آپ نے یہ آیت پڑھی۔

''بے شک صفا اور مروہ اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں''۔

(پھر آپ نے فرمایا) میں اس سے آغاز کرتا ہوں جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے پہلے کیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے صفا سے آغاز کیا۔ آپ اس پر چڑھے جب آپ نے بیت اللہ کو دیکھا' تو آپ نے قبلہ کی طرف رخ کیا۔ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کی کبریائی کا اعتراف کیا اور یہ پڑھا:

''اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے بادشاہی اسی کے لئے مخصوص ہے حمد اسی کے لئے مخصوص ہے وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس نے وعدے کو پورا کیا اپنے بندے کی مدد کی او (کافروں کے لشکروں) کو اسی نے پسپا کیا''۔

نبی اکرم ﷺ نے یہ کلمات تین مرتبہ پڑھے اور ان کے درمیان دعا بھی مانگی۔ پھر آپ اس سے اتر کر مروہ کی طرف گئے' یہاں تک کہ جب آپ کے پاؤں وادی کے نشیبی حصے میں پہنچے' تو آپ دوڑنے لگے اور جب آپ اوپر کی طرف چڑھنے لگے' تو آپ عام رفتار سے چلنے لگے' یہاں تک کہ آپ مروہ پر تشریف لائے۔ آپ نے مروہ پر بھی اسی طرح کیا جس طرح آپ نے صفا پر کیا تھا' یہاں تک کہ جب آپ نے مروہ کا آخری طواف کر لیا' تو آپ نے ارشاد فرمایا: مجھے بعد میں جس چیز کا خیال آیا' اگر وہ پہلے آجاتا تو میں قربانی کا جانور ساتھ نہ لاتا اور اسے عمرے میں تبدیل کر لیتا' تو تم لوگوں میں سے جس کے ساتھ قربانی کا جانور موجود نہ ہو وہ

احرام کھول دے اور اسے عمرے میں تبدیل کر لے۔ حضرت سراقہ بن جعشم کھڑے ہوئے۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا یہ حکم اس سال کے لئے ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے؟ راوی کہتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں پیوست کیں اور ارشاد فرمایا: عمرہ حج میں داخل ہو گیا' یہ بات آپ نے دو مرتبہ ارشاد فرمائی (پھر فرمایا) بلکہ ہمیشہ' ہمیشہ کے لئے' بلکہ ہمیشہ' ہمیشہ کے لئے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے نبی اکرم ﷺ کے قربانی کے جانور لے کر آئے۔ انہوں نے سیّدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو اس حالت میں پایا کہ وہ احرام کھول چکی تھیں اور رنگے ہوئے کپڑے پہن چکی تھیں اور انہوں نے سرمہ لگایا ہوا تھا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان پر اعتراض کیا' تو انہوں نے بتایا: میرے والد نے اس بات کا حکم دیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ عراق میں یہ بات بیان کرتے تھے کہ میں نبی اکرم ﷺ کے پاس گیا اور فاطمہ کی شکایت کرنا چاہی ان کے اس عمل کی وجہ سے جو انہوں نے کیا تھا۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو اس بارے میں بتایا۔ میں نے ان پر اعتراض کیا ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے تم نے جب حج کی نیت کی تھی' تو کیا کہا تھا؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے بیان کیا میں نے عرض کی: اے اللہ! میں اس کے لئے حاضر ہوں جس کی تیرے رسول نے نیت کی ہے۔

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرے ساتھ' تو قربانی کا جانور ہے' تو تم اب احرام نہ کھولنا۔ راوی بیان کرتے ہیں: قربانی کے جو جانور حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے لے کر آئے تھے اور جو نبی اکرم ﷺ لے کر آئے تھے وہ مل کر ایک سو بنتے تھے۔ راوی کہتے ہیں: تمام لوگوں نے احرام کھول دیا اور بال چھوٹے کروا لئے۔ صرف نبی اکرم ﷺ نے ایسا نہیں کیا اور جن لوگوں کے ساتھ قربانی کے جانور تھے انہوں نے ایسا نہیں کیا جب ترویہ کا دن آیا' تو یہ لوگ منیٰ کی طرف حج کا تلبیہ پڑھتے ہوئے روانہ ہوئے۔ نبی اکرم ﷺ سوار ہوئے آپ نے ظہر' عصر' مغرب' عشاء اور صبح کی نمازیں ادا کیں پھر آپ تھوڑی دیر ٹھہرے رہے' یہاں تک کہ سورج نکل آیا' تو آپ کے حکم کے تحت آپ کے لئے بالوں سے بنا ہوا ایک خیمہ وادی نمرہ میں لگا دیا گیا۔ نبی اکرم ﷺ روانہ ہوئے قریش کو اس بارے میں کوئی شک نہیں تھا کہ آپ مشعر حرام کے قریب وقوف کریں گے جس طرح قریش زمانہ جاہلیت میں کیا کرتے تھے' لیکن نبی اکرم ﷺ اس سے آگے گزر گئے اور آپ عرفہ تشریف لے آئے وہاں آپ نے پڑاؤ کیا' یہاں تک کہ سورج ڈھل گیا' تو اللہ کے حکم کے تحت آپ کی اونٹنی قصویٰ پر پالان رکھ دیا گیا۔ نبی اکرم ﷺ وادی کے نشیبی حصے میں لوگوں کو خطبہ دینے کے لئے تشریف لائے پھر آپ نے ارشاد فرمایا:

''بے شک تمہاری جانیں تمہارے مال ایک دوسرے کے لئے اسی طرح قابل احترام ہیں' جس طرح تمہارا یہ دن اس مہینے میں اس شہر میں قابل احترام ہے۔ خبردار زمانہ جاہلیت سے تعلق رکھنے والی ہر چیز میرے ان پاؤں کے نیچے رکھی ہوئی ہے اور زمانہ جاہلیت کے خون معاف کر دیئے گئے ہیں اپنے خون کے بدلوں میں سے سب سے پہلے میں ربیعہ بن حارث کے صاحب زادے کے خون کو معاف کرتا ہوں جو بنولیث میں دودھ پی رہے تھے اور ہذیل قبیلے کے لوگوں نے انہیں قتل کر دیا تھا اور زمانہ جاہلیت کا سود کالعدم قرار دیا جاتا ہے سب سے پہلے میں حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے وصول کرنے والے سود کو کالعدم قرار دیتا ہوں وہ

سارے کا سارا معاف کر دیا جاتا ہے۔

تم خواتین کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنا' کیونکہ تم نے اللہ تعالیٰ کی امان کے ہمراہ انہیں حاصل کیا ہے اور اللہ تعالیٰ کے حکم کے ہمراہ ان کی شرمگاہوں کو حلال کیا ہے تمہارا ان پر یہ حق ہے کہ وہ تمہارے بچھونے پر ایسے کسی شخص کو نہ بیٹھنے دیں جسے تم ناپسند کرتے ہو اگر وہ ایسا کرتی ہیں تو تم ان کی پٹائی کرو جس میں زیادتی نہ ہو اور ان کا تم پر یہ حق ہے کہ تم انہیں خوراک اور لباس مناسب طور پر فراہم کرو۔

میں تمہارے درمیان وہ چیز چھوڑ کے جا رہا ہوں کہ اگر تم اسے مضبوطی سے تھام لو' تو تم اس کے بعد کبھی گمراہ نہیں ہو گے وہ اللہ کی کتاب ہے اور اگر تم لوگوں سے میرے بارے میں دریافت کیا جائے' تو تم کیا جواب دو گے؟ لوگوں نے عرض کی: ہم اس بات کی گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے تبلیغ کر دی ہے اعلان کر دیا ہے اور خیر خواہی کی ہے' تو نبی اکرم ﷺ نے اپنی شہادت کی انگلی کو آسمان کی طرف بلند کر کے پھر لوگوں کی طرف کیا اور فرمایا: اے اللہ! تو گواہ ہو جا یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

پھر اذان دی گئی پھر اقامت کی گئی۔ نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز ادا کی پھر اقامت کہی گئی پھر عصر کی نماز ادا کی آپ نے ان دونوں کے درمیان کوئی (نفل) نماز ادا نہیں کی۔ پھر نبی اکرم ﷺ سوار ہوئے' یہاں تک کہ آپ وقوف کی جگہ تشریف لائے۔ آپ نے اپنی اونٹنی قصویٰ کے پیٹ کو ان پتھروں کی طرف رکھا اور جبلِ مشاۃ کو اپنے سامنے کی طرف کر کے قبلہ کی طرف رخ کر لیا۔ آپ وہیں ٹھہرے رہے' یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا اور زردی رخصت ہو گئی۔ اس کے تھوڑی دیر بعد نبی اکرم ﷺ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھایا اور روانہ ہو گئے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی اونٹنی قصویٰ کی لگام کو یوں کھینچا ہوا تھا کہ اس کا سر پالان کے سرے سے لگ رہا تھا' آپ اپنے دست مبارک کے ذریعے اشارہ کرتے ہوئے لوگوں سے یہ کہہ رہے تھے: اے لوگو! آرام سے چلو آرام سے چلو جب بھی کوئی پہاڑ راستے میں آتا (یعنی چڑھائی آتی)' تو نبی اکرم ﷺ اس کی لگام کو تھوڑا سا ڈھیلا کر دیتے تھے' تاکہ وہ اس کے اوپر چڑھ جائے' یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ مزدلفہ تشریف لے آئے وہاں آپ نے مغرب اور عشاء کی نمازیں ایک اذان اور دو اقامتوں کے ہمراہ ادا کی۔ آپ نے ان کے درمیان کوئی نفل نماز ادا نہیں کی پھر نبی اکرم ﷺ لیٹ گئے' یہاں تک کہ صبح صادق ہو گئی' تو آپ نے فجر کی نماز ادا کی۔ آپ نے صبح صادق ہونے کے بعد ایک اذان اور ایک اقامت کے ہمراہ یہ نماز ادا کی تھی۔ پھر آپ قصویٰ پر سوار ہوئے اور مشعر حرام تک آئے آپ نے قبلہ کی طرف رخ کیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی اس کی کبریائی بیان کی اس کی معبودیت کا اعتراف کیا اس کی وحدانیت کا اعتراف کیا۔ آپ مسلسل وہاں ٹھہرے رہے' یہاں تک کہ اچھی طرح روشنی ہو گئی' تو آپ سورج کے نکلنے سے پہلے وہاں سے روانہ ہو گئے۔ آپ نے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھا لیا وہ ایک ایسے صاحب تھے' جن کے بال بڑے خوبصورت تھے اور خود بھی گورے چٹے اور خوبصورت تھے جب نبی اکرم ﷺ وہاں سے روانہ ہوئے' تو وہاں سے کچھ خواتین گزریں۔ حضرت فضل رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست مبارک حضرت فضل رضی اللہ عنہ کے چہرے پر رکھا اور حضرت فضل رضی اللہ عنہ کے چہرے کو دوسری طرف موڑ دیا' یہاں تک کہ جب آپ وادی محسر میں تشریف لائے' تو آپ نے (اس اونٹنی کو تھوڑا) سا حرکت دی (یعنی اس کی رفتار کو کچھ تیز کیا) پھر آپ اس درمیانی راستے پر آ گئے جو

جمرہ کبریٰ کی طرف جاتا ہے یہاں تک کہ آپ جمرہ آ گئے۔ آپ نے اسے سات کنکریاں ماریں۔ آپ نے ہر کنکری کے ہمراہ تکبیر کہی۔ وہ کنکری اتنی تھی کہ چٹکی میں آ جائے۔ آپ نے وادی کے نشیبی حصے سے کنکریاں ماری تھیں پھر آپ قربان گاہ کی طرف تشریف لے گئے۔ وہاں آپ نے 63 اونٹ اپنے دستِ مبارک کے ذریعے نحر کیے۔ باقی آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے سپرد کر دیے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں نحر کیا۔ آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی قربانی میں حصہ دار بنایا تھا۔ پھر آپ کی حکم کے تحت ہر قربانی کا کچھ حصہ لے کر ایک ہنڈیا میں پکایا گیا ان دونوں صاحبان نے اس کا گوشت کھایا اس کے شوربے کو پیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سوار ہوئے اور بیت اللہ کی طرف چلے گئے آپ نے مکہ میں ظہر کی نماز ادا کی پھر آپ بنو عبدالمطلب کے پاس تشریف لائے جن سے لوگ پینے کے لئے آبِ زمزم لے رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے بنو عبدالطلب تم لوگ پانی نکالو اگر اس بات کا اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ تمہارے پانی پلانے پر غالب آ جائیں گے (یعنی لوگوں کا ہجوم زیادہ ہو جائے گا) تو میں بھی تمہارے ساتھ پانی نکالتا لوگوں نے آپ کی خدمت میں پانی کا ڈول پیش کیا آپ نے اسے پی لیا۔

روایت کے یہ الفاظ ابن ابی شیبہ کے حوالے سے حسن بن سفیان کے نقل کردہ ہیں۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) اگر ہم اس قسم کو تفصیل سے بیان کریں تو اس میں تین سنتیں داخل ہو جائیں گی اور جن اشیاء کی طرف ہم نے اشارہ کیا ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر اور سب پر فرض ہیں ان میں وضو کرنا، تیمم کرنا، غسل جنابت کرنا اور نماز ادا کرنا اور حج کرنا اور اس جیسے دیگر امور شامل ہیں جسے اللہ تعالیٰ درست چیز کی توفیق عطا کر دے اور ہدایت کے راستے کی طرف جس کی رہنمائی کر دے اسے ان چیزوں میں زیادہ غور و فکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے (بلکہ یہ چیزیں لوگوں کو ویسے ہی معلوم ہوتی ہیں)

ذِكْرُ وَصْفِ اعْتِمَارِ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عمروں کی صفت (یعنی ان کے موقع و محل کے بیان) کا تذکرہ

3945 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا عِمْرَانُ بْنُ مُوْسَى بْنِ مُجَاشِعٍ السَّخْتِيَانِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ، عَنْ مَنْصُوْرٍ، عَنْ مُجَاهِدٍ، قَالَ:

(متن حدیث): دَخَلْتُ اَنَا وَعُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ الْمَسْجِدَ، فَاِذَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ جَالِسٌ اِلٰى حُجْرَةِ عَائِشَةَ، وَاِذَا النَّاسُ يُصَلُّوْنَ فِي الْمَسْجِدِ صَلَاةَ الضُّحٰى، قَالَ: فَسَاَلْنَاهُ عَنْ صَلَاتِهِمْ، فَقَالَ: بِدْعَةٌ، ثُمَّ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ

3945- إسناده صحيح على شرط الشيخين، جرير: هو ابن عبد الحميد، ومنصور: هو ابن المعتمر. وأخرجه البخاري 4253 و 4254 في المغازي: باب عمرة القضاء، عن عثمان بن أبي شيبة، بهذا الإسناد. وأخرجه البخاري 1775 و 1776 في العمرة: باب كم اعتمر النبي صلى الله عليه وسلم، ومسلم 1255 220 في الحج: باب بيان عدد عمر النبي صلى الله عليه وسلم وزمانهن، وابن خزيمة 3070، البيهقي 5/10-11، من طرق عن جرير، به. وليس عند ابن خزيمة رد عائشة على ابن عمر رضي الله عنهما. وأخرجه أحمد 2/73، والبخاري 1777، ومسلم 1255 والنسائي في الكبرى كما في التحفة 6/8 من طريقين عن عطاء، عن عروة، به.

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرْبَعًا، اِحْدَاھُنَّ فِیْ رَجَبٍ فَکَرِھْنَا اَنْ نُکَذِّبَہُ، اَوْ نَرُدَّ عَلَیْہِ، وَسَمِعْنَا اسْتِنَانَ عَائِشَۃَ فِی الْحُجْرَۃِ، فَقَالَ عُرْوَۃُ: یَا اُمَّ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلَا تَسْمَعِیْنَ مَا یَقُوْلُ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ؟، قَالَتْ: مَا یَقُوْلُ؟، قَالَ: یَقُوْلُ: اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرٍ، اِحْدَاھُنَّ فِیْ رَجَبٍ، فَقَالَتْ: یَرْحَمُ اللّٰہُ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ، مَا اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عُمْرَۃً، اِلَّا وَھُوَ شَاھِدٌ، وَمَا اعْتَمَرَ فِیْ رَجَبٍ قَطُّ

توضیح مصنف: قَالَ اَبُوْ حَاتِمٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ: فِیْ قَوْلِ ابْنِ عُمَرَ: اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ عُمَرٍ اِحْدَاھُنَّ فِیْ رَجَبٍ، اَبْیَنُ الْبَیَانِ اَنَّ الْخَیِّرَ الْمُتْقِنَ الْفَاضِلَ قَدْ یَنْسٰی بَعْضَ مَا یَسْمَعُ مِنَ السُّنَنِ اَوْ یَشْھَدُھَا، لِاَنَّ الْمُصْطَفٰی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اعْتَمَرَ اِلَّا اَرْبَعَ عُمَرٍ، الْاُوْلٰی عُمْرَۃُ الْقَضَاءِ سَنَۃَ الْقَابِلِ مِنْ عَامِ الْحُدَیْبِیَۃِ، وَکَانَ ذٰلِکَ فِیْ رَمَضَانَ، ثُمَّ الْعُمْرَۃُ الثَّانِیَۃُ حَیْثُ فَتَحَ مَکَّۃَ، وَکَانَ فَتْحُ مَکَّۃَ فِیْ رَمَضَانَ، ثُمَّ خَرَجَ مِنْھَا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قِبَلَ ھَوَازِنَ، وَکَانَ مِنْ اَمْرِہٖ مَا کَانَ، فَلَمَّا رَجَعَ وَبَلَغَ الْجِعْرَانَۃَ، قَسَّمَ الْغَنَائِمَ بِھَا وَاعْتَمَرَ مِنْھَا اِلٰی مَکَّۃَ، وَذٰلِکَ فِیْ شَوَّالٍ، وَاعْتَمَرَ الْعُمْرَۃَ الرَّابِعَۃَ فِیْ حَجَّتِہٖ وَذٰلِکَ فِیْ ذِی الْحِجَّۃِ سَنَۃَ عَشْرَۃٍ مِنَ الْھِجْرَۃِ

مجاہد بیان کرتے ہیں: میں اور عروہ بن زبیر مسجد میں داخل ہوئے وہاں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے حجرے کے پاس تشریف فرما تھے لوگ مسجد میں چاشت کی نماز ادا کر رہے تھے۔ راوی کہتے ہیں: ہم نے ان سے ان لوگوں کی اس نماز کے بارے میں دریافت کیا: تو انہوں نے فرمایا: یہ بدعت ہے پھر انہوں نے یہ بات بتائی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار مرتبہ عمرہ کیا تھا جن میں ایک عمرہ رجب کے مہینے میں کیا تھا ہمیں یہ بات اچھی نہیں لگی کہ ہم ان کی بات کو غلط قرار دیں یا ان کو جواب دیں ہم نے حجرے میں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے مسواک کرنے کی آواز سنی تو ان سے کہا: اے اُمّ المومنین! کیا آپ سن رہی ہیں کہ حضرت ابوعبدالرحمن رضی اللہ عنہ کیا فرما رہے ہیں؟ انہوں نے دریافت کیا: کیا فرما رہے ہیں۔ عروہ نے بتایا: یہ کہہ رہے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے کیے تھے جن میں سے ایک عمرہ رجب کے مہینے میں تھا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ابوعبدالرحمن پر رحم کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو بھی عمرہ کیا تھا یہ بھی اس میں شامل تھے لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رجب میں کوئی بھی عمرہ نہیں کیا۔

(امام ابن حبان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ کہنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے کئے تھے۔ ان میں سے ایک عمرہ رجب کے مہینے میں تھا۔ اس قول کا واضح بیان موجود ہے کہ بہتر متقن اور فاضل شخص بھی بعض اوقات کسی ایسی چیز کو بھول سکتا ہے جو حدیث اس نے سنی ہو یا جس میں وہ موجود رہا ہو کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف چار ہی عمرے کئے تھے، پہلا عمرہ قضا کا تھا جو حدیبیہ کے سال کے اگلے سال تھا اور یہ رمضان کے مہینے میں ہوا تھا اور دوسرا عمرہ اس وقت ہوا تھا جب مکہ فتح کیا تھا اور مکہ بھی رمضان میں فتح ہوا تھا پھر آپ وہاں سے ہوازن تشریف لے گئے تھے پھر غزوہ حنین ہوا جب وہاں سے واپس تشریف لائے اور جعرانہ کے مقام پر پہنچے وہاں آپ نے مال غنیمت تقسیم کیا اور وہاں سے عمرہ کرنے کے لئے مکہ کی طرف روانہ ہو گئے۔ یہ شوال کے مہینے کی بات ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چوتھا عمرہ حج کے موقع پر کیا تھا جو سن دس ہجری کے ذوالحج کے مہینے میں کیا تھا۔

ذِكْرُ الْخَبَرِ الْمُدْحِضِ قَوْلَ مَنْ زَعَمَ اَنَّ الْمُصْطَفٰى صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَعْتَمِرْ اِلَّا ثَلَاثَ عُمَرٍ

اس روایت کا تذکرہ جو اس شخص کے موقف کو غلط ثابت کرتی ہے جو اس بات کا قائل ہے' نبی اکرم ﷺ نے صرف تین عمرے کیے تھے

3946 - (سند حدیث): اَخْبَرَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْجَنَدِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الشَّافِعِيُّ، قَالَ: حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ،

(متن حدیث): قَالَ: اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعَ عُمَرٍ، عَمْرَةَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَعُمْرَةَ الْقَضَاءِ مِنْ قَابِلٍ، وَعُمْرَةَ الْجِعِرَّانَةِ، وَعُمْرَتَهُ الَّتِي مَعَ حَجَّتِهِ

❁❁ حضرت عبداللہ بن عباس ﷠ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے چار عمرے کیے تھے ایک عمرہ حدیبیہ کے موقع پر' ایک اس سے اگلے سال قضاء کے طور پر' ایک عمرہ جعرانہ سے کیا تھا اور ایک عمرہ آپ نے اپنے حج کے ہمراہ کیا تھا۔

3946- إسناده صحيح، رجاله رجال الشيخين، غير إبراهيم بن محمد الشافعي، وهو ثقة، وثقه المصنف والنسائي والدارقطني، وقد روى له النسائي وابن ماجه. وأخرجه ابن ماجه 3003 في المناسك: باب كم اعتمر النبي صلى الله عليه وسلم، عن إبراهيم بن محمد الشافعي، بهذا الإسناد. وأخرجه الدارمي 2/51، وابو دواد 1993 في المناسك: باب العمرة، والترمذي 816 في الحج: باب كم اعتمر النبي صلى الله عليه وسلم، والطبراني في الكبير 11629، والبيهقي 5/12، من طريق داوٗد بن عبد الرحمٰن العطار، بِهِ. وأخرجه الترمذي من طريق سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عن عكرمة مرسلاً، وقال الترمذي: حديث ابن عباس حديث حسن غريب.